دیوانُ المعین



العقدالمرصّع فی نعتِ النبیّ المشفّع

المصنّف

مولانا حامد دین بُزدار چشتی تونسوی

دیوانُ المعین

مسودہ

اَلۡعِقۡدُ الۡمُرَصَّع

فی نعت

النَّبِیِّ الۡمُشَفَّع

☆

تصنیف وترجمہ

مولانا حامد دین بُزدار چشتی تونسوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

☆

فَکَم مِنْ اَبٍ سَمَا بِوُلْدِہٖ وَاللّٰہِ

کَمَا بِالْیَتِیْمِ قَدْ عَلَا عَبْدُاللّٰہِ

ترجمہ: بخدا!! کتنے باپ ہیں جو اپنی اولاد کی وجہ سے مشہور ہوئے جس طرح حضرت عبداللہ نے دُرِ یتیم حضرت محمد ﷺ کی وجہ سے شہرت پائی۔

☆فهرس الکتاب☆

البابُ الاوّل فی العقدالمرصَّع فی نعتِ النّبیّ المشفّع

البابُ الثانی یشتمل علی خمسةِ فصولٍ

الفصل الاوّلُ فی الحکم

الفصل الثانی فی المدائح و المناقب

الفصل الثالث فی التَّشْبِیْب

الفصل الرَّابع فی النُّحَاۃِ وَ النَّحْوِ

الفصل الخامس فی الْمُتَفَرِّقات

☆……☆

خطبة الكتاب

الـحـمـد لـلّٰـه الذی خالقِ الأرض و السَّماء، الاوّلُ بغیر بدایةٍ والآخرُ بـغیـر اِنتهـاء، سبـحـانـه و تعالٰی عن مشاركة الشُّركاء، لاضدَّ لهٗ ولا نظیرَ لهٗ من نُـظراء، ولا حلیلةَ لهٗ ولا وُلْدَلهٗ من بناتٍ ولا اَبناء، كل شیءٍ بیدهٖ فیكون الشی ءُ اذاشـاء،و یـقـضـی الموتَ علٰی من سِواه علٰی السَّواء، فلا یقضی اَیُّ قاضٍ علیه الـقـضـاء، اللّٰه الَّذی جعل معاشَنا فی الارض و معادَنا فی الغبراء، فجعلها حیَّةً و انزل من السماء ماء، فاخرج بهٖ زرعًا و ثمارًا و عشبًا و كَلاء، ما زال مخفیًّا فلمّا اراد ان یـلفّ الـخـفـاء، فخلق سیّدَنا آدمَ علیه السلام و من ضِلعهٖ السیّدة حوّاء عـلیهـا الـسـلام، فبـثّ منهما رجالاً كثیرًا و نساء، و اصطفی من اولادِهما بعضاً فـجعلهم رسلاً و أنبیاء، فاَصبحوا لبلاغِ رسالتهٖ اُمناء، فبلّغوا برسالتهٖ لیلاً و نهارًا صباحاً و مساء، فاُرسلوا اِلی الفراعنةِ الشِّداد و ذوِی الْغَوایة و اهلِ الْاَهْواء، الی اهـل الْـمـدَر و الـجبـال و الـخضْراء، كما الی اهل الْحضر والبدوِ والصَّحراء،

سبحان ربی ربّنا و ربِّ کلِّ الْأشیاء، امّا بعدُ، فنحمدہٗ علی اَیادِیْہ الَّذی میَّزنا بحبیبہٖ مشفَّعٍ من شُفعاء، و رزقہ بالقرآن فجعلہٗ للمؤمنین رحمۃً و شفاء، وَاصْطفاہ للخطابۃ بین یدیہ سیکون بیدہ اللِّواء، ثمَّ الصَّلاۃ و السَّلام علیہ عبدِ ربّ ذی الکِبْریاء، من کان نبیًّا و آدمٌ بین الطِّین و الماء، و علی آلہٖ الطَّاھرین و اصحابہٖ الأصْفیاء، الَّذین صاحبُوْہ فی کلِّ آنیۃٍ من الانِاء، ولم یفارقُوہ لا فی مسکنۃٍ ولا فی الرَّخاء، فبُشِّروا من عند اللّٰہ برضوانہٖ والرِّضاء، وعلی الصالحینَ اقْتدوا نبیَّھم خیرَ الاِقْتداء، وعلی الصَّالحاتِ القانتاتِ من الاِماء، و علی المقرَّبین من الأولیاء، و علی رجالِ الدِّین الَّذین اضاءُوْا مصابیحَ العلمِ فی جھالۃِ ظَلْماء، و علٰی محبّی الدِّین من الطُّلَّاب و العلماء، و علٰی الذینَ اسْتَنْبَطُوْا الأحکامَ من وَحْیَیْنِ من الْفقھاء، قد اُمرنا ان ندعوَ منہ اِنَّما ھو یستجیب الدعاء، ان یرزقَنا شفاعۃَ نبیّہٖ فنرجو منہ رجاءً فوقَ الرَّجاء، ان یُّلھمَنا الدَّربَ السَّدیدَ و یجعلَنا من حُنفاء، و یستوفیَ خاصۃً مِن عند ذاتہٖ سائرًا الحَوْجاء، و ان یُّظِلَّنا یومَ الحساب من اَخبیۃِ الرَّحمۃِ بِاِحدی الخِباء، و ان اوتی کتابنا برحمتہٖ بالْیُمْناء، آمین! ثم آمین! یا ارحمَ الرُّحَماء!

حیات المصنّف

حامد الدّین بُزدار بن محمَّد بخش وُلِد سنة 1966م فی قریةٍ جبلیّةٍ "بارتھی" تقع غربًا عَلٰی نحو اربعین کیلومترًا من مدینةِ تونسه شریف، مدیریّه دیره غازی خان.

رِحلاتُہٗ:

قد سافر إلی المملکة العربیّةِ السّعودیة مع ابویہِ فرزقه اللّٰه بزیارةِ الحرمین الشَّریفین وسعادةِ الحَجِّ و العُمْرَةِ وھوأنذاک ابن خمس سنین. کما سُعد بزیارةِ ضریع الشّیخ مُحی الدّین عبدالقادرِ الحسنی الحسینی ببغداد.

بعد قیام عامین فی تلک الرِّحلَةِ عادَ اِلٰی عُشِّ مَوْلِدِہٖ باکستان.

مَشاربه العلمیّه:

ثمّ اخذ یکسب العلم من مدارس بلادہٖ عَلَی المنھج المُتداول. اَمَّا المصادِرُ التی قد نھل منھا ھی:

(۱). نوریّه رضویه بغدادی جامع مَسْجد فیصل آباد.

(۲). اِشاعةُ العلوم؛ فیصل آباد.

(۳). رحمة العلوم جامعه مِھُریّه، ملتان.

(۴). المحموده المحمودیَّة نظامِیَّه؛ تونسه شریف.

(۵). الجامعة الرّضویّةُ؛ فیصل آباد.

مُؤَهِّلاتُهُ العِلمِیَّة:

اَلشَّهَادَاتُ الَّتِیْ حَصَلَ عَلَیْهَا:

☆...... الشهادة العالمیّة: من المعهد تنظیم المدارِس باکستان.

☆...... ماجستیر فی اللّغة العربیَّةِ مُفَوّقًا.(Master in Arabic, Topper)

☆...... ماجستیر فی العلوم الإسلامیةِ؛ (Master in Islamic Studies)

☆...... بکالوریوس فی علم التّعلیم؛ (Bachelor of Education)

☆......بکالوریوس فی الآداب؛ (Bachelor of Arts)

من جامعه بهاء الدین زکریا ملتان، باکستان.

☆...... الشهادة فوق الثانویّة؛ (Intermediate/F.A.)

من المجلس التّعلیمی؛ دیره غازی خان

☆......الشهادة الثانویّة؛ (Matriculation)

من المجلس التّعلیمی؛ ملتان

☆......فاضِل عربی: من المجلس التّعلیمی؛ ملتان

حیاتُهُ التّدریسیّة:

سنة 1986م ، بدءَ التّدریس فی مدرسةٍ رسمیَّةٍ من حیث معلم اللّغة العربیَّةِ. بعد مُرورِ بضعِ سنینَ رُقِّی إلٰی درجة مُدرِّس المدرسةِ الثَّانویَّةِ (S.S.T.). بعد دوران ثلٰثینَ سنةً فی مجال التّدریس، إِعتزل عن الوظیفة الحکومیَّةِ فاصبح مُتَقاعِدًا فی عامِ 2015م. الکتابُ الّذی فی یدِک / بین یَدَیْکَ اِنَّما هُو ابو عُذرِهِ من حیثِ التَّصنیف وَ التّرجمةِ.

☆☆☆

البابُ الاوّل

☆

یَشْتَمِلُ عَلٰی مقدمةٍ و حمدٍ و نعوتٍ

مقدمه

نَسَجْتُ نُعُوْتَهٗ بِنَسْجِ الْحُرُوْفِ　　نَبِیٌّ شَفَاعَتُهٗ رَاحَةُ الْاَسُوْفِ

اَلَا ذِکْرُهٗ بِغَیْرِ عِطْرٍ مُّعَطَّرٌ!　　وَلَا کِنْ بِذِکْرِهٖ عَطَّرْتُ حُرُوْفِیْ

فَمَنْ لِیْ لِاَنَّ شَمْسِیْ فِیْ کَسُوْفِ　　بِذِکْرِ رَحِیْمٍ بَلْ اَنَارَتْ وَ رَؤُوْفِ

بِالْأَلِفِ بَدَأْتُ وَ تُمِّمَ بِالْیَاءِ　　وَرَتَّبْتُ کُلَّهَا کَرَتْبِ الصُّفُوْفِ

قَدْ سُقْتُ نَفْسِیْ أَنْ تُسَابِقَ إِلَیْهِ　　فَظَلَّتْ بَطِیْئَةً کَنُوْقِ الشُّرُوْفِ

فَقُلْتُ لَهَا سَابِقِیْ وَلَا تَخَلَّفِیْ　　مِنْ جُوْدِهٖ خُذِیْ أَسْرَعَ الْعَصُوْفِ

عَلَی الْعَالَمِیْنَ قاسِمُ الرَّحْمَةِ ذاتُه　　وَ أَمْرُکِ لَا تَخَافِیْ لَیْسَ بِکَلُوْفِ

یَزِیْدُ عَطَاءُهٗ یَوْمًا فَیَوْمًا　　یَمُوْجُ تَبَاعًا وَّلَیْسَ بِمَوْقُوْفِ

فَیَاأَیُّهَا الْمَلْهُوْفُ! أَقْبِلْ بَلِ اعْتَرِفْ　　اَلَیْسَتْ تُنَادِیْکَ الْحَمَامَةُ بِهَتُوْفِ؟

أَوْ أَذِلِ اَلَاتَرٰی جُوْدُهٗ قَدْ مَاجَ؟　　وَلَوْ صِرْتَ لَا تَخَفْ کَبِیْرٍ نَّزُوْفِ

عَطُوْفٌ عَلَی اُمَّتِهٖ مِنْ نُفُوْسِهِمْ　　فَمَنْ ذَاالَّذِیْ یُقَارِبُهٗ بِعَطُوْفِ؟

فِیْ صِفَاتِهٖ مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیْکِهٖ　　فَاکْبَرُ نَمُوْذَجٍ مِّنْ شَتّٰی صُنُوْفِ

فَمَا شَانُ مَوْلَا هُمْ؟ وَ قَدْ کَانَ یُطْعِمُ　　صَحْبُهٗ عَلٰی خَصَاصَةٍ اَوْ عُجُوْفِ

عَلٰی بَابِهٖ تَخَیَّمْ وَلَا تَنْصَرِفْ　　فَلَازِمْ وَصِیْدَهٗ کَأَحَدِ الضُّیُوْفِ

وَالْمَوْتُ بِقُرْبِهٖ حَیَاتٌ حَقِیْقَةً
فَالْکَوْنُ بِغَیْرِ ذَیْلِهٖ کَالزُّغُوْفِ

☆☆☆

ش ۱.

نَسَجْتُ نُعُوْتَهٗ بِنَسْجِ الْحُرُوْفِ
نَبِیٌّ شَفَاعَتُهٗ رَاحَۃُ الْاَسُوْفِ

ترجمہ: اِس بندۂ ناچیز نے حروف کو جوڑ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح سرائی میں نعتیہ کلام لکھنے کا شرف پایا؛ آپؐ ایسے رسولِ مقبول ہیں جنکی شفاعت غمزدہ کیلئے راحتِ روحی وسکینتِ قلبی کا باعث ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: نَسَجَ (ن،ض) نَسْجًا، اَلشَّاعِرُ الشِّعْرَ: کلام منظوم کرنا۔ نَسَجَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔ نَسْجٌ مصدر: بُنائی، بُنا ہوا نَسْجُ مِصْرَ مصر کا بُنا ہوا۔ اَسِفَ اَسَفًا (س) علیہ: غمگین ہونا، افسوس کرنا۔ آسِفٌ: غمگین۔ اَلْاَسُوْفُ: نرم دِل، بہت جلد غمگین ہونے والا۔ راحَۃٌ: مصدر، آرام، راحت، کفِ دست۔ نَعَتَہٗ نَعْتًا (ف) تعریف کرنا، نَعْتٌ، مصدر ج: نُعُوْتٌ تعریف۔

ش ۲.

اَلَا ذِکْرُہٗ بِغَیْرِ عِطْرٍ مُعَطَّرٌ!
وَلٰکِنْ بِذِکْرِہٖ عَطَّرْتُ حُرُوْفِیْ

ترجمہ: اگاہ رہو! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذِکر مبارک بغیر عطرِ ومُشک کے ازخود معطر ہے، مگر میں نے اَپنے حُروف کو حضورؐ کے ذِکرِ مبارک کی خوشبو سے معطر کیا ہے۔

ش ۳.

فَمَنْ لِیْ لِاَنَّ شَمْسِیْ فِیْ کُسُوْفٍ
بِذِکْرِ رَحِیْمٍ بَلْ اَنَارَتْ وَ رَؤُوْفٍ

ترجمہ: کون ہے میری دادرسی کرنیوالا (کیونکہ) میرا سورج گرہن میں ہے، (یعنی میرے حالات ناگفتہ بہ ہیں) مگر رؤوف رحیم رسولؐ کے ذکرِ خیر کرنے سے میری زندگی کا سورج گہن سے نکل کر خوب روشن ہوگیا یعنی بطفیل ذکرِ مصطفیٰ میرے حالات بہتر ہوگئے۔

حلُّ اللُّغَةِ: کَسَفَتْ کُسُوْفًا (ض) اَلشَّمْسُ: گہن لگنا۔ کَسَفَ حَالُهٗ: حال بُرا ہونا۔ خَسَفَ خُسُوْفًا (ض) اَلْقَمَرُ: چاند کا گہنا جانا۔

ش ۴.

بِالْأَلِفِ بَدَأْتُ وَ تُمِّمَ بِالْيَاءِ
وَرَتَّبْتُ كُلَّهَا كَرَتْبِ الصُّفُوْفِ

ترجمہ: اِس عاجز نے نعتیہ کلام کا آغاز اَلف سے کیا اور یاء پر اِختتام ہوا۔ اَلف سے یاء تک تمام نعتیہ قصائد کو صفوں کی طرح ترتیب دیا۔

حلُّ اللُّغَةِ: صَفَّ صَفًّا (ن) صف بنانا، قطار بندی کرنا۔ صَفٌّ: مصدر، سیدھی قطار، کلام، صف بستہ قوم، ج: صُفُوْف. رَتَّبَهٗ: ثابت کرنا، مرتبہ کے لحاظ سے درجہ وار رکھنا۔

ش ۵.

قَدْ سُقْتُ نَفْسِيْ أَنْ تُسَابِقَ إِلَيْهِ
فَظَلَّتْ بَطِيْئَةً كَنُوْقِ الشُّرُوْفِ

ترجمہ: میں نے اپنی روح کو اُن کی طرف تیز چلانے کی کوشش کی مگر بجائے تیز گامی کے وہ بوڑھی ناقہ کی طرح سُست رفتار ہی رہی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: سَاقَ (ن) سَوْقًا مَسَاقًا: چلانا، اَلسَّائِقُ: ڈرائیور، چلانے والا۔ بَطُؤَ بُطْئًا، بَطاءً، بُطُوْءً (ک) دیر کرنا، تاخیر کرنا۔ شَرُفَتِ النَّاقَۃُ شُرُوْفًا: بوڑھی ہونا۔ اَلشَارِفُ مِن النُّوْقِ بوڑھی، ج: شُرَّفٌ، شُرُفٌ، شُرُوْفٌ.

ش ٦.

فَقُلْتُ لَهَا سَابِقِیْ وَلَا تَخَلَّفِیْ
مِنْ جُوْدِهٖ خُذِیْ أسْرَعَ الْعَصُوْفِ

ترجمہ: میں نے اُس سے کہا جلدی سے آگے بڑھو، تاخیر نہ کرو! حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سخاوت سے ''وافر'' حصہ حاصل کرو، (کیونکہ) آپؐ کی سخاوت تیز ہوا سے بھی تیز تر ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: سَابَقَہٗ سِبَاقًا، مُسَابَقَۃً: آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تَخَلَّفَ: عَنْھُمْ: پیچھے رہ جانا۔ اَسْرَعُ اسم تفضیل: سب سے تیز۔ سَرِعَ (س) و سَرُعَ (ک) سُرْعَۃً، سَرَاعَۃً: جلدی کرنا۔ أَعْصَفَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ عَصُوْفٌ، ج: عُصُفٌ تیز ہوا۔

ش ۷.

عَلَی الْعَالَمِیْنَ قَاسِمُ الرَّحْمَۃِ ذاتُہٗ
وَ أَمْرُکِ لَا تَخَافِیْ لَیْسَ بِکَلُوْفٍ

ترجمہ: بلاشبہ حضورؐ تمام جہانوں میں رحمت بانٹنے والے ہیں، تو خوف نہ کر! تیرا کام اُن کیلئے قطعًا مُشکل کام نہیں ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: قَسَمَ قَسْمًا: اَلشَّیْءَ (ض) تقسیم کرنا، بانٹنا۔ قَاسِمٌ تقسیم کرنے والا۔ اَلْکَلُوْفُ: دشوار اَمر، مشکل کام۔

ش ۸.

يَــزِيْــدُ عَــطَــاءُهٗ يَـوْمًــا فَيَـوْمًــا
يَـمُـوْجُ تَبَــاعًــا وَّ لَيْــسَ بِـمَـوْقُـوْفٍ

تــرجــمــه: آپؐ کی سخاوت وعطا روز بروز بڑھ رہی ہے، آپ کی عطاء کا سمندر پیہم مُتلاطم وموجزن ہے، آپ کی بخشش کا بحر ہر وقت مُتحرک ہے، جسمیں قطعًا ٹھہراؤ نہیں ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَادَ يَـزِيْـدُ زِيَـادَـةً، مَزِيْدًا :اَلشَّيْءُ: زیادہ ہونا، بڑھنا۔ مَـاجَ يَـمُوْجُ مَـوْجًا: اَلْبَحْرُ وَالنَّهْرُ: سمندر یا دریا کا موج زن ہونا، ٹھاٹھیں مارنا، شِیُوْن کرنا۔ وَقَفَ يَــقِفُ وَقُــوْفًــا (ض) ٹھہرنا، چپ چاپ کھڑا ہونا۔ اَلْمَوْقُوْف، مفعول۔

ش ۹.

فَيَــأَيُّهَــا الْـمَـلْهُوْفُ! أَقْبِلْ بَلِ اغْتَرِفْ
اَلَيْسَــتْ تُـنَــادِيْكَ الْحَمَـامَةُ بِهَتُوْفٍ؟

تــرجــمــه: اَے مفلوک الحالِ والمال فریادی آگے بڑھو! بلکہ (دریائے سخاوت سے) چلّو بھرلو، کیا فریاد کرنے والی فاختہ زور زور سے کُوکو کرکے تجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بُلا نہیں رہی ہے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: اِغْتَـرَفَ: اَلْـمَـاءَ بِیَدِہٖ: پانی کا چلو بھرنا، فـی الـقـرآن، (......اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَۃً م بِیَدِہٖ......) (سورۃ البقرہ، رقم:249)۔ اَلْغُرْفَۃُ: چلو، ج: غُرَفٌ: کوٹھڑی، بالا خانہ۔ لَھِفَ لَھْفًا (س) عَلٰی مَافَات: غمگین ہونا، افسوس کرنا۔ لَھِفٌ، لَھِیْفٌ: غمگین۔اَلْمَلْھُوْفُ: غمگین جس کا مال ومنال ضائع ہو گیا ہو۔حَمَامَۃٌ، ج: حَمَامٌ، حَمَائِمُ مذکر ومؤنث (ۃ) تانیث کی نہیں وحدت کی ہے، فاختہ، کبوتر۔ حَمَامَۃٌ ھَتُوْفٌ: بہت کُو کُو کرنے والی فاختہ یا کبوتری۔

ش ۱۰.

أَوْ أَدْلِ اَلَا تَرٰی جُوْدُہٗ قَدْ مَاجَ؟
وَلَوْ صِرْتَ لَا تَخَفْ کَبِیْرِ نَزُوْفٖ

ترجمہ: یا اپنا ڈول (بحرِ عطاء میں) ڈال دو، کیا تم نہیں دیکھتے؟ آپؐ کی جود وسخا (کا سمندر) ٹھاٹھیں مار رہا ہے، ڈرو نہیں اگرچہ تم اُس کنوے کی مانند ہو گئے ہو جس کا سارا پانی نِکال لیا گیا ہو (واصِف رسول مقبولؐ اپنے آپ سے مُخاطب ہے یعنی اگر تم بے سروسامان ہو چکے ہو)۔

ش ۱۱.

عَطُوْفٌ عَلٰی اُمَّتِہٖ مِنْ نُفُوْسِھِمْ
فَمَنْ ذَاالَّذِیْ یُقَارِبُہٗ بِعَطُوْفٖ؟

ترجمہ: حضورؐ لوگوں پر خود اُنکی جانوں سے بھی زیادہ مہربان ہیں، آپ کی صفتِ مہربانی میں (خلق میں) کون ہے؟ جو آپؐ کے قریب تر ہو۔ یقیناً ایسا کوئی نہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَطَفَ عَطْفًا، عُطُوْفًا (ض) علیہ مہربان ہونا۔ اَلْعَطُوْفُ: مہربان ومحسن۔ قَارَبَهٗ، مُقَارَبَةً: قریب ہونا۔

ش ۱۲.

فِیْ صِفَاتِهٖ مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیْکِهٖ
فَاَکْبَرُ نَمُوْذَجٍ مِّنْ شَتّٰی صُنُوْفٍ

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی جُدا گانہ صفات میں شرکاء سے منزہ و پاک ہیں، (اَرفع و اعلیٰ ہیں) آپؐ بوقلموں گونا گوں اَصنافِ صفات کا سب سے بڑا نمونہ ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَزُهَ (ک) نَزَاهَةً، نَزَاهِیَةً، نَزِهَ نَزْهًا (س): بُرائی سے دور ہونا، پاک دامن ہونا۔ مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیْکٍ: شریک سے پاک ہونا، یعنی ایسی صِفت کا حامِل ہونا جو بس اُنہی کا خاصہ ہے۔ صُنُوْفٌ: انواع واقسام؛ واحِد صِنْفٌ

ش ۱۳.

فَمَا شَانُ مَوْلَا هُمْ؟ وَ قَدْ کَانَ یُطْعِمُ
صَحْبُهٗ عَلٰی خَصَاصَةٍ اَوْ عُجُوْفٍ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین (حُبِّ الٰہی یا حُبِّ رسول مقبولؐ میں) حاجت مندی کے باوجود خود بھوکے رہ کر دوسروں کو کھانا کھلاتے تھے (یہ تو آپؐ کے صحابہؓ کا ایثار اور حسن معاشرت تھا) ایسے میں اُن کے آقا و مولا حضورؐ کی کیا شان ہوگی؟

حَلُّ اللُّغَةِ: أَطْعَمَ إِطْعَامًا: کھانا کھلانا۔ خَصَاصَةٌ: حاجت محتاجی، ضرورتمندی۔ عَجِفَ عَجْفًا عُجُوْفًا: باوجود گرسنگی و بھوک کے خود کھانا نہ کھانا، بلکہ دوسروں کو کھلانا۔

ش ۱۴.

عَـلٰـی بَـابِـہٖ تَـخَیَّـمْ وَلَا تَـنْـصَـرِفْ
فَـلَازِمْ وَصِیْـدَہٗ کَـأَحَـدِ الضُّیُـوْفِ

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے پر (ابدی) خیمہ زن ہو جاؤ، مُڑ کے واپس ہرگز نہ آؤ، دہلیز مصطفیٰ ﷺ سے ہمیشہ کیلئے ایک مہمان کی حیثیت سے چمٹے رہو (واپسی کا سوچو بھی نہیں)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: تَـخَیَّـمَ الْـمَکَانَ: خیمہ لگانا۔ لَازَم، لِـزَامًا، مُلَازَمَۃً: چمٹا رہنا، وابستہ ءِ دامن رہنا۔

ش ۱۵.

وَالْـمَـوْتُ بِـقُـرْبِـہٖ حَیَـاۃٌ حَـقِیْـقَۃً
فَـالْـکَـوْنُ بِـغَیْـرِ ذَیْلِـہٖ کَـالزُّعُوْفِ

ترجمہ: حضور ﷺ کا قرب و جوار ایسا ہے کہ آپ ﷺ کے پڑوس میں موت بھی حقیقی زندگی ہے، (کیونکہ) حضور کے دامن کے عِلاوہ ساری کائنات مقامہائے ہلاکت ہے، (مرگھٹ) ہے (یعنی حیاتِ جاودانی فقط آپ ﷺ کے دامن کی وابستگی میں ہے)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: زَعَفَہٗ زَعْفًا (ض) أَزْعَفَہٗ: فوراً مار ڈالنا۔ أَلزُّعُوْفُ: ہلاکت کی جگہیں۔

اَلْحَمْدُ

فَنَحْمَدُ رَبَّنَا عَلٰی وَفُرَةِ النِّعَمْ
رُزِقْتُ بِنَبِیِّہٖ الْهِدَایَةَ ذِی الْکَرَمْ
مِنَ الْأَنْبِیَاءِ إِنَّهُ حَظُّنَا الْفَذُّ
وَحَظُّ حَبِیْبِہٖ إِنَّنَا مِنَ الْأُمَمْ
تَنَفَّسَ لِکَوْنِہٖ الْوَریٰ إِنَّمَا لَہٗ
خُلِقْنَا وَ إِن لَّا مَنْ ذَاالَّذِی تَنَسَّمْ؟
رَأَتْهُ السَّمَاءُ إِذْ تَخَلَّفَ بَاکِیًا
مَّکَّةَ فَآبَهَا وَ بِالسَّوَادِ تَعَمَّمْ
مَشَتْ نَحْوَہٗ الْأَشْجَارُ شَاهِدَةً لَّہٗ
بِرِسَالَتِہٖ وَ هٰکَذَا صَخْرٌ أَبْهَمْ
فَأَعْجَبَتِ الْعُرْبُ بِمَا سَمِعُوا مِنْهُ
حَارُوْا بِجَوَامِعِہٖ إِذْمَا تَکَلَّمْ
فَتَمَّتْ بِذَاتِہٖ النُّبُوَّةُ کَذَالِکَ
الرِّسَالَةُ وَ لُقِّبْنَا لَقَبَ خَیْرِ الْأُمَمْ
فَأَفْلَحَ مَنْ اَطَاعَہٗ بِصِدْقِ قَلْبِہٖ
وَ آمَنَ بِہٖ بِخَاتَمِہٖ وَ بِہٖ ائْتَمّْ
فَیَلْمَعُ جَمَالُہٗ عَلٰی وَجْهِ الْوَریٰ
بِشِیْمَتِہٖ تَفْدِیْ وَ تَسْتَزِیْنُ الشِّیَمْ

☆☆☆

ش ۱ .

فَنَحْمَدُ رَبَّنا عَلٰی وَفْرَةِ النِّعَمْ
رُزِقْتُ بِنَبِیِّهٖ الْهِدَایَةَ ذِی الْکَرَمْ

ترجمہ: بکثرت عطاءِ نعمت پر ہم اپنے پروردگار کا شکرادا کرتے ہیں (خصوصاً اِس عطاءِ نعمت پر) کہ مجھے نبیءِ مکرّم و محتشم کے ذریعے نعمتِ ہدایت سے نوازا گیا۔

ش ۲ .

مِنَ الْأَنْبِیَاءِ إِنَّهٗ حَظُّنَا الْفَذُّ
وَحَظُّ حَبِیْبِهٖ إِنَّنَا مِنَ الْأُمَمْ

ترجمہ: تمام انبیاءِ کرام علیھم السلام میں سے آپ ؐ منفرد و ممتاز ہوکر ہمارے مُنفرد حصے میں آئے؛ جبکہ ہم یعنی یہ اُمت دیگر اُمتوں میں سے اللہ کے حبیبِ ؐ لبیب کے حصّہ میں آئی۔

ش ۳.

تَنَفَّسَ لِکَوْنِهٖ الْوَرٰی إِنَّمَا لَهٗ
خُلِقْنَا وَ إِن لَّا مَنْ ذَاالَّذِی تَنَسَّمْ؟

ترجمہ: ساری مخلوق نے حضور ﷺ کی وجہ سے سانس لی ہے، ہمیں خاص حضور ؐ کیلئے بنایا گیا اگر آپ ؐ تشریف نہ لاتے تو کون تھا جو سانس لیتا؟

ش ۴.

رَأَتْهُ السَّمَاءُ إِذْ تَخَلَّفَ بَاکِیَا
مَّکَّةَ فَآبَهَا وَ بِالسَّوَادِ تَعَمَّمْ

ترجمہ: آسمان نے یہ منظر بھی دیکھا کہ جب آپ ؐ نے روتے ہوئے مکّہ سے ہجرت فرمائی (مگر یہ نظارہ بھی دیکھا جب) آپ ؐ سیاہ دستار سجائے ہوئے (فوج ظفر موج کے ہمراہ فاتحانہ شان کے ساتھ) دوبارہ شہر مکہ میں داخل ہوئے۔ سبحان اللہ!

ش ۵.

مَشَتْ نَحْوَهُ الْأَشْجَارُ شَاهِدَةً لَّهُ
بِرِسَالَتِهٖ وَ هٰكَذَا صَخْرٌ أَبْهَمُ

ترجمہ: (یہ آپ ؐ کی ذات تھی) جسکی نبوت و رسالت کی گواہی دینے کیلئے درخت آپ ؐ کی طرف چل کے آئے اور اسی طرح بے زبان گونگے پتھروں نے آپ ؐ کے رسالت کی گواہی دی۔

ش ٦.

فَأَعْجَبَتِ الْعُرْبُ بِمَا سَمِعُوْا مِنْهُ
حَارُوْا بِجَوَامِعِهٖ إِذْمَا تَكَلَّمُ

ترجمہ: اپنی بلاغت پر ناز کرنے والے، اپنے ماسِوا کو گونگا سمجھنے والے عرب آپ ؐ کا فقید المثال کلام سُن کر تعجب کرنے لگے، نیز آپ ؐ کی لب کُشائی سے جامع کلمات سُن کر حیرت میں پڑ گئے۔

ش ۷.

فَتَمَّتْ بِذَاتِهِ النُّبُوَّةُ كَذَالِكَ
الرِّسَالَةُ وَ لُقِّبْنَا لَقَبَ خَيْرِ الْأُمَمْ

ترجمہ: آپ ؐ کی ذات پر سلسلہ نبوت اور اسی طرح سلسلہ رسالت ختم ہو گیا اور ہمیں بہترین اُمت کے لقب سے نوازا گیا۔

ش۸.

فَــأَفْــلَــحَ مَــنْ اَطَــاعَــهٗ بِـصِـدْقِ قَـلْـبِـهٖ
وَ آمَــنَ بِــــهٖ بِـخَــاتَـمِــهٖ وَ بِــهٖ ائْتَـمَّ

تــرجــمــه: کامیاب وکامران ہوا وہ شخص جو سچے دِل سے آپؐ پر ایمان لے آیا اور آپؐ کے آخری رسول ہونے کا اِقرار کیا نیز آپؐ کی اِقتداء کر کے آپؐ کی مکمل اِطاعت کی۔

ش ۹.

فَيَـلْـمَـعُ جَـمَـالُـهٗ عَـلٰی وَجْـهِ الْـوَرٰی
بِشِيْـمَتِــهٖ تَـفْـدِیْ وَ تَسْـتَـزِيْـنُ الشِّيَـمُ

تــرجــمــه: پورے عالم کے چہرے پر آپؐ کا حُسن و جمال چمک دِکھا رہا ہے تمام خصائل آپؐ کی ایک ایک خصلت حمیدہ پر قربان ہوتی ہیں نیز تمام عادتیں آپؐ کی ایک ایک عادتِ طیبہ سے زینت لیتی ہیں۔

...... أَ لَا لِفُ ......

إِمَــــامُ الــنَّبِيِّيْــنَ شَــفِيْــعٌ مُّشَــفَّـعٌ — فَـحَـمْـدًا لَّـهٗ الَّـذِیْ اَعْـطَاهُ كِتَـابَـا
سَيِّــدُالْـوَرٰی جَـاءَ بِسَيِّـدِالْأَدْيَـانِ — لَـهٗ كَـانَ صَـحْـبُـهٗ يُفْرِشُوْنَ أَهْدَابَا
وَ فِــیْ خَيْـرِ اَصْلَابٍ وَّاَرْحَـامٍ وُدِعَ — اَنْـقَـبُ الْأُنَــاسِ مِن اَبَوَيْـهِ اَحْسَـابَـا
وَمَـنْ نَـصَـحَ الْـوَرٰی وَأَدَّی الْأَمَـانَةَ — وَمَــنْ اَبْــلَـغَ الـدِّيْـنَ اِلَيْـنَـا الـلُّبَـابَـا
وَ سَـافَـرَ مِـنْ مَّـكَّةَ فَسَـالَتْ دُمُوْعُهٗ — وَهَـاجَرَ إِلٰـی يَثْـرِبَ حُـفَّـتْ خِصَابَا
وَرَبِّكَ لَا يُـحِبُّ كَا لإِنْـسِ عَـا لَمًا — يَّــوَدُّ حَبِيْبَـــهٗ فَـخَـصَّـنَـا حُبَـابَــا

قَدْأَتٰـى نَبِيُّـهُ الْعَـرَبِـيُّ إِلَيْـنَـا — فَقَـدَّسَ بِهٖ أَهْـلَ الصَّحَارٰى اَعْرَابَا
مَـنْ يُّطِعْ حَبِيْبَـهٗ فَبُشِّرَ بِالْعَدْنِ — وَ لِلْمُنْكِـرِيْـنَ جَهْـزَ اللّٰهُ تَبَابَـا
وَ جَنَّـاتُ عَـدْنٍ لَّهُمْ بِحَيَاتٍ سَرْ — مَـدٍ وَّلَهُـمْ نِسَـاءٌ جُعِلْـنَ أَتْـرَابَـا
وَ اَتْـرَابُهُـمْ يُقْبِلْن فِيْ رَوْضِ الْجِنَانِ — إِلٰـى بُـعُـوْلِهِـنَّ قَائِلَاتٍ تَـرْحَـابَـا
خَطِيْـبُ الْـمُـرْسَلِيْـنَ يُلْقِيْ خِطَابَهٗ — شَـفِيْـعٌ لِّـذِى الْكَبَـائِرِ يَوْمًـا مَّثَـابَـا
وَكَـمْ مِـنْ نَبِـيٍّ قَـدْ اَتَـانَا اِلَى الْوَرٰى — فَـمَـنْ كَـانَ قَـدْ لُقِّبَ بِقَوْسَيْنِ قَابَا؟
وَ إِنَّ لِلْذَوِى التَّقْوٰى مَفَازًا وَّرَوْضَاتٍ — وَّقِيْلًا سَلَامًـا وَّ حَـدَائِقَ وَ اَعْـنَـابَـا
وَ مِـنْ أَيِّ بَـابٍ فَـادْخُلُوْ ايا عِبَادِيْ! — فُتِـحَـتْ جَـمِيْـعُهَـا فَيَـمْـلَئُوْنَ اَبْوَابَا
لَتَـحْـيَـوْنَ سَـرْمَـدًا وَّ تَـنْـعَمُوْنَ اَبَدًا — وَّ تَـصِـحُّـوْنَ دَائِمًا فَاسْمَعُوْا خِطَابَا!
قَدْ حُـرِّمَ سَـائِـرُ الْـخُـمُـوْرِ عَلَيْكُمْ — فَـاشْـرِبُـوْا يَسْـقِيْـكُـمْ رَبُّـكُمْ شَرَابَا
وَ إِنَّ لِـلْـكُـفَّـارِ نَـارًا وَّ نِيْـرَانًـا — سَلَاسِـلَ وَ اَغْـلَالًا تَبَـابًـا وَّعَذَابَـا

نَـرْجُـوْ كَـرَجْـوِ الْـمُـذْنِبِيْنَ مِنْـهُ كَـأْسًـا
نُـطْـفِـيْ عَلَـى الْـحَوْضِ بِـأَيْدِيْـهِ لُهَـابَـا

☆☆☆

ش ا .

إِمَـــامُ الـــنَّبِيّيْـــنَ شَـــفِيْـــعٌ مُّشَــفَّــعٌ
فَــحَــمْــدًا لَّــهٗ الَّـذِيْ اَعْـطَـاهُ كِتَـابَـا

ترجمہ: حضور صَلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے قائد و سردار ہیں، آپؐ (گنہ گارانِ اُمّت) کی سفارش کرنے والے ہیں، آپؐ ایسے شفاعت کرنے والے ہیں جنکی سفارش (عنداللہ) قبول کیجا ئیگی، لائقِ تعریف ہے وہ ذات جس نے آپؐ کو کتاب قرآن مجید عطا فرمایا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِمام ج: أَئِمَّةٌ (مذکر ومؤنث دونوں کیلئے) پیشوا، جس کی اقتداء کی جائے۔
شَفِیْعٌ: حقِ شفعہ والا، سفارش کرنے والا، ج: شُفَعَاءُ . اَلْمُشَفَّعُ: جس کی سفارش قبول کیجائے۔
حَمِدَہٗ حَمْدًا: فضیلت کی بناپر تعریف کرنا۔ حَمْدًا: مصدر، تعریف۔

ش ۲.

سَیِّدُالْوَرٰی جَاءَ بِسَیِّدِ الْأَدْیَانِ
لَہٗ کَانَ صَحْبُہٗ یُفْرِشُوْنَ أَھْدَابَا

ترجمہ: آپؐ تمام مخلوق کے سردار ہیں، جو دین لائے ہیں وہ بھی تمام اَدْیان و مذاہب کا سردار ہے، آپؐ کیلئے صحابہ کرام (رضوان اللہ علیھم اجمعین) اپنی پلکیں فرش راہ کیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَیِّدٌ: سردار ج: سَادَةٌ، سَادَاتٌ.
دَانَ دِیَانَة، دِیْنًا (ض) بِالْمِلَّةِ: دین اِختیار کرنا۔ دِیْنٌ مصدر ہے؛ مذہب، سیرت وعادت، مِلَّت ج: اَدْیَانٌ
ھُدْبٌ، ھُدْبَةٌ ج: أَھْدَاب: پلکیں۔

ش ۳.

وَ فِیْ خَیْرِ اَصْلَابٍ وَّاَرْحَامٍ وُدِعَ
اَثْقَبُ الْأُنَاسِ مِنْ اَبَوَیْہِ اَحْسَابَا

ترجمہ: نورِ مصطفیٰ صَلَّی اللہ علیہ وسلّم افضل و اعلیٰ پُشتوں اور رحموں میں قرار پکڑتا رہا، (بالآخر آپؐ کے جسم اَطہر وانور میں آیا) حضورؐ تمام لوگوں سے زیادہ مشہور و معروف حسب ونسب والے ہیں، ماں باپ دونوں کی طرف سے (آپؐ نے سیدنا آدمؑ سے سیدنا عبداللہؓ تک اَپنا نسب نامہ صحابہؓ کرام کوسُنایا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَسَبٌ ثاقِبٌ: مشہور حسب ونسب

اَثْقَبُ الْأُنَاسِ اَحْسَابًا: لوگوں میں نسب کے لحاظ سے مشہور

صُلْبٌ ج: اَصْلَابٌ: پُشت، ریڑھ کی ہڈی۔ هُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ: وہ فلاں کی اولاد ہے۔

مِن صُلْبٍ وَ رَحِمٍ: ماں باپ دونوں کی طرف سے۔

ش ۴.

وَمَنْ نَصَحَ الْوَرٰی وَأَدَّی الْأَمَانَةَ

وَمَنْ اَبْلَغَ الدِّیْنَ اِلَیْنَا اللُّبَابَا

ترجمہ: آپؐ وہ ذات ہیں جنہوں نے اُمّت کی خیر خواہی کی، (ربّ تعالیٰ کی طرف سے تفویض کردہ منصبِ نبوت کی) امانت کو لوگوں تک پہنچا کر ادا کر دیا، آپؐ وہی تو ہیں جنہوں نے خود ہم تک خالص دینِ الٰہی پہنچایا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لُبَابٌ: ہر چیز کا خالص حصّہ، برگزیدہ۔ فُلَانٌ مِنْ لُبَابِ قَوْمِهٖ: فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے۔

نَصَحَ نَصْحًا، نُصْحًا، (ف) نَصَاحَةً: مخلص و خیر خواہ ہونا، نصیحت کرنا۔

اَدَّیٰ تَأْدِيَةً الشَّيْءَ پہنچانا، ادا کرنا۔

ش ۵.

وَ سَافَرَ مِنْ مَّكَّةَ فَسَالَتْ دُمُوْعُهٗ

وَهَاجَرَ اِلٰی يَثْرِبَ حُفَّتْ خِصَابَا

ترجمہ: آپؐ مکہ مکرمہ سے اِس حال میں روانہ ہوئے کہ اَشکوں کا سیلِ رواں جاری تھا، ''یثرب'' کی طرف ہجرت فرمائی جو کھجوروں سے گھرا ہوا علاقہ تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَفَّ حَفًّا: (ن) گھیرلینا،احاطہ کرنا۔

اَلْخِصَابُ: بہت پھلدار درختہائے خُرما۔

یَثْرِب: مدینہ طیّبہ کا پہلا نام؛آپؐ کے وُرود سے ''**مَدِینةُ النَّبی**'' اِس کا نام پڑگیا۔ اہلِ اسلام اِختصارًا اِسے مدینہ کہتے ہیں۔

ش ٦.

وَرَبِّکَ لَا یُحِبُّ کَالإِنْسِ عَالَمًا
یَوَدُّ حَبِیْبَهٗ فَخَصَّنَا حُبَابَا

ترجمہ: آپؐ کے ربّ کی قسم! رَب تعالیٰ اِنسانوں کی طرح پوری کائنات میں کسی سے محبت نہیں کرتے، (چونکہ) اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم سے محبت کرتا ہے، اِسی لیئے ہمیں (انسانوں کو) محبت کیلیئے، بھری کائنات میں خاص کردیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَصَّ خَصًّا: (ن) خاص کرنا، فُلانًا بِالشَّیْءِ خصوصیّت دینا۔

حَابَهٗ، حِبَابًا، مُحَابَةً: باہم محبت کرنا، اِظہارِ محبت کرنا۔ **اَلْحُبَاب:** دوستی، محبت، محبوب۔

ش ۷.

قَدْ أَتٰی نَبِیُّهُ الْعَرَبِیُّ إِلَیْنَا
فَقَدَّسَ بِهٖ أَهْلَ الصَّحَارٰی اَعْرَابَا

ترجمہ: تحقیق اللہ تعالیٰ کا رسول عربی صَلَّی اللہ علیہ وسلّم ہماری طرف رسولؐ بن کر آئے، اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کے وسیلۂ جلیلہ سے صحرانشینوں، بادیہ نشین عربوں کو عظمت و بڑائی عطا فرمائی، اپنے پیغمبرؐ کو اُنہی سے اُنہی میں مبعوث فرمایا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قَدَّسَ تَقْدِیْسًا: پاک کرنا، بابرکت بنانا۔ قَدَّسَ بِہٖ: کسی کے ذریعے برکت و بڑائی عطا کرنا۔

أَعْــــــراب: عَرب دیہات کے باشندے، بادیہ نشین، صحرانورد۔ واحد، اَعْرَابِی.

صَحارٰی: واحِد صَحراء: صحراء وہ سُنسان و بیان علاقہ جسمیں نباتات نہ ہوں۔

ش ۸.

مَــنْ یُّـطِـعْ حَبِیْبَــہٗ فَبُشِّــرَ بِـالْـعَـدْنِ
وَ لِـلْـمُـنْـکِـرِیْـنَ جَھَّـزَ اللّٰـہُ تَبَـابَـا

تــرجــمــہ: بلاشبہ، جوکوئی حبیبِ الٰہی کی اِطاعت کرے، اُسے جنّت کا مُژدہ جاں فزا سُنایا گیا ہے، منکرین کیلئے اللہ تعالٰی نے تباہی و بربادی تیار کررکھی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: جَھَّزَہٗ: تیار کرنا، سامان مُہیّا کرنا۔ قرآن میں آیا ہے: (وَلَمَّا جَھَّزَھُمْ بِجَھَازِھِمْ......) (سورۃ یُوسف، رقم: 59)

تَبَّ تَبًّا، تَبَابًا (ن) الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ تباب: مصدر۔ ہلاکت، کمی و نقصان۔

ش ۹.

وَ جَـنّــاتُ عَـدْنٍ لَّھُـمْ بِـحَیَـاتٍ سَـرْ
مَـدٍ وَّلَھُـمْ نِسَـــاءٌ جُـعِـلْـنَ أَتْـرابَـا

تــرجــمــہ: اُن کیلئے اَیسے باغات ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ کیلئے رہائش پذیر ہونگے، ہمیشہ بھر کے جِیْوَن کیساتھ، اُن کیلئے وہاں اُنکی ہم عُمر بیویاں ہونگی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَدْن: وہ باغات جن میں رہنے بسنے کا انتظام ہے۔
سَرْمَدٌ: ہمیشہ۔ حَیَاتٌ سَرْمَدٌ: ہمیشہ کی زندگی۔ لَیْلٌ سَرْمَدٌ: طویل رات۔
اَتْرَابٌ: مردوں کی ہم عُمر عورتیں، واحد۔ تِرْبٌ. قرآن مجید میں آتا ہے:۔ (وَّ کَوَاعِبَ اَتْرَابًا: ہم عمر دوشیزائیں)۔ (سورۃ نباء، رقم:33)

ش ۱۰.

وَ اَتْرَابُهُمْ یُقْبِلْنَ فِیْ رَوْضِ الْجِنَانِ
اِلٰی بُعُوْلِهِنَّ قَائِلَاتٍ تَرْحَابَا

ترجمہ: اُنکی ہم عُمر جیوُن ساتھیاں، جنتی باغات کے قطعات میں، (جی آیاں نوں) مرحبا کہتی ہوئی اپنے شوہروں کا اِستقبال کریں گیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَوْضُ الْجِنَانِ: باغات کے بہترین قطعات وٹکڑے۔
اَقْبَلَ إِقْبَالًا:. اِلَیْهِ؛ سامنے سے آنا
رَحَّبَ بِهٖ: مَرحبا کہنا؛ تَرْحَابٌ: خوش آمدید۔
بُعُوْلٌ: واحد. بَعْلٌ: شوہر۔

ش ۱۱.

خَطِیْبُ الْمُرْسَلِیْنَ یُلْقِیْ خِطَابَهٗ
شَفِیْعٌ لِّذِی الْکَبَائِرِ یَوْمًا مَّثَابَا

ترجمہ: آپ ﷺ پیغمبرانِ خُدا کو خطاب فرمانے والے ہیں، جمع ہونے کے دِن (روزِ حشر) کبائر کا اِرتکاب کرنے والے بڑے گُنہگاروں کی سفارش کرنے والے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْـمَثَـابُ، اَلْـمَثَابَةُ: جمع ہونے کی جگہ، یَـوْمًـامَثَـابًا: جمع ہونے کا دِن، ملاقات کا دِن۔ ثَابَ ثَوْبًا (ن) ثُؤُوْبًا: لَوْٹنا ثَابَ النَّاسُ: جمع ہونا۔
الْـكَبَـائِـرُ ، واحِد: کبیرہ. بڑے گناہ۔ ذُوالْـكَبَـائِرِ: بڑے گناہوں کا مرتکب۔

ش ۱۲.

وَكَـمْ مِـنْ نَبِـيٍّ قَـدْ اَتَـانَـا اِلَـى الْـوَرٰى
فَـمَـنْ كَـانَ قَـدْ لُقِّـبَ بِـقَوْسَيْنِ قَـابَـا؟

تـــرجـمــه: (شاعر یہ بتلانا چاہتا ہے) کہ کتنے ہی انبیاء و رسل علیھم السلام خلقِ خدا کی ہدایت کیلئے اُن کی طرف بھیجے گئے، (مگر) وہ کون تھا جسے (فَـكَـانَ قَـابَ قَـوْسَيْـنِ اَوْ اَدْنٰی) (سورۃ النّجم، رقم:9) کے لقب سے نوازا گیا (یعنی محبّ اورمحبوب کی دوبدو مُلاقات میں دو قوس یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا)

حَلُّ اللُّغَةِ: قَابَ يَقُوْبُ قَوْبًا (ن) الرّجُلُ: قریب ہونا۔
أدْنٰـى اِدْنَاءً: قریب ہونا،قریب کرنا، لازم ومتعدی، أدْنی:- اِسم تفضیل: قریب ترین

ش ۱۳.

وَ إِنَّ لِـذَوِی الـتَّـقْـوٰی مَـفَـازًا وَّرَوْضَـاتٍ
وَّقِيْلًا سَلَامًـــا وَّ حَــدَائِــقَ وَ اَعْـــنَــابَـا

ترجمہ: بلاشبہ مُتّقِین کیلئے سرفرازی وکامیابی ہے، اُن کیلئے انگور کے باغات کے ساتھ ساتھ (ہمہ قسم) باغات ہیں (اللہ ربُّ العالمین، ملائکہ رحمان، حُور و غلامان کی طرف سے) اُنہیں سلام کہا جائیگا، قرآن مجید میں ہے : فرشتوں کی طرف سے:- سَلَامٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُم:- اہلِ جنّت حور وغلامان کی طرف سے:- قِیۡلًا سَلٰمًا سَلٰمًا:- ربِّ کریم کی طرف سے؛ سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبِّ الرَّحِیۡم.

حَلُّ اللُّغَةِ: ذَوُوا التَّقۡوٰی: پرہیزگاری والے۔ حَدَائِقُ. واحِد حَدِیۡقَةٌ: دیوار بند باغات۔

ش ۱۴.

وَ مِنۡ أَيِّ بَابٍ فَادۡخُلُوۡ ایا عِبَادِیۡ!
فُتِحَتۡ جَمِیۡعُهَا فَیَمۡلَئُوۡنَ اَبۡوَابَا

ترجمہ: (اہلِ جنّت سے کہا جائیگا) اَے میرے بندو! جنّت کے جس دروازے سے تمہاراجی چاہے، داخل ہو جاؤ! تمام دَروازے کھول دیئے جائیں گے، (جنّت کے آٹھوں دروازوں پر اِسقدر بھیڑ ہوگی کہ جنّت جانے والے) سارے دروازے بھر دیں گے۔ سبحان اللہ! الحمدُ لِلّٰہ

ش ۱۵.

لَتَحۡیَوۡنَ سَرۡمَدًا وَّ تَنۡعَمُوۡنَ اَبَدًا
وَّ تَصِحُّوۡنَ دَائِمًا فَاسۡمَعُوۡا خِطَابَا!

ترجمہ: (اہلِ فردوس سے مزید کہا جائیگا یہاں پر) تم ہمیشہ زندہ رہو گے، ہمیشہ اللہ کی نعمتوں، ناز ونِعَم میں رہو گے، ہمیشہ تندرست رہو گے، (بیماری تمہارے قریب بھی نہ آئیگی، اپنے پروردگار) کی طرف سے یہ اعلان سنو!

ش ۱۶.

قَدْ حُرِّمَ سَائِرُ الْخُمُوْرِ عَلَيْكُمْ
فَاشْرِبُوْا يَسْقِيْكُمْ رَبُّكُمْ شَرَابَا

ترجمہ: (دُنیا میں) ہمہ قسم شراب تُم پر حرام کی گئی تھی، (تو آج یہ حُرمت اُٹھ گئی ہے) شراب (طاہر) کے جام خوب پیو! تمہارا ربّ خُود ہی دست قُدرت سے پاکیزہ شراب پلائیگا۔ قرآن مجید میں ہے: (......وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا) (سورۃ الدّھر، رقم 21) یعنی فرشتوں کو شراب پلانے کا حکم صادر فرمائیگا۔

ش ۱۷.

وَ إِنَّ لِلْكُفَّارِ نَارًا وَّ نِيْرَانًا
سَلَاسِلَ وَ اَغْلَالًا تَبَابًا وَّعَذَابًا

ترجمہ: بلاشبہ کُفار کیلئے آتش دوزخ کے شُعلے ہوں گے، زنجیریں اور بیڑیاں ہونگی (وہ پابجولان ہوں گے) ان کیلئے تباہی وعذاب ہوگا، (یعنی وہ عذاب بالائے عذاب میں مُبتلا ہوں گے)۔

ش ۱۸.

نَرْجُوْ كَرَجْوِ الْمُذْنِبِيْنَ مِنْهُ كَأْسًا
نُطْفِيْ عَلَى الْحَوْضِ بِأَيْدِيْهِ لُهَابَا

ترجمہ: گنہگاروں کی طرح اُمید کرتے ہوئے ہم بھی حُضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے جام کوثر پیئیں گے (اِنشاءاللہ)، حوضِ کوثر سے، حُضورؐ کے ہاتھوں ہم اپنی (دائمی) پیاس بُجھائیں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَطْفٰی یُطْفِیْ اِطْفَاءً: بجھانا۔ اَلنَّارَ: آگ بُجھانا۔ أطْفَی الْعَطْشَ: پیاس بُجھانا۔ لُھَابٌ: پیاس، لپٹ

رَجٰی یَرْجُوْ، رَجَاءً (ن) اُمید کرنا، پُراُمید ہونا۔ رَجْوًا مصدر، اُمید۔

کَأسٌ پیالا (جام) ج: کُؤُوْسٌ، اَکْئُس، کِئَاسٌ، کَأْسَاتٌ (مؤنث).

اَلْهَمْزَةُ

بَشَّرَ بِمَوْلِدِ الرَّسُوْلِ بُشَراءُ　　کَمَا الْأَرْضُ بَشَّرَتْ بِهٖ وَ السَّمَاءُ

فَذَاکَرَتِ النُّوَّارُ ذِکْرٰی مِیْلَادِهٖ　　بِقُبْلَةٍ فِیْهَا تَعَطَّرَتِ الْهَوَاءُ

وَ صَارَتْ اَسَامِی الْأَنْبِیَاءِ قِلَادَةً　　فَعُلِّقَتِ الْمِیْمَ تَلِیْهَا الْحَاءُ

فَوَاسِطَةُ الْعِقْدِ بَیْنَهَا مُحَمَّدٌ　　إِذْاُ ضِیْفَ بِسْمِکَ فَتَمَّتِ الْأَسْمَاءُ

فَاِنَّکَ قَدْ لَاقَیْتَ مَوْلٰی الْوَرٰی فَقَطُ　　لِغَیْرِکَ کَلَّا مَا تَحَقَّقَ اللِّقَاءُ

فَالرُّسُلُ مَصَابِیْحُ سَمَاءِ الرِّسَالَةِ　　وَاَنْتَ الشَّمْسُ تَزَیَّنَتْ بِهَا السَّمَاءُ

وَأَمَّا الرِّسَالَةُ فَأَنْتَ مَلِیْکُهَا　　فَالْمُرْسَلُوْنَ حَوْلَ عَرْشِکَ وُزَرَاءُ

لَقَدْ زَانَ مَتْحَفَ الْوَرٰی لَکَ رَبُّنَا　　لَوْلَاهُ إِذًا لَّمَا تُخْلَقُ الْأَشْیَاءُ

أَنْتَ الَّذِیْ بَلَّغْتَ دِیْنَکَ الْوَرٰی　　مَاذَا یُبَلِّغُ وَیُلْقِی الْخُطَبَاءُ؟

إذا مَا وَعَظْتَ فَلِلْمِنْبَرِ أَنِیْنَةٌ　　فَغَطّٰی الْمُبَلِّغُوْنَ وَ لَهُمْ بُکَاءُ

جُوْدُهٗ مِنَ الْهَوَاءِ أَسْرَعُ وَالنَّدٰی　　وَعَنْ جُوْدِهٖ تَخَلَّفَتِ الْأَسْخِیَاءُ

فَالْأَسْخِیَاءُ کَأَصَابِعَ اِذَا اجْتُمِعَتْ　　تَکُنْ یَدًا اَسْخَاهَا یَدُکَ الْیُمْنَاءُ

وَ لَوْ سَائِلاً أَعْطٰی لَصَارَ مَلِیْکًا — عَلٰی جُوْدِہٖ انْتَھٰی وَ تَمَّ الْعَطَاءُ
قَدِ انْقُسِمَ الْحُسْنُ عَنْ بَدْرِ جَبِیْنِہٖ — بِسَنَاثَنَا یَبْکِ أَضَاءَ تِ الْإِنَاءُ
لَمْ أَجِئْی وَصِیْدَکَ وَاصِفًا بَلْ سَائِلًا — کَفَاکَ حَسَّانُ اقْتَدٰی بِہٖ الشُّعَرَاءُ
فَطَابَکَ أَوْخَلَانَا مَدْحُ حِجَارَةٍ — عَلَیْکَ اَلَمْ تُثْنِ الصُّخُوْرُ الصَّمَّاءُ؟
اَقُوْلُ الْوَجِیْزَ حَسْبُکَ مَدْحُ الَّذِیْ فَقَطْ — لَمْ تُطِعْ اِلَّا لَہُ السَّمَاءُ وَ الْغَبْرَاءُ
إِذَا غَضِبْتَ غَضْبَةً فَاِنَّھَا فِی الْحَقِّ — فَیَخْفٰی لِرَبِّکَ فِیْھَا الرِّضَاءُ
وَ اِذْ مَا رَضِیْتَ اِنَّمَا رَضِیَ الرَّبُّ — وَمَرْضَاةُ رَبِّکَ فِی رِضَاکَ خَفَاءُ
اِذَامَا اَرَدْتَ فَخَتَمْتَ عَلَیْھَا — وَأَنْفَذْتَھَا وَتَمَّ مِنْکَ الْإِمْضَاءُ
مِنْ اَبٍ سَبَقْتَ إِنْ رَّحِمْتَ وَ مِنْ اُمٍّ — فَذَانِکَ بَعْدَ الرَّبِّ ھُمَا الرُّحَمَاءُ
لَأَنْتَ خَطِیْبُھُمْ ھُنَاکَ وَ شَفِیْعُھُمْ — فَیُؤْتٰی لَکَ الْمِنْبَرُ وَ یُرْفَعُ اللِّوَاءُ
تُرَعْرِعُ لِکَوْنِہٖ الْخَضْرَةُ کَأَنَّمَا — تُصَدِّرُ بُذُوْرَھَاالْقُبَّةُ الْخَضْرَاءُ
اَنْتَ الَّذِیْ مَنْ ھُوَ اَوْفٰی بِعَھْدِہٖ — عَلٰی وَعْدِہٖ مَا زَالَ یَفْخَرُ الْوَفَاءُ
فَالْعَرْشُ قَدِازْدَھٰی باالضَّیْفِ الْجَمِیْلِ — وَابْتَھٰی عَلَی الْعَرْشِ بِقَبْرِکَ بَطْحَاءُ
قَدْ سَرَّ بِتِبْیَانِہٖ فُقَھَاؤُنَا — مِنْ أُمَّتِہٖ کَأَنْبِیَاءٍ عُلَمَاءُ
لِمَ لَمْ یَسُرُّوْا وَقَدْ أُوْرِثُواالْعِلْمَ — بَلِ الْمَجْدَ عَنْکَ قَدْ وَرِثَ الْأَنْبِیَاءُ
وَالنَّفْسُ فِیْ جَنْبَیْ اِنْسَانٍ تَخْطُرُ — أَعْرَفُ الْأُنَاسِ بِوَشْیِھَا الْأَوْلِیَاءُ
تَسَرُ بَلَ لَوِالشَّیْطَانُ سِرْبَالَ زُھْدٍ — فَأَعْلَمُ الْوَرٰی بِمَکْرِہٖ الْفُقَھَاءُ
فَنِعْمَتْ فَتَاةُ الْعَدْنِ فَاطِمَةُ تَأْتَمُّ — بِھَا اُمَّھَاتُھَافِیْہِ وَ النِّسَاءُ

فَلَمْ اَدْرِھَلْ تُسْعِدُنِیْ بِازْدِیَارِکَ
فَھَلْ مِنْکَ ثَانِیًا یُّقِرُّالنِّدَاءُ؟

☆☆☆

ش ۱.

بَشَّرَ بِمَوْلِدِ الرَّسُوْلِ بُشَرَاءُ
كَمَا الْأَرْضُ بَشَّرَتْ بِهٖ وَ السَّمَاءُ

ترجمہ: خوشخبری دینے والوں نے وِلادتِ رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خوشخبری سُنا دِی، اِسی طرح زمین و آسماں دونوں نے بھی وِلادت باسعادت (سرورِکونین) کی خوشخبری پھیلا دِی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بُشَرَاءُ:-واحِد بَشِيْرٌ: خبرِ دل آویز، جاں فزا پھیلانے والے۔
بَشَّرَ تَبْشِيْرًا: خوشخبری دینا۔ اَبْشَرَ اِبْشَارًا: خوشخبری دینا، خوش ہونا (لازم ومتعدی)۔ مَوْلِدُ:-ج مَوَالِدُ: وقتِ ولادت، مقامِ ولادت۔

ش ۲.

فَذَاكَرَتِ النُّوَّارُ ذِكْرٰى مِيْلَادِهٖ
بِقُبْلَةٍ فِيْهِهَا تَعَطَّرَتِ الْهَوَاءُ

ترجمہ: کلیاں مرغزار باہم واقعاتِ ولادتِ حضورؐ کا تذکرہ کررہی تھیں، (ہوا نے اُدھر کو گزرتے ہی، چرچے ہائے ولادت سُنتے ہی) اُن کلیوں کے منہ کو بوسہ دینا شروع کیا، (کلیوں کے دہانِ معطر کا بوسہ لیتے ہی) ہوا بھی معطّر ہوگئی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ذَاكَرَ مُذَاكَرَةً: گفتگو کرنا، باہم تذکرہ کرنا۔ نوار، کلی واحِد نوارة، ج: نواویر
قَبَّلَ تَقْبِيْلًا: بوسہ دینا، چُومنا، ضمانت قبول کرنا۔ قُبْلَةٌ: بوسہ۔
فوهٌ: دہن، منہ۔ ج اَفْوَاهٌ، فاعلی حالت فوہ، نصبی حالت فاهٌ، جرّی حالت فِيْه. تَعَطَّرَ اِسْتَعْطَرَ: خوشبودار ہونا۔

ش ۳.

وَ صَارَتْ اَسَامِی الْأَنْبِیَاءِ قِلَادَۃً
فَعُلِّقَتِ الْمِیْمَ تَلِیْھَا الْحَاءُ

ترجمہ: انبیاء و مُرسلین علیہم السلام کے اسماءِ گرامی نے ایک (خوبصورت) مالا کی صُورت اِختیار کرلی، تو اِس ہار کو میم (محمدؐی) کے گلے میں ڈالا گیا، وہ میم جس کے بعد مُتّصِلاً حاء آتی ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَسَامِی، أَسْمَاءٌ: نام۔ واحِد اِسْمٌ.

قِلَادَۃٌ: ج قَلَائِدُ، قَلَادُ: ہار، مرغولہ، مالا۔

عَلَّقَ، و تَعَلَّقَ، اَلشَّیَٔ: لٹکانا۔

ش ۴.

فَوَاسِطَۃُ الْعِقْدِ بَیْنَھَا مُحَمَّدٌ
إِذَا ضِیْفَ بِسْمِکَ فَتَمَّتِ الْأَسْمَاءُ

ترجمہ: اُن موتی صِفات اسماء میں سے، بہترین جوہر اسم محمد ﷺ کو نمایاں مقام پر جڑا گیا ہے۔ جب آپؐ کا اِسم مبارک اسماء میں شامل کیا گیا تب ہی نام مکمل ہوگئے، (کیونکہ آپؐ کے نامِ مُبارک کے بغیر اسماء نامکمل بلکہ بے حیثیت تھے)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: عِقْدٌ: ہار، گلوبند، مرغولہ، ج عُقُوْدٌ. وَاسِطَۃُ الْعِقْدِ: ہار کا بہترین جوہر۔ نِعْمَ فِعْلِ مَدح ہے۔

ش ۵.

فَاِنَّکَ قَدْ لَاقَیْتَ مَوْلٰی الْوَرٰی فَقَطْ
لِغَیْرِکَ کَلَّا مَا تَحَقَّقَ اللِّقَاءُ

ترجمہ: بلاشبہ فقط آپؐ نے کائنات کے مالک اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی ہے آپؐ کے علاوہ کسی کے لیے ملاقات ثابت ہی نہیں ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: کَلَّا: ہرگز نہیں۔ تَحَقَّقُ الْخَبَرُ، اَوِلِّقَاءُ: خبر یا ملاقات ثابت ہونا۔

ش ٦.

فَالرُّسُلُ مَصَابِیْحُ سَمَاءِ الرِّسَالَۃِ
وَاَنْتَ الشَّمْسُ تَزَیَّنَتْ بِھَا السَّمَاءُ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے تمام رسول آسمانِ رسالت کے ستارے ہیں (یارسول اللہ!) سماءِ رسالت کے سُورج بس آپ ہی ہیں، چرخِ رسالت آپؐ ہی سے زینت اختیار کرتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: مَصَابِیْحُ: تارے، چراغ واحد مِصْبَاحٌ.

قرآن مجید میں ہے: (وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ......)

(سورۃ الملک، رقم5)

سَمَاءٌ واحِد، فضا، چرخ نیلی فام۔ ج: سَمٰوَات، سَمُوَات

ش ٧.

وَأَمَّا الرِّسَالَۃُ فَأَنْتَ مَلِیْکُھَا
فَالْمُرْسَلُوْنَ حَوْلَ عَرْشِکَ وُزَرَاءُ

ترجمہ: جہاں تک رِسالت کا تعلق ہے تو آپؐ شہنشاہ رسالت ہیں، دیگر تمام پیغمبر و رُسل آپؐ کے تختِ شاہی کے گرد بیٹھے ہوئے آپؐ کے وزراء ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: مَلِیْکٌ: بادشاہ ج: مُلَکَاءُ :- مَلِکٌ بادشاہ ج: مُلُوکٌ اَمْلَاکٌ.

عَرْشٌ: چھت، تختِ شاہی۔ ج: عُرُوْشٌ، اَعْرَاشٌ، عُرُشٌ، عِرَشَۃٌ.

ش۸.

لَقَدْ زَانَ مَتْحَفَ الْوَرٰی لَکَ رَبُّنَا
لَوْلَاہُ اِذًا لَّمَا تُخْلَقُ الْأَشْیَاءُ

ترجمہ: تحقیق ہمارے پروردگار نے اِس نگارخانہ کائنات کو صرف آپ ہی کیلئے سجایا۔ اگر حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف نہ لاتے تو کوئی چیز بھی نہ ہوتی (کچھ بھی نہ ہوتا)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: مَتْحَفٌ، ج: مَتَاحِفُ. عجائب گھر، نگارخانہ۔ زَانَہٗ یَزِیْنُہٗ زَیْنًا. اَوِلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: زینت دینا۔ شَیْءٌ: چیز، ج:أَشْیَاءٌ، (وہ جس کا وجود ہو) یا موجود ہو۔

ش۹.

أَنْتَ الَّذِیْ بَلَّغْتَ دِیْنَکَ الْوَرٰی
مَاذَا یُبَلِّغُ وَیُلْقِی الْخُطَبَاءُ؟

ترجمہ: آپ وہی ذات تو ہیں کہ آپ نے ہی بَس اپنا دین مخلوق تک پہنچایا، یہ خطیب بیچارے کیا خُطبہ دیتے ہیں، کیا ہی تبلیغ کرتے ہیں۔ جیسے قرآن میں آتا ہے: (......لِأُنْذِرَکُمْ بِہٖ وَمَنْ بَلَغَ......) (سورۃ انعام، آیت:19)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: خُطَبَاء: واعظین ومبلّغین، واحد خطیبٌ: خَطَبَ یخطُبُ خُطْبَۃً (ن) بیان کرنا، تقریر کرنا۔ خَطَبَ خِطْبَۃً: نکاح کا پیغام دینا، منگنی کرنا۔ اَلْقٰی یُلْقِیْ خُطْبَۃً: خطبہ دینا۔ اَلْقَی الْمُحَاضَرَۃَ: لیکچر دینا۔

ش۱۰.

إذا مَا وَعَظْتَ فَلِلْمِنْبَرِ أَنِیْنَۃٌ
فَغَطَّی الْمُبَلِّغُوْنَ وَلَھُمْ بُکَاءُ

ترجمہ: جب کبھی آپؐ پند ونصائح کا بیان فرماتے، تو منبر سے بھی سسکیاں بھرنے، رونے دھونے کی آواز آتی تھی، (سامعین) صحابہ کرامؓ اپنے سروں کو ڈھانپ جُھکا کر، زور زور سے آہ وبُکا کرنے لگ جایا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَنَّ اَنِیْنًا (ض) کراہنا، سسکیاں لینا، آہ آہ کرنا

مَنَابِرُ: خطبہ دینے کا زینہ واحِد مِنبَرٌ

اَلْمُبَلَّغُوْنَ: مفعول ج: وہ جنہیں بات پہنچائی جائے، جنہیں تبلیغ کیا جائے۔ واحِد اَلْمُبَلَّغُ.

حدیث میں آتا ہے: (رُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعٰی مِنْ سَامِعٍ) (بُخاری شریف)۔

غَطّٰی تَغْطِیَّةً: اَغْطٰی إِغْطَاءً الشَّیْءَ چُھپانا۔

ش ۱۱.

جُوْدُهٗ مِنَ الْهَوَاءِ أَسْرَعُ وَالنَّدٰی
وَعَنْ جُوْدِهٖ تَخَلَّفَتِ الْأَسْخِیَاءُ

ترجمہ: حضورؐ کی سخاوت کی رفتار، ہوا کی تیزی سے بھی تیز تر ہے، بارانِ سماویہ سے بھی بڑھ کر (ہر کہ مِہ پر) برسنے والی ہے، دُنیا بھر کے تمام داد دہش والے آپؐ سے سخاوت میں پیچھے رہ گئے۔ (بلکہ حق یہ ہے کہ تمام معطی وفیاض آپؐ کی دہلیز کے منگتے ہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَدیٰ بارش ج أَنْدَاءُ، اَنْدِیَةٌ : تَخَلَّفَ عَنْهُ: سے پیچھے رہ جانا۔

ش ۱۲.

فَالْأَسْخِیَاءُ کَأَصَابِعَ اِذَا اجْتُمِعَتْ
تَکُنْ یَدًا اَسْخَاهَا یَدُکَ الْیُمْنَاءُ

ترجمہ: تمام سخی وفیاض، بخشش وعطا کرنے والے انگلیوں کی طرح ہیں، اگر اُنہیں یکجا کیا جائے تو وہ ایسے ہیں جیسے ایک ہاتھ بنتا ہے، یعنی آپؐ کے سیدھے ہاتھ کے سامنے ہر سخی ایک انگشت دِکھائی دیتا ہے، کیا انگشت اور کیا ہی انگشت کی عطا! مگر آپ کا دستِ راست اُن تمام سے بڑھ کر سخی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَصَابِعُ: انگلیاں۔ واحِد اِصْبَعٌ، اَصْبَعٌ، اُصْبَعٌ (بتَثلیثِ الْهَمْزَةِ)
یُمْنٰی، یُمْنَاءُ: سیدھا ہاتھ، داہنی جانب۔

ش ۱۳.

وَ لَـوْ سَـائِلاً أَعْطٰی لَصَـارَ مَلِیْـکًـا
عَـلٰـی جُـوْدِہٖ انْتَہٰـی وَ تَـمَّ الْعَـطَـاءُ

ترجمہ: اگر آپؐ کسی مفلس پر فیاضی کرتے ہیں تو وہ بادشاہ بن جاتا ہے، (اُسے اِتنا دیتے ہیں کہ پھر کسی سے مانگنے کی، اُسے ضرورت نہیں پڑتی)۔ (حق تو یہ ہے) کہ آپؐ کی جود وعطا، بخشش وکرم پر سلسلۂ سخاوت درجۂ داد ودہش ختم ہو جاتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَعْطٰی اِعْطَاءً: عطا کرنا۔
مَلِیْکٌ: بادشاہ، شہنشاہ۔ ج مُلَکَاءُ. جُوْدٌ: سخاوت۔ عَطَا، عَطاءُ وہ چیز جو خود یجائے۔ ج اَعْطِیَۃٌ : عَطِیَّۃٌ ج عَطَایا، عَطِیَّات.
اِنْتَہٰی علیہ پر مُنتہی ہو جانا۔ اِنْتَہٰی اِلَیْہِ: تک، کو پہنچنا۔ اِنْتَہٰی اِلَی الْخَبَرُ: مجھ کو خبر پہنچی

ش ۱۴.

قَـدِ انْـقُسِـمَ الْـحُسْـنُ عَـنْ بَـدْرِ جَبِیْـنِـہٖ
بِسَـنَـاثَـنَـا یَیْکَ أَضَـاءَ تِ الْإِنَـاءُ

ترجمہ: آپؐ کے جبینِ ماہ تاب سے حُسن ورعنائی تقسیم کی جاتی ہے، جب آپؐ تبسُّم فرماتے، تو آپ کے سامنے کے دو دانتوں سے اِس قدر ضیا پاشی، ضوٴفشانی ہوتی کہ کائنات روشن، جگمگا اُٹھتی تھی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِنْقَسَم اِنْقِسَامًا: تقسیم ہونا۔

جبین: پیشانی، ماتھے کا درمیانی حصہ، ج اَجبِنَۃٌ، جُبُنٌ، أَجْبُنٌ.

سَنَا یَسْنُوْ سَنُوًا: بجلی کا چمکنا، برق کا کُودنا، سَنَا: روشنی، چمک دمک۔

ثَنایَا: سامنے والے دو دانت۔

أَلْإِنَاءُ: زمانہ، وقت، برتن، ج آنِیَۃٌ جج اَوَانٍ

ش ۱۵.

لَمْ أَجِئْـیْ وَ صِیْدَکَ وَاصِفًا بَلْ سَائِلًا

کَفَاکَ حَسَّانُ اقْتَدٰی بِہٖ الشُّعَرَاءُ

ترجمہ: بندہٴ ناچیز آپؐ کے دہلیزِ عزیز پر ثناخواں نہیں بلکہ سائل بن کے آیا ہے۔(سراپا منگتا و گداگر بن کے آیا ہے) آپؐ کی ثناخوانی کیلئے تو سیدنا حسّانؓ بن ثابت ہی کافی ہیں (کیونکہ) تمام شعراء اُنہی کی نیابت کرتے ہیں، (اقتداء کرتے ہیں)

حَلُّ اللُّغَۃِ: وَصَفَ وَصْفًا: بیان کرنا، تعریف کرنا۔ وَصِیْدٌ: دہلیز، چوکھٹ، صحن، ج وُصُدٌ. اِقْتَدٰی بِہٖ: کی اقتدا، یا پیروی کرنا۔

حضرت حَسان نے 60 سال کی عمر میں اسلام قبول کیا 120 سال عُمر پائی؛ آپ کا شمار جاہلی اور اسلامی دونوں اَدْوار کے شُعراء میں ہوتا ہے۔ آپ کو شاعرِ دربارِ رسالت کا لقب مِلا ہے، حضورؐ نے اِن اَلفاظ سے اُن کو اِرشاد فرمایا: (تم کُفّار کی ہجو کرو اور روح القدس تمہارے ساتھ ہیں)۔

ش۱۶.

فَطَابَکَ أَوْخَلَانَا مَدْحُ حِجَارَةٍ
عَلَيْکَ اَلَمْ تُثْنِ الصُّخُوْرُ الصَّمَّاءُ؟

ترجمہ: یا ہمارے (انسانوں کے) علاوہ آپؐ کو پہاڑوں، بے جان و بے زبان پتھروں کی مدح سرائی ہی بھلی لگتی ہے، کیا بہرے گونگے پتھروں نے آپؐ کی ثناخوانی نہیں کی؟

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلصُّخُوْر: پتھر واحِد الصَّخْرَةُ

صَمَّ صَمًّا صَمَمًا: بہرا ہونا، صفت مؤنث۔ صَمَّاءُ: - مذکر اَصَمُّ، ج: صُمٌّ، صُمَّان

ش۱۷.

اَقُوْلُ الْوَجِيْزَ حَسْبُکَ مَدْحُ الَّذِىْ فَقَطْ
لَمْ تُطِعْ اِلَّا لَهٗ السَّمَاءُ وَ الْغَبْرَاءُ

ترجمہ: اِختصار و اِیجاز کے ساتھ کلام کو سمیٹتے ہوئے، (بندۂ ناچیز عرض پرداز ہے) کہ آپؐ کو فقط اس ذات کی مدح وستائش کافی ہے، کہ زمین و آسماں جس کے فرمانبردار ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْوَجِيْزُ: مختصر کلام۔ حَسْبٌ: کافی۔ مَدَحَ مَدْحًا: تعریف وثناخوانی کرنا۔ اَطَاعَ إِطَاعَةً: تابع فرمان ہونا۔ غَبْرَاءُ: زمین، اَرضِ وطن، مادہ چکور۔

ش۱۸.

إِذَا غَضِبْتَ غَضْبَةً فَاِنَّهَا فِى الْحَقِّ
فَيَخْفٰى لِرَبِّکَ فِيْهَا الرِّضَاءُ

ترجمہ: جب کبھی آپ ؐ ناراض ہو جاتے ، (تو یہ خفگی اپنی ذات کیلئے نہیں ہوا کرتی تھی) بلکہ اللہ کی خاطر، دینِ حق کی خاطر ہوا کرتی تھی، آپ ؐ کی اِس ناراضگی میں بھی خوشنودی رَبُّ الْعُلَا ہوا کرتی تھی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَضِبَ (س) غَضَبًا، مَغْضَبَةً: غضباک ہونا۔ غُصّے ہونا۔

خَفِيَ يَخْفٰى خَفَاءً: (س) پوشیدہ ہونا، صفت خَافٍ، خَفِيٌّ، تَخَفّٰى وَاِسْتَخْفٰى: بھی پوشیدہ ہونا۔ مگر اَخْفٰى اِخْفَاءً: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔

رَضِيَ يَرْضٰى رِضًى، رِضْوَانًا. عَنْهُ، عَلَيْه: راضی ہونا، خوش ہونا۔

ش ۱۹.

وَ اِذْ مَا رَضِيْتَ اِنَّمَا رَضِيَ الرَّبُّ
وَمَرْضَاةُ رَبِّكَ فِي رِضَاكَ خَفَاءٌ

ترجمہ: جب آپ ؐ کسی سے راضی ہو کر فرحت و سرور کا اظہار کرنے لگ جاتے ہیں، یوں معلوم ہوتا ہے (کہ اُس شخص سے) رب راضی ہو گیا ہے (کیونکہ) رب تعالیٰ کی رضا آپ ؐ کی خوشنودی میں پوشیدہ ہے، (بالکل اسی طرح آپ کی خفگی میں رب کی ناراضگی پنہاں ہے)۔

ش ۲۰.

اِذَامَا اَرَدْتَ فَخَتَمْتَ عَلَيْهَا
وَاَنْفَذْتَهَا وَتَمَّ مِنْكَ الْاِمْضَاءُ

ترجمہ: جب حضور ؐ کوئی کام کرنے کا ارادہ کرتے ہیں (آپ ؐ کا اِرادہ تنفیذِ امر میں ایسا ہوتا ہے گویا کہ) آپ ؐ نے اُسے نافذ کرنے کیلئے اُس پر مُہر بھی ثبت کر دی، (تصدیقی) دستخط بھی کر دیئے، اور اُس فرمان کو مخلوق پر نافذ بھی کر دیا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَتَم یَخْتِمُ خَتْمًا (ض) خِتَامًا. اَلشَّیْءَ اَوْعَلَیْهِ: چیز پر مہر لگانا۔
اَنْفَذَاِنْفَاذًا: اَلْحُکْمَ، اْلأَمْرَ: نافذ وجاری کرنا، لاگو کرنا۔
أَمْضٰی الرَّسائِلَ وَ الْوَثَائِقَ: دستاویزات پر دستخط کرنا۔ اَمْضَی اْلأَمْرَ: حکم نافذ کرنا۔

ش ۲۱.

مِنْ اَبٍ سَبَقْتَ إِنْ رَّحِمْتَ وَ مِنْ اُمٍّ
فَذَاِنکَ بَعْدَ الرَّبِّ هُمَا الرُّحَمَاءُ

ترجمہ: اگر آپؐ شفقت و مہربانی کرنے لگ جاتے ہیں تو ماں باپ سے بھی شفقت و پیار کرنے میں بڑھ جاتے ہیں، (کیونکہ روئے زمین پر) پروردگارِ عالم کے بعد یہی دو شخصیات والدین ہی ہیں جو اپنی اولاد پر مشفق ومہربان ہیں، مگر حضورؐ اُنس و پیار میں اِن دونوں سے بھی بڑھ جاتے ہیں (کیونکہ حضورؐ کے شفقت و پیار کو دیکھ کر اولاد نے والدین کو تو چھوڑ دیا، مگر آپؐ کی فُرقَتْ لمحہ بھر کیلئے اُنہیں گوارا نہ ہوئی، حضرت سیدنا زیدؓ بن حارثہ کی مثال ہی کافی ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: شَفِقَ شَفَقًا (س) عَلَیْهِ: پر مہربان ہونا۔
رَحِیْمٌ واحِد، ج رُحَمَاءُ: رحم کرنے والے۔

ش ۲۲.

لَأَنْتَ خَطِیْبُهُمْ هُنَاکَ وَ شَفِیْعُهُمْ
فَیُؤْتٰی لَکَ الْمِنْبَرُ وَ یُرْفَعُ اللّوَاءُ

ترجمہ: وہاں پر (روزِ حشر) (دربارِ الٰہی میں سب لوگ مہر برلب ہوں گے، اِلّا یہ کہ کسی کواجازت گُفتار ملی ہو! مگر) آپؐ وہاں پر تمام لوگوں کے خطیب ہوں گے، آپؐ کیلئے منبر رکھا جائیگا، آپؐ کیلئے علَم اُٹھایا جائیگا، (تمام لوگ آپؐ کے پرچم تلے جمع ہوں گے) نیز آپؐ وہاں لوگوں کی مقبول سفارش کرنے والے ہوں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَطَبَ خِطَابًا (ن) خُطْبَةً، خِطَابَةً: تقریر کرنا، وعظ کرنا۔ خَطَبَ خِطْبَةً(ن).

بکَسْرِ الْخَاءِ: نکاح کا پیغام دینا، منگنی کرنا۔

خطیبٌ: واعِظ، مُبلّغ ج خُطَبَاءُ.

شَفَعَ يَشْفَعُ شَفْعًا (ف) شفاعت وشفارش کرنا۔ شَفِيعٌ سفارشی ج شُفَعَاءُ.

ش ۲۳.

تُرَعْرِعُ لِكَوْنِهٖ الْخَضْرَةُ كَأَنَّمَا
تُصَدِّرُ بُذُوْرَهَا الْقُبَّةُ الْخَضْرَاءُ

ترجمہ: (پوری) کائنات میں آپؐ کی ہی وجہ سے سبزہ لہلہاتا ہے، گویا کہ سبزہ کے تمام بیج سبز گُنبد ہی سے برآمد کیئے جاتے ہیں، (جس کیلئے کائنات بنی ہے وہ گُنبدِ خضراء میں آرام فرما ہیں، کائنات میں ہریالی، رعنائی، خوشحالی اُنہی کے دم قدم سے ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَعْرَعَ رَعْرَعَةً: اَلْخَضْرَةُ لہلہانا۔ اَلْمَاءُ: پانی کا لہریں مارنا۔

صَدَّرَ تَصْدِيْرًا: برآمد کرنا، باہر کو بھیجنا۔

بُذُوْرٌ تُخم، بیج۔ حُبُوب، واحِد: بَذْرٌ.

ش ۲۴.

اَنْــتَ الَّــذِیْ مَــنْ هُــوَ اَوْفٰــی بِعَهْــدِہٖ
عَــلٰــی وَعْــدِہٖ مَــا زَالَ یَفْـخَــرُ الْـوَفَــاءُ

ترجمہ: آپؐ ہی (اِس فرشِ زمین پر) وہ ذات ہیں جو سب سے زیادہ عہد و پیمان کی پاسداری کرنے والے ہیں، (بلاشُبہ) آپؐ کی وفاشعاری پر ہمیشہ ''وفا'' کو بھی ناز ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: فخَرَفَخْرًا فَخَارًا (ف) اِفْتَخَرَ اِفْتِخَارًا: فخر کرنا۔
وَفَیٰ یَفِیْ وَفَاءً،اَوْفٰی اِیْفَاءً: بِالْعَهْدِوَالْوَعْدِ: وعدہ وعہد پورا کرنا۔ وَفَاءُ مَصدر۔

ش ۲۵.

فَـالْـعَـرْشُ قَـدِازْدَھٰی باالضَّیْفِ الْجَمِیْلِ
وَابْتَهَـیٰ عَـلَـی الْـعَـرْشِ بِـقَبْـرِکَ بَطْحَاءُ

ترجمہ: (بلاشبہ) عرشِ الٰہی خوبصورت مہمان کی آمد پر اِتراتا رہا، فخرو ناز کرتا رہا، (زمین اوراہل زمین پرمگر) آپؐ کے مزارِپُرانوار کی بدولت مدینہ طیبہ، رفعتِ منصبی کی بدولت عرش سے بھی نازو انداز کرنے لگا، (کیونکہ تجھ پر میرے دفین وخزین کے قدم صرف ایک بار لگے تھے، مگر مجھ پر تو عُمرطبعی گزار گئے، فقط یہی نہیں بلکہ اَب میراہی سینہ اُنہی کا مدفن مدینہ ہے)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِزْدَھٰی بِـہٖ: فخر ومباحات کرنا، اِترانا۔ ضَیْفٌ ج: ضُیُوْفٌ، اَضْیَاف، ضِیَاف: مہمان، نزیل۔
اَلضَّیْفُ الْجَمِیْلُ: مرکب توصیفی: خوبصورت مہمان۔
اِبْتَهٰی بِہٖ: فخر کرنا، ناز کرنا، اِترانا۔ بَطْحَاءُ: مدینہ طیبہ کا نام۔

ش ۲۶ .

قَدْ سَرَّ بِتِبْيَانِهٖ فُقَهَاؤُنَا
مِنْ أُمَّتِهٖ كَأَنْبِيَاءٍ عُلَمَاءُ

ترجمہ: حضورؐ کے اِس بیانِ مبارک سے فقہائے اُمّت شادوآباد ہوگئے، (شادان وفرحاں کیوں نہ ہوں، چونکہ آپؐ نے فرمایا) میری اُمّت کے عُلماء انبیاؑءِ (بنی اسرائیل) کی طرح ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَرَّ يَسُرُّ: (ن) خوش ہونا۔ سَرَّهُ، أَسَرَّهُ: خوش کرنا۔

بَانَ بَيَانًا، تَبْيَانًا، تِبْيَانًا (ض) واضح ہونا، ظاہر ہونا۔ بَيَان، تِبْيَان مَصدر ہیں۔

فُقَهَاءُ ج؛ واحد فقِيهٌ. متبحر عُلماءِ دین: جو قرآن وحدیث فہمی سے مسائل اِستنباط کرسکتے ہوں، جیسے آئمہ اربعہ، دیگر فقہاءِ اُمّت۔

ش ۲۷ .

لِمَ لَمْ يَسُرُّوا وَقَدْ أُورِثُوا الْعِلْمَ
بَلِ الْمَجْدَ عَنْكَ قَدْ وَرِثَ الْأَنْبِيَاءُ

ترجمہ: عُلماءِ اُمّت خوش کیونکر نہ ہوں، کیونکہ وہ علمِ دینِ متین کے وارث قرار پائے (علماء کو آپؐ سے میراث علم مِلا ہے) جبکہ انبیاءِ کرام علیہم السّلام کو آپؐ کے میراثِ شرافت وبزرگی میں سے حصہ مِلا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَجُدَ مَجْدًا، مَجَادَةً (ک) بزرگوار ہونا صفت۔ مَاجِدٌ، مَجِيْدٌ: - مَجْدٌ ج: اَمْجَادٌ: عزت ورفعت بزرگی۔

اَوْرَثَهُ اِيْرَاثًا: وارث بنانا۔ وَرِثَ وِرْثًا، اِرْثًا: وارث ہونا۔

ش ۲۸.

وَالنَّفُسُ فِیْ جَنبَیْ اِنسَانٍ تَخْطُرُ
أَعْرَفُ الْأُنَاسِ بِوَشْیِهَا الْأَوْلِیَاءُ

ترجمہ: خواہشِ نفس اِنسان کے دونوں پہلوؤں میں، (تکمیل خواہشات پر انسان) کو اُبھارتا رہتا ہے، نفس کی اِس دسیسہ کاری، مُو شگافی اور چال بازی سے واقف، سب سے زیادہ اولیاءِ کرام ہی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَفْسٌ ج نُفُوسٌ، اَنْفُسٌ: رُوح، ذِی رُوح، خواہش اِنسانی، نفسِ اَمَّارۃ۔
قرآنِ مجید میں جن اَقسامِ نفس کا بیان ہے:
۱. اَمَّارہ ۲. لَوَّامہ ۳. مُطْمَئِنَّہ ۴. مَرْضِیَّۃٌ
خَطَر خُطُوْرًا (ض،ن) الْأَمْرُلَهٗ: دِل میں خیال آنا، سُوجھنا۔

ش ۲۹.

تَسَرْبَلَ لَوِالشَّیْطَانُ سِرْبَالَ زُهْدٍ
فَأَعْلَمُ الْوَرٰى بِمَكْرِهِ الْفُقَهَاءُ

ترجمہ: اگر شیطان (شاطرانہ، ماکرانہ چال چلتے ہوئے اپنے آپ کو) زاہدوں کا لباس بھی اوڑھادے، تب بھی اِس کی چال بازی سے، واقفِ کار فُقہاء ہی ہیں، جو تمام لوگوں میں اِس حیلہ گر کی حیلہ سازِی سے بخوبی واقف ہیں۔ (کیونکہ آپؐ نے فرمایا: ''ایک فقیہ ہزار زاہدوں سے بڑھکر شیطان پر بھاری ہے''۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَسَرْبَلَ: اَلسِّرْبَالَ:- کُرتا یا لباس پہننا۔
سِربَالُ زُهْدٍ: صوفیہ کا لباس۔ تقویٰ کا لِبادہ، لِبَاسُ التَّقْوٰی.

ش ۳۰.

فَنِعْمَتْ فَتَـــاةُ الْعَدْنِ فَاطِمَةُ تَأْتَمُّ
بِهَـــا اُمَّهَـــاتُهَـــا فِيْـــهِ وَ الـنِّسَـــاءُ

ترجمہ: کیسی پیاری ہے جنت کی شہزادی، حضرت فاطمہؓ کہ جنت میں دیگر جنتی خواتین کے ساتھ ساتھ اُن کی مائیں بھی اُن کی اقتدا کریں گی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نِعْمَتْ، نِعْمَ: فعل مدح ہے۔ فَتَـاةٌ : جوان لڑکی، دوشیزہ، ج: فَتَيَاتٌ، فَتَوَاتٌ. اِئْتَمَّ بِهٖ، بِهَا: کی اقتدا کرنا۔

ش ۳۱.

فَلَـمْ اَدْرِهَـلْ تُسْعِدُنِیْ بِـازْدِيَـارِکَ
فَهَـلْ مِـنْکَ ثَـانِيًـا يُّـقِـرُّ النِّدَاءُ؟

ترجمہ: اِس حقیر کو کچھ خبر نہیں کہ آپؐ (خواب میں) اِسے اپنی دیدارِ فرحت آثار سے سعادت عطا فرمائیں گے یا نہیں؛ آیا بارِ دِگر (آپؐ کی طرف سے اِس کو زیارت گُنبدِ خضراء کا بُلاوا آئیگا کہ نہیں!) آپؐ کی طرف سے بُلاوے کی ٹھنڈک اِس کو پہنچ پائیگی!

حَلُّ اللُّغَةِ: سَعِد سَعَادَة (س) سُعِدَ: سَعَادَةً: نیک بخت ہونا۔ اَسْعَدَ اِسْعَادًا: نیک بخت بنانا، سعادت عطا کرنا۔ اَسْعَدَهٗ عَلَى الْأَمْرِ: مدد کرنا۔

اَقَـرَّ بِـالْحَقِّ: حق کا اقرار کرنا۔ اَقَـرَّ الْـمَـكَـانَ، فِی الْمَكَانِ: مسکن بنانا، اِقامت کرنا، مکان وجگہ میں ٹھرنا۔ اَقَـرَّ عَيْـنَـهٗ بِـالـرُّؤْيَةِ اَوْ سَـمْـعَـهٗ بِالصَّوْتِ: ٹھنڈک عطا کرنا۔

اَلْبَاءُ

مُحَمَّدٌ ثِمَالُ الْيَتٰمیٰ وَ الرَّبَائِبُ وَ فِيْهِ يَتَنَافَسُ الْحَبِيْبُ وَالْحَبَائِبُ

وَ خَصَّصَهُ اللّٰهُ فِیْ خَلْقٍ وَّ خُلُقٍ فَتَفْدِیْ بِأَجْمَعِهَا بِهِ الضَّرَائِبُ

فَلَمْ يَسْتَقِلْ يَوْمًا عَنْ رِّسَالَةِ الْحَقِّ اُقِيْمَتْ وَلَوْ خِلَافَ رَأْيِهِ النَّوَائِبُ

فَلَمْ يَسْتَغِثْهُ اَيُّهُمْ اِلَّا غَاثَهُ اِلَيْهِ الْجَلِيْبُ كَانَ يَأْوِیْ وَ الْجَلَائِبُ

فَسَابَقَ عَلَى الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ جُوْدُهُ تَسِيْلُ صِلَاتُهُ تِبَاعًا وَّالرَّغَائِبُ

وَاَخْرَسَ اَهْلَ الْحَضْرِ وَالْبَدْوِ كُلَّهُمْ وَلَوْ كَانَ مِنْهُمُ اللَّبِيْبُ وَاللَّبَائِبُ

فَخَرُّوْا بِلَاتَأَمُّلٍ عَلٰى قَدَمَيْهِ وَجَرَّتْهُمُ الْمُعْجِزَاتُ الْعَجَائِبُ

بِهٖ آمَنُوْا ثُمَّ فَدَّوْا نُفُوْسَهُمْ اَتَاهُ يَمِيْنًا وَّ يَسَارًا ۨ الْأَجَانِبُ

إِشَارَتُهُ سَمِعَتْ نَصَّفَتِ الْبَدْرَ بِدَعْوَتِهٖ تَمْطُرُ غَزْرًا ۨ السَّحَائِبُ

اِبْتَهَتْ بِذَاتِهٖ عَلَى الْاُخَرِ الْقِمَّةُ تُقَبِّلُ فِیْ وَادٍ آثَارَهُ الْخَبَائِبُ

فَأَصْبَحَ بَعْضُ صَحْبِهٖ مَرْكَبًا لَّهُ بَدِيْلُ الْكُمَيْتِ قُدِّمَتْ عَنهُ الْمَنَاكِبُ

سَلُوْا اُمَّ مَعْبَدٍ لِّمَاذَا تَحَيَّرَتْ؟ أَمَلْئٰنَةً رَأَتْ ضُرُوْعَ الْحَلَائِبُ ؟

قَدْدَعَا عَلٰى اَبِیْ جَهْلٍ وَّصِحَابِهٖ قَدِانْهَزَمُوْا فَخَرُّوْا عَلَى الْمَعَاطِبُ

فَيَوْمَئِذٍ لَّمْ يَبْقَ غَيْرُ إِخْوَةِ الدِّيْنِ
قُطِّعَتْ حِبَالُ أُسْرَةٍ مِّنَ الْقَرَائِبُ

☆☆☆

ش ا .

مُحَمَّدٌ ثِمَالُ الْيَتٰمیٰ وَ الرَّبَائِبُ
وَ فِيْهِ يَتَنَافَسُ الْحَبِيْبُ وَالْحَبَائِبُ

ترجمہ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یتیموں اور سوتیلی ماؤں کیلئے فریادرَس ہیں (آپؐ کی شانِ محبوبیّت دیکھ کر) محبوب اور محبوبائیں رَشک کرنے اور للچانے لگ جاتی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: ثَـمَلَهٗ ثَمْلًا: (ض،ن) فریادرَسی وغمخواری کرنا۔ ثِـمَالُ الْقَوْمِ: قوم کا فریاد رَس۔ تَـنَـافَـسَ الْـقَوْمُ فِی الْاَمْرِ: مقابلہ کرنا، بطریقِ مقابلہ کے رغبت رکھنا، للچانا۔

قرآن مجید میں آتا ہے: (......وَفِـیْ ذَالِکَ فَـلْیَتَـنَا فَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ) (سورۃ المطففین، رقم 26)

رَبَـائِـبُ: واحِد رَبِیْبَۃٌ سوتیلی ماں، سوتیلی لڑکی، دایہ۔ یَتَـامٰی: واحِد یَتِیْمٌ.

ش ۲.

وَ خَـصَّـصَـهٗ اللّٰـهُ فِیْ خَـلْـقٍ وَّ خُـلُـقٍ
فَتَـفْـدِیْ بِـأَجْـمَـعِهَـا بِـهِ الـضَّـرَائِـبُ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے تخلیق اور اَخلاق میں آپؐ کو خاص کردیا، ساری خصلتیں، اچھی عادتیں آپؐ (کے خصائل حمیدہ) پر قربان ہوتی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: خَـصَّ خـصًّا: (ن) خَصَّصَهٗ بِالشَّیْءِ: - کوکسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
ضَرَائِبُ: واحِد ضَرِیْبَۃٌ:- عادت، خصلت۔
فَدَیٰ، فدَّیٰ تَفْدِیَۃ بِہٖ: قربان وفدا ہونا۔

ش ۳.

فَـلَـمْ یَسْتَـقِـلْ یَـوْمًـا عَـنْ رِّسَـالَۃِ الْحَقِّ
اُقِیْـمَـتْ وَلَـوْ خِلَافَ رَأْیِـهِ الـنَّـوَائِـبُ

ترجمہ: آپؐ پیغامِ حق پہنچانے سے ایک دِن کے لیے بھی دستبردار نہ ہوئے، اگرچہ آپؐ کی رائے کے خلاف مَصائب و مشکلات (کے پہاڑ) کھڑے کیئے گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَقَالَ اِسْتِقَالَةً عَنِ الْمَنْصَبِ اَوِ الْخِدْمَةِ: دستبردار ہونا، استعفی دینا۔ نَوَائِبُ: واحِد نَائِبَةٌ: مَصَائب ومشکلات۔

ش ۴.

فَلَمْ يَسْتَغِثْهُ اَيُّهُمْ اِلَّا غَاثَهُ
اِلَيْهِ الْجَلِيْبُ كَانَ يَأْوِىْ وَ الْجَلَائِبُ

ترجمہ: جِس کسی نے بھی مایوسی ونا اُمیدی میں آپؐ سے مدد چاہی، تو آپؐ نے اُس کی مدد فرما دِی، غلام اور باندیاں (بے سہارا لوگ) آپؐ کے پاس پناہ لیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَاثَ يَغُوْثُ غَوْثًا: اَغَاثَهُ اِغَاثَةً: مددکرنا۔ اِسْتَغَاثَ اِسْتِغَاثَةً: فریاد کرنا، مددطلب کرنا۔ جَلَائِبُ: باندیاں، لائی گئی عورتیں، واحِد جَلِيْبَةٌ: جَلِيْبٌ مذکر. لایا ہوا۔ عَبْدٌ جَلِيْبٌ: زرخرید غلام ج جَلْبٰى، جُلَبَاءُ. اَوٰى يَأْوِىْ (ض) اَوِيًّا: الی، پناہ دینا، پناہ لینا (لازم ومتعدی)۔

ش ۵.

فَسَابَقَ عَلَى الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ جُوْدُهُ
تَسِيْلُ صِلَاتُهُ تَبَاعًا وَّالرَّغَائِبُ

ترجمہ: آپؐ کی سخاوت کی رفتار تیز ہوا سے بھی بڑھ گئی، آپؐ کی بخشش وعطیات متواتر (بغیر کسی وقفے کے) سیل رواں کی طرح رواں دواں ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَغَائِبُ: عطیات و اِنعامات، داد و دہش، واحد رَغِیبَۃٌ.
تَبَاعًا: پیہم، متواتر، مسلسل۔ صِلَاتُ بِکَسْرِ الصَّادِ عطیات بِفَتْحِ الصَّادِ. نماز، دُعا۔

ش ٦.

وَ اَخْـرَسَ اَهْـلَ الْحَضَـرِ وَالْبَدْوِ كُلَّهُمْ
وَلَوْ كَانَ مِنْهُمُ اللَّبِيْبُ وَاللَّبَائِبُ

تـرجـمـہ: آپؐ نے اپنی (یکتا فصاحت و بلاغت کے ذریعے) تمام شہری اور دیہاتی عربوں کو گونگا کر دیا، اگر چہ اُن میں صاحبانِ عقل و دانش خواتین و حضرات بھی تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَرِسَ خَرَسًا: گونگا ہونا؛ اَخْرَسَهٗ اِخْرَاسًا: گونگا کرنا، خاموش کر دینا۔
اَهْلُ الْحَضَرِ وَالْبَدْوِ: شہری اور دیہاتی۔ لَبِيْبٌ: عقلمند، ج اَلِبَّاءُ: مؤنث لَبِيْبَةٌ ج: لَبَائِبُ: فطین خواتین۔

ش ٧.

فَخَرُّوْا بِلَاتَأَمُّلٍ عَلٰى قَدَمَيْهِ
وَجَرَّتْهُمُ الْمُعْجِزَاتُ الْعَجَائِبُ

تـرجـمـہ: بلاتأخیر وہ آپؐ کے قدموں میں جُھک گئے (کیونکہ) آپؐ کے معجزاتِ عجیبہ و غریبہ اُنہیں (قبول ہدایت کیلئے) کھینچ لائے تھے، یعنی رغبت دِلائی تھی قبولِ حق کیلئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَجَائِبُ ج: واحِد عَجِيْبَةٌ: مُعْجِزَاتٌ: واحد مُعْجِزَةٌ. عقل کو عاجز کرنے والی شئی۔

ش ۸.

بِــــهٖ آمَــنُــوا ثُــمَّ فَــدُّوْا نُــفُــوْسَهُــمْ
اَتَـــاهُ يَــمِيْــنًــا وَّ يَسَــارًا نِ الْأَجَــانِبُ

ترجمہ: خُدا و رسول ؐ پر ایمان لا کر حلقہ بگوش اِسلام ہو گئے، پھر جان نثاران و جاں سپارانِ اسلام ہو گئے، دائیں بائیں (ہر طرف سے) اجنبی لوگ آ کر اسلام میں داخل ہونے لگ گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: فَدٰی فَدّٰی تَفْدِیَةً: نُفُوْسَهُمْ جانیں قربان کرنا۔
اَجْنَبُ، اَجْنَبِیٌّ: مُسافِر پردیسی۔ ج: اَجَانِبُ.

ش ۹.

إِشَـــارَتُـــهٗ سَــمِعْــتُ نَـصَّـفَـتِ الْبَـدْرَ
بِـدَعْـوَتِـهٖ تَـمْـطُرُ غَـزْرًا نِ السَّـحَـائِبُ

ترجمہ: میں نے (علماء) سے سُنا ہے آپ ؐ کے اِشارہ نے چاند کو دولخت کر دیا، اگر آپ ؐ بارانِ رحمت کی دُعا کریں، تو آپ ؐ کے دُعا کرتے ہی چھما چھم بارش ہونے لگ جاتی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَـصَّفَ تَـنْـصِيْفًا: اَلشَّیْءَ؛ دو حصوں میں بانٹنا، تقسیم کرنا، آدھا آدھا کرنا۔
غَزُرَ غَزْرًا (ک)، غَزَارَةً، اَلْمَاءُ؛ پانی وغیرہ کثیر ہونا۔ اَلْمَطْرُ الْغَزِيْرُ: موسلا دَھار بارش۔ سَحَائِبُ: بادل غیم، غمام واحد: سَحَابَةٌ

ش ۱۰.

اِبْتَهَــتْ بِــذَاتِــهٖ عَــلَــى الْأُخَـرِ الْـقِـمَّةُ
تُــقَبِّــلُ فِــیْ وَادِ آثَـــارَهُ الْـخَـبَــائِـبُ

ترجمہ: جس پہاڑی چوٹی پہ حضورؐ جلوہ افروز ہوں وہ چوٹی دوسری چوٹیوں سے فخر کرنے لگ جاتی ہے، اگر آپؐ کسی وادی کے درمیان میں نشیبی زمین پر موجود ہوں، تو وہ آپؐ کے نقشِ پاک کو بوسہ دیتی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قِمَّةٌ: ہر چیز کی چوٹی، ج: قِمَمٌ: لوگوں کی جماعت؛ اِبْتَھیٰ اِبْتِھَاءً بِہٖ: فخر کرنا، اَلْاُخَرُ مؤنث ج، واحِد اُخریٰ: دیگر، دوسرا، کے علاوہ، غیر۔ قَبَّلَ تَقْبِیْلًا: بوسہ دینا۔ آثَارَ، واحِد اَثَرٌ: نشانہائے قدم، نقوشِ پا۔ خَبَائِبُ: واحِد خَبِیْبَۃٌ: وادی کے درمیان میں نشیبی علاقے۔

ش ۱۱.

فَأَصْبَحَ بَعْضُ صَحْبِہٖ مَرْکَبًا لَّہٗ
بَدِیْلُ الْکُمَیْتِ قُدِّمَتْ عَنْہُ الْمَنَاکِبُ

ترجمہ: آپؐ کے کچھ صحابہؓ کرام آپؐ کیلئے سواری بھی بن گئے، اُنہوں نے کُمیت (عمدہ گھوڑا) کے عوض، رسولؐ اللہ کی سواری کیلئے اپنے کاندھے پیش کیئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَرْکَبٌ: سواری؛ ج مَرَاکِبُ. کُمَیْتٌ: سُرخ وسیاہ رنگ کا گھوڑا مذکرو مؤنث۔ مَنَاکِبُ: کاندھے مونڈھے، واحِد مَنْکِبٌ

ش ۱۲.

سَلُوْا اُمَّ مَعْبَدٍ لِّمَاذَا تَحَیَّرَتْ؟
أَمَلْئٰنَۃً رَأَتْ ضُرُوْعَ الْحَلَائِبِ؟

ترجمہ: ذرہ اُمِّ معبد سے پوچھو! وہ کیوں ششدرٗ و حیران رہ گئی، کیا اس لیے کہ جب اُس نے بکریوں کے تھنوں کو دودھ سے بھرا ہوا پایا؟ (اِعجازِ نبوت دیکھ کر حیرانگی یقینی و بجا ہے!!)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ضَرْعٌ: ج ضُرُوْعٌ دودھ دینے والے جانوروں کی ممیاں، تھن، پستان۔ حَلَائِبُ: واحِد حُلُوْبٌ، حَلُوْبَةٌ: دودھ دینے والی بکری، ناقہ، اُونٹنی۔

ش ۱۳.

قَدْ دَعَا عَلٰی اَبِیْ جَهْلٍ وَّصِحَابِهٖ
قَدِانْهَزَمُوْا فَخَرُّوْا عَلَی الْمَعَاطِبُ

ترجمہ: رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل اور اُس کے ساتھیوں کو بددُعا کی تھی، تحقیق وہ جنگ میں شکست خوردہ ہوگئے، (توجن کو بددُعا کی تھی، اُن کیلئے مقام ہائے ہلاکت پر نشان بھی حضورؐ نے لگائے تھے وہ) سارے اپنے اپنے نشان زدہ مواضع ہلاکت پر ہی ڈھیر ہوگئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِنْهَزَمَ الْقَوْمُ: شکست کھانا۔ مَعَاطِبُ: ہلاکت کی جگہیں: واحِد مَعْطَب: عَطِبَ عَطَبًا (س): ہلاک ہونا۔ دَعٰی (ن) دُعَاءً: عَلَیْهِ: کسی کو بددُعا دینا۔ دَعَالَهٗ: کسی کو دُعا دینا، حق میں دُعا کرنا۔ دَعَا اِلَیْهِ: کسی اَمر کی طرف بلانا۔ مثلاً، آپؐ نے فرمایا: اَدْعُوْکَ اِلَی اللّٰهِ.

ش ۱۴.

فَیَوْمَئِذٍ لَّمْ یَبْقَ غَیْرُ اِخْوَةِ الدِّیْنِ
قُطِّعَتْ حِبَالُ اُسْرَةٍ مِّنَ الْقَرَائِبُ

ترجمہ: تو اُس دِن اِسلامی بھائی چارہ کے عِلاوہ، کوئی بھائی چارہ باقی نہ رہا، خاندانی و قرابتداری کے رشتوں کی رَسی کاٹ دی گئی۔ یعنی خونی رِشتوں کے برخِلاف صرف ایمانی رشتہ برقرار رہا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِخْوَۃُ الدِّیْنِ: دینی ومذہبی بھائی،(سب سے بڑا رشتہ دینی ہوتا ہے) اِخْوَۃٌ؛ اِخْوَانٌ: بَرادران، واحِد اَخٌ. اُسْرَۃٌ: خاندان؛ مضبوط زِرہ: ج اُسَرُ

قَرَائِبُ: قریبی رشتہ دار، واحِد قَرِیْبَۃٌ: حِبَالُ: رَسیاں، واحِد: حَبْلٌ (وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا......) (سورۃ آل عمران، رقم 103)

......أَلثَّنَاءُ......

مُعُیْنُ الْیَتٰمٰی ثُمَّ مَأْوٰی الْاَیٰمٰی وَالْ — لَّذِیْ سَنَّ سُنَّۃَ زَوَاجِ الْأَیِّمَاتِ

مِنْ خَدِیْجَۃَ ابْنَیْنِ رَبُّہٗ رَزَقَہٗ — کَذَا وَلَدَتْ لَہٗ اَرْبَعَ بَنَاتِ

أَجْوَدُ الْوَرٰی فَمَارَدَّ قَطُّ سَائِلًا — وَّلَا نَهَرَہٗ اَجَابَہٗ بَلْ بِإِثْبَاتِ

وَکَانَ مَنَامُہٗ کَیَقْظَتِہٖ یَبْقٰی — فِی الْکَرٰی وُضُوْئُہٗ کَذَافِی السُّبَاتِ

وَقَدْ وَدَّہٗ صِحَابُہٗ مِنْ نُّفُوْسِهِمْ — فَحَفُّوْہُ کُلَّ لَمْحَۃٍ کَالثُّبَاتِ

فَأَصْبَحَ صَحْبُہٗ مُعَلِّمِیْ آدَابٍ — فَظَلُّوْاجُلُوْسًا عِنْدَہٗ بِالصُّمَاتِ

رَدَّهَا عَلٰی أَخِیْہِ قَدْ مَدَّ لِبِلَالٍ — فَمَلَّکَہٗ خَالِقُہٗ ابْنَیْ سُبَاتِ

وَقَدْ رَامَہٗ الْوُفُوْدُ مِنْ بِلَادِ اللّٰہِ — فَخَرُّوْا عَلٰی بَیْعَتِہٖ مع الْأَثْبَاتِ

فَأَسْلَمَ عُبَّادُ الْأَوْثَانِ بِنَظْرِہٖ — أَتَوْہُ بِکُفْرٍ وَّتَوَلَّوْا بِصَلَوَاتِ

فَأُلِّفَ بَیْنَهُمْ بِرَحْمَۃِ رَبِّهِمْ — وَاِنْ قَدْ اَتَوْہُ بِقُلُوْبِ اَشْتَاتِ

يُغَاثُ لِوَجْهِهِ السَّقِيْمُ فَيُسْتَشْفٰى — فَنُؤْمَنُ بِسْمِهِ مِنْ شَرِّ الْآفَاتِ
تَخَافُ الْبَلَايَا مِنَّا وَلَا نَخَافُهَا — وَلَوْدار بَيْنَنَا دَوْرَةُ الْمُرِمَّاتِ
عَلى الْحَوْضِ اَوْعَلَى الصِّراطِ أَوِالْمِيْزا — نِ رَدَّ عَلٰى صَحَابِيٍ عَنِ الْمِيْقَاتِ
أَكُوْنُ هُنَاكَ اِنْ تُرِدْنِيْ زِيَارَتِيْ — لَأَسْقِي الْكُئُوْسَ اُمَّتِيْ عَلَى الصُّمَاتِ
فَقِيْلَ لَهُ حَيٌّ مِّنِ اسْتُشْهِدَ لِلّٰهِ — فَيُرْزَقُ وَلَا تَحْسَبُهُ مِنَ الْأَمْوَاتِ
وَ لُقِّبَ بَعْضُ اُمَّتِهٖ بِالصَّادِقِيْنَ — كَمَا لُقِّبَتْ إِنَاثُهُمْ بِالصَّادِقَاتِ
فَيَوْمَئِذٍ تَرَى الْبَرِيَّةَ اَشْتَاتَا — فَسِيْقُوْا اِلٰى اللَّظٰى اَوْ اِلٰى الْجَنَّاتِ
بَشَّرالَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْجَنَّاتِ — وَقَدْ اَنْذَرالْمُنْكِرِيْنَ بِالْمَثُلَاتِ
قَدِيْرٌ عَلَيْنَا فِيْ عَادٍ كَمَا قَضٰى — مَحَا اِثْرَهُمْ فِيْ اَيَّامٍ نَّحِسَاتِ

قَدِانْقَلَعَ اَصْلُهُمْ فَهَلْ يُرٰى مِنْ بَاقٍ؟
بِغَيْرِ رُمُوْسٍ دُفِنُوْا بِالرَّامِسَاتِ

☆☆☆

ش ا .

مُعِيْنُ الْيَتٰمٰى ثُمَّ مَأْوٰى الْاَيٰمٰى وَالْ
لَّذِيْ سَنَّ سُنَّةَ زَوَاجِ الْأَيِّمَاتِ

ترجمہ: آپؐ یتیموں کے مددگار، مُمِدّ ومعاون ہیں، پھر بیواؤں (بے سہارا خواتین) کیلئے جائے قرار، مسکن ومَقَرّ ہیں۔ آپؐ نے ہی اِظہارِ محبّت کرتے ہوئے (مطلقہ و) بیوہ خواتین کے ساتھ عَقْدِ نِکاح کو مسنون قرار دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَعَـانَهٗ إِعَانَةً: مدد کرنا۔ مُعِیۡنٌ: معاون ومددگار؛ یَتٰامٰی: واحِد یَتِیۡم. آمَ یَـئِیۡمُ أَیۡمًا، اَیۡمَةً: زن وشوہر کا بیوہ، رانڈ ہونا۔ اَیِّمٌ: بیوہ عورت یا وہ مرد جسکی جورو فوت ہوچکی ہو۔ ج: اَیَامٰی، اَیَائِمُ، اَیِّمَات.
سَنَّ سَنًّا، سُنَّةً اَلنَّبِیُّ: اپنے قول وفعل کو اُمت کے لیے سُنت قرار دینا۔ سُنَّة: عرفِ عام میں اِتباعِ رسولؐ کا نام ہے۔

ش ۲.

مِـنۡ خَـدِیۡـجَةَ ابۡـنَـیۡـنِ رَبُّـــهٗ رَزَقَـــهٗ
کَـــذا وَلَـــدَتۡ لَـــهٗ اَرۡبَـعَ بَـنَـــاتٖ

تــرجــمــه: آپؐ کے رَبّ نے اُمّ المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے آپؐ کو دو فرزند عطا فرمائے، اِسی طرح آپؐ کیلئے بی بی صاحبہؓ نے چار (دختران) بیٹیوں کو بھی جنم دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: إِبۡنٌ: بیٹا: ج بَـنُـوۡن، اَبۡنَاءُ: بِنۡتٌ (إِبۡنَةٌ) بیٹی ج بَـنَاتٌ. رَزَقَ رِزۡقًا (ن) دینا، عطا کرنا۔ رَزَقَـــهُ الـلّٰـــهُ اَوۡلَادًا: اللہ نے اُسے اولاد عطا کی۔ مَـنۡ یَرۡزُقُکُمۡ؟ تمہیں کون رزق دیتا ہے؟

ش ۳.

أَجۡـوَدُ الۡـوَرٰی فَـمَـــارَدَّ قَـطُّ سَـــائِلًا
وَّلَا نَهَـــرَهٗ اَجَـــابَـــهٗ بَـلۡ بِـــإِثۡبَـــاتٖ

تــرجــمــه: آپؐ تمام اِنسانوں سے بڑھکر سخی ہیں، آپؐ نے کبھی کسی سوالی کے سوال کو رَدّ نہیں فرمایا: (''نہیں''، سُنتا ہی نہیں کبھی مانگنے والا تیرا) اور نہ ہی کبھی کِسی سائل کو جھڑکا، بلکہ اُس کے دامنِ مُراد کو بھر دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَجْوَدُ: اسم تفصیل: رَدَّ رَدًّا: ردکرنا، ٹھکرانا، واپس کرنا۔ نَھَرَ نَھْرًا: (ف) اَلْمَاءُ: پانی کا زور سے بہنا۔ نَھَرَ السَّائِلَ: بھکاری کو جھڑکنا۔ اَجَابَ إِجَابَةً، إِجَابًا: جواب دینا۔ إِثْبَاتٌ اِیْجَابُ: قبول کرنا۔ یہ نفی کی ضِد اور نقیض ہے۔

ش ۴.

وَكَانَ مَنَامُهُ كَيَقْظَتِهِ يُبْقٰى
فِي الْكَرٰى وُضُوْئُهُ كَذَافِي السُّبَاتِ

ترجمہ: آپؐ کا آرام وخواب فرمانا، یقظتہ و بیدارگی کی طرح تھا، (یعنی خواب اور بیدارگی دونوں یکساں تھے) کیونکہ: آپؐ کا نیند فرمانا یا اُونگھنا آپ کیلئے ناقِضِ وضو نہیں تھا جس طرح جاگتے ہوئے آپؐ کا وضو قائم رہتا اِسی طرح خواب اور اُونگھ دونوں صورتوں میں آپؐ کا وضو برقرار رہتا (جبکہ دیگر اِنسانوں کا وضو ایسے حالات میں برقرار نہیں رہتا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: يَقِظَ يَيْقَظُ يَقَظًا: يَقُظَ يَيْقُظُ يَقَاظَةً: بیدار رہنا، چوکنّا ہونا۔ صفت مذکر يَقِظٌ، يَقُظٌ، يَقْظَانُ: ج اَيْقَاظ: صفت مؤنث يَقْظٰى ج يَقَاظٰى.

كَرِيَ يَكْرَىٰ كَرًى: اُونگھنا۔ كَرٰى: مصدر، اُونگھ، نیند۔ سُبَاتٌ: اُونگھ یا نیند۔ مَنَامٌ: نیند یا سونے کی جگہ ج: مَنَامَات.

ش ۵.

وَقَدْ وَدَّهُ صِحَابُهُ مِنْ نُّفُوْسِهِمْ
فَحَفُّوْهُ كُلَّ لَمْحَةٍ كَالثُّبَاتِ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہ (رضوان اللہ علیہم اجمعین) آپؐ کے ساتھ اپنی جانوں سے بڑھ کر محبت کرتے تھے، (اس لیئے آپؐ پر اپنی جانیں وار دیں جب تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے حفاظت کا حکم نہ آیا تھا) بہادُر، شاہسواروں کی طرح صحابۂ کرام (آپ کی محبّت وحفاظت میں) آپؐ کے گرد ہر لمحہ اِحاطہ کیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَفَّ یَحُفُّ حَفًّا: (ن) اَلْقَوْمُ الرَّجُلَ، بِهٖ وَحَوْلَهٗ: لوگوں کا شخص کے گرد اِحاطہ کرنا، کے چاروں طرف جمع ہونا۔ حَفَّهٗ بِکَذَا: کے ذریعے اِحاطہ کرنا۔ حَفَّتْهُ الْحَاجَةُ: ضرورت پڑنا۔ أَیْ مَسَّتْهُ الْحَاجَةُ: ثُبَاتٌ: بہادر، شہسوار۔

ش ٦.

فَأَصْبَحَ صَحْبُهٗ مُعَلِّمِیْ آدَابٍ
فَظَلُّوْا جُلُوْسًا عِنْدَهٗ بِالصُّمَاتِ

ترجمہ: (معلّمِ اَخلاق سے درسِ اَخلاق سیکھنے کے بعد) آپؐ کے صحابہؓ اخلاق و آداب کے آموزگار و معلّم بن گئے، اُن کے دراستِ اَخلاق کا یہ عالم تھا کہ وہ حضورؐ کے دربارِ گُہر بار میں ساکتِ وصَامت، مُہر برلب بیٹھ جایا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَمَتَ صَمْتًا (ن) صُمُوْتًا، صُمَاتًا: خاموش رہنا۔ صُمَاتٌ: خاموشی، پیاس کی شدت۔ صَاحِبٌ: ساتھی ج صَحْبٌ، صِحَابٌ، اَصْحَابٌ، صِحَابَةٌ، صُحْبَانُ وغیرہ؛ آدَابٌ: واحد اَدَبٌ: اَدب وہ اخلاقی خوبی، جوہر یا ملکہ ہے جو ناشائستہ باتوں سے دور رکھے، نیز ظرافت وخوش طبعی، زیرکی اور فطانت کو متحمل ہے۔ آداب: ہمہ قسم علوم ومعارف کو محیط ہے۔

ش ۷.

رَدَّهَا عَلٰی أَخِیْهِ قَدْ مَدَّ لِبَلَالٍ
فَمَلَّكَهُ خَالِقُهُ ابْنَیْ سُبَاتٍ

ترجمہ: آپؐ نے اُسے (سُورج کو) اپنے بھائی سیدنا مولا علیؓ کیلئے لوٹایا (تاکہ وہ وقت پر نمازِ عصر ادا کرسکیں) اور سیدنا بلالؓ کیلئے رات لمبی کردی (تاکہ اَذانِ بلالیؓ پر سحر ہو) (آپؐ کے اِس اثر و نفوذ کو دیکھ کر یُوں معلوم ہوتا ہے) کہ آپؐ کے خالِق نے آپ کو رات دِن کا مالک بنادِیا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَدَّ یَرُدُّ رَدًّا: عَلَیْهِ: پر لوٹانا، کی طرف واپس کرنا۔ قرآن مجید میں آتا ہے۔ حضرت سلیمانؑ نے فرمایا: (رُدُّوْهَا عَلَیَّ فَطَفِقَ مَسْحًا م بِالسُّوْقِ وَالْأَعْنَاقِ) (سورۃ ص، رقم:33) مَدَّ یَمُدُّ: مَدًّا (ن) پھیلانا، کھینچنا، لمبا کرنا، بچھانا۔ مَلَّكَهُ شَیْئًا: اَوْ اَمْلَكَهُ شَیْئًا: کسی چیز کا مالک بنانا۔ مَلَّكَ تَمْلِیْكًا: بادشاہ بنانا۔ مَلَّكَ الرَّجُلَ عَلَیْهِمْ: آدمی کو لوگوں پر بادشاہ بنانا۔ اِبْنَا سُبَاتٍ: رات دِن، حالت فاعلی: حالت نصبی و جری میں: اِبْنَیْ سُبَاتٍ.

ش ۸.

وَقَدْ رَامَهُ الْوُفُوْدُ مِنْ بِلَادِ اللّٰهِ
فَخَرُّوْا عَلٰی بَیْعَتِهٖ مَعَ الْأَثْبَاتِ

ترجمہ: بلاشبہ اللہ کی زمین میں ہر طرف سے، وفود اور جماعتیں آپؐ کے پاس آتی رہیں، تو وہ اَپنے معتمدین و زُعماء (وڈیروں) کے ہمراہ بیعتِ اسلام کرنے کے لیے آپؐ کے قدموں میں گر گئے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: رَامَ رَوْمًـا، مَـرَامًا (ن) اَلرَّجُلُ، الشَّیْءَ: کا قصد و اِرادہ کرنا۔ أَثْبَاتٌ: واحِد ثَبْتٌ: زُعماوقائدینِ قوم، چوہدری، وڈیرے۔

ش ۹.

فَـــأُسْـلَـمَ عُبَّـــادُ الْأَوْثَـــانِ بِـنَـظْـرِهٖ
أَتَــوْهُ بِــكُــفْـــرٍ وَّتَــوَلَّــوْ ابِـصَـلَـوَاتِ

تـرجـمـه: اَصْنام و بتوں کے پُجاری حضورؐ کی ایک ہی نظر سے حلقہ بگوش اِسلام ہوگئے؛ وہ (گرچہ اِمتحان کی غرض سے) کُفر لیکر آئے تھے، (مگر نعمتِ ایمان سے مالا مال ہوکر) درود پڑھتے ہوئے گھروں کو لوٹے، سبحان اللہ!

حَلُّ اللُّغَۃِ: أَوْثَان: بُت۔ اَصـنـام: واحِـد وَثَـنٌ: عُبَّادُالْأَوْثَان: بُت پرست: اَتٰی یَأْتِیْ اِتْیَانًا: آنا؛ صَلٰوۃٌ نماز، دُعا۔ ج صَلَوٰت.

ش ۱۰.

فَـــأُلِّف بَیْــنَهُــمْ بِـــرَحْـــمَةِ رَبِّهِـمْ
وَاِنْ قَــدْ اَتَــوْهُ بِــقُـلُــوبٍ اَشْتَـــاتِ

تـرجـمـه: اللہ کی رحمتِ ایمان سے اُن کفّار کے دِلوں کو جوڑا گیا، (باہمی اُلفت ومحبّت اُن میں ڈال دی گئی،) اگرچہ وہ حضورؐ کے پاس (شکستہ و) بکھرے ہوئے دِل لےکر آئے تھے (مگر اِسلام لے آنے کے بعد اُن کے دِل یکدِل ہوگئے)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَلَّفَ تَـأْلِیْفًا: اَلْکِتَابَ: جمع وتدوین کرنا۔ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ: شکستہ دِلوں کو جوڑنا، محبّت پیدا کرنا۔ اَشْتَاتٌ: متفرق، پراگندہ، واحِد: شَتٌّ، شَتَاتٌ.

ش ۱۱.

یُـغَـاثُ لِـوَجْـهِـهِ السَّـقِیْـمُ فَیُسْتَشْـفٰی
فَـنُـؤْمَـنُ بِسْـمِـــهٖ مِـنْ شَـرِّ الْآفَـاتِ

ترجمہ: حضورؐ کے وسیلۂ جلیلہ ہی سے بیمار کی دُہائی سُنی جاتی ہے، تو وہ شفایاب ہو جاتا ہے، ہم تو آپؐ کے نامِ نامی کی برکت سے آفات وآلام سے مأمون ومحفوظ رہا کرتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَاثَهُ يَغُوثُهُ غَوْثًا: اِعانت ومدد کرنا۔ أَمِنَ أُمْنًا(س) اَمْنًا اَمْنَةً، اَمَانًا: محفوظ رہنا، بےخطر ہونا۔ آفَاتٌ: واحِد آفَةٌ: نقصان، زیاں

ش۱۲.

تَخَافُ الْبَلَايَا مِنَّا وَلَا نَخَافُهَا
وَلَوْدار بَيْنَنَا دَوْرَةُ الْمُرِمَّاتِ

ترجمہ: مصیبتیں ہم سے ڈرتی رہتی ہیں، ہم مَصَائِب سے ذرہ بھر بھی خوف زدہ نہیں ہوتے، باوجودیکہ ہمارے پاس مصائب وآلام کی گردش رہا کرتی ہے (سب اُن کے مبارک نام کا صدقہ ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَاف يَخَاف خَوْفًا: مِنْهُ: کسی سے ڈرنا، اَخَافَ يُخِيفُ: خوف زدہ کرنا۔ بَلَا بَلْوًا، بَلَاءً؛ اَلرَّجُلَ: آدمی کی آزمائش کرنا، جانچنا۔ بَلَايَا: آزمائشیں، مصائب۔ واحِد: بَلِيَّةٌ. اَلْمُرِمَّاتُ: مَصائب وآزمائشیں۔ دَوْرَةُ الْمُرِمَّاتِ: مصائب کی گردش۔

ش۱۳.

عَلَى الْحَوْضِ اَوْ عَلَى الصِّراطِ أَوِالْمِيْزا
نِ رَدٌّ عَلٰى صَحَابِيٍ عَنِ الْمِيْقَاتِ

ترجمہ: (ایک صحابیؓ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! محشر میں کِس مَقام پر آپؐ سے مُلاقات ہوسکتی ہے؟) تو آپؐ نے اُسے جوابدیا، ۱۔ یا تو حوضِ کوثر پر مُلاقات ہوگی، ۲۔ یا پھر میزانِ الٰہی کے پاس ۳۔ یا پھر تو پُل صِراط (جِسْرِ صراط) کے پاس مُلاقات ہوگی۔ (یہ سائل حضرت انسؓ تھے، ترمذی شریف، مشکوۃ شریف)

حَلُّ اللُّغَةِ: مِیْقَات: ۱۔ وقت، ۲۔ مقامِ مُلاقات ۳۔ وہ عہد و پیمان جس کا مقام و وقت مُتَعیّن ہو۔ مِیْقَات: ج مَوَاقِیْت. میقاتِ شرعی: وہ مقامات جہاں سے حُجاج و مُعتمرین اِحرام باندھتے ہیں۔

ش ۱۴.

أَكُوْنُ هُنَاكَ اِنْ تُرِدْنِیْ زِیَارَتِیْ
لَأَسْقِیْ الْكُئُوْسَ أُمَّتِیْ عَلَی الصُّمَاتِ

ترجمہ: آپؐ نے فرمایا: اگر آپ اِشتیاق مُلاقات رکھتے ہیں، میں انہی مقامات پر ہونگا، اپنی پیاسی اُمّت کو جامہائے کوثر بھر بھر کر پلاتا رہونگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرَادَ اِرَادَةً: چاہنا، اظہارِ خواہش کرنا۔ زَارَهٗ، یَزُوْرُهٗ، زِیَارَةً: مُلاقات کرنا، مِلنا، صفت. زَائِرٌ: مُلاقاتی۔

سَقٰی سَقْیًا: پلانا۔ اَلْكُئُوْسَ، واحِد كَأْسٌ: پیالے، شرابِ طاہر، مشروب کوثر کے برتن؛ صُمَاتٌ: پیاس کی سُرعت۔

ش ۱۵.

فَقِیْلَ لَهٗ حَیٌّ مَّنِ اسْتُشْهِدَ لِلّٰهِ
فَیُرْزَقُ وَلَا تَحْسَبُهٗ مِنَ الْأَمْوَاتِ

ترجمہ: جس نے بھی جہاد و قتالِ فی سبیل اللہ میں شہادت پائی اُسے زندہ کہا جاتا ہے (وہ زندہ ہے،) اُسے اپنے رَبّ کی طرف سے رِزق دیا جاتا ہے، اُس کا مُردگان میں ہونے کے بارے میں وہم و گمان بھی نہ کرو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَشْهَدَهُ: کسی سے گواہی طلب کرنا۔ اُسْتُشْهِدَ لِلّٰهِ: اللہ کی خاطر جان دینا، شہید ہونا، حَسِبَ يَحْسِبُ يَحْسَبُ (ح،س) گُمان کرنا، اَمْوَاتٌ، مَوْتٰى: مردگان، واحِد مَيِّتٌ.

ش۱٦.

وَلُقِّبَ بَعْضُ اُمَّتِهٖ بِالصَّادِقِيْنَ
كَمَا لُقِّبَتْ إِنَاثُهُمْ بِالصَّادِقَاتِ

ترجمہ: حضورؐ کی اُمّت کے مَردوں میں سے بعض کو ''صادقین'' کا لقب عطا کیا گیا، اِسی طرح بعض خواتین کو ''صادقات'' کے لقب سے نوازا گیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لَقَّبَ فُلَانًا بِكَذَا: کسی کو کوئی لقب دینا۔ أُنْثٰى: مادہ ج إِنَاث، اَنَاثٰى. صَادِقٌ: مذکر ج صَادِقُوْنَ. مؤنث صَادِقَةٌ: ج صَادِقَات

ش۱۷.

فَيَوْمَئِذٍ تَرَى الْبَرِيَّةَ اَشْتَاتًا
فَسِيْقُوْا إِلٰى اللَّظٰى اَوْ إِلٰى الْجَنَّاتِ

ترجمہ: اُس دن تم لوگوں کو مختلف و متنوّع حالتوں میں دیکھ پاؤ گے، کچھ وہ ہونگے جن کو دوزخ کی طرف ہانکا جارہا ہوگا، اور کچھ دیگر وہ ہونگے جن کو جنّت کی طرف بھیجا جارہا ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَشْتَاتٌ ج: مختلف النوع، متفرق، واحِد شَتٌّ، شَتَاتٌ. بَرِیَّةٌ: مخلوق، ج: بَرَایَا، سَاقَ یَسُوْقُ سِیَاقًا مَسَاقًا: چلانا۔ اَلْمَاشِیَةَ: ہانکنا۔ سَائِقٌ: چلانے والا، ڈرائیور، گاڑی بان۔ لَظٰی: دوزخ کا نام۔

ش ۱۸.

بَشَّرَ الَّذِیْنَ آمَنُوْا بِالْجَنَّاتِ
وَقَدْ اَنْذَرَ الْمُنْکِرِیْنَ بِالْمَثُلَاتِ

ترجمہ: حضورؐ نے اہلِ ایمان کو (اس دُنیا میں ہی) جنّت کی خوشخبری سُنا دی ہے، اور منکرینِ اِسلام کو دردناک، عبرتناک سزاؤں کی وعید سُنائی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بَشَّرَ، اَبْشَرَ بِہٖ: مژدہِ جان فزا سُنانا، خوش کُن خبر سُنانا۔ اَنْذَرَ اِنْذَارًا بِہٖ: اَنجامِ بَد سے ڈرانا۔ مَثُلَات: وہ عبرتناک سزائیں جو گزشتہ اُمتوں کو دی گئیں، واحِد مَثُلَةٌ.

ش ۱۹.

قَدِیْرٌ عَلَیْنَا فِیْ عَادٍ کَمَا قَضٰی
مَحَا اِثْرَهُمْ فِیْ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ

ترجمہ: جس طرح اللہ تعالیٰ نے قوم عاد کو مِٹانے کا فیصلہ کیا، اِسی طرح وہ ہمارے مِٹانے پر بھی قادِر ہے، منحوس ایّام میں اللہ تعالےٰ نے اُن کے نشان ہمیشہ کیلئے مِٹا دیئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قَضٰی یَقْضِیْ قَضَاءً: فیصلہ کرنا۔ حَاجَتَهٗ: حاجت بَراری کرنا۔ مَحَا یَمْحُوْ، مَحَا یَمْحٰی: اَلشَّیْءَ مِٹا دینا۔ صفت فاعلی۔ مَاحٍ: صفت مفعولی۔ مَمْحِیٌّ، مَمْحُوٌّ. اِثْرٌ: نشانِ قدم، اَیَّامٌ نَحِسَاتٌ: نحوست والے دن، منحوس دن۔ واحِد نَحِسٌ، نَحْسٌ.

ش ۲۰.

قَدِ انْقَلَعَ اَصْلُهُمْ فَهَلْ يُرٰى مِنْ بَاقٍ؟

بِغَيْرِ رُمُوْسٍ دُفِنُوْا بِالرَّامِسَاتِ

ترجمہ: اُن کی جڑ کٹ گئی، کیا اُن میں کوئی باقی بچا بھی ہے؟ وہ لوگ نشانات مِٹانے والی تیز ہواؤں کے ذریعے بے نشاں قبروں میں دفن کردیئے گئے (یعنی نہ اُنکا نشان ہے نہ ہی نشانِ قبر!)

ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے
زمین کھا گئی، آسماں کیسے کیسے!

حلُّ اللُّغة: اِنْقَلَعَ اِنْقِلاعًا: اَلشَّيْءُ: جڑ سے اُکھڑنا۔ اَصْلٌ: جڑ، ج: اَصُوْلٌ. رَمْسٌ: قبر، خاکِ قبر، ج رُمُوْسٌ، اَرْمَاسٌ. اَلرَّامِسَاتُ: نشانات کو مٹانے والی ہوائیں۔

أَلثَّنَاءُ

بَيَانُ شَمَائِلِ النَّبِيِّ حَقِيْقٌ ... عَلَيْنَا تَمَلَّكْنَاهُ مِنَ التُّرَاثِ
رَؤُوْفٌ نَّبِيُّنَا رَحِيْمٌ تَمَسَّنَا ... شَفَاعَتُهٗ عَلٰى نِدَاءِ الْغُوَاثِ
فَقَدْ تَمَّ بِالشَّارِعِ دِيْنُ اِلٰهِنَا ... فَرَدَّ مَجِيْئَةَ الْمَذَاهِبِ الْحِدَاثِ
وَسَنَّ اللُّحٰى "وَاعْفُوا اللُّحىٰ" بِمَقَالِهٖ ... وَيْلٌ لِّمُجَاهِرٍ مُّصِرٍّ الْأَحْنَاثِ
بَبَرْكَةِ يَتِيْمِ عَبْدِ اللّٰهِ لَصَارَتِ ... الْعَقَائِمُ وَالِدَاتٍ مِّنَ الْإِنَاثِ
فَالْأُمَّهَاتُ عَامَهٗ وَلَدْنَ ذُكْرَانًا ... كَمَا مَنْ كَانَتْ شَهِيْرَةً بِالْمِئْنَاثِ
وَكَمْ مَوْقِعًا حَسْبَ الْمَعَارِكِ خَاصَةً ... نَهَى الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ بُحُوْثِ التَّبَاثٌ
قَدْ لَقَّبَ بِالْأَنْصَارِ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ ... هُمُ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ صَحْبُ الْبُعَاثِ

لَاِیْـمَـــانُ فَـرْدٍ أَحَـبُّ اِلَیْـــهِ مِنْ   جَـمِیْـعِ نِعَمِ الْـكَوْنِ وَسَـائِرِ الْأَثَـاثِ
نِعْـمَ التُّـراثُ سَهْـمُـهٗ وَفْقُ الشَّرِیْعَةِ   فَسَیِّـئُـهٗ خَصُّ الـذُّكُوْرِ بِـالْمِیْـراثِ
وَ قَــالَ لَهُـمْ وَحِّـدُوْا وَلَا تُشْـرِكُـوْا   أَقَــرُّوْا بِــفَــرْدِهٖ خِلَافَ الثَّلَاثِ
عَـنِ الْمُوْبِقَاتِ السَّبْعِ حَذَّرَنَا، سِحْرُ   السَّـوَاحِـرِ احْـدَاهَـا وَنَـفْـثُ النَّفَّـاثِ
سَـمِـعْـتُ اِمَا مُنَابْنُ ثَابِتٍ اِلٰى الصُّبْحِ   مَــاكُـتِـحَـلَ اَرْبَعِیْنَ عَـامًـا مِّنْ حَثَـاثٍ
دِیْـنُـنَـا أَعَــزَّ كُـلَّ مَـــرْأَةٍ حَـــتّٰـی   وَالَّتِـیْ قَـضَــتْ سَــالِفَهَـا كَخَبَـاثٍ

بِـغَیْـرِ الـزَّمَــانِ وَ الْـمَـكَــانِ وَالْأَلْـوَانِ
شَـدَّنَــا اِلٰهُـنَـــا بِـحَبْـلِـهِ الْـمَلَاثِ

☆☆☆

ش ا .

بَیَـــانُ شَـــمَـــائِـلِ الـنَّبِـیِّ حَـقِیْـقٌ
عَــلَیْـنَـــا تَـمَـلُّـكُـنَـاهُ مِـنَ الـتُّـراثِ

تـرجـمـہ: رسول پاک صلّی اللہ علیہ وہ آلہ وسلّم کی سیرتِ طیّبہ کا بیان کرنا ہم (مسلمانوں) پر لازم ہے؛ (کیونکہ) بیانِ سیرتِ پیغمبرؐ ہمیں وراثت میں مِلا ہے (جب اہلِ خیر کے تذکرے سے رحمت کا نزول ہوتا ہے تو جو سراپا رحمت بن کر آیا اُس کے تذکرے سے تو بارانِ رحمت کی برسات ہوتی ہے)۔

حلُّ اللُغة: شَـمَـائِلُ: سیرت، وعادات، طبیعت۔ واحد: اَلشِّـمَـالُ، اَلشَّمِیْلَةُ. اَلْـحَقِیْقُ: سزاوار، لائق۔ حَـقِیْـقٌ عَـلَیْنَا: ہم پر لازم ہے۔ تَـمَلَّكَ وَ اِمْتَلَكَ الشَّیْءَ: چیز کا مالک بننا۔ تُرَاثٌ: مصدر، وراثت۔

ش ۲.

رَؤُوفٌ نَّبِيُّنَا رَحِيْمٌ تَمَسُّنَا
شَفَاعَتُهٗ عَلٰى نِدَاءِ الْغُوَاثِ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ بہت مہربان اور بڑے رحیم ہیں، (ہم اُمید کرتے ہیں) کہ اِمداد کی صدا و پکار پر اُن کی شفاعت ہمیں نصیب ہوگی۔ (انشاءاللہ)

حَلُّ اللُّغَةِ: رَءَ فَ رَأْفَةً (ف) رَأُفَ رَآفَةً (ک) رَأِف رَأْفًا (س) بُہت مہربان ہونا؛ اَلرَّؤُوْفُ: ہمارے نبیؐ کی صفت ہے۔ نِدَاءٌ: صدا، آواز، پکار۔

ش ۳.

فَقَدْ تَمَّ بِالشَّارِعِ دِيْنُ اِلٰهِنَا
فَرَدَّ مَجِيْئَةَ الْمَذَاهِبِ الْحِدَاثِ

ترجمہ: شارعِ علیہ السّلام کے ذریعے شریعتِ مُطّہرہ، ہمارا دینِ اِلٰہی مکمل ہو چکا ہے پس (آپؐ کے بعد) نئے مذاہب واَدیان کے آنے کو حضورؐ نے رَدّ کر دیا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: شَرَعَ شَرْعًا: (ف) شُرُوْعًا: أَلْأَمْرَ: کوئی کام شروع کرنا، شَارِعٌ: اسم فاعل. شریعت کے قوانین وضع کرنے والا، ''شارع' علیہ السلام حضورؐ کا لقب ہے۔ شَرَائِعُ: مذاہب، نئے طریقے، واحد شَرِيْعَةٌ: حِدَاثٌ؛ نئے واحد حَدِيْثٌ؛ الْمَذَاهِبُ الْحِدَاثُ: نئے مذاہب واَدیان، نئے طریقے۔ مَجِيْئَةٌ: مصدر؛ آنا۔

ش ۴.

وَسَنَّ اللُّحٰى "وَاعْفُوا اللُّحٰى" بِمَقَالِهٖ
وَيْلٌ لِّمُجَاهِرٍ مُّصِرِّ الْأَحْنَاثِ

ترجمہ: آپؐ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مبارک قول ''وَاعْفُوا اللُّحٰی '' داڑھی بڑھاؤ! سے ریش مبارک کو اہل اسلام کیلئے مسنون قرار دیا، ہلاکت ہے ایسے گنہ گار کیلئے جو سرِ عام گنہ کررہا ہے، اِصرار وتکرار سے گناہوں پر اَڑا ہوا ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: سَنَّ سَنًّا سُنَّۃً: طریقہ ایجاد کرنا، (نبیؐ کا اُمّت پر اپنے اور اپنے صحابہؓ کے عمل کو مسنون قرار دینا)۔ لِحْیَۃٌ: داڑھی، ریش ج: لُحٰی، لِحٰی: وَیْلٌ: ہلاکت وتباہی، جہنم کی ایک وادی۔ مُجَاھِر: وہ گنہ گار وبدکار جو سرِعام گنہ کرے، گُنہ پر شرمائے نہیں بلکہ اِترائے۔

حضورؐ نے فرمایا: ''میرے ہر اُمتی کی بخشش ہوگی مگر مجاہرین کی نہیں ہوگی''۔

اَصَرَّ عَلَی الْأَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا، ثابت قدم رہنا۔ کما فِی التنزیل: (وَکَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ.) (سورۃ واقعہ، رقم: 46)

اَحْنَاثٌ: ج گناہ، مُفرد حِنْثٌ ہے۔

ش ۵.

بَبَرْکَۃِ یَتِیْمِ عَبْدِ اللّٰہِ لَصَارَتِ
الْعَقَائِمُ وَالِدَاتٍ مِّنَ الْإِنَاثِ

ترجمہ: حضرت عبداللہ کے دُرِّ یتیم کی برکت سے خواتین میں سے وہ عورتیں جو بانجھ پن کا شکار تھیں (اُس سال) وہ بھی اولاد والی ہوکر مائیں بن گئیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: يَتِيمٌ: یتیم ،شفقتِ پدری سے محروم ج: یتامٰی ، يَتَـمَ يَيْتِمُ، يَتِمَ يَيْتَمُ، يَتُمَ يَيْتُـمُ يُتْـمًـا. اَلْوَلَدُ مِنْ اَبِيْهِ: بچے کا یتیم ہونا۔ عَـقَائِمُ ج: وہ عورتیں جو جنم سے محروم ہوں، بانجھ،مفرد: عَـقِيْـمٌ: جَـاءَ فِـى الْقُـرآن (......وَقَـالَـتْ عَـجُوْزٌ عَقِيْمٌ......) (سورۃُ الذّاریات،رقم:29) اَلـرِّيْحُ الْعَقِيْمُ. اُس بادل کو کہتے ہیں جسمیں فقط ہوا ہومگر بارش نہ ہو؛وَالِـدَاتٌ:اُمَّـهَـاتٌ: مائیں والدائیں، واحِد: وَالِدَةٌ.

اِنَاثٌ، اَنَاثٰی ج، مادہ، مؤنث: واحِد اُنثٰی

ش٦.

فَــالْاُمَّهَــاتُ عَــامَــهٗ وَلَـدْنَ ذُكْـرانًـا

كَـمَـا مَـنْ كَـانَـتْ شَـهِيْرَةً بِـالْـمِئْنَاثِ

تــرجــمــه: ولادتِ نبویؐ کے سال تمام ماؤوں نے بھی ''پوت'' جنم دیئے،اِسی طرح بطورِخاص اُن عورتوں نے بھی بیٹے جنم دیئے ، جولڑکیاں جنم دینے کیلئے مشہور ہو گئیں تھیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اُمٌّ: ماں ج اُمَّهَــاتٌ. ذُكْـرَان، ذُكُـوْرٌ: نرینہ اولاد، واحِــد: ذَكَـرٌ. اِشْتَهَـرَبِهٖ: کسی وجہ سے شہرت۔مِـئْنَاثُ:وہ عورت جسکی عادت فقط لڑکیاں جنم دینے کی ہو،اِس کا مُتضاد: مِذْكَارُ ہے:وہ جوصرف لڑکے جنم دے۔

ش٧.

وَكَـمْ مَـوْقِـعًـا حَـسْـبَ الْمَعَارِكِ خَاصَـةً

نَهَــى الْـمُـسْـلِمِـيْـنَ عَـنْ بُحُوْثِ التَّبَـاثٌ

ترجمہ: کتنی بار بالخصوص غزوات کے مواقع پر حضورؐ نے مسلمانوں کو رازوں کے اِظہارِ خیال سے منع فرمایا: (جنگی حکمتِ عملی میں ایسا کرنا ضروری ہوتا ہے) مشہور واقعہ ہے: ایک عورت حضرت حاطِب بن ابی بلتعہ کا لکھا ہوا خط قریش کے نام لے جارہی تھی۔ حضورؐ کو بذریعہ وحی اِس مکتوب کا علم ہوا تو آپؐ نے حضرت علیؓ کی قیادت میں چار افراد کا ایک دستہ بھیجا اور تاکید فرمائی کہ مقام ''روضۃ الخاخ''، پر تمہیں ہودج نشین ایک عورت ملے گی اُس کے پاس قریش کے نام کا ایک خط ہے تو اس سے وصول کریں۔ انہوں نے اِسی مقام پر اس سے وہ رقعہ وصول کیا جو اس نے سر کے بالوں میں چھپا رکھا تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَقَعَ یَقِعُ وُقُوْعًا: ثابت ہونا۔ وَقَعَ یَقَعُ وَقْعًا: واقع ہونا، مَوْقِعُ واحِد گرنے کی جگہ، ج: مَوَاقِعُ، مَعَارِک جنگ، غزوات، میدانِ جنگ، رزم گاہ ج ہے۔ واحِد: مَعْرِک، مَعْرِکَةٌ مَعْرُکَةٌ. بُحُوْثٌ، اَبْحَاثٌ: تحقیقات ومباحث، تفتیش: واحِد بَحْثٌ۔ تَبَاثٌّ: راز کا اِنکشاف کرنا۔ تَبَاثٌّ: اَلْقَوْمُ الْأَسْرَارَ: باہم رازوں کا اظہارِ خیال وتبصرہ کرنا۔

ش ۸.

قَدْ لَقَّبَ بِالْأَنْصَارِ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ
هُمُ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ صَحْبُ الْبُعَاثِ

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اہل مدینہ کو ''انصار'' مددگار، کا لقب عطا کیا، انصار قبائل اَوس وخزرج کے لوگ تھے (جو قبل از قبولِ اِسلام باہم برسرِ پیکار رہا کرتے تھے، زمانہ جاہلیت میں اُن کے مابین ایک مشہور جنگ ''بُعاث'' لڑی گئی) جنگ ''بُعاث'' بھڑکانے والے لوگ یہی تھے۔

ش ۹.

لَایُـمَـانُ فَـرْدٍ أَحَـبُّ اِلَیْـهِ مِـنْ
جَـمِیْـعِ نِعَـمِ الْـکَـوْنِ وَسَـائِرِ الْأَثَـاثِ

ترجمہ: ایک شخص کا ایمان میں داخل ہو جانا، کائنات کی تمام نعمتوں سے، تمام ساز و سامان، اثاثہ جات سے حضورؐ کے نزدیک عزیز تر ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: کَوْنُ: ہستی، کائنات۔ سَائر: تمام۔ اَثَاث: گھریلو سامان، ج: اَثاثات
اَثَّثَ: اَلْبَیْتَ؛ اَوِ الدَّارَ؛ سامان سے مُزَیّن و آراستہ کرنا۔
نِعَمٌ: نعمتیں، واحِد نِعْمَةٌ.

ش ۱۰.

نِـعْـمَ التُّـراثُ سَهْـمُـهٗ وَفْقُ الشَّـرِیْـعَةِ
فَسَیِّـئُـهٗ خَصُّ الـذُّکُـوْرِ بِـالْـمِیْـراثِ

ترجمہ: بہترین وراثت وہ ہے جس کا حِصّہ شریعت مطہرہ کے مطابق ہو (مگر) بدترین وِراثت وہ ہے جس میں (خواتین کو محروم کر کے فقط) اولادِ نرینہ کو مخصوص کیا جائے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تُـرَاثٌ: مصدر، وراثت۔ سَهْمٌ: وِراثت کا حصہ ج: سِهَامٌ، اَسْهُمٌ.
نِـعْمَ: فعل از اَفعالِ مدح: ذُکُوْرٌ، ذُکْرَانٌ: نرینہ اَوْلاد واحِد: ذَکَرٌ.
مِیْرَاثٌ: مَیّت کا ترکہ ج مَوَارِیْثُ: ترکہ چھوڑنے والا مَوْرُوْثٌ. خَصَّ
یَخُصُّ خَصًّا: بِهٖ، اَوِ الرَّجُلَ: خاص کر دینا۔

ش ۱۱.

وَ قَـالَ لَهُـمْ وَحِّـدُوْا وَلَا تُشْـرِکُـوْا
أَقَـرُّوْا بِـفَـرْدِهٖ خِلَافَ الثَّلَاثِ

ترجمہ: آپؐ نے اُن مشرکین سے کہا، خُدا کو ایک مانو (اور اُس کے ساتھ) شریک نہ کرو؛ تثلیث، تین خداؤں (کے عقیدے) کو چھوڑ کر اللہ کے ایک ہونے کا اِقرار کرو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَشْرَکَ اِشْرَاکًا: بِاللّٰہِ: -اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا، یا شریک ماننا۔ وَحَّدَ تَوْحِیْدًا: اللّٰہَ: -اللہ تعالےٰ کو ایک ماننا، خُدائے واحد پر ایمان لے آنا۔ اِس طور پر کہ بِلا شرکت غیرو ہی معبود برحق ہے، وُہی ہر چیز کا خالِق و مالک ہے، اُس کے علاوہ ہر چیز کو فنا ہے۔ اَقَرَّ اِقْرَارًا: اِقرار کرنا، دل و جان سے تسلیم کرنا۔ فَرْدٌ: اکیلا، تنہا۔ ثَلَاث، ثَلَاثَۃٌ: تین، (تین خداؤں کا عقیدہ) ⟨**تَثْلِیْث**......Trinity⟩۔

ش ۱۲.

عَنِ الْمُوْبِقَاتِ السَّبْعِ حَذَّرَنَا، سِحْرُ
السَّوَاحِرِ احْدَاهَا وَنَفْثُ النَّفَّاثْ

ترجمہ: حضورؐ نے ہمیں سات ہلاک کرنے والے گُناہوں سے ڈرایا، اُن سات گناہوں میں سے ایک جادوگر عورتوں کی جادوگری اور گرہوں پر پُھونک مارنے والوں کی پھونک اور جادو منتر ہے (جو عصرِ حاضر میں عروج پر ہے، جاہلوں نے اِن کو اولیاء کا درجہ دے رکھا ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَذَّرَهُ، تَحْذِيْرًا: مُتنبّہ کرنا، خبردار کرنا، خوف دِلانا۔ اَلسَّبْعُ الْمُوْبِقَاتُ: سات ہلاک کرنے والے گُناہ، ۱۔شرک کرنا ۲۔سود کھانا ۳۔میدانِ جہاد سے فِرار ۴۔ پاکدامن عورتوں پر الزام تراشی ۵۔ یتیم کا مال کھانا ۶۔ناحق قتل کرنا ۷۔جادو کرنا۔

اَلسَّوَاحِرُ: جادوگر عورتیں: واحد اَلسَّاحِرَةُ. نَفَّثَ: اَلرَّجُلَ: آدمی کو پھونک مارنا۔ نَـفَّـاثٌ: (گرہوں) پر دم کرنے والا، پھونک مارنے والا، ج: نَفَّاثُوْنَ. نَفَّثَةٌ: پھونک مارنے والی، ج: نَفّٰثَات. كَمَا فِي التَّنْزِيْلِ: ﴿ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ﴾ (سورۃ الفلق، رقم:4)۔

ش ۱۳.

سَمِعْتُ اِمَا مُنَابْنُ ثَابِتٍ اِلٰى الصُّبْحِ
مَاكْتَحَلَ اَرْبَعِيْنَ عَامًا مِّنْ حَثَاثٍ

ترجمہ: میں نے ''علماءٗ'' سے سُنا ہے کہ ہمارے اِمام (ابوحنیفہؒ نعمان) بن ثابت چالیس سال تک بستر سے دور رَہے، (اپنی زندگی کا دوتہائی حصہ نیند کا سُرمہ نہیں لگایا، شام سے صُبح تک ذِکرِ الٰہی کا سُرمہ لگاتے رہے، ایسے لوگوں کی صفت میں ارشادِ ربانی ہے: '' تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ......'' ''اُن کے پہلو بستروں سے دور رہتے ہیں'' (سورۃ السجدۃ، رقم 16)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِكْتَحَلَ اِكْتِحَالًا: سُرمہ لگانا۔ مِنَ النَّوْمِ: نیند سے سُرمہ لگانا۔ مِنْ السُّهَادِ: بےخوابی کا سرمہ لگانا۔ حَثَاثٌ: ذرہ بھر نیند۔

ش ۱۴.

دِيْنُنَا اَعَزُّ كُلَّ مَرْأَةٍ حَتّٰى
وَالَّتِيْ قَضَتْ سَالِفَهَا كَخَبَاثٍ

ترجمہ: ہمارے دینِ اِسلام نے ہر عورت کو عزت عطا فرمائی، حتّٰی کہ اَیسی عورت کو بھی اسلام نے سربُلندی و سرفرازی عطا فرمائی، جس نے (قبل از دخولِ اِسلام) اپنی سابقہ زندگی خبیثہ کی طرح گزاردی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا: عزیز بنانا، محبّت کرنا؛ سَالِفٌ: گزشتہ زندگی، گزرا ہوا زمانہ ج: سَلَفٌ، سُلَّافٌ. خَبَاثِ، خَبِیْثَۃٌ سے معدول ہے: خبیثہ عورت، پھوہڑ۔

ش ۱۵.

بِغَیْرِ الزَّمَانِ وَ الْمَکَانِ وَالْأَلْوَانِ
شَدَّنَا إِلٰھُنَا بِحَبْلِہِ الْمَلَاثِ

ترجمہ: ہمارے معبودِ برحق، اللّٰہ تعالیٰ نے ہمیں بغیر زمان و مکان کی قید، نیز بغیر رنگ (و نسل) کی قید کے اپنے (دینِ اسلام کے) مرکز کی رسی سے مضبوطی سے (جوڑ) باندھ دیا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: شَدَّ شَدًّا (ن، ض) اَلشَّیْءَ: باندھنا، کَسنا۔ اِلٰہٌ: معبود، جمع: آلِھَۃٌ، حَبْلٌ: رسی، ڈوری، ج: حِبَالٌ. لَاثَ یَلُوْثُ لَوْثًا. بِفُلَانٍ: کسی کی پناہ لینا۔ مَلَاثٌ: مُحْوَر، مرکز، وہ شخصیت، وہ ذات جسکی پناہ لی جائے؛ (یعنی جہاں پناہ)۔

اَلْجِیْمُ

وَأَجْمَلُ مِنْ بَعْلِ خَدِیْجَۃَ لَمْ یُوْلَدْ — لَا مِنْ اَحَاسِنَ وَلَا مِنْ مِّبْھَاجِ
وَاَقْسَمَ رَبُّنَا بِحِلِّ نَبِیِّہٖ — تَبَرَّکَ بِنَعْلَیْہِ جَمِیْعُ الْأَبْرَاجِ
وَکَمْ آیَۃً أَرَاہُ رَبُّہٗ خَاصَّۃً — وَزَانَ بِہِ الْعَرْشَ لَیْلَۃَ الْمِعْرَاجِ

فَهَاجَرَ آسِفًا عَلٰى أَهْلِ الْحِجَازِ ... تَوَلَّجَ فِيْ مَكَّةَ ثُمَّ بِالْأَفْوَاجِ
وَفِيْ غَزْوَةٍ وُضِعَ سَهْمُهٗ فِيْ بِيْرٍ ... فَامُوَا هُهَا تَدَفَّقَتْ كَالْأَمْوَاجِ
فَلَمْ يَتَنَفَّسِ الصُّبْحُ مَالَمْ يَسْتَحِرْ ... بِلَالٌ وَّ كَانَ يُنَادِيْ بِلَجْلَاجِ
وَآثَرَ سَلْمَانُ الْهُدٰى عَلَى الضَّلَالَةِ ... فَنَمَّقَهٗ مِنْ بَيْتِهٖ بِالْمُعَاجِ
وَمَنْ عَاجَهٗ عَلٰى عُسْرٍ اَضْحٰى ذَا ... يَسَارٍ وَّ لَوْ آوٰى اِلَيْهِ بِاِلْفَاجِ
وَكَانَ يُدَاوِيْ صَحْبُهٗ بِنُخَامَتِهٖ ... وَكَانُوْا يُعَالِجُوْنَ اَيْضًا بِالْمُجَاجِ
وَأَدَّبَ اُمَّتَهٗ جَمِيْعَ الآدَابِ ... نَهَى الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ جُلُوسٍ فِي الْمَحَاجِ
وَ آتَاهُ ضِدَّ الْكَافِرِيْنَ اِلٰهُهٗ ... فَصْلَ الْخِطَابِ ثُمَّ تِبْيَانَ الْحِجَاجِ
فَالرُّسُلُ مَصَابِيْحُ اَضَاؤُوْا عُهُوْدَهُمْ ... لَا كِنَّكَ شَمْسُهُمْ مُضِيُّ الْمِنْهَاجِ

فَهُمْ وُزَرَاءُ لِمَلِيْكِ النُّبُوَّةِ
وَ اَنْتَ الْمَلِيْكُ فَتَحَلَّيْتَ بِالتَّاجِ

☆☆☆

ش ۱ .

وَأَجْمَلُ مِنْ بَعْلِ خَدِيْجَةَ لَمْ يُوْلَدْ
لَا مِنْ اَحَاسِنَ وَلَا مِنْ مِّبْهَاجِ

ترجمہ: حضرت خدیجہؓ کے شوہر نامدار سے بڑھ کر خوبصورت کوئی پیدا ہی نہیں ہوا، نہ ہی خوبرو مَردوں میں اور نہ ہی دیدہ زیب عورتوں میں آپؐ جیسا کوئی خوبصورت پیدا ہوا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَجْـمَـلُ: اِسمِ تفضیل: سب سے زیادہ خوبصورت۔ بَـعْـلٌ :شوہر، خاوند، ج: بُـعُـوْلٌ، بِـعَـالٌ بُـعُوْلَةٌ. وَلَدَتْ، تَلِدُلِدَةً، وِلادَةً. اُلْاُنْثٰی: مادہ کا بچہ جنم دینا۔ حَسُـنَ، حَسَـنَ (ک،ن) حَسْـنًـا: خوبصورت ہونا۔ حَسَـنُ سے اَحْسَنُ اسمِ تفضیل کا صیغہ ہے، اسکی جمع اَحَاسِنُ ہے: اَحَاسِنُ الْقَوْمِ: قوم کے خوبصورت لوگ۔ بَهُـجَ (ک) بَهَـاجَةً، بَهَـجَـانًا: خوبصورت ہونا۔ بَهِيْجٌ ، خوبصورت، مذکر۔ مِبْهَاجٌ: خوبرومؤنث۔

ش ۲.

وَاَقْسَـــمَ رَبُّـــنَـــا بِـحِـلِّ نَبِيِّـــهٖ
تَبَـــرَّكَ بِـنَـعْـلَيْـهِ جَـمِيْـعُ الْاَبْـرَاجِ

تـرجـمـہ: ہمارے پروردگار نے اپنے پیغمبرؐ کے گھومنے پھرنے کی قسم کھائی ہے، رسولُ اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (جب معراج پر تشریف لے گئے) تو تمام بُرجوں (آسمانوں) نے آپؐ کی نعلین مبارک کو (چھوکر) اُن سے برکت حاصل کی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حِـــلٌّ: مَصدر، حَلَالٌ: چلنے پھرنے والا؛ مکہ معظّمہ کے گردونواح کا علاقہ؛ مَناسِک حج سے فراغت کے بعد اِحرام سے نکلنے کا وقت۔ اَقْسَمَ بِاللّٰهِ: حلف اُٹھانا، قسم کھانا۔ نَعْلٌ: جوتا، کفش، پاپوش، تثنیہ۔ نَـعْلَانِ نعلین ج: نِعَالٌ اَنْـعـلٌ. بُـرْجٌ، واحِد: آسمان، مینار، ٹاور، فصِیْل؛ ج: اَبْـرَاجٌ، بُرُوْجٌ، بُرُجٌ، اَبْرِجَةٌ. قرآن مجید میں ہے: تَبَـارَكَ الَّـذِیْ جَـعَلَ فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا...... (سورۃ فرقان، رقم:61)

ش ۳.

وَكَـــمْ آيَةً أَراهُ رَبُّــــهُ خَـــاصَةً

وَزَانَ بِـــهِ الْـعَـرْشَ لَيْـلَةَ الْـمِعْـرَاجِ

ترجمہ: آپ کے ربِ کریم نے خاص کر آپؐ کی ذاتِ سُتو دہ صفات کو کتنی نشانیاں دِکھائیں، شبِ معراج میں آپؐ کو اپنے عرش پر بٹھا کر، آپ کے ذریعے ہی اپنے عرش کو زینت عطا فرمائی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرَاهُ يُرِيْه إِرَاءَ ةً، إِراءً : اَلشَّيْءَ: دِکھانا۔ زَانَهُ يَزِيْنُهُ: زینت دینا۔ زَانَ الشَّيْءَ بِهٖ: چیز کو اُن کے ذریعے، یا چیز کے ذریعے زینت دینا۔ آيَةٌ: نشانی، عبرت، علامت۔ ج: آيات، آي

ش ۴.

فَهَـاجَـرَ آسِـفًا عَـلٰى أَهْلِ الْـحِجَازِ

تَـوَلَّـجَ فِـــيْ مَـكَّةَ ثُـمَّ بِـالْأَفْـوَاجِ

ترجمہ: آپؐ نے اہلِ مکہ پر افسوس کرتے ہوئے (شکستہ دلی سے) ہجرت فرمائی، (مگر آسمان نے وہ دِن بھی دیکھا) پھر جبْ آپؐ (فاتحِانہ شان کے ساتھ) فوج ظفر موج کے ہمراہ مکہ میں داخل ہوئے

حَلُّ اللُّغَةِ: هَـاجَرَ مُهَاجَرَةً: مِنْ الْبَلَدِو عَنْهُ: کسی شہر سے ہجرت کرنا۔ اَسِفَ اَسَفًا (س) غمگین و پژمُردہ ہونا، صفت۔ آسِفٌ: غمگین، غم کرنے والا۔ تَـوَلَّـجَ تَـوَلُّـجًـا. فِيْـهِ: داخل ہونا: اَهْـلُ الْـحِـجَـاز: مکہ کے باسی، باشندے۔ اَفْوَاجٌ: لشکر، گروہ، سِپاہ: واحِد فوج۔

ش ۵.

وَفِــیْ غَــزْوَةٍ وُضِعَ سَـهْـمُـهٗ فِیْ بِـیْـرٍ
فَــامُــوَا هُـهَــا تَــدَفَّـقَــتْ کَــالْأَمْـوَاجِ

تــرجــمــه: ایک غزوہ کے موقع پر (خُشک شدہ) کنوئے میں آپ کا تیر رکھا گیا، (بس تیر رکھنے کی دیر تھی) اُس کا پانی ٹھاٹھیں مار کر زمین سے نکلنے لگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَهْمٌ: تیر ج: سِهَامٌ، اَسْهُمٌ. غَزْوَةٌ ج: غزواتٌ. وَضَعَ یَضَعُ وَضْـعًا: اَلشَّیْءَ: رکھنا۔ بِیْـرٌ، بِئْرٌ: کنواں ج: آبـارٌ، بِـآرٌ، اَبْـوُرٌ. مَاءٌ، مَاهٌ: پانی ج: مِیَـاهٌ، أَمْـوَاه تَـدَفَّـقَ الْمَاءُ: پانی کا گرنا۔ پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔ اَمْــوَاجٌ واحِــد: مَــوْجٌ، مدوجزر، تھپیڑے، شیُونہائے آب، جوار بھاٹے۔

ش ٦.

فَـلَـمْ یَتَـنَـفَّــسِ الـصُّـبْـحُ مَــالَـمْ یَسْـتَحِـرْ
بِلَالٌ وَّ کَـــانَ یُــنَـــادِیْ بِــلَـجْلَاجٍ

تــرجــمــه: جب تک حضرت بلالؓ نے آذانِ صبح نہ دی تو اس وقت تک صبح نمودار نہیں ہوئی (باوجودیکہ) آپؓ توتلی زبان کے ساتھ آذان دیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لَجْلَاجٌ: توتلا، ہکلا۔ اِسْتَحَرَ الدِّیْکُ اَوِ الْمُؤَذِّنُ: مرغ یا مؤذن کا آذان دینا۔ تَنَفَّسَ الصُّبْحُ: صبح کا سانس لینا، طلوعِ سحر ہونا، صبح روشن ہونا۔ قرآن مجید میں ہے: وَ الصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ. (آیت:18، سورۃ تکویر)

ش ۷.

وَآثَــرَ سَـلْـمَــانُ الْهُـدٰی عَـلَـی الضَّلَالَةِ
فَــنَــمَّــقَـــهٗ مِــنْ بَیْتِــهٖ بِــالْـمُـعَــاجِ

ترجمہ: حضرت سلمان فارسیؓ نے رُشد و ہدایت کو گُمراہی پر ترجیح دی، (اِس حق پسندی پر) حضورؐ نے اُنہیں اپنے اہلِ بَیتِ اَطہار میں شامل کیا، قیام گاہ، رہائش بھی عطا کی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: آثَرَہٗ إِیْثَارًا: فضیلت دینا، چُننا۔ آثَرَ الْإِطْعَامَ عَلَی الْخَصَاصَۃِ: خود بھوکا رہ کر دوسروں کو کھلانا۔ ھُــدًی: رُشد و ہدایت۔ ضَلَالَۃٌ: گمراہی، بے دینی۔ نَمَّقَہٗ تَنْمِیْقًا: لکھ دینا۔ عَاجَ یَعُوْجُ مُعَاجًا. بِالْمَکَانِ: مکان میں رہائش کرنا۔ مُعَاجُ: مصدر، ٹھہرنے کی جگہ، قیام گاہ۔ بَیْتٌ: گھر ج بُیُوْتٌ، بَیتٌ شِعر ج: اَبْیَاتٌ.

ش۸.

وَمَــنْ عَــاجَــہٗ عَـلٰی عُسْرٍ اَضْـحٰی ذَا
یَسَــارٍ وَّلَـوْ آوٰی اِلَــــیْـہِ بِـــإِلْـفَــاجِ

ترجمہ: جو شخص بھی حضورؐ کے پاس مُفلسی و تنگدستی کی حالت میں آیا، وہ مالدار، خوشحال، (اَمیر کبیر) ہوگیا، چہ جائیکہ اُس نے بے سروسامانی و تنگدستی میں آپؐ کے پاس پناہ لی تھی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: عَـاجَـہٗ عَـوْجًا مَعَاجًا: کسی کی طرف مائل ہونا، متوجہ ہونا، عَسِرَ عُسْراً (س) عَسُــرَ عُسْـرًا (ک): دُشوار ہونا، عَـلَـیْـہِ: بھاری و مشکل ہونا۔ عُسْرٌ: تنگدستی، تنگی، سختی۔ یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا: الْأَمْرُ: آسان ہونا، صفت۔ یَسِیْرٌ: آسان۔ یَسَارٌ: آسانی، تونگری، (یَسَارٌ: اُلٹا ہاتھ). ذُوْ یَسَارٍ: خوشحال، کھاتا پیتا، مالدار۔ اَلْـفَـجَ اِلْـفَـاجًا، اَلرَّجُلُ: مفلس و بے زر ہونا۔ اِلْفَاجٌ مصدر، مفلسی، بے سروسامانی، تنگدستی۔

ش ۹.

وَكَـانَ يُـدَاوِیُ صَـحْبُـهُ بِـنُـخَـامَتِـهٖ
وَكَـانُـوْا يُعَـالِجُوْنَ اَيْضًـا بِـالْـمُـجَاجِ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہ کرامؓ آپؐ کے آبِ بینی (رینٹ) کو بطورِ دوا اِستعمال کیا کرتے تھے، اِسی طرح حضورؐ کے آبِ دَہن سے بھی (اپنے بیماروں کا) عِلاج کیا کرتے تھے۔ (جیسا کہ حضرت قتادہؓ کی نکلی ہوئی آنکھ کا دوبارہ لگا دینا، حضرت علیؓ کا آشوبِ چشم دور ہونا، حضرت عبدؓاللہ بن عتیک کی ٹوٹی ہوئی پنڈلی کا ٹھیک ہو جانا، برکتِ آبِ دہن، کمالِ لُعابِ نبویؐ ہے۔

ش ۱۰.

وَأَدَّبَ اُمَّتَـــــهٗ جَـــمِيْـــعَ الْآدَابِ
نَهَـى الْـمُسْلِمِيْنَ عَنْ جُلُوسٍ فِى الْمَحَاجِ

ترجمہ: آپؐ نے اپنی اُمّت کو جمیع آدابِ (معاشرت) سِکھائے، مُسلمانوں کو راستوں کے بیچوں بیچ بیٹھنے سے منع فرمایا۔

حلُّ اللُّغةِ: اَدَّبَ تَـأْدِيْبًـا: مہذب و شائستہ بنانا، اَدب سکھانا۔ آدَابٌ: شائستہ اَخلاق، علوم و معارف، واحِد اَدَبٌ. نَهٰـى نَهْيًـا: عَنْ: سے منع کرنا۔ مَـحَاجٌ: واحِد مَحَجَّةٌ: راستے کا درمیان، بیچوں بیچ۔

ش ۱۱.

وَ آتَــاهُ ضِـدَّ الْـكَـافِـرِيْـنَ اِلٰـــهُـــهٗ
فَـصْـلَ الْـخِـطَـابِ ثُـمَّ تِبْيَـانَ الْحِجَاجِ

ترجمہ: آپؐ کے ربِّ کریم نے کفّار کے خِلاف آپؐ کو فیصلہ کُن قوّتِ خِطاب عطا فرمایا، نیز اُن کے خلاف اللہ تعالٰی نے آپؐ کو دلائل قاطعہ، براہینِ ساطعہ کے بیان و بلاغت سے نوازا، یعنی کُفّار کے خِلاف آپؐ کے دلائل مُنہ توڑ اور مسکت تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: فَصلُ الْخِطَاب: فیصلہ کُن خطاب، دَلائل مُسکِتہ۔ حُجَّةٌ: دلیل وبُرہان ج: حِجَاجٌ، حُجَجٌ

ش ۱۲.

فَالرُّسُلُ مَصَابِيحُ اَضَاؤُوْا عُهُوْدَهُمْ
لٰكِنَّكَ شَمْسُهُمْ مُضِيُّ الْمِنْهَاجِ

ترجمہ: ''دیگر تمام'' انبیاؑء ومرسلینؑ اپنے اپنے زمانے میں (ہدایت کے) ستارے تھے، انہوں نے اپنے دور میں خوب ہداہت کی روشنی پھیلائی مگر آپؐ اُن انبیاورُسل کے آفتاب ہیں جو صراطِ مستقیم کو روشن کرنے والے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْمِصْبَاحُ: چراغ، ج: مصابیحُ. اَضَاءَ اِضَاءَةً: روشن کرنا۔ مُضِيٌّ: روشن کرنے والا، ضوفشان، ضیاپاش۔ منهاج، منهج: کشادہ راستہ، ج: مناهج

ش ۱۳.

فَهُمْ وُزَرَاءُ لِمَلِيكِ النُّبُوَّةِ
وَ اَنْتَ الْمَلِيكُ فَتَحَلَّيْتَ بِالتَّاجِ

ترجمہ: پس وہ (اَنبیاء ومرسلین) شہنشاہِ نبوت کے وزراء ومصاحبین ہیں، شہنشاہ تو بس آپؐ ہی ہیں، (کیونکہ) آپؐ نے ہی شہنشاہِ نبوت کا تاج سر پہ سجا رکھا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وُزَرَاءُ: واحِد وَزِیرٌ. مَلِیکٌ: بادشاہ،شہنشاہ،والی۔ ج: مُلَکَاءُ.
تَحَلّٰی: آراستہ ہونا،زیورزیبِ تن کرنا۔ تَاجٌ: تَاجِ شاہی،کُلاہِ شہنشاہی،
مُلوکی ٹوپی۔

اَلْحَاءُ

نَبِیْلُ الضَّرِیْبَةِ وَذُوْالْوَجْهِ الصُّبَاحِ		كَثِیْرُ الرَّمَادِكَفُّهٗ عَیْنُ السَّمَاحِ
بَسِیْطُ الْیَدَیْنِ وَالْجَبِیْنِ كَمَا الصَّدْرِ		فَاِنْ شِئْتَ فَاقْرَءِ الضُّحٰی بِا لْاِنْشِرَاحِ
تُصَلِّیْ عَلٰی ضَرِیْعِهِ الْمَلَائِكُ هَمْسًا		غُدُوًّا بِغَیْرِ فَتْرَةٍ وَّكُلَّ رَوَاحِ
یَتُابُ عَلٰی كُلِّ مَنْ یَّصِلُ وَصِیْدَهٗ		وَلَوْقَدْ جَنٰی جِنَایَةً فَوْقَ جُنَاحِ
نَاْیُ عَاشِقِیْهِ كَالنُّوْنِ خَارِجَ الْمَاءِ		اَوْ اَشَدُّ مُوْلِمٍ لَّهُمْ مِنْ ذُبَاحِ
لَهُمْ قُرْبُهٗ كَالْحُوْتِ فِیْ قَعْرِالْمِیَاهِ		اَوْ كَرَفْعِ الطَّیْرِو خَفْضِهَا فِی الرِّیَاحِ
تَمَسَّكَ عَرْقُهٗ وَفَاحَتْ حَوَالَیْهِ		بَلْ عَرْقُنَا یُعَدُّ اَقْبَحُ الصُّمَاحِ
حَبَّذَا الرَّبَاحُ فِی الرِّیَاضِ سَتُسْقٰی		فَحُرِّمَ مُسْكِرٌ هُنَا وَ كُلُّ رَاحِ
فَوَفْقَ یَقِیْنِهٖ یَحُفُّهُ الْعَطْشٰی		فَمِنْ حَوْضِهٖ نَنْهَلُ حِیْنَ الْاُحَاحِ
رَآصَحْبُهُ الذِّآبَ هَارِبَةً حَتّٰی		الْفَلَاةُ تَخَلَّتْ عَنْ سِبَاعِ السِّرَاحِ
كَانَ صَحْبُهٗ یَسْتَمْطِرُوْنَ بِوَجْهِهٖ		فَیُمْطَرُ عَلَیْهِمْ مِنْ سَحَابٍ مِّلْحَاحِ
تَرْحِیْبُ رَسُوْلِنَا بِوَجْهٍ طَلِیْقٍ		وَتَوْدِیْعُهٗ كَانَ بِلَحْنٍ مُّلَاحِ
وَمِنْ قَوْلِهٖ الصَّوْمُ جُنَّةٌ فَاَفْطِرُوْ		هُ بِتَمْرَةٍ اِلَّا فَبِا الْمَاءِ الْقَرَاحِ
دَوَّنَ الْمُحَدِّثُوْن مِنْ اَقْوَالِهٖ		صَحَائِفَ تُعَدُّ كُلُّهَا مِنْ صِحَاحِ

أَعِدُّوْا سِلاحًا مَّا اسْتَطَعْتُمْ لِضِدِّكُمْ　　حَدِيْثًا خُذُوْهُ عِنْدَ مَوْتِ الصَّلاحِ

صَحْبُهٗ لِلْمُسْتَرْشِدِيْنَ مَنَايِرُ　　لَنَا كُلُّ وَاحِدٍ يُّضِيْءُ كَمِصْبَاحِ

طَائِرٌ يَّطِيْرُ بِالسِّرْبِ لَيْس مِنْهُنَّ

فَذَاكَ جَعْفَرُ بْنُ طَالِبٍ ذُوالْجَنَاحِ

☆☆☆

ش ۱.

نَبِيْلُ الضَّرِيْبَةِ وَذُوْالْوَجْهِ الصُّبَاحِ

كَثِيْرُ الرَّمَادِ كَفُّهٗ عَيْنُ السَّمَاحِ

ترجمہ: آپؐ شریف عادت (مبارکہ) والے، رُخ زیبا والے ہیں، بہت زیادہ سخاوت کرنے والے ہیں، (یوں معلوم ہوتا ہے) کہ آپؐ کی ہتھیلی چشمہ سخاوت ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَبِيْلٌ: شریف، ج: نِبَالٌ. ضَرِيْبَةٌ عادت، ج: ضَرَائِبُ. صُباحٌ: خوبصورت، ذوالْوَجْهِ الصُّبَاحِ: خوبصورت چہرے والے۔ رَمَادٌ: خاکستر، كَثِيْرُ الرَّمَادِ: كِنَايَةً: بڑی سخاوت والے کیلئے بولا جاتا ہے، سَمَاحٌ: جودوعطا، سخاوت وبخشش۔ عَيْنٌ چشمہ، گھاٹ ج: عُيُوْنٌ. عَيْنُ السَّمَاحِ: چشمۂ جودوعطا، كَفٌّ: ہتھیلی۔ ج: أَكُفٌّ، كُفُوْفٌ وغیرہ۔ وَجْهٌ: چہرہ، ج: وُجُوْهٌ، اَوْجُهٌ، اُجُوْهٌ.

ش ۲.

بَسِيْطُ الْيَدَيْنِ وَالْجَبِيْنِ كَمَا الصَّدْرِ

فَاِنْ شِئْتَ فَاقْرَءِ الضُّحٰى بِالْاِنْشِرَاحِ

ترجمہ: آپؐ (حددرجہ) سخی وفیاض ہیں، پھر کشادہ پیشانی والے، کُھلے چوڑے سینے والے ہیں، (اے قاری!) اگر آپ چاہیں تو سورۃ ''الضّحٰی'' اور سورۃ ''انشراح'' پڑھ کر (آپؐ کی شان معلوم کرلیں)، (کیونکہ اِن دونوں سورتوں میں آپؐ کے تذکرہِ رفعتِ ذِکر کے ہمراہ آپؐ کے رُخِ زیبا اور سینے کی کشادگی کا بیان بھی ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بَسِیْطٌ: کُشادہ۔صَدْرٌ: سینہ۔ج: صُدُوْرٌ. بَسِیْطُ الْیَدَیْنِ: سخی وفیاض، بَسِیْطُ الْوَجْہِ: کشادہ رُو. یَدٌ: ہاتھ،یَدَان، یَدَیْنِ: دوہاتھ، دونوں ہاتھ۔ ج: اَیْدِیْ. جمع الجمع: اَیَادِیْ مگر اِس کا استعمال اکثر نعمت پر ہوتا ہے۔

ش ۳.

تُصَلِّیْ عَلٰی ضَرِیْعِہِ الْمَلَائِکُ هَمْسًا
غُدُوًّا بِغَیْرِ فَتْرَةٍ وَّکُلَّ رَوَاحٍ

ترجمہ: آپؐ کے مزارِپُرانوار پر اللہ تعالٰے کے نوری فرشتے پست ودھیمی آواز میں درود وسلام کے نذرانے پیش کرتے ہیں، ہر صبح ہر شام بغیر کسی وقفے کے وہ آپؐ کے گنبدِ خضراء پر صلوۃ وسلام پڑھنے کیلئے حاضر ہوتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ضَرِیْعٌ: مزار۔مَلَکٌ فرشتہ ج: ملائِکہ مَلَائِکُ. هَمَسَ هَمْسًا (ض) الصَّوْتَ: آواز کو پست رکھنا، هَمْسٌ: مصدر، پست ودھیمی آواز، آہستہ قدم۔ یَطَأُ هَمْسًا: آہستگی سے چلتا ہے۔ یتکَلَّمُ هَمْسًا: آہستہ بولتا ہے۔ فَتْرَةٌ ج: فَتَرَاتٌ: وقفہ۔رَوَاحٌ: شام۔

ش ۴.

یَتُـابُ عَـلٰـی کُـلِّ مَـنْ یَّـصِـلُ وَصِـیْـدَہٗ
وَلَـوْقَـدْ جَـنٰـی جِـنَـایَۃً فَوْقَ جُنَـاحٖ

ترجمہ: جو شخص بھی حضورؐ کے درِاقدس پر، مزارِپُر انوار کی زیارت کیلئے حاضرِ ہوتا ہے اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ اگر چہ وہ تہہ بہ تہہ، دبیز گُناہوں کے ساتھ آپؐ کی چوکھٹ پر حاضر ہوا ہو۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: تَـابَ تَـوْبَۃً: اَلْعَبْدُ اِلَی اللّٰہ: گُنہ گار کا توبہ کرنا، تَـابَ الـلّٰہُ عَلَی الْعَبْدِ: اللہ کا بندہ کی توبہ قبول کرنا۔ وَصِیْدٌ: چوکھٹ، دہلیز، ج: وُصُدٌ۔ جَـنٰی جِنَایَۃً: گناہ کرنا، جُرم کرنا۔ جُـنَـاحٌ: گُناہ۔ فَـوْقَ جُـنَـاحٍ: گُناہ پر گُناہ کیئے جانا، یا دوسرے گُناہ کا پہلے سے بڑا ہونا، جِنَایَۃٌ: مصدر، گناہ، جَرِیمہ۔ ج: جِنَایَاتٌ

ش ۵.

نَـأْیُ عَـاشِـقِیْـہِ کَـالـنُّوْنِ خَـارِجَ الْـمَـاءِ
اَوْ اَشَـــدُّ مُـــؤْلِـــمٍ لَّھُــمْ مِـنْ ذُبَــاحٖ

ترجمہ: آپؐ سے دُوری عُشّاق پر ماہی بے آب کی طرح گراں گُزرتی ہے، یا یہ دوری اُن پر (وقتِ ذبح) مُرغ نیم بِسمِل کے دردِ حلقوم سے بڑھ کر دردناک و کربناک ہوتی ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: نَآہُ یَنْآہُ نَئْیًا: عَنْ فُلانٍ: کسی سے دور رہنا، صِفَّت (نَاءٍ) نأْیٌ: مصدر، دوری، بعد۔ عـاشِـقٌ ج: عُشَّـاقٌ. نُوْنٌ: مچھلی، ماہی ج: اَنْـوَانٌ. آلَمَـہٗ اِیْلَامًا: دکھ دینا، ذُبَاحٌ: دردِ حلق۔ عَاشِقِیْ، اَصْل میں۔ عَاشِقِیْنَ تھا۔ ن جمع کا اضافت کی وجہ سے گر گیا۔

ش ٦.

لَهُمْ قُربُهٗ کَالْحُوْتِ فِیْ قَعْرِ الْمِیَاهِ

اَوْ کَرَفْعِ الطَّیْرِ و خَفْضِھَا فِی الرِّیَاحِ

ترجمہ: آپؐ کا قُرب و جوار اُن (عشاق کیلئے) حقیقی زندگی ہے بالکل ایسے جیسے پانی مچھلی کیلئے زندگی ہے، یا وہ آپؐ کے قُرب وجَوار میں یُوں خوش رہتے ہیں، جیسا کہ پرندے ہوا میں اُڑان بھرنے، اٹھکیلیاں کرنے، اُوپر نیچے پرواز کرنے سے خوش رہتے ہیں (یعنی آپؐ کے قرب میں، عُشاق کے قُربِ الٰہی کی پرواز دِیدنی ہوتی ہے)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: قَرِبَ (س) قَرُبَ (ک) قُربَانًا قُرْبًا. اِلَیْہِ؛ بِہٖ؛ مِنْہُ: کے قریب ہونا۔ حِیْتَان: واحِد حُوْتٌ: مچھلیاں، ماہیاں۔ مَاہٌ، مَاءٌ پانی ج: مِیَاہٌ، اَمْوَاہٌ. طَیْرٌ، طُیُوْرٌ اَطْیَارٌ: پرندے، واحِد طَائِرٌ: رَفْعُ الطَّیْرِ وَ خَفْضِھَا: پرندے کا اُڑان بھرنا، پھر نیچے اُترنا، صُعود ونُزول، فضا میں پیرنا۔ رِیْحٌ ہوا، ج: رِیَاحٌ.

ش ٧.

تَمَسَّکَ عَرْقُہٗ وَفَاحَتْ حَوَالَیْہِ

بَلْ عَرْقُنَا یُعَدُّ اَقْبَحُ الصُّمَاحِ

ترجمہ: آپؐ کے پسینے سے مُشک وکستوری کی خوشبو پھیلتی تھی، آپ کا گردو پیش آپؐ کے معطّر پسینے سے مہک جایا کرتا تھا، جبکہ ہمارا پسینہ بدترین، بدبودار پسینہ ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَـمَسَّکَ الْأَمْرَ: مضبوطی سے اختیار کرنا، جیسے تمسک بالسنہ۔ تَـمَسَّکَ: الشَّـــیْءُ: کستوری ومشک بن جانا، معطّر ہونا، (مادہ مِسْکٌ) کستوری باب تفعُّل (صیرورت) جیسے تَـمَـوَّلَ الرَّجُلُ مالدار بن جانا، مادہ مال۔ فَـاحَ فَـوْحًـا: اَلْـمِسْکُ و الطِّیْبُ: کستوری یا عطر کا بھڑک اُٹھنا۔ عَـدَّعَدًّا (ن) شمار کرنا، گمان کرنا، قَبُـحَ قَبْحًا قَبَاحَةً (ک) براہونا، بدصورت ہونا۔ اَقْبَحُ اِسم تفضیل: بدترین، بدنُما۔ صُماحٌ: بدبودار پسینہ۔

ش ۸.

حَبَّــذَا الــرَّبَــاحُ فِی الرِّیَـاضِ سَتُسْقٰی
فَــحُــرِّمَ مُسْـکِــرٌ هُـنَــا وَ کُلُّ رَاحِ

تــرجــمــہ: کیا ہی خوب ہے وہ شراب جو باغاتِ جنّت میں پلائی جائیگی، (اِسی لیے) یہاں پر ہر نشہ آور چیز اور شراب کی تمام تر اقسام ہم پر حرام کی گئی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَبَّذَا: مرکب جملہ ہے (حَبَّ +ذا) ترکیب کے بعد یہ نیا معنی دیتا ہے یعنی: مدح وستائیش کیلیۓ، اچھا، پسندیدہ، محبوب ترین وغیرہ۔ نِـعْـمَ کی طرح یہ بھی فِعلِ مدح ہے۔ رَبَاحٌ: شراب، رَاحٌ: مصدر، شراب، خوشی۔

ش ۹.

فَـوَفْـقَ یَـقِیْـنِـهٖ یَـحُـفُّــهُ الْعَطْشٰـی
فَــمِــنْ حَـوْضِــهٖ نَـنْهَـلُ حِیْـنَ الْأُحَــاحِ

ترجمہ: حضورؐ کے یقین کے مطابق (روزِ حشر) پیاسے آپؐ کو گھیر لیں گے، (اِن شاءاللہ) ہم بھی پہلی بار آپؐ کے حوضِ (کوثر) سے اپنی پیاس بُجھائیں گے (کیونکہ آپؐ نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حوض ہوگا، وہ اپنے حوض پر پیاسوں کی کثرت کی بنا دوسرے انبیاء پر فخر کریں گے۔۔۔اُمید ہے میرے حوض پر پینے والوں کی سب سے بڑھکر کثرت ہوگی، ترمذی)

حَلُّ اللُّغَةِ: وَفْقٌ: مصدر: دو چیزوں کے درمیان موافقت ومطابقت، قدر۔ عَطِشَ عَطْشًا: (س) پیاسا ہونا، عَطْشَان: پیاسا ج: عَطْشٰی، عَطَاشٰی، عِطَاش، حَفَّ حَفًّا (ن) اَلنَّاسُ الرَّجُلَ: وبِہٖ: لوگوں کا شخص کو گھیر لینا، کے گرد جمع ہونا، کا احاطہ کرنا۔ نَهِلَ نَهْلًا: پہلی بار پینا۔ حِيْنٌ وقت ج: اَحْيَان. اُحَاحٌ: پیاس، مادہ (أحّ)۔

ش ۱۰.

رَآصَحْبُهُ الذِّآبَ هَارِبَةً حتّٰی
الْفَلَاةُ تَخَلَّتْ عَنْ سِبَاعِ السِّرَاحِ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہؓ کرام نے ایک جنگ کے پڑاؤ کے دوران، بھیڑیوں (شیروں) کو بھاگتے (جنگل خالی کرتے) دیکھ لیا، حتّٰی کہ سارا بیابان (آنِ واحد میں) بھیڑیئے جیسے درندوں سے خالی ہوگیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ذِآبٌ: بھیڑیئے، گُرگ، واحد ذِئْبٌ. هَرَبَ هَرَبًا (ن) هُرُوْبًا: بھاگنا۔ اَلْفَلَاةُ: وسیع بیابان، لق ودق صحراج: فَلًا، فَلًى، فَلَوَات وغیرہ۔ تَخَلّٰی: تنہائی کی زندگی بسر کرنا۔ تَخَلّٰی: مِنْهُ، عَنْهُ: چھوڑ دینا۔ تخلّٰی لَهٗ: کسی کیلئے فارغ ہونا، فرصت ہونا۔ سِبَاعٌ، اَسْبُعٌ: درندے، ج ہے۔ واحِد سَبْعٌ، سَبُعٌ، سَبَعٌ. سِرَاحٌ: بھیڑیئے، گُرگان۔ واحِد سِرْحَانٌ.

ش ۱۱.

كَـانَ صَـحْبُـهٗ يَسْتَـمْـطِرُوْنَ بِـوَجْـهِـهٖ
فَيُـمْـطَـرُ عَـلَيْـهِـمْ مِـنْ سَـحَـابٍ مِّلْحَـاحٖ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہؓ کرام آپؐ کے چہرۂ انور کے وسیلہ جلیلہ سے بارانِ رحمت کی دُعا کیا کرتے تھے، تو متواتر برسنے والے بادلوں سے اُسی وقت بارش برسنے لگ جایا کرتی تھی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَمْطَرَ: بارش کی دُعا کرنا، بارش طلب کرنا۔ مَطَر (ن) مَطْرًا: بارش برسنا، اَمْطَرَ: بارش برسانا۔ سَحَابٌ: بادل، اَبر، واحد: سَحَابَةٌ. سَحَابٌ مِلْحَاحٌ: لگاتار برسنے والا بادل، مادہ (لَحٌّ)۔

ش ۱۲.

تَـرْحِيْـبُ رَسُـوْلِـنَـا بِـوَجْـهٍ طَلِيْـقٍ
وَتَـوْدِيْـعُـهٗ كَـانَ بِـلَـحْـنٍ مُّلَاحٖ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ خندہ پیشانی و کُشادہ روئی سے لوگوں کو خوش آمدید کہا کرتے تھے، اِسی طرح خوبصورت آواز و انداز میں لوگوں کو رُخصت کیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَحَّبَ تَرْحِيْبًا: خوش آمدید، ''جی آیاں نوں'' کہنا۔ تَرْحَابٌ: خوش آمدید۔ رَحُبَ الْمَكَانُ: کشادہ ہونا، وَجْهٌ طَلِيْقٌ، طَلَقٌ: ہنس مُکھ، خندہ پیشانی، کُشادہ رُو۔ وَدَّعَ تَوْدِيْعًا: اَلْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: کو رخصت کرنا، لَحْنٌ: مصدر، مِنَ الْأَصْوَاتِ: آواز ج: اَلْحَانٌ، لُحُوْنٌ. مُلَاحٌ: خوبصورت۔ لَحْنٌ مُلَاحٌ. مرکب توصیفی، خوبصورت لہجہ وآواز۔

ش ۱۳.

وَمِنْ قَوْلِهٖ الصَّوْمُ جُنَّةٌ فَأَفْطِرُوْ
هُ بِتَمْرَةٍ إِلَّا فَبِالْمَاءِ الْقَرَاحِ

ترجمہ: آپ ؐ کا فرمانِ عالیشان ہے، ''روزہ ایک ڈھال ہے اِسے خُرما سے اِفطار کیا کرو۔ اگر کھجور دستیاب نہ ہوتو سادہ پانی سے روزہ اِفطار کیا کرو''۔

مُلاحظہ: جس طرح رِزم گاہ میں ہتھیاروں ڈھالوں سے بچاؤ کیا جاسکتا ہے اِسی طرح آتشِ دوزخ سے بچاؤ کا ذریعہ ''روزہ'' ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَوْمٌ: روزہ، ج: صِیَامٌ؛ جُنَّۃ ڈھال، سِپَرُ (پردہ) ج جُنَنٌ. تَمْرَةٌ: کھجور، خُرما ج: تِمَارٌ، تُمُوْرٌ، تَمَرَاتٌ وغیرہ۔ مَاءٌ، مَاهٌ پانی ج مِيَاهٌ اَمْوَاهٌ. قَرَاحٌ: خالص پانی، سادہ ملونی کے بغیر ج: اَقْرِحَةٌ.

ش ۱۴.

دَوَّنَ الْمُحَدِّثُوْن مِنْ أَقْوَالِهٖ
صَحَائِفَ تُعَدُّ كُلُّهَا مِنْ صِحَاحٍ

ترجمہ: محدثینِ کرامؒ نے حضورؐ (اور آپؐ کے صحابہؓ) کے اقوال پر مشتمل کُتبِ حدیث تالیف کیں، وہ ساری کی ساری کُتب عالمِ اِسلام میں صحیح مانی جاتی ہیں۔ (صحاحِ ستّہ)

حَلُّ اللُّغَةِ: دَوَّنَ: الدِّیْوَانَ: اَوِ الْکِتَابَ: ترتیب دینا، لکھنا جمع کرنا، اَلْمُحَدِّثُوْنَ: حدیث نبویؐ پڑھنے پڑھانے لکھنے والے آئمہ کرامؒ واحِد: اَلْمُحَدِّثُ۔ صَحَائِفُ، صُحُفٌ: کتابیں، رسالے واحِد: صَحِیْفَةٌ. عَدَّ عَدًّا: شمار کرنا، گِننا، گُمان کرنا۔ صِحَاحٌ: واحِد صَحِیْحٌ: تندرست، عیب سے بَری، مُنزَّہ وپاک۔

ش ۱۵.

أَعِدُّوْا سِلَاحًا مَّا اسْتَطَعْتُمْ لِضِدِّكُمْ
حَدِيْثًا خُذُوْهُ عِنْدَ مَوْتِ الصَّلَاحِ

ترجمہ: اپنے مخالف دشمن کُفّار کے خلاف جس قدر جدید ترین اسلحہ تیار کر سکتے ہو، ضرور کرو، ہتھیاروں کو اُس وقت اِستعمال میں لاؤ، جب خدا کی دھرتی پر اَمن و آشتی تاخت و تاراج ہو رہا ہو، (کیونکہ اَمن کا ذمہ دار و حقیقی وارث اِسلام ہی ہے)

حَلُّ اللُّغَةِ: اَعَدَّهُ لِلْأَمْرِ: تیار کرنا، حاضر کرنا۔ ضِدٌّ: مخالف، نقیض، متضاد۔ ج: اَضْدَادٌ. سِلَاحٌ ج: اَسْلِحَةٌ ، سُلُحٌ، سُلْحَان: ہتھیار۔
(صَلَاحٌ: اَمن وآشتی، سکون). اَخَذَ اَخْذًا: پکڑنا، لینا، اَخَذَ بِہٖ: پکڑلیا۔

ش ۱۶.

صَحْبُهُ لِلْمُسْتَرْشِدِيْنَ مَنَايِرُ
لَنَا كُلُّ وَاحِدٍ يُّضِيْءُ كَمِصْبَاحِ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہؓ کرام طالبان ہدایت کیلئے (ضیاپاشی کرنے والے) روشنی کے مینار ہیں، ہمارے لیے ہر ایک روشن سِتارے کی مانند رُشد و ہدایت کی روشنی بکھیر رہا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَضَاءَ اِضَاءَةً: روشنی بکھیرنا، روشن ہونا۔ مِصْبَاحٌ: چراغ، سِتارہ ج: مَصَابِيْحُ

ش ۱۷.

طَائِرٌ يَّطِيْرُ بِالسِّرْبِ لَيْس مِنْهُنَّ
فَذَاكَ جَعْفَرُ بْنُ طَالِبٍ ذُو الْجَنَاحِ

ترجمہ: (پیغمبرِ اسلام کی اُمّت میں) ایک ایسا پرندہ بھی ہے جو پرندوں کے ڈاروں کے ساتھ اُڑنے والا ہے (مگر حقیقتًا) وہ پرندوں کی جنس سے نہیں ہے۔ وہ سیدنا جعفرؓ بن ابی طالب ہیں، جنگِ مُوتہ میں اِسلام کی سربلندی کیلیئے پرچم اسلام کو سربُلند رکھتے ہوئے دونوں بازو قلم کروا کے شہادت پائی (اِس بنا پر حضورؐ نے اُنہیں طیّار یعنی اُڑنے والے کا خطاب دیا، وہ جنت میں ڈاروں کے ساتھ اُڑان بھریں گے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: طَائِرٌ: پرندہ، پنچھی ج: طَيْرٌ، طُيُوْرٌ، اَطْيَارٌ. سِرْبٌ: غول، ڈار۔ ج: اَسْرَابٌ. جَنَاحٌ: بازو، کنارہ، پہلو، پرندہ کے بال و پر؛ ریشہائے مُرغ۔ ج: اَجْنِحَةٌ: ذُو الْجَنَاح: بال و پر والا، بازوؤں والا۔

اَلْخَاءُ

هُوَ الْمُسْتَعَانُ فِیْ مَنَازِلِ النُّعُوْتِ	رَكِبَتْ خَوَاطِرِیْ بِغَيْرِ الرَّبِيْخِ
وَنَمَّقْتُ اَوْصَافَ حَبِيْبِ اِلٰهِنَا	لِيُغْفَرَلِیْ عَلٰی خَطَايَا الْفَصِيْخِ
فَمِيْلَادُهٗ نُمِّقَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ	رَبِيْعٌ بِثَانِیْ عَشَرَ فَذُّ التَّوَارِيْخِ
غَزَاصَحْبُهٗ بِضْعًا جِيَاعًا عَلٰی بِضْعِ	تُمُوْرٍ فَمَا ذَاقُوْا ذَوَاقَ الطَّبِيْخِ
وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ حَقَّ طَاعَتِهٖ	فَفِی الْعَدْنِ يُصْبِحُ بِالنَّبِیِّ الْمَدِيْخِ
وَرَبِّکَ مَنْ رَدَّ مَا اَتٰی بِهٖ رَسُوْ	لُنَا فَطَرِيْحٌ فِی اللَّظٰی مَعَ الصَّرِيْخِ
وَمَنْ مَاتَ لَمْ يُؤْمِنْ فَمَأْوَاهُ هَاوِيَه	كَالْقَصْرِ شِرَارُهَا بِغَيْرِ النَّفِيْخِ
تَقُوْمُ عَلٰی عِدَا نَبِيِّنَا الْقِيَامَةُ	تَطِيْرُ الْجِبَالُ كَالْعُهُوْنِ وَ السَّبِيْخِ
يَوَدُّ بَدِيْعُنَا وَدِيْدَ رَسُوْلِهٖ	وَيَكْرَهُ كَافِرًا وَّسَائِرَ الْجَمِيْخِ
وَ مَنْ ذَلَّ نَفْسَهٗ لِخَالِقِهٖ حَقًّا	فَذَلَّتْ لَهٗ وَحْشُ الْفَلَاةِ بِالْمُنِيْخِ

فَأَعۡدَائُهُ کَحَنۡظَلٍ فِی الۡعَدَاوَةِ　　مُحِبُّوۡهُ بَلۡ فِیۡ حُبِّهٖ کَالۡبِطِّیۡخِ

رَآرَبَّهٗ فَکَیۡفَ لَایَرَانَاهُنَا؟　　یَرَانَا وَ إِنۡ نَّکُنۡ فِیۡ رَبۡعٍ نَسِیۡخٍ

هُنَالِکَ یُمۡسِیۡ کُلُّ مُسۡلِمِیۡهِ کَالۡبَدۡرِ

وَلَوۡ کَانَ هٰهُنَا شَدِیۡدَ الۡمَسِیۡخِ

☆☆☆

ش ا .

هُوَ الۡمُسۡتَعَانُ فِیۡ مَنَازِلِ النُّعُوۡتِ

رَکِبۡتُ خَوَاطِرِیۡ بِغَیۡرِ الرَّبِیۡخِ

ترجمہ: نعتیں لکھنے کی منازِل میں بندہ، (ثناخوان) بغیر پالان کے اپنے خیالات (کی سواری) پر سوار ہوا، (یعنی بغیر کسی پیشگی تیاری کے نعت لکھنے بیٹھ گیا) (اگرچہ بندہ اِس جادۂ اُلفت واَدب کا رمز شناس نہیں) مگر اُس ذاتِ گرامی سے اِس نعت کی منزلوں میں (خصوصی رہنمائی و) مدد کا خواہاں ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسۡتَعَانَ اِسۡتِعَانَةً: مدد طلب کرنا، اَلۡمُسۡتَعَان: مددگار، جس سے مدد طلب کی جائے، قرآن مجید میں ہے: (......وَاللّٰهُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ سورۃ یوسف، آیت 18)۔ مَنَازِلُ: واحد مَنۡزِلٌ: اُترنے کی جگہ، مکان، چشمہ۔ اَلنُّعُوتُ: واحد اَلنَّعۡتُ: وَصف، مدح وستائش۔ رَکِبَ رُکُوۡبًا (س) مَرۡکَبًا، الدَّابَةَ، عَلَیۡهَا: سوار ہونا۔ خَطَرَ خُطُوۡرًا: (ن،ض) اَلۡأَمۡرُ لَهٗ: سُوجھنا، پیش آنا۔ خَاطِرٌ: اِسم فاعِل، وہ بات یا تدبیر جو دِل میں گزرے۔ مجازًا: دِل اور نفس پر بھی بولا جاتا ہے، خَاطِرٌ: ج خَوَاطِر. اَلرَّبِیۡخُ: بڑا پالان۔

ش ۲.

وَنَـمَّـقْــتُ اَوْصَــافَ حَبِيْـبِ اِلٰهِـنَـا
لِيُـغْـفَـرَلِـىْ عَـلٰى خَـطَايَـا الْـفَـصِيْـخِ

ترجمہ: بندہ نے اپنے حبیبِ الٰہی کے اوصاف وکمالات لکھنے کا شرف پایا، تاکہ اِس عاجز کی کمزور عقل (کی وجہ سے کی گئی) خطاؤں سے درگزر کیا جائے (یعنی ثناخوانیِ حبیبِ کبریا، اِس گنہگار کے گناہوں کا کفارہ بنے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَـمَّـقَ تَـنْـمِيْقًـا: اَلْكِتَـابَ: لکھنا۔اَوْصَـاف تعریف وتوصیف: واحِد وَصْفٌ. غَـفَـرَ غَـفْرًا مَغْفِرَةً (ض) اَلْمُذْنِبَ: بخشنا۔لَـهُ الذَّنْبَ: گناہ معاف کرنا۔ خَطَايا: واحِد خَطِيَّةٌ: گناہ ذنوب۔ اَلْفَصِيْخ: کمزور عقل۔

ش ۳.

فَــمِيْلَادُهٗ نُـــمِّــقَ يَـوْمَ الْـــاِثْـــنَيْـنِ
رَبِيْـعٌ بِثَـانِـــىْ عَشَـــرَ فَـذُّ التَّـوَارِيْـخِ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ کی دُنیا میں تشریف آوری بروزِ پیر ماہ ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کولکھ دی گئی، یہ تاریخ تمام تاریخوں میں ایک منفرد ومُمتاز تاریخ ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَـمَّـقَ تَـنْـمِيْقًا: لکھنا۔مِيْلَادٌ: جائے وِلادت،وقتِ وِلادت۔ فَذٌّ: منفرد وممتاز ج: فُذُوْذٌ، اَفْذَاذٌ. التَّوَارِيْخُ واحِد اَلتَّارِيْخُ.

ش ۴.

غَـزَاصَـحْبُـهٗ بِـضْـعًـا جِيَـاعًـا عَلٰى بِضْعِ
تُــمُــوْرٍ فَـمَـــا ذَاقُــوْا ذَوَاقَ الــطَّبِيْـخِ

ترجمہ: حضورؐ کے صحابہؓ کرام نے کئی جنگیں حالتِ گُرسنگی میں فاقوں سے لڑیں، فقط چند کھجوریں کھا کر؛ اُنہوں نے آگ سے پکا ہوا کھانا چکھا بھی نہ تھا (دُنیا انکی ہمّت وجُرأت پر حیران رہ گئی)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَزَا غَزْوًا: اَلْجُنْدَ: لشکر سے لڑنا، جنگ کرنا۔ بِضْعٌ: چند۔ جِیَاعٌ: بھوکے واحِد: جائِعٌ: جَاعَ جُوْعًا (ن) مَجَاعَةً: بھوکا ہونا۔ تَمْرَةٌ: کھجور ج: تِمَارٌ، تُمُوْرٌ، تَمَرَاتٌ. ذَاقَ ذَوْقًا، ذَوَاقًا، مَذَاقًا: اَلشَّیْءَ: چکھنا۔ ذَوَاقٌ مصدر، کھانا، ذائقہ۔ طَبَخَ طَبْخًا (ن،ف) اَلشَّیْءَ، اَللَّحْمَ: پکانا۔ اَلطَّبِیْخُ: پکی ہوئی چیز۔

ش ۵.

وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ حَقَّ طَاعَتِهٖ

فَفِی الْعَدْنِ یُصْبِحُ بِالنَّبِیِّ الْمَدِیْخِ

ترجمہ: جو شخص حقیقی معنوں میں رسول اللہ صلَّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اِطاعت کریگا، تو وہ نبی مکرم و مُحتشم کے ساتھ جنّت میں داخل ہو جائیگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَطَاعَهُ اِطَاعَةً: پیروی کرنا۔ اَصْبَحَ اِصْبَاحًا: صبح کرنا، صبح کے وقت میں داخل ہونا، یا بطور فعل ناقِص یعنی کَانَ؛ ہونا۔ اَلْمَدِیْخُ: معزز و معظّم، محترم و محتشم۔ عَدَنَ عَدْنًا (ن،ض) بِالْمَکَانِ: سکونت ورہائش اِختیار کرنا۔ رِیَاضُ الْعَدْنِ: وہ باغات جن میں رہائشی محلات بھی ہوں، جَنَّةُ الْعَدْنِ جنت کا نام ہے۔

ش ٦.

وَرَبِّکَ مَنْ رَدَّ مَا اَتٰی بِهٖ رَسُوْ

لُنَا فَطَرِیْحٌ فِی اللَّظٰی مَعَ الصَّرِیْخِ

ترجمہ: آپؐ کے پروردگار کی قسم! جس شخص نے بھی اِس دین کو جُھٹلایا جو ہمارے پیغمبرؐ لائے ہیں تو وہ اپنے ہمنواؤں اور حامیوں کے ساتھ جہنم میں پھینکا جائیگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَدَّهُ رَدًّا (ن) مَرَدًّا: رد کرنا، قبول نہ کرنا، واپس کرنا۔ طَرَحَ طَرْحًا (ف) اَلشَّیْءَ پھینکنا۔ طَرِیْحٌ: پھینکی ہوئی چیز ج: طَرْحٰی. لَظٰی جہنم کی ایک وادی کا نام ہے۔ صَرَخَ (ن) صُرَاخًا، صَرِیْخًا: فریاد کرنا، چیخنا چلانا۔ صَرِیْخٌ: اِمدادی، فریادرس ج: صُرَخَاءُ.

ش۷.

وَمَنْ مَاتَ لَمْ یُؤْمِنْ فَمَأْوَاهُ هَاوِیَه
کَالْقَصْرِ شِرَارُهَا بِغَیْرِ النَّفِیْخ

ترجمہ: جو شخص ایمان لائے بغیر (حالتِ کفر میں) فوت ہوا، اُسکا ٹھکانہ جہنم ہے۔ وہ دوزخ جس کے شُعلے پھونکنے والے کے بغیر اُونچے محل کی طرح ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: آمَنَ اِیْمَانًا: بِهٖ: تصدیق کرنا، اِعتماد کرنا، مطیع وتابعدار ہونا۔ شِرارٌ: واحِد شَرَرَةٌ، شِرَارَةٌ: شعلے، لپٹ، اُڑنے والی چنگاریاں۔ قَصْرٌ ج: قُصُوْرٌ محلات، محل۔ نَفَخَ نَفْخًا: منہ سے پھونک مارنا۔ نَفِیْخٌ: آگ پھونکنے والا۔ لَظٰی: جہنم کا نام (کَلَّآ اِنَّهَا لَظٰی) سورۃ معارج، آیت 15)

ش۸.

تَقُوْمُ عَلٰی عِدَا نَبِیِّنَا الْقِیَامَةُ
تَطِیْرُ الْجِبَالُ کَالْعُهُوْنِ وَ السَّبِیْخ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ کے دشمنوں پر قیامت قائم ہوگی، اُس دِن پہاڑ رُوئی کے پھایوں اور گالوں کی طرح اُڑتے پھرتے ہوں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عِدَا: دشمن۔ طَارَ طَیْرًا طَیَرَانًا: اُڑنا۔جِبَالٌ واحد: جَبَلٌ پہاڑ۔ عُهُوْنٌ: دھُنکی ہوئی،اُون۔ اَلسَّبِیْخُ: روئی کا گالا، پھایا، یا بکھرے ہوئے بال وپر، ریزے۔

ش ۹.

یَوَدُّ بَدِیْعُنَا وَدِیْدَ رَسُوْلِهٖ
وَیَكْرَهُ كَافِرًا وَّسَائِرَ الْجَمِیْخ

ترجمہ: ہمیں بغیر نمونے کے بنانے والا (ہمارا ربّ) اپنے رسولؐ کے مُحبّین سے محبّت کرتا ہے، وہ ہر کافر اور ہر متکبّر کو ناپسند کرتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَدَّهٗ وَدًّا: محبت کرنا۔ بَدِیْعٌ: بغیر نمونے کے پہلی بار بنانے والا۔ اِسم الٰہی جَلَّ شانُہٗ۔ وَدِیْدٌ: اسم جمع: محبت کرنے والے؛ كَرِهَ كَرْهًا: ناپسند کرنا، ناگوار ہونا۔اَلْجَمِیْخُ: واحد اَلْجَامِخُ: متکبرین، اِترانے والے۔ جَمَخَ جَمْخًا: اِترانا۔

ش ۱۰.

وَمَنْ ذَلَّ نَفْسَهٗ لِخَالِقِهٖ حَقًّا
فَذَلَّتْ لَهٗ وَحْشُ الْفَلَاةِ بِالْمُنِیْخ

ترجمہ: جوکوئی حقیقی طور پر اپنے پروردگار کا فرمانبردار بن جائے، بشمول جنگل کے بادشاہ کے تمام درندے اُسکے تابع فرمان بن جاتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ذَلَّ (ض) ذُلًّا، ذِلَّةً: ذلیل وخوار ہونا۔ذَلَّ وَ تَذَلَّلَ؛لَهٗ: کے سامنے فروتنی کرنا،فرمانبرداری کرنا۔ وَحْشٌ ج: وُحُوْشٌ: درندے۔اَلْفَلَاةُ: وسیع بیابان ج: فَلًی، فَلَوات وغیرہ۔اَلْمُنِیْخُ: شیر،جنگل کا بادشاہ، اَسَدُ الْغَابَةِ. مادہ(نوخ)

ش ۱۱.

فَــأَعْـدَائُــهٗ کَـحَـنْـظَـلٍ فِـى الْـــعَدَاوَةِ
مُــحِبُّــوْهُ بَـلْ فِــىْ حُبِّـــهٖ کَـالْبِطِّيْـخِ

تــرجــمــه: آپؐ کے دشمن جوروستم، دشمنی کرنے میں اِندرائن کی تلخی کی مانند کڑوے ہیں، جبکہ آپؐ کے عُشّاق آپؐ کے ساتھ محبّت کرنے میں تربوز کے مٹھاس کی طرح شیریں ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَـدَا عَـدْوًا، عَـدُوًّا، عُدْوَانًا: عَلَيْه: ظلم کرنا، چڑھائی کرنا۔ اَلْعَدَاوَةُ: دشمنی، دوری۔ اَعْدَاءٌ: دشمن، مخالف، واحِد: عَدُوٌّ. حَنْظَلٌ: اِندرائن، تُمّہ۔ حَبَّهٗ حُبًّا: محبت کرنا۔ اَلشَّیْءَ و فِيْهِ: رغبت کرنا۔ حُبٌّ: مصدر، رغبت محبّت۔ بِطِّيْخٌ: ہندوانہ، تربوز، واحِد بِطِّيْخَةٌ.

ش ۱۲.

رَآرَبَّـــهٗ فَــكَيْفَ لَايَـرَانَـــاهُـنَـــا؟
يَـــرَانَــا وَ اِنْ نَّــكُــنْ فِــىْ رَبْعٍ نَسِيْخٍ

تــرجــمــه: آپؐ نے اپنے پروردگار کو (جو مجمع الغیوب ہے) اپنی ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھا، تو آپؐ ہمیں یہاں پر کیسے دیکھ نہیں سکتے، (جی ہاں) وہ ہمیں دیکھ رہے ہیں اگرچہ ہم دوراُفتادہ گھر میں کیوں نہ ہوں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَآیَرٰی، رُؤْيَةً: ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھنا۔ کَـانَ يَـكُوْنُ كَوْنًا: ہونا، رَبْعٌ: گھر، منزل۔ نَسِيْخٌ: دوراُفتادہ، دوردراز کا۔

ش ۱۳.

هُـنَـالِکَ يُـمْسِىْ كُـلُّ مُسْـلِمِيْهِ كَالْبُدْرِ
وَلَـوْ كَـــانَ هٰهُـنَـــا شَـدِيْدَ الْـمَسِيْخِ

ترجمہ: آپؐ کے تمام مُطیع وفرمانبردار وہاں پر (جنّت میں) مانند ماہتاب ہونگے، اگرچہ وہ یہاں پر (بظاہر) کتنے ہی بدصُورت کیوں نہ ہوں (کیونکہ ظاہری حُسن وجمال ایمان کی علامت نہیں، ایمان تو باطنی حُسن وکمال کا نام ہے، اگر یہاں پر کوئی مُسلم سَیدنا بلالؓ کی مانند رنگ کا کالا کیوں نہ ہو مگر ایمان کا اُجالا اُن کے ظاہر وباطن کو دوبالا کرکے اُن کو بلند وبالا مَقام پر پہنچا دیتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَة: مُسْلِمِیْنَ کا ''ن'' اضافت کی وجہ سے گرگیا؛ مُسْلِمِی: بن گیا۔ اَمْسٰی اِمْسَاءً: شام کرنا، شام کے وقت میں داخل ہونا، بطورفعلِ ناقص اکثر استعمال ہوتا ہے۔ یُمْسِیْ بمعنی یَکُوْنُ ہے اِس مقام پر۔ بَدْرٌ: ماہِ کامل چودھویں کا چاند، طَبَق ج: بُدُوْرٌ. ھٰھُنَا: اسمِ اشارہ مکان قریب کیلئے بمعنی یہاں ھُنَالِکَ وہاں۔ مَسِیْخٌ: بدشکل، بدصورت۔ شَدِیْدُ الْمَسِیْخِ: بہت بدشکل، بدصورت۔

...... أَلدَّالُ ......

وَلَقَّبَهٗ بِعَبْدِهٖ مِنْ عِبَادٖ — فَخَصَّصَهٗ بِحُبِّهٖ وَ الْوِدَادٖ

لَکَ الْحَمْدُ رَبَّنَا فَإِنَّکَ جَعَلْتَنَا — مِنْ أُمَّتِهِ الْخَیْرِ مُحِبِّی الْجِهَادٖ

أَتَانَا هُدَاکَ رَبَّنَا بَعْدَ فَتْرَةٍ — فَأَرْشَدَنَا إِلٰی سَبِیْلِ الرَّشَادٖ

یُحِلُّ رَسُوْلِیْ وَ یُحَرِّمُ بِإِذْنِهٖ — مِنْ غَوَایَةٍ اَخْرَجَنَا إِلَی السَّدَادٖ

وَقَدْ کَانَ یَلْزَمُ بِدَعْوَةِ الْإِیْحَادٖ — إِلٰهِیْ وَحِیْدٌ إِنَّهٗ بِالْمِرْصَادٖ

وَکُنَّا اَضَلَّ الْخَلْقِ قَبْلُ حَتّٰی کَأَ — نَّمَا کُلُّ واحِدٍ کَنَا فِخِ الرَّمَادٖ

بَلٰی سَائِرُ الْوَرٰی عَرِیْفٌ بِهٖ حَتّٰی — الْجَمَادُ شَهِیْدٌ فِیْ کُفُوْفِ النُّقَّادٖ

حَمَادِلَهٗ مَنْ جَعَلَنَا خَیْرَ اُمَّةٍ — وَمَوْلِدَهٗ مَکَّةَ اُمَّ الْبِلَادٖ

فَمَیَّزْتَ مَکَّةَ بِمَوْلِدِ النَّبِیِّ — وَ یَثْرِبَ قَبْلَ مَبْعَثِهٖ لِلرُّقَادٖ

وَلَقَّبَ صَحْبَهٗ جُمُوْعًا بِقَوْلِهٖ ۔۔۔ فَكُلُّ تَبِيْعِهٖ كَالنَّجْمِ الْوَقَّادِ

مَا أَشْبَهَ جِسْمَهٗ اَبَاهُ إِبْرَاهِيْمَ ۔۔۔ وَالْحَسَنُ اَدْنٰى مِنْ شَبِيْهِكَ لِأَجْلَادِ

وَرِثَ الْحُسَيْنُ عَنْكَ صَبْرًا وَّشُجَاعَةً ۔۔۔ بِكَرْبَلَ غَزَا فَرْدًا بِسَيْفٍ جَمَّادِ

رَبِيْعُ الرَّبِيْعِ جَائَنَا قَبْلَ نِصْفِهٖ ۔۔۔ كَأَنَّ نَادَانَا نِدَاءُ الْمُنَادِىْ

أَنْ تَحْفِلُوْا لِذِكْرِهٖ اٰيَةَ حَفْلَةٍ ۔۔۔ فِى الثَّانِىْ عَشَرَ لِصَاحِبِ الْمِيْلَادِ

فَوَيْلٌ لِّذِىْ لُبٍّ مَّنْ لَّمْ بِهٖ يُؤْمِنْ ۔۔۔ وَشَمَّرَ خِلَافَ دِيْنِهٖ كَذِى الْعِنَادِ

اَمَاذَاكَ كَالْاَنْعَامِ لَا لٰكِنْ اَضَلُّهَا؟

وَاَيْضًا اَضَلُّ مِنْ صَفْوَانٍ جَمَادِ

☆☆☆

ش ۱.

وَلَقَّبَهٗ بِعَبْدِهٖ مِنْ عِبَادِ

فَخَصَّصَهٗ بِحُبِّهٖ وَ الْوِدَادِ

ترجمہ: پروردگار نے آپؐ کو تمام مخلوق میں سے ﴿عَبْدُهٗ﴾ کا لقب عطا فرمایا؛ آپؐ کو اپنی محبّت ومَوَدّت کیلئے مُمیَّز و مختص کر دیا۔

؎ عبد دیگر عبدہٗ چیز دِگر ۔۔۔ او سراپا انتظار وایں مُنتظر (اقبالؒ)

حَلُّ اللُّغَةِ: لَقَّبَهٗ: بِهٖ؛ لقب عطا کرنا۔ حَبَّهٗ حُبًّا (ض) محبّت کرنا، رغبت رکھنا۔

حُبٌّ: مصدر، رغبت پیار ومحبّت۔ عِبَادٌ: واحد عَبْدٌ: بندہ، غُلام۔

خَصَّصَهٗ: بِالشَّيْءِ: کسی کو کسی چیز کیلئے خاص کر دینا۔ وَدَّهٗ، وَدًّا، وُدًّا، وِدَادًا: محبت وخواہش کرنا۔ وِدَادٌ: مصدر، محبّت و پیار، خواہش۔

ش ۲.

لَکَ الْحَمْدُ رَبَّنَا فَإِنَّکَ جَعَلْتَنَا
مِنْ أُمَّتِهِ الْخَیْرِ مُحِبِّی الْجِهَادِ

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمہ تعریفیں، مدح وستائش فقط تیری ذات کوشایاں ہیں کہ تُو نے ہمیں حضورؐ کی بہترین اُمّت سے بنا دیا، ایسی اُمّت جو جہاد سے محبّت کرنے والی اُمّت ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْحَمْدُ: تمام تعریفیں۔ جَعَلَ (ف) جَعْلًا: بنادینا، پیدا کرنا۔ اُمَّةٌ ج: اُمَمٌ: طریقہ، قوم، جماعت، لوگوں کا گروہ۔ مُحِبِّیْنَ کا (ن) اعرابی اِضافت کی وجہ سے گر گیا۔ تو مُحِبِّیْ رہ گیا۔ جَاهَدَ جِهَادًا پوری قوت صرف کردینا۔ اَلْجِهَادُ: مصدر، حفاظتِ دین، اِعلاءِ کلمۃ اللہ کیلئے جنگ۔

ش ۳.

أَتَانَا هُدَاکَ رَبَّنَا بَعْدَ فَتْرَةٍ
فَأَرْشَدَنَا إِلٰی سَبِیْلِ الرَّشَادِ

ترجمہ: اَے ہمارے پروردگار! تیری ہدایت ہمارے پاس بڑے وقفے کے بعد آئی، تیری ہدایت نے ہمیں سیدھا رستہ دِکھا دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: هُدًی: راہنمائی، ہدایت، فَتْرَةٌ: وقفہ، فاصلہ، مُدَّت۔

ج: فَتَرَاتٌ. اَرْشَدَنَا: إِلٰی کَذا: ہدایت کرنا۔ رَشَدَ رُشْدًا رَشَادًا (ن) ہدایت پانا، صحیح سمت پر چلنا۔ رَشَادٌ: مصدر، ہدایت، راہِ راست، راہنمائی۔

ش ۴.

یُـحِـلُّ رَسُـوْلِـیْ وَ یُحَـرِّمُ بِـإِذْنِـہٖ
مِـنْ غَـوَایَةٍ اَخْـرَجَـنَـا إِلَـی السَّـدَادِ

تـرجـمـہ: میرا رسولؐ اپنے رَبّ کے حکم کے مطابق حلال چیزوں کو حلال (جبکہ) حرام چیزوں کو حرام قرار دیتے ہیں؛ آپؐ نے ہمیں گمراہی سے نکال کر سیدھی راہ دِکھائی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَحَلَّ اِحْلاَلًا: اَلشَّیْءَ: حلال قرار دینا، حَـرَّم تَـحْرِیْمًا: اَلشَّیْءَ: حرام قرار دینا۔ اِذْنٌ اجازت، رخصت۔ اَخْـرَجَـهٗ: مِـنْـهُ سے نکالنا۔ غَوَایَةٌ: مصدر، گمراہی، ضلالت۔ سَـدَّ سَـدَدًا (س،ض) سَـدَادًا: دُرست ہونا، سَدَادٌ: مصدر، ہدایت، درستی۔

ش ۵.

وَقَـدْ کَـانَ یَلْـزَمُ بِـدَعْـوَةِ الْـإِیْحَادِ
اِلٰهِـیْ وَحِیْـدٌ إِنَّـهٗ بِـالْـمِـرْصَـادِ

تـرجـمـہ: آپؐ نے وحدانیت کی تبلیغ و پرچار کو اپنی ذات پر لازم قرار دیا، (لوگوں کو اپنے معبودِ برحق کا تعارف کرایا) میرا معبود وحدہٗ لاشریک ہے، بلاشبہ وہ تمہاری تاک میں ہے (یعنی تم اُس سے ہرگز چھپ نہیں سکتے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لَـزِمَ (س) یَلْـزَمُ لُزُوْمًـا: جُدا نہ ہونا، وابستہ رہنا۔ دَعْـوَةٌ مصدر، پُکار۔ أَوْحَدَهٗ إِیْـحَادًا: یکتا جاننا، ایک ماننا۔ وَحِیْدٌ اکیلا؛ مِـرْصَـادٌ: گھات، راستہ۔

ش٦.

وَكُنَّا اَضَلَّ الْخَلْقِ قَبْلُ حَتّٰی كَاَ

نَّمَا كُلُّ واحِدٍ كَنَا فِخِ الرَّمَادِ

ترجمہ: آپؐ کی بعثت سے قبل ہم خلقِ خدا میں سب سے زیادہ گمراہ تھے، حتی کہ ہمارا ہر ایک فرد خاکستر کو پھونک مارنے والے کے مُترادف تھا، یعنی بے فائدہ کام کرنے والا تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ضَلَّ (س، ض) ضَلَالَةً ضَلَالًا: گمراہ ہونا، راہِ حق، دین سے بھٹک جانا۔ اَضَلُّ: اسم تفضیل، سب سے بڑھ کر گمراہ، اَضَلُّ الْخَلْقِ: مخلوق میں سب سے زیادہ بھٹکا ہوا۔ نَفَخَ نَفْخًا (ن) اَلشَّیْءَ: اَلنَّارَ: پھونک مارنا۔ رَمَادٌ: خاکستر ج: اَرْمِدَةٌ: نَافِخُ الرَّمَادِ: خاکستر کو پھونک مارنے والا، بے فائدہ کام کرنے والا۔

ش٧.

بَلٰی سَائِرُ الْوَرٰی عَرِیْفٌ بِہٖ حَتّٰی

الْجَمَادُ شَهِیْدٌ فِیْ كُفُوْفِ النَّقَّادِ

ترجمہ: جی ہاں! ساری کائنات آپؐ کو خُوب جانتی پہچانتی ہے، (یعنی آپؐ کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں) حتی کہ بے جان پتھر تنقید کرنے والے (ابوجہل) کی مٹھیوں میں آپؐ کے رسالت کی گواہی دے رہے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَـرَف، عِـرْفَةً، عِـرْفَـانًـا، مَـعْرِفَةً: الشَّـیْءَ: پہچاننا، جاننا۔ عَـرِیْفٌ: جاننے والا، عالم۔ اَلْـکَوْنُ: کائنات، عالمِ وجود وہستی۔ جَـمَـادٌ: بے جان پتھر، خشک۔ اَرْضٌ جَمَادٌ: جسمیں بارش نہ ہوئی ہو۔ نَاقَةٌ جَمَادٌ: سُست رفتار، یا وہ اونٹنی جس سے دودھ نہ رستا ہو۔ شَهِـدَ: (س) شَهُـدَ (ک) شَهَادَةً: عِنْدَالْقَاضِیْ:

گواہی دینا۔ شَهِیْـدٌ، شَـاهِدٌ: گواہ، حاضر۔ کُـفُوْفٌ: ہتھیلیاں، واحِد کَفٌّ. نَقَّادٌ: پرکھنے والا، تنقید کرنے والا۔

ش۸.

حَـمَـادِلَّـهُ مَـنْ جَـعَلَـنَـا خَیْـرَ اُمَّةٍ
وَمَـوْلِـدَهُ مَـکَّةَ اُمَّ الْبِلَادِ

تـرجـمـہ: تمام تعریفیں اُس ذات کیلئے ہیں جس نے ہمیں بہترین اُمّت بنایا، اور آپ ﷺ کے مقامِ ولادت ''مکہ مکّرمہ'' کوشہروں کی ''ماں'' بنادیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَـمَـادِلَـهُ: بمعنی حَـمْدًا لَـهُ: سزاوار حمد وثناؤ ہی ہے؛ اُمَّةٌ: قوم، جماعت، لوگوں کا گروہ، طریقہ ج: اُمَـمٌ: جَعَلَ جَعْلًا (ف): بنادینا، کردینا، مَوْلِدٌ: وقت یا مقامِ وِلادت: بِلَادٌ: ملک ووطن، اُمُّ الْبِلَادِ، اُمُّ الْـقُـرٰی: رئیسہ ممالک، شہروں کی ماں، یعنی مکہ مکرمہ۔

ش۹.

فَـمَیَّـزْتَ مَـکَّةَ بِـمَـوْلِـدِ الـنَّبِـیِّ
وَیَثْـرِبَ قَبْـلَ مَبْـعَثِـهٖ لِـلـرُّقَـادِ

ترجمہ: (اے اللہ!) تُو نے مکہ مکرمہ کو ولادتِ نبوی کیلئے خاص کر دیا جبکہ یثرب کو آپ ﷺ کے دوبارہ اٹھائے جانے سے قبل آپ ﷺ کے لیے بطور خوابگاہ (آخری آرام گاہ کے) مُختص کر دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَیَّزَ الشَّیْءَ: علیحدہ کرنا، جدا کرنا، ترجیح دینا، مَوْلِدُ النَّبِیِّ: مقامِ ولادتِ نبوی، اَفْـرَدَ الشَّیْءَ: جُدا کرنا، الگ کرنا۔ رَقَـدَ، رَقْـدًا (ن) رُقُـوْدًا، رُقَـادًا: خواب کرنا، سونا۔ رُقَـادٌ: مصدر، خواب، نیند۔ اَرْضُ الـرُّقَـادِ: خوابگاہ، جائے آرام۔ مجازًا: آخری آرام گاہ۔ مَرْقَدٌ

ش ۱۰.

وَلَـقَّـبَ صَـحْبَـهٗ جُـمُـوْعًـا بِـقَـوْلِـهٖ
فَـكُـلُّ تَبِيْـعِـهٖ كَـالـنَّـجْـمِ الْـوَقَّـادِ

ترجمہ: آپ ﷺ نے اپنے تمام صحابہؓ کرام کو اپنے فرمانِ عالی شان کے ذریعے (مبارک) لقب سے نوازا، کہ آپ ﷺ کا ہر پیروکار صحابیؓ روشن ستارے کی مثل ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لَقَّبَهٗ بِهٖ: کسی کو لقب عطا کرنا: قَـالَ قَوْلًا (ن) کہنا، قَوْلٌ: مصدر، بات، فرمان، اَمر۔ تَبِیْعٌ: پیروکار، مددگار، حواری ج: تِبَـاعٌ، تَبَـائِـعُ. نَجْمٌ: نجمِ ضوفشاں، ستارہ تابندہ ج: نُـجُـوْمٌ. وَقَّادٌ: اِسم مبالغہ، بہت روشن۔ اَلـنَّـجْـمُ الْوَقَّادُ: مرکب توصیفی، روشن ستارا۔

ش ۱۱.

مَـا أَشْبَـهَ جِسْـمَـهٗ اَبَـاهُ إِبْـرَاهِيْـمَ
وَالْـحَسَـنُ اَدْنٰى مِنْ شَبِيْهِكَ لِأَجْلَادٍ

ترجمہ: آپؐ کا جسم مبارک، آپؐ کے والدِ گرامی حضرت اِبراہیم علیہ السَّلام سے کس قدر مُشابہ ہے! (جبکہ) حضرت حَسنؓ اَعضاءِ جسمانی کی وجہ سے شکل وصورت میں آپؐ سے قریب تر ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَا: تعجبیہ ہے۔ أَشْبَهُ: اِسم تفضیل؛ زیادہ مشابہ، اَجْلَادُ: الإِنسَانِ: جِسم واَعضاءِ انسانی۔

ش ۱۲.

وَرِثَ الْحُسَيْنُ عَنْكَ صَبْرًا وَّ شُجَاعَةً
بِكَرْبَلَ غَزَا فَرْدًا بِسَيْفٍ جَمَّادِ

ترجمہ: حضرت حُسینؓ نے آپؐ سے صبر وشجاعت کی وراثت پائی، میدانِ کربلا میں تنِ تنہا شمشیرِ بُرَّاں سے (راہِ خُدا میں) جہاد کرتے رہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَرِثَ يَرِثُ وِرثًا، وَرَثَ اِرْثًا، اِرْثَةً: وارث ہونا۔ وَرِثَ الصَّبْرَ عَنْكَ: آپؐ سے صبر کی میراث پائی۔ سَيْفٌ: تلوار، شمشیر ج: سُيُوف، اَسْيَاف وغیرہ۔ سَيْفٌ جَمَّادٌ: شمشیرِ بُرّاں۔ غَزَا يَغْزُوْ غَزْوًا: جنگ لڑنا، جہاد کرنا۔

ش ۱۳.

رَبِيْعُ الرَّبِيْعِ جَائَنَا قَبْلَ نِصْفِهِ
كَأَنَّ نَادَانَا نِدَاءُ الْمُنَادِيْ

ترجمہ: بہار کی بہار والی شخصیت یعنی حضورؐ، ربیع الاُوّل کے نصف اوّل سے بھی پہلے ہمارے پاس تشریف لائے؛ گویا کہ مُنادی کرنے والے نے اپنی پُکار میں ہمیں یہ کہا ہے۔ (مَقصِد نداء اَگلے شعر میں ہے)

حَلُّ اللُّغَةِ: رَبِیْعُ الرَّبِیْع: بہار کی بہار، یعنی حضورؐ۔ نَادَانِدَاءً مُنَادَاۃً: اَلرَّجُلَ وبالرَّجُل: پُکارنا۔ نِدَاءٌ: مصدر، پُکار، صدا، آواز۔ مُنَادٍ، اَلْمُنَادِیُ: پُکارنے والا، صدا لگانے والا؛ ہاتف

ش ۱۴.

أَنْ تَحْفِلُوْا لِذِكْرِهٖ اَيَّةَ حَفْلَةٍ
فِی الثَّانِیْ عَشَرَ لِصَاحِبِ الْمِيْلَادِ

ترجمہ: کہ تُم مِیلاد والی شخصیت، یعنی حضورؐ کی یاد میں، ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو محفل (مِیلاد) مناؤ!

حَلُّ اللُّغَةِ: حَفَلَ حَفْلًا (ض) اَلْقَوْمُ: لوگوں کا اِکٹھا ہونا۔ حَفْلَۃٌ: اِسم اَلْمَرَّۃ تقریب محفل۔ مِیْلَادٌ: وقتِ پیدائش۔ صَاحِبُ الْمِيْلَادِ: مِیلاد والے: حُضور ﷺ

ش ۱۵.

فَوَيْلٌ لِّذِیْ لُبٍّ مَّنْ لَّمْ بِهٖ يُؤْمِنْ
وَشَمَّرَ خِلَافَ دِيْنِهٖ كَذِی الْعِنَادِ

ترجمہ: ہلاکت ہے ایسے شخص کے لیے جو عقل و خرد کے باوجود آپؐ پر ایمان نہ لایا، (بلکہ) معاندانہ رویہ رکھنے والے شخص کی طرح آپؐ کے دین کے خلاف آستین چڑھایا یعنی دشمنی کا برتاؤ کرنے لگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: آمَنَ اِیْمَانًا: بِہٖ تصدیق کرنا، اعتماد کرنا، مطیع ہونا۔ لُبٌّ: عقل وخرد ج: اَلْبَابٌ: لُب عقل ودِل پر بھی بولا جاتا ہے۔ ذُوْلُبٍّ: عقل والا۔ اُولُوا الْأَلْبَاب: عقل والے ج ہے۔ عَانَدَہٗ مُعَانَدَۃً عِنَادًا: مقابلہ کرنا، الگ تھلگ ہونا۔ ذُو الْعِنَاد: دشمنی کرنے والا، مدِ مقابل۔ عِنَادٌ: مصدر، دشمنی ومقابلہ۔ شَمَّرَ تَشْمِیْرًا لِلْاَمْرِ: آستین چڑھانا، کسی کام کے لیے آمادہ ہونا۔

ش ١٦١.

اَمَا ذَاکَ کَالْاَنْعَامِ لَا لٰکِنْ اَضَلُّھَا؟

وَاَیْضًا اَضَلُّ مِنْ صَفْوَانٍ جَمَادٖ

ترجمہ: کیا وہ شخص جانوروں کی طرح نہیں ہے؟ (استفہام انکاری ہے جی ہاں وہ ضرور ہے) بلکہ وہ جانوروں سے بڑھ کر گمراہ ہے اور وہ بے جان پتھر سے بھی زیادہ گمراہ ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَنْعَامٌ: چوپائے، بکریاں، اونٹ وغیرہ واحد نَعَمٌ. اکثر اس کا استعمال اونٹوں کے لیے ہوتا ہے تاہم سارے چوپائے اِس میں داخل ہیں۔ صَفْوَانٌ: چکنا پتھر۔

......اَلذَّالُ......

نُظِلُّ بِلِوائِہٖ یَتَوَقَّدُ عِنْدَمَا   ھُنَالِکَ فَوْقَنَا عَلٰی مِیْلٍ حَنَاذٖ

لِاَنَّ اِلٰھَنَا یَکُوْنُ غَضْبَانَ   فَیَوْمَئِذٍ سِوَاہُ أَیُّ الْمَلَاذٖ؟

فَلَمْ تَرَیَوْمًا اَکْثَرَ جَمْعًا وَّ اَطْوَلَ   قِیَامًا وَّلَا اَشَدَّ مِنْہُ الْحُمَاذِیّ

یَکُوْنُ ھُنَالِکَ الْمُجْرِمُوْنَ کَالْجُذٰی   فَمَادَام ذَیْلُ الشَّفِیْعِ کَالْاِخَاذٖ

فَاِمَّا السَّعِیْرُ بَعْدَہٗ اَوِالْجَنَّاتُ   فَالْحَیَاتُ سَرْمَدٌ بِغَیْرِ الْجَبَاذٖ

قَدِ انْفَطَرَ انْذَاکَ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ   مَعَ اثْقَالِھَا تُخْرِجُ سَائِرَ الْاَفْلَاذٖ

وَمَلَآنَةٌ أَذْيَالُنَا بِالْكَبَائِرِ لَصِيقٌ بِذَيْلِهِ هُنَاكَ كُلُّ بَاذْ

فَالصَّالِحُوْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّاتِ فَطُوْبٰى لِمَنْ يَّدْخُلُهَا خَيْرَالْمَلَاذْ

فَمَا اَحْسَنَ اَهْلَ الْجِنَانِ بِمَقَرِّهِمْ مٰا أَطْيَبَ السُّفَرَ مَلْآنَةَ اللِّذَاذْ

غَزَا صَحْبُهُ وَ دَافَعُوْا بِرِمَايَةٍ وَّ قَاتَلَ كُلُّهُمْ بِسَيْفٍ هَذَّاذْ

فَحَرَّضَ عَلَى النِّضَالِ لَاكِنَّهُ نَهٰى عَنْ تَفَاءُلٍ وَّالطِّيَرَةِ بِالْاَفْذَاذْ

بِالنَّبِيِّ اُقْبِرَ بْنُ خَطَّابٍ، قَبْلَهُ

قَدْ لَاذَ اَبُوْبَكْرٍ بِهِ بِالْاَلْوَاذْ

☆☆☆

ش ۱.

نُظِلُّ بِلِوائِهِ يَتَوَقَّدُ عِنْدَمَا

هُنَالِكَ فَوْقَنَا عَلٰى مِيْلٍ حَنَاذْ

ترجمہ: جب آفتاب ہمارے سَروں کے اُوپر، ایک میل کے فاصلہ پرآگ اُگل رہا ہو گا، (تو وہاں پر) ہم حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پرچم کے نیچے پناہ لیں گے۔

حلُّ اللُّغۃ: اَظَلَّ: ہٗ: سایہ ڈالنا، پناہ میں لینا۔ تَوَقَّدَ: اَلْكَوْكَبُ: ستارہ کا چمکنا، ضیاپاش ہونا۔ عَلٰى مَيْلٍ: أَىْ قَدْرِ مِيْلٍ: ایک میل کے فاصلہ پر۔ لِوَاءٌ: جھنڈا۔ رَأيَةٌ: پرچم۔ حَنَاذِ: آفتاب، بروزنِ قطَامِ، مبنی علی الکسر۔

ش ۲.

لِاَنَّ إِلٰهَنَا يَكُوْنُ غَضْبَانَ

فَيَوْمَئِذٍ سِوَاهُ أَىُّ الْمَلَاذْ؟

ترجمہ: کیونکہ ہمارا معبودِ برحق اُس روز غیظ وغضب میں ہوگا، اُس دِن حضورؐ کے دامنِ پناہ کے عِلاوہ کوئی پناہ گاہ ہے جہاں پناہ لی جائے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: اِلٰهٌ ج: آلِهَةٌ معبود۔ غَضِبَ (س) غَضْبًا مَغْضَبَةً: غضبناک ہونا، صفت مذکر۔ غَضْبَانُ، غَضِبٌ، غُضُبٌ. لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا لِوَاذًا: بِالْجَبَلِ: اَوْبِالْقَوْمِ: پناہ لینا۔ مَلَاذٌ: جائے پناہ، فصیل، قلعہ

ش ۳.

فَلَمْ تَرَيَوْمًا اَكْثَرَ جَمْعًا وَّ اَطْوَلَ
قِيَامًا وَّلَا اَشَدَّ مِنْهُ الْحُمَاذِيّ

ترجمہ: اُس دِن سے بڑھ کر لوگوں کی جمعیّت و اژدحام کا دِن آپ نے کبھی نہ دیکھا، نہ ہی اُس دِن سے بڑھ کر طویل ترین قیام والا دِن، (اِسی طرح) نہ ہی اُس روز سے بڑھ کر شدید ترین گرمی والا دِن آپ کو نظر آئیگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَآى، يَرٰى، رُؤْيَةً: چشم ظاہر و باطن سے دیکھنا۔ جَمَعَ (ف) جَمْعًا: اکھٹا کرنا۔ جَمْعٌ: مصدر، اِکٹھ، بھیڑ، لوگوں کی جماعت۔ ج: جُمُوْعٌ. يَوْمُ الْجَمْعِ: قیامت کا دن۔ طَالَ يَطُوْلُ طُوْلًا: لمبا ہونا۔ طَال: عليه: غالب آنا، فخر کرنا، اِحسان کرنا۔ اَطْوَلُ: اِسم تفضیل، زیادہ لمبا، طویل ترین۔ اَلْحُمَاذِيّ: گرمی کی حِدّت۔

ش ۴.

يَكُوْنُ هُنَالِكَ الْمُجْرِمُوْنَ كَالْجُذٰى
فَمَادَام ذَيْلُ الشَّفِيْعِ كَالْاِخَاذِ

ترجمہ: وہاں پر مُجرم جلتے ہوں انگاروں کی طرح (بدحال) ہونگے، (جبکہ) شفاعت کرنے والے کا دامن ہمیشہ سے تالاب کی طرح ہے (جو انگاروں کی مانند جلنے والے گنہ گاروں کو اپنے جھیل رحمت کے آب سے ٹھنڈا کردیگا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: هُنَالِکَ: وہاں۔ کَانَ کَوْنًا: ہونا۔ اَلْمُجْرِمُوْنَ: واحِد اَلْمُجْرِمُ: گُنہ گار، جُرم کرنے والے۔ جُذًی: واحِد جَذْوَةٌ: انگارا۔

شَفِیْعٌ ج: شُفَعَاءُ سفارش کرنے والا، حقِ شُفعہ رکھنے والا۔ اَلْإِخَاذُ: واحِد اَلْإِخَاذَةُ: تالاب، جوہڑ، جھیل۔

ش ۵.

قَدِ انْفَطَرَ انْذَاکَ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ
مَعَ اثْقَالِهَا تُخْرِجُ سَائِرَ الْأَفْلَاذِ

ترجمہ: اُس دِن سارے آسمان پھٹ جائیں گے، اور زمین اپنے تمام تر بوجھ، (دفینے وغیرہ) کے ہمراہ اپنے تمام خزانے نِکال پھینک دِے گی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِنْفَطَرَ: اَلشَّیْءُ: پھٹنا۔ اثْقَالٌ: واحِد ثِقْلٌ: بوجھ۔ اَخْرَجَ اِخْرَاجًا: اَلشَّیْءَ: نکالنا۔ اَفْلَاذٌ: واحِد فِلْذٌ: خزانے۔ سَائِرٌ: فاعِل، سَائِرُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ۔ سَائِرُ الْأَفْلَاذِ: تمام بقیہ خزانے۔

ش ٦.

فَإِمَّا السَّعِیْرُ بَعْدَهٗ أَوِ الْجَنَّاتُ
فَالْحَیَاتُ سَرْمَدٌ بِغَیْرِ الْجَبَاذِ

ترجمہ: پس اُس کے بعد یا تو دوزخ کی لپٹ میں (ہمیشہ) کے لیے جُھلسنا ہوگا، یا باغ بہشت (میں ہمیشہ کے لیے بسیرا ہوگا) ہمیشہ بھر کے جِیَون کے ساتھ (جہاں بھی رہائش ہو) موت کبھی نہ آئیگی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَعِیرٌ: آگ کی لپٹ ج: سُعُرٌ. حَیَاتٌ: جِیْوَن، زندگی۔ سَرْمَدٌ: ہمیشہ۔ اَلْجَبَاذِ: مبنی عَلَی الْکَسْر موت کو کہتے ہیں۔

ش ۷.

وَمَلْآنَةٌ أَذْیَالُنَا بِالْکَبَائِرِ
لَصِیْقٌ بِذَیْلِهٖ هُنَاکَ کُلُّ بَاذْ

ترجمہ: (اپنا تو حال یہ ہے) ہمارے دامن کبیرہ گُناہوں سے (لتھڑے) پڑے ہیں، وہاں پر، ہر خستہ و بدحال (حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کے دامنِ رحمت سے چمٹنے والا ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَلَأَ مَلْأً (س) تَمَلَّأَ: پُر ہونا، صفت مذکر۔ مَلْآن، صفتِ مؤنث: مَلْآنَةٌ: بھری ہوئی۔ اَذْیَالٌ: واحِد ذَیْلٌ دامَن۔ لَصِقَ لَصَقًا لُصُوْقًا: بِالشَّیْءِ: چپکنا، چمٹنا۔ لَصِقٌ لَصِیْقٌ: چمٹنے والا، چسپاں۔ بَذَّ بَذَذًا (س) بَذَاذًا: بدحال و شکستہ حال ہونا، صفت مذکر۔ بَذٌّ: بَاذٌّ: شکستہ حال و بے حال، پژمُردہ

ش ۸.

فَالصَّالِحُوْنَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّاتِ
فَطُوْبٰی لِمَنْ یَّدْخُلُهَا خَیْرَ الْمَلَاذْ

ترجمہ: پس نیکوکار بہشتوں میں چلے جائیں گے، مُبارک ہو اُس شخص کو جو جنّت میں داخل ہوجائے (کیونکہ) جنّت تو بہترین جائے لذّت ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلصَّالِحُون: واحِد اَلصَّالِحُ: نیکوکار، اچھے عمل والے۔ دَخَل دُخُوْلًا (ن) مَدْخَلًا: داخل ہونا، اندر آنا۔ طُوبٰی: رشک، سعادت، خیر، تبریک، اِسم تفضیل مؤنث ہے اَزْطَاب. لَذَّ لَذَاذًا (س) لَذَاذَةً، اَلشَّیْءُ: مَنْ پسند ہونا، لذیذ ہونا۔ مُفَرّح ہونا۔ اَلْمَلَاذُّ: مقام ہائے لذّت، واحِد اَلْمَلَذُّ.

ش ۹.

فَمَا اَحْسَنَ اَهْلَ الْجِنَانِ بِمَقَرِّهِمْ
مَا أَطْيَبَ السُّفَرَ مَلْآنَةً اللِّذَاذِ

ترجمہ: اہلِ جنّت جنتی رہائش گاہوں میں کتنے خوبصورت لگ رہے ہونگے، (وہاں پر) کس قدر عمدہ دستر خوان ہوں گے، جو لذیذ، من پسند ومرغوب چیزوں سے بھرے پڑے ہونگے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَحْسَنُ، حَسَنُ کا اسم تفضیل ہے، حَسَنٌ خوبصورت ہے۔ جِنَانٌ باغ جنّت، واحِد: جَنَّةٌ. قَرَّقَرَارًا (س،ض) فِي الْمَكَانِ: قرار پکڑنا، ٹھہرنا۔ مَقَرٌّ: ظرف، جائے قرار، مسکن۔ اَطْيَبُ اِسم تفضیل، پاکیزہ تر، خوب تر۔ مَا: تعجبیَّہ ہے۔ اَلسُّفَرُ: واحِد اَلسُّفْرَةُ خوان، دستر خوان۔ مَلِیءَ، مُلًأ (س) وَتَمَلَّأَ: پُر ہونا۔ صفت مؤنث: مَلْآنَةٌ، مَلْآیٰ، مَمْلُوئَةٌ. لِذَاذٌ: واحِد لَذِيْذٌ: مرغوب، من پسند، مزیدار، خوشگوار۔

ش ۱۰.

غَزَا صَحْبُهٗ وَ دَافَعُوْا بِرِمَايَةٍ
وَّ قَاتَلَ كُلُّهُمْ بِسَيْفٍ هَذَّاذٍ

ترجمہ: آپؐ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اللہ کے دین کی خاطر جہاد کیا اور تیر اندازی کر کے دفاع کرتے رہے، ہر ایک نے شمشیرِ بُرّاں سے جہاد فی سبیل اللہ میں حصہ لیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَزَا (ن) غَزْوًا: اَلْقَوْمَ سے جنگ لڑنا، جہاد کرنا۔ رَمٰی (ض) رَمْيًا، رِمَايَةً: پھینکنا، تیر اندازی کرنا۔ رِمَايَةٌ، مصدر تیر اندازی۔ اَلْهَذَّاذُ: بہت کاٹنے والا۔ اَلسَّيْفُ اَلْهَذَّاذُ: مرکب توصیفی، خوب کاٹنے والی تلوار۔

ش ۱۱.

فَحَرَّضَ عَلَى النِّضَالِ لَاكِنَّهُ نَهٰى
عَنْ تَفَاءُلٍ وَّالطِّيَرَةِ بِالْاَفْذَاذِ

ترجمہ: آپؐ نے تیراندازی کرنے یعنی نشانہ بازی کی ترغیب دلائی مگر آپؐ نے بد شگونی کرنے، جوئے، پانسے کے تیروں سے فال نکالنے سے منع فرمایا۔

حلُّ اللُّغة: حَرَّضَ تَحْرِيْضًا: عَلٰى: پر ترغیب دینا۔ نَاضَلَ نِضَالًا مُنَاضَلَةً: باہم تیراندازی کرنے کا مقابلہ کرنا۔ اَلنِّضَالُ: مصدر، تیراندازی یا نشانہ بازی کرنا۔ تَفَاءَ لَ: تَفَاءُلًا: بِهٖ: فال نکالنا۔ اَلطِّيَرَةُ: بدشگونی، منحوس یا ناموافق سمجھنا۔ اَلْاَفْذَاذُ، واحد اَلْفَذُّ: جوئے یا پانسے کے تیر۔ مذکورہ شعر کے دوسرے مصرے کی نثر یوں ہے: عَنْ تَفَاءُلٍ بِالْاَفْذَاذِ وَالطِّيَرَةِ

ش ۱۲.

بِالنَّبِيِّ اُقْبِرَ بْنُ خَطَّابٍ، قَبْلَهٗ
قَدْ لَاذَ اَبُوْبَكْرٍ بِهٖ بِالْاَلْوَاذِ

ترجمہ: رسولؐ کے ساتھ (روضۂ انور میں) حضرتِ فاروقؓ اعظم کو دفن کیا گیا (اِسی طرح) اُن سے قبل حضرت ابوبکرؓ، آپؐ کے پہلو میں پناہ لے چکے تھے۔

حلُّ اللُّغة: اَقْبَرَهٗ: دفن کرنا۔ اُقْبِرَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب، دفن کیا گیا۔ لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا بِالْجَبَلِ اَوْبِالشَّيْءِ، اَوْ بِالْقَوْمِ: چھپنا، پناہ لینا۔ اَلْوَاذُ: گوشے، کنارے، اطراف، پہلو، واحد لَوْذٌ مصدر ہے۔

اَلرَّاءُ

يَدَاهُ نُهُوْرُ الْجُوْدِ اِمَّا بُحُوْرٌ — كَفَّاهُ كَفَّانِ كِلَاهُمَا يَمُوْرُ

كُلُّ اُمَّةٍ اَتَتْهَا بُشْرٰى نَبِيِّنَا — تَعَطَّرَ بِذِكْرَاهُ الزَّمَانُ وَالْعُصُوْرُ

وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ كَحِيْلًا غَسِيْلًا — خَتِيْنًا مَّسْرُوْرًا اِذًا هُوَ مَسْبُوْرٌ

وَالنُّوْرُ اَوْحٰى اِلَى النُّوْرِ بِالنُّوْرِ — وَمَنْ جَاءَ بِالذِّكْرِ فَذَالِكَ النُّوْرُ

بِقِيَامِهٖ انْتَهٰى حِرَاءُ كَمَا بِاقْرَاْ — وَبِاثْنَيْنِ هٰكَذَا قَدْ رَحَّبَ الثَّوْرُ

مَنْ رَدَّ مَا اَتٰى بِهٖ طٰهٰ فَيُلْفَظُ — مَعَ الْاٰخَرِيْنَ فِى اللَّظٰى وَهُوَ بُوْرٌ

رُبَّ قَرْيَةٍ خَاوِيَةٍ قَدْ رَئَيْنَاهَا — اَبَيْتًا تَرٰى هُنَاكَ وَالْبَيْتُ مَعْمُوْرٌ؟

أَفَكَّرْتَ عَنْ مَّصِيْرِهِمْ قَدْ مَضَوْا قَبْلُ؟ — فَتَمْضِىْ كَمَا مَضَوْا لِدَارِكَ صُفُوْرٌ

خَلَتْ عَنْهُمُ الدُّوْرُ وَغَرَّهُمُ الْغُرُوْرُ — كَذَالِكَ عَنْ مَّمَرِّكَ لَا بُدَّ الْمُرُوْرُ

فَاِنَّكَ حُرٌّ فِىْ حَيَاتِكَ اِلٰى حِيْنٍ — فَمَا شِئْتَ فَافْعَلْ بَلْ بِمَوْتِكَ مَاْمُوْرٌ

فَعِشْ اَنْتَ عِيْشَةَ الزُّهَّادِ اِنْ تَمُتْ — فَيُبْكَ عَلَيْكَ وَلَا كِنَّكَ مَسْرُوْرٌ

اَلَا اِنَّمَا الْاَدْيَانُ مَنْسُوْخَةٌ بِهٖ — دِيْنُنَا لِسَائِرِ الدُّهُوْرِ مَيْسُوْرٌ

لَيْسَ الْغَنِىُّ مَنْ يُّمْسِىْ ذَامَالٍ — اِنَّمَا الْغَنِىُّ مَنْ يَّسْتَغْنِ وَالْمَبْثُوْرُ

فَالصَّالِحَاتُ عِنْدَهٗ مَكْتُوْبَةٌ — وَّمَحْفُوْظَةٌ وَّلٰكِنِ الْمَالُ دُثُوْرٌ

مَنْ يُّطِعْ رَسُوْلَهٗ بِكَسْبِ حَسَنَاتِهٖ — فَهٰذَا وَقُوْرٌ عِنْدَهٗ ثُمَّ مَوْفُوْرٌ

اُجُوْرَكَ تَرٰى بِغَيْرِ نَقْصٍ وَّلَاظُلْمٍ — كُلُّ كَاسِبٍ عِنْدَ رَبِّهٖ مَاْجُوْرٌ

فَالْمُنْكِرُ مِنْ عِنْدِهٖ غَيْرُ مَنْصُوْرٍ
يُرٰى فِى اللَّظٰى اِذًا اِنَّهٗ مَدْحُوْرٌ

☆☆☆

ش ۱.

يَـدَاهُ نُهُـوْرُ الْـجُـوْدِ اِمَّـا بُـحُـوْرُ
كَـفَّـاهُ كَـفَّـانِ كِلَاهُـمَـا يَـمُـوْرُ

ترجمہ: آپؐ کے دونوں ہاتھ عطا کے دریا ہیں، یا پھر سخاوت کے سُمندر ہیں، آپؐ کی دونوں ہتھیلیاں نعمت کے دو چشمے ہیں، دونوں مُتلاطم وموجزن ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: یَـدٌ: ہاتھ، یدان: تثنیہ، (ن) تثنیہ اِضافت کی وجہ سے گر گیا۔ ج: اَیْـدِیْ، اَیَـادِیْ. مگر ثانی الذکر کا اطلاق زیادہ تر عطا و بخشش پر ہوتا ہے۔ اَنْهَـارٌ: واحِـد نَهْـرٌ دریا۔ عَـطَـاءُ، عَطَا جو چیز دِی جائے ج: اَعْـطِيَةٌ، بُـحُـوْرٌ، واحِـد بَحْرٌ: سمندر۔ كَـفَّانِ كَفٌّ کا تثنیہ، ن تثنیہ اِضافت کی وجہ سے گر گیا۔ كَفَّانِ: نعمت کے دو چشمے۔ كِلَاهُمَا: وہ دونوں، ہرایک، مذکر کیلئے، مؤنث كِلْتَا هُمَا ہے۔مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا: اَلْبَحْرُ: متلاطم وموجزن ہونا۔

ش ۲.

كُـلُّ اُمَّةٍ اَتَتْهَـا بُشْـرىٰ نَبِيِّـنَـا
تَـعَـطَّـرَ بِـذِكْـراهُ الـزَّمَـانُ وَالْـعُـصُـوْرُ

ترجمہ: ہر ایک اُمّت کو ہمارے پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی دُنیا میں آنے کی خوشخبری ملتی رہی (اِس طرح) آپؐ کے چرچے ہائے دِل رُبا سے تمام زمانے اور ادوار معطّر ہوتے رہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اُمَّةٌ، ج: اُمَمٌ: لوگوں کا گروہ، جماعت، طریقہ۔ اَتَـى يَـأتِـىْ اِتْيَانًا: آنا۔ بُشْرىٰ: مُژدہ۔ تَـعَـطَّـر، اِسْتَعْطَرَ: مُعَطَّر ہونا۔اَلـزَّمَـان ج: اَلْأَزْمِنَةُ، اَلْعُصُوْر واحِد اَلْعَصْرُ.

ش ۳.

وَلَـــدَتْـــهُ اُمُّـــهٗ کَـحِيْلًا غَسِيْلًا
خَتِيْـــنًـــا مَّسْـــرُوْرًا اِذًا هُـوَ مَسْبُـوْرٗ

تــرجــمــه: آپؐ کی والدہ ماجدہ نے جب آپؐ کو جنم دیا، (پہلے سے) آپؐ کو سُرمہ لگا ہوا تھا، غُسل دیا ہوا، ختنہ کیا ہوا، ناڑا کٹا ہوا تھا، جب آپؐ تشریف لائے، آپؐ خوبصورت اچھی ہیئت والے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اُمٌّ: ج اُمَّهَاتٌ، اُمَّاتٌ: اصل ماں، ثانی الذکر کا اِطلاق زیادہ تر غیر انسانوں کیلئے ہوتا ہے، یعنی جانور و بہائم وغیرہ۔ کَحِيْلٌ. سرگیں آنکھ ج: کَحْلٰی؛ کَحَائِلُ. غَسِيْلٌ: نہلایا ہوا ج: غَسْلٰی، غُسَلَاءُ. خَتَنَ خَتْنًا (ن،ض) اَلصَّبِيَّ: گُل تراشی کرنا، ختنہ کرنا۔ خَتَنَ اَلشَّيْءَ: کاٹنا۔ صفت مفعولی۔ خَتِيْنٌ: مَخْتُوْنٌ. سَرَّ سُرُوْرًا: خوش ہونا۔ سُرَّ الصَّبِيُّ: ولادت کے وقت ناڑا کٹنا۔ صفت مَسْرُوْرٌ خوش وخرم، ناف کٹا ہوا۔ مَسْبُوْرٌ: اچھی ہیئت و صورت والا، مفعول۔

ش ۴.

وَالـنُّـوْرُ اَوْحٰـی اِلٰـی الـنُّـوْرِ بِـالـنُّـوْرِ
وَمَـنْ جَـاءَ بِـالـذِّکْـرِ فَـذَالِکَ الـنُّـوْرٗ

تــرجــمــه: (اللہ تعالیٰ) نُور نے، نور (حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی طرف) اپنے نور (قرآن) کے ذریعے وحی فرمائی، اور جو ذِکر (قرآن مجید) لایا یعنی جبرائیل علیہ السلام وہ بھی نور ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نُوْرٌ: ج اَنْوَارٌ. اَوْحٰی اِیْحَاءً: اِلٰی فُلَانٍ: اِشارہ کرنا، کِنایَۃً بات کہنا، اَوْحَی اللّٰہُ اِلٰی رَسُوْلِہٖ: اللہ کا اپنے پیغمبر کو وحی بھیجنا۔ اَلذِّکْرُ: قرآن کا ایک نام (اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ) [اَلْقُرآن، سورۃ حجر آیت:9]

ش ۵.

بِقِیَامِہٖ ابْتَھٰی حِرَاءُ کَمَا بِاقْرَأْ

وَبِاثْنَیْنِ ھٰکَذَا قَدْ رَحَّبَ الثَّوْرُ

ترجمہ: 'غارِ حراء قبل از بعثت' حضور ﷺ کی قیام گاہ وعبادت گاہ بننے پر فخر کرنے لگا، جیسا کہ پہلی وحی کے نزول ''اِقْرَأْ'' پر اترانے لگا، (اِسی طرح) غارِ ثور سفرِ ہجرت کے دوران دونوں یاروں کے مسکن بنائے جانے پر اُنہیں مرحبا کہنے لگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِبْتَھٰی: بِہٖ: فخر کرنا۔ رَحَّبَ بِہٖ: کوخوش آمدید کہنا۔ اَلثَّوْرُ: غارِ ثور، ثور عربی میں بیل کو کہتے ہیں۔

ش ٦.

مَنْ رَدَّ مَا اَتٰی بِہٖ طٰہٰ فَیُلْفَظُ

مَعَ الْاٰخَرِیْنَ فِی اللَّظٰی وَھُوَ بُوْرُ

ترجمہ: جس نے بھی (اس دین) کو رَدْ کر دیا جو ''طٰہٰ'' یعنی حضور ﷺ لائے ہیں، تو اُسے بھی دوسری دوزخیوں کے ساتھ دوزخ میں ڈالا جائیگا، اِس حال میں کہ وہ تباہ و برباد ہونے والا ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَدَّهُ (ف) رَدًّا، مَرَدًّا: واپس کرنا، ردکردینا۔ لَفِظَ (س) لَفَظَ (ض) لَفْظًا؛ اَلشَّیْءَ: پھینکنا، ڈال دینا۔ اَتٰی: بِشَیْءٍ: لے آنا۔ قرآن مجید میں ہے: اَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا: سیّدنا مریمؑ سیّدنا عیسٰیؑ کولیکرقوم کے پاس آئیں۔ لَظٰی: جہنم۔ بَارَ بَوْرًا (ن) بَوَارًا: ہلاک ہونا۔ بُوْرٌ: تباہ وہلاک ہونے والا۔

ش۷.

رُبَّ قَرْيَةٍ خَاوِيَةٍ قَدْ رَئَيْنَاهَا
اَبَيْتًا تَرَى هُنَاكَ وَالْبَيْتُ مَعْمُوْرٌ؟

ترجمہ: بہت ساری تباہ شدہ بستیاں جو ہم نے دیکھی ہیں کیا تم نے وہاں کوئی گھر دیکھا ہے ایسا گھر جو مکینوں کے ساتھ شاد و آباد، ہستا بستا ہو؟

حَلُّ اللُّغَةِ: خَاوِيَةٌ: خالی، ویران، اسم فاعل مؤنث۔ مَعْمُوْرٌ: آباد، صفت مفعولی۔

ش۸.

أَفَكَّرْتَ عَنْ مَّصِيْرِهِمْ قَدْ مَضَوْا قَبْلُ؟
فَتَمْضِيْ كَمَا مَضَوْا لِدَارِكَ صُفُوْرٌ

ترجمہ: کیا جولوگ تجھ سے پہلے آخرت کو سدھار گئے، اُن کے اِس انجام کے بارے میں کبھی تم نے غور کیا ہے؟ جس طرح وہ دُنیا کو چھوڑ گئے تو نے بھی اِسی طرح (ایک نہ ایک دِن) جانا ہے تیرے گھر کو خالی ہونا ہی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: فَكَّرَ تَفْكِيْرًا: غور وفکر کرنا، سوچ بچار کرنا۔ مَصِيْرٌ: انجام۔ مَضٰی يَمْضِيْ، مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا: اَلشَّیْءُ: گزر جانا۔ صُفُوْرٌ: مصدر، خالی۔ صَفِرَ (س) صَفَرًا وَصُفُوْرًا اَلْاِنَاءُ: خالی ہونا۔

ش ۹.

خَلَتْ عَنْهُمُ الدُّوْرُ وَغَرَّهُمُ الْغَرُوْرُ
كَذَالِكَ عَنْ مَّمَرِّكَ لَا بُدَّ الْمُرُوْرُ

ترجمہ: اُن کے گھر اُن سے خالی ہوکر غیر آباد ویران ہو گئے (اُن کے ربّ کے بارے میں) اُن کو دھوکا دینے والے نے دھوکے میں ہی رکھا (جس طرح وہ گزر گئے) اِسی طرح تجھے بھی اِس رہ گزر سے ضرور گزرنا ہوگا (کیونکہ دُنیا فقط ایک رہ گزر رہی ہے، قیام گاہ نہیں ہے!)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَلا يَخْلُوْ خُلُوًّا: اَلدَّارُ عَنْ مَكِيْنِهِمْ: سے خالی ہونا۔ غَرَّ، غُرُوْرًا: دھوکا دینا۔ اَلْغَرُوْرُ، مصدر، دھوکا۔ قرآن مجید میں ہے: (...... وَ غَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ) (سورۃ حدید، رقم:14)۔ اَلْمَمَرُّ: گزرگاہ، راستہ، مصدر ہے۔ مَرَّ مُرُوْرًا: گزرنا۔ مُرُوْرٌ: مصدر ہے، گزرنا۔

ش ۱۰.

فَاِنَّكَ حُرٌّ فِیْ حَيَاتِكَ اِلٰی حِيْنٍ
فَمَا شِئْتَ فَافْعَلْ بَلْ بِمَوْتِكَ مَاْمُوْرٌ

ترجمہ: بلاشبہ تم اپنی موت تک زندگی بھر آزاد ہو جو تمہارا جی چاہے کر گزرو یعنی نیکی بدی کرنے میں تمہیں آزاد چھوڑا گیا ہے، تمہیں اپنے افعال واعمال میں روکنے ٹوکنے والا کوئی نہیں، مگر ایک چیز ہے تم جس کے تابع اور محکوم ہو، وہ ہے ''موت'' (موت کو جیتے جی تم بائی پاس نہیں کرسکتے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَمَرَ اَمْرًا: حکم چلانا، صفت فاعلی۔ آمِرٌ: حکم دینے والا صفت مفعولی۔ مَاْمُوْرٌ: محکوم، جس پر حکم نافذ کیا جائے۔

ش ۱۱.

فَعِشْ اَنْتَ عِیْشَةَ الزُّهَّادِ اِنْ تَمُتْ
فَیُبْکَ عَلَیْکَ وَلَا کِنَّکَ مَسْرُوْرٗ

ترجمہ: پس تم زاہدوں جیسی زندگی گزارو، جس طرح انہوں نے زندگی گزاری، جب تمہیں موت آئے (تو رونے والے) تمہاری جدائیگی پر گریہ کناں ہوں، جبکہ تم اِس دُنیا سے شاداں وفرحاں، خوش وخرم جارہے ہو۔

؎ یاد داری وقتِ زادنِ تو
ہمہ خنداں بدند و تو گریاں
؎ آنچناں زِیٔ کہ وقتِ مُردنِ تو
ہمہ گریاں بوند وتُو خنداں

ش ۱۲.

اَلَا اِنَّمَا الْاَدْیَانُ مَنْسُوْخَةٌ بِہٖ
دِیْنُنَا لِسَائِرِ الدُّھُوْرِ مَیْسُوْرٗ

ترجمہ: خبردار! حُضور کے دینِ اِسلام کے آتے ہی تمام مذاہب واَدیان منسوخ ہوگئے، ہمارا دین (رہتی دنیا تک) ہر دور کیلئے ہے، (ہرایک کیلئے ہے) آسان کیا ہوا، سَہْلُ العمل، یُسْرُ الاتِّباع ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلَا: مخاطب کی توجہ مبذول کرنے کیلئے اِس کلمہ کا اِستعمال ہوتا ہے، تاکہ بیان کے اِستماع پر زور دے۔ اَلْأَدْیَان: واحِد اَلدِّین: مذہب ومِلّت سیرت و عادت۔ نَسَخَ نَسْخًا: اَلشَّیْءَ: اَلْحُکْمَ: زائل کردینا، منسوخ کردینا۔ قرآن مجید میں ہے: (مَا نَنْسَخْ مِنْ آیَةٍ اَوْ نُنْسِهَا......) (سورۃ بقرہ، رقم: 106) اَلدُّهُوْرُ: واحِد اَلدَّهْرُ: زمانے۔ یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا، یَسِرَ یَیْسَرُ یَسَرًا. اَلْأَمْرُ: آسان ہونا۔ صِفت؛ مذکر یَسِیْرٌ: آسان، اَلْمَیْسُوْرُ: مفعول؛ آسان کیا ہوا۔

ش ۱۳.

لَیْسَ الْغَنِیُّ مَنْ یُّمْسِیْ ذَامَالٍ
اِنَّمَا الْغَنِیُّ مَنْ یَّسْتَغْنِ وَ الْمَبْثُوْرُ

ترجمہ: غنی وہ نہیں ہے جو مالدار و دولتمند ہے، مگر غنی اور امیر کبیر تو وہ ہے جو تھوڑے پر قناعت کرے (زرِ کثیر کا خواہاں وجویاں نہ ہو)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْغَنِیُّ: ج اَلْاَغْنِیَاءُ: دولتمند، تونگر۔ اَمْسٰی یُمْسِیْ: شام کے وقت میں داخِل ہونا، شام کرنا، یہاں پر بطور فعل ناقص مستعمل ہے۔ ذَامَالٍ: خبرِ فعل ناقِص، حالتِ نصبی، مالدار کو کہتے ہیں۔ اَغْنٰی: مالدار، دولت مند۔ اِسْتَغْنٰی اِسْتِغْنَاءً: بے نیاز ہونا، تھوڑے پر اِکتفا کرنا۔ اَلْمَبْثُوْرُ: امیر کبیر، بڑا مالدار، جس پر حسد کیا جائے۔

ش ۱۴.

فَالصَّالِحَاتُ عِنْدَهٗ مَکْتُوْبَةٌ
وَّمَحْفُوْظَةٌ وَلٰکِنِ الْمَالُ دَثُوْرٌ

ترجمہ: (واضح رہے) بھلائیاں، نیکیاں اللہ تعالیٰ کے پاس لوحِ محفوظ میں لکھی ہوئی اور محفوظ ہیں، مگر مال نے مِٹنا اور ضائع ہونا ہی ہے۔

حلُّ اللُّغَةِ: اَلصَّالِحَاتُ: واحِد اَلصَّالِحَةُ: بھلایاں، نیکیاں، نیکوکار خواتین، مگر یہاں پر فقط نیکیاں مُراد ہیں۔ مَکْتُوبَةٌ: مَسْطُورَةٌ: لکھی ہوئی محفوظ، دَثَرَ دُثُورًا (ن) مِٹنا، دَثُورٌ. بِفتحِ الدَّالِ: گمنام، گم گشتہ، مِٹا ہوا۔

ش ۱۵.

مَنْ يُّطِعْ رَسُوْلَهٗ بِكَسْبِ حَسَنَاتِهٖ
فَهٰذَا وَقُوْرٌ عِنْدَهٗ ثُمَّ مَوْفُوْرٌ

ترجمہ: جو شخص اپنے رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اِطاعت کرکے نیکیوں (کا وافِر ذخیرہ) اِکٹھا کرے، تو یہ شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک صاحبِ وَقار و مرتبہ ہے، پھر وافِر مزدوری کا حقدار بھی ہے۔

حلُّ اللُّغَةِ: اَطَاعَهٗ اِطَاعَةً: فرمانبرداری کرنا، مُطِیع ہونا۔ کَسَبَ کَسْبًا (ض) کِسْبًا: کمائی کرنا، جمع کرنا۔ اَلْمَالَ وَالْعِلْمَ: مال یا علم حاصل کرنا۔ حَسَنَاتٌ، واحِد حَسَنَةٌ: نیکیاں۔ اَلْوَقُوْرُ: صاحبِ وقار و عزّت۔ مَوْفُوْرٌ، مفعول۔ جسے وافِر مزدوری دِی جائے۔

ش ۱٦.

اُجُوْرَكَ تَرٰى بِغَيْرِ نَقْصٍ وَّلَاظُلْمٍ
كُلُّ كَاسِبٍ عِنْدَ رَبِّهٖ مَأْجُوْرٌ

ترجمہ: (اے اِنسان!) تو بِلا کم و کاست، بغیر کمی و ظلم کے اپنا اَجر دیکھے گا، (اے نیکوکار!) ہر مزدور کو اپنے رَبّ کی طرف سے اُجرت دِی جائیگی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَقَصَ نَقْصًا (ن) تَنْقَاصًا: اَلشَّیْءُ: کم ہونا، گھٹنا۔ ظَلَمَ ظَلْمًا (ض) ظُلْمًا، مَظْلِمَةً: ظلم کرنا۔ وَضْعُ الشَّیْءِ عَلٰی غَیْرِ مَوْقِعِهٖ اَوْ مَوْضِعِهٖ: کسی چیز کا غیر مقام پر رکھنا۔ ظَلَمَ: هٗ: حَقَّهٗ: گھٹانا، دَبانا۔ کَسَبَ کَسْبًا (ض) کِسْبًا: کمائی کرنا، جمع کرنا، کَاسِبٌ: اِسم فاعل: مزدوری کرنے والا، کمانے والا۔ أَجَرَ (ض،ن) اَجْرًا إِجَارَةً، آجَرَ اِیْجَارًا: مزدوری دینا، بدلہ دینا۔ اَلْأَجِیْرُ: مزدور مَأْجُوْرٌ: مفعول؛ جسے اُجرت دِی جائے۔

ش ۱۷.

فَالْمُنْكِرُ مِنْ عِنْدِهٖ غَیْرُ مَنْصُوْرٍ
یُرٰی فِی اللَّظٰی اِذًا اِنَّهٗ مَدْحُوْرُ

ترجمہ: منکرِ (خدا و رسول ﷺ) کی رب کی طرف سے قطعًا کوئی مدد نہیں کی جائیگی، وہ جہنم میں دِکھائی دیگا، اِس حال میں کہ وہ راندۂ درگاہِ الٰہی ہوگا، رب کی رحمت سے دور ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَنْكَرَ اِنْكَارًا: اِنکار کرنا، مُنْكِرٌ نہ ماننے والا۔ نَصَرَهٗ نَصْرًا (ن) مدد کرنا۔ مَنْصُوْرٌ، مفعول: اِمداد کیا ہوا، جسکی مدد کی گئی ہو، لَظٰی: دوزخ۔ دَحَرَهٗ دَحْرًا (ف) دُحُوْرًا مَدْحَرَةً: دھتکارنا، دفع کرنا، دور کرنا، صفت مفعولی۔ مَدْحُوْرٌ: دھتکارا ہوا۔ راندۂ دربارِ الٰہی۔

اَلزَّاءُ

رَؤُوْفٌ نَبِیُّنَا وَلِلْكَوْنِ رَحْمَةٌ	یُرَدُّ لَهٗ عَنَّا جَمِیْعُ الْهَزَائِزِ
اَفْصَحُ الْوَرٰی وَاَقْضَاهُمْ وَقَدْ كَانَ	یَقْضِی الْقَضَایَا بِلِسَانٍ فَارِزِ
اَعْطَاهُ رَبُّهٗ فَاَصْبَحَ قَاسِمًا	اَغْنَاهُ مَنْ جَاءَهٗ اَیُّ عَائِزِ

اَطْيَبُ الزَّمَانِ جِئْتَ فِيْهِ اِلَيْنَا — اَجْمَلُ الْبَرَا يَا وَاَلْيَنُ الْغَرَائِزِ

مَنْ يُّطِعْ رَسُوْلَهُ صِدْقًا مِّنْ قَلْبِهٖ — فَيُضَفْ اِلَى الْفَائِزِيْنَ فَذُّ الْفَائِزِ

وَ اَصْحَابُهُ فَوَارِسُ الْقَوْلِ اِذْ كَانُوْا — يُجِيْبُوْنَ مَنْ هَجَا وَ سَائِرَ رَاجِزِ

فَهُمْ خُبَرَاءُ كُلِّ مَيْدَانٍ حَتّٰى — لَوْ دُعُوْا دُجًى لَّلَبَّوْا كُلَّ مُبَارِزِ

عَاجِزٌ مَّنْ لَّمْ يَدْعُ بَلْ اَعْجَزُ النَّاسِ — وَمَنْ يَّدْعُ رَبَّهٗ فَلَيْسَ بِعَاجِزِ

فَكَمْ مِنْ جَمِيْلَةٍ قَدِ الْتَقَمَهَا الْمَوْتُ — وَ رُبَّ جَمِيْلٍ صَارَ جُزْءَ الرَّكَائِزِ

اِذَا مَا اِلَى الْقَبْرِ حَمَلْتُمْ جَنَازَةً — غَدًا فَاعْلَمُوْا لَتُحْمَلُنَّ كَالْجَنَائِزِ

كَمَا وُلْدُهُمْ بَكَوْا عَلَيْهِمْ وَاَهْلُوْهُمْ — تَنُوْحُ الصِّغَارُ وَالزَّوْجُ بِالْعَجَائِزِ

فَيَوْمَئِذٍ بُرِّزَ لِلْمَرْءِ كَسْبُهٗ

يَدًا بِيَدٍ حُوْسِبَ نَاجِزًا بِنَاجِزِ

☆☆☆

ش ا .

رَؤُوْفٌ نَّبِيُّنَا وَ لِلْكَوْنِ رَحْمَةٌ

يُّرَدُّلَهٗ عَنَّا جَمِيْعُ الْهَزَائِزِ

ترجمہ: ہمارے پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم بہت مہربان ہیں، آپؐ ساری کائنات کیلئے (سراپا) رحمت ہیں، آپؐ کی خاطر ہم سے مصائب وسختیاں دور کی جاتی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَؤُفَ رَآفة، (ک) رَأَفَ رَأْفَةً (ف)(س) بہت مہربان ہونا۔ تین ابواب سے یہ فعل آتا ہے، صفت رَؤُوفٌ: نرم دِل، مہربان۔ کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا: ہونا۔ اَلْکَوْن: کائنات، بزمِ ہستی، رَحِمَ (س) رَحْمَةً، مَرْحَمَةً، رُحْمًا: مہربان ونرم دل ہونا، رَحْمَةٌ: مصدر، شفقت مہربانی، نرم دِلی۔ رَدَّهُ (ن) رَدًّا، مَرَدًّا: عن: سے پھیرنا، لوٹانا، واپس کردینا۔ اَلْهَزَائِزُ: مصائب و سختیاں۔ هٰذِهِ کَلِمَةٌ تُسْتَخْدَمُ بِغَیْرِ وَاحِدٍ

ش ۲.

اَفْصَحُ الْوَرٰی وَاَقْضَاهُمْ وَقَدْ کَانَ
یَقْضِی الْقَضَایَا بِلِسَانٍ فَارِزٍ

ترجمہ: تمام مخلوق میں سے آپ خوش بیان وشیریں گفتار ہیں، تمام مخلوق سے عمدہ فیصلہ کرنے والے ہیں، حضور (اپنی) فیصلہ کُن زبان سے جھگڑوں اور دعوؤں کا فیصلہ کیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: فَصُحَ (ک) فَصَاحَةً: فصیح ہونا، خوش گفتار وخوش بیان ہونا۔ اَفْصَحُ: اِسم تفضیل۔ اَلْوَرٰی: مخلوق، خلقِ خُدا۔ قَضٰی یَقْضِیْ قَضَاءً، قَضِیَّةً. بَیْنَ الْخَصْمَیْنِ: فریقینِ جھگڑا کے درمیان فیصلہ کرنا۔ اَلْقَضَایَا، واحِد: اَلْقَضِیَّةُ. مُدعًّا: دعویٰ، جھگڑا، معاملہ۔ فَرَزَ (ض) فَرْزًا، وَاَفْرَزَ اِفْرَازًا: الشَّیْءَ مِنْ شَیْءٍ: سے جُدا کرنا، الگ کرنا۔ فَارِزٌ: اِسم فاعل؛ جدا کرنے والا۔ لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کُن زبان۔ کَلَامٌ فَارِزٌ: واضح کلام۔

ش ۳.

اَعْطَاهُ رَبُّهُ فَاَصْبَحَ قَاسِمًا
اَغْنَاهُ مَنْ جَاءَهُ أَیُّ عَائِزٍ

ترجمہ: آپؐ کے ربّ نے آپؐ کو سب کچھ عطا کر دیا، (سب کچھ لینے کے بعد) آپؐ قاسم (نعمتیں) بانٹنے والے بن گئے، جو بھی محتاج وضرورتمند آپؐ کے پاس آتا، آپؐ اُسے اَمیر کبیر بنا دیتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَعْطَاہُ، اَلشَّیْءَ: دینا، عطا کرنا۔ اَغْنَاہُ إغْنَاءً: دولتمند بنا دینا، مالدار بنا دینا۔ عَازَ (ن) یَعُوْزُ عَوْزًا. اَلرَّجُلُ: محتاج ہونا، صفت۔ مذکر عَائِزٌ: محتاج۔

ش ۴.

اَطْیَبُ الزَّمَانِ جِئْتَ فِیْہِ اِلَیْنَا
اَجْمَلُ الْبَرَایَا وَاَلْیَنُ الْغَرَائِزِ

ترجمہ: تمام زمانوں سے عُمدہ و پاکیزہ زمانہ وُہی تھا جس میں آپؐ ہمارے پاس تشریف لائے، آپؐ تمام مخلوق سے خوبصورت ہیں، سب سے بڑھ کر نرم طبیعت وعادات کے پیکر ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: طَابَ یَطِیْبُ طِیْبًا: لذیذ ہونا، عُمدہ ہونا، دِل خوش ہونا۔ اَطْیَبُ: اِسم تفضیل؛ عُمدہ، اچھا، لذیذ۔ ج: اَطَائِبُ. جَمُلَ جَمَالًا (ک) خوبصورت ہونا، خوش اخلاق ہونا، صفت مذکر جَمِیْلٌ: اَجْمَلُ اِسم تفضیل: سب سے خوبصورت۔ اَلْبَرَایا. واحِد اَلْبَرِیَّۃُ: مخلوق۔ لَانَ یَلِیْنُ لِیْنًا لِیَانًا، لِیْنَۃً: نرم ہونا، صفت مذکر لَیِّنٌ: نرم۔ اَلْیَنُ: اِسم تفضیل۔ اَلْغَرَائِزُ، واحِد اَلْغَرِیْزَۃُ. طَبائِع: عادتیں۔

ش ۵.

مَنْ یُّطِعْ رَسُوْلَہٗ صِدْقًا مِّنْ قَلْبِہٖ
فَیُضَفُ اِلَی الْفَائِزِیْنَ فَذُّ الْفَائِزِ

ترجمہ: جس نے سچے دِل سے رسولؐ اللہ کی اِطاعت کی،تو (گویا) کامیاب ہونے والوں میں ایک مُنفر دونمایاں کامیاب ہونے والے کااضافہ ہوا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَطَاعَہٗ اِطَاعَۃً: فرمانبرداری کرنا،مُطیع ہونا۔ صِدْقٌ: مصدر،سچائی،سچ۔صَدَقَ (ن) صَدْقًا، صِدْقًا: سچ بولنا۔ اَضَافَ اِضَافَۃً: اَلشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ: مِلانا،اِضافہ کرنا۔ فَازَ (ن) فَوْزًا: کامران ہونا،نجات پانا۔اَلْفَائِزِیْنَ جمع ہے، حالتِ جَرّی یہاں پر،واحِد اَلْفَائِزُ: کامیاب ہونے والے۔

ش ٦.

وَ اَصْحَابُہٗ فَوَارِسُ الْقَوْلِ اِذْ کَانُوْا
یُجِیْبُوْنَ مَنْ ھَجَا وَ سَائِرَ رَاجِزٖ

ترجمہ: حضورؐ کے صحابہ کرام (رضوانُ اللہ علیہم اجمعین) (شاہسوارانِ جنگ کے ساتھ ساتھ) کلام کے بھی شاہسوار تھے، (کیونکہ) وہ مبازرت (دعوتِ جنگ) دینے والے کے رزمیہ اشعار کا (منہ توڑ) جواب دیا کرتے (اِسی طرح) وہ ہجویہ اشعار کہنے والا کا بھی مُسکِت جواب دیا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَصْحَابٌ: واحِد صَاحِبٌ: ساتھی،صحابی۔ فَوَارِسُ، واحِد فَارِسٌ: شہسوار،گھوڑسوار۔ فوارِسُ الْمَقَال: گفتگو پرسواری کرنے والے،ماہرینِ کلام۔ قَالَ یَقُوْلُ قَوْلًا، مَقَالًا: بات کرنا،بولنا۔اَجَابَہٗ، اِجَابًا، اِجَابَۃً: جواب دینا۔ ھَجَاہُ ھَجْوًا ھِجَاءً: عیب جوئی کرنا،مذمت کرنا،معائب شمار کرنا۔ ھَجْوٌ: مصدر،مذمّت،عیب گوئی۔ رَجَزَ رَجْزًا (ن): لڑائی میں جوش وخروش پیدا کرنے کیلئے رَزمیّہ، حَربیّہ اشعار پڑھنا۔اَلرَّجْزُ: رزمیہ اشعار۔ اَلرَّاجِزُ: جنگ میں حربی اشعار گُنگُنا کردعوتِ جنگ دینے والا۔

ش ۷.

فَهُمْ خُبَرَاءُ كُلِّ مَيْدَانٍ حَتّٰى
لَوْ دُعُوْا دُجًى لَّلَبَّوْا كُلَّ مُبَارِزٖ

ترجمہ: پس وہ (صحابہؓ) ہر میدان کے آزمودہ کار وتجربہ کار تھے اگر اُنہیں (ظلماتِ لیل) گھٹاٹوپ اندھیرے میں بھی دعوتِ جنگ دِی جاتی تو دعوتِ جنگ دینے والے کی آواز پرضرور لبّیک کہتے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خُبَرَاءُ، واحِد خَبِيْرٌ: دانا،آزمودہ کار، تجربہ کار،آگاہ۔ مَيْدَان: گُھڑ دوڑ کا مقام، ج: مَيَادِيْن. دُجًى، واحِد دُجْيَةٌ ظلمات،اندھیرے،تاریکیاں۔ لَبّٰى تَلْبِيَةً، النَّادِيَ: جواب دینا،لبّیک کہنا۔ بَارَزَ مُبَارَزَةً: لڑائی کے لیے مقابلہ پر نکلنا۔ اَلْمُبَارِزُ: مقابلہ کی صدا لگانے والا،دعوتِ جنگ دینے والا۔

ش ۸.

عَاجِزٌ مَّنْ لَّمْ يَدْعُ بَلْ اَعْجَزُ النَّاسِ
وَمَنْ يَّدْعُ رَبَّهٗ فَلَيْسَ بِعَاجِزٖ

ترجمہ: جو شخص اپنے ربّ سے دُعا نہ کرے، وہ شخص عاجز ہے (نہ صرف وہ عاجز ہے) بلکہ عاجز ترین ہے،اور جو بھی اپنے ربّ سے دُعا کرتا ہے مانگتا ہے وہ قطعًا عاجز نہیں ہے (اِس مضمون کی حدیث طبرانی نے نیز مجمعُ الزَّوائد نے بروایت حضرت ابوہریرہؓ بیان کی ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَجَزَ عَجْزًا (ض) عَجِزَ عَجْزًا (س) عُجُوْزًا، عن كَذَا: عاجز ہونا، طاقت نہ رکھنا، عَاجِزٌ: فاعِل؛ طاقت نہ رکھنے والا، اَعْجَزُ: اِسمِ تفضیل، سب سے عاجز، بہت عاجز۔ دَعَاهُ (ن) يَدْعُوْ دَعْوَةً دُعَاءً: پکارنا، اِستمداد کرنا۔ نَاس، ج: اُنَاس: لوگ۔

ش ۹ .

فَکَمْ مِنْ جَمِیْلَۃٍ قَدِ الْتَقَمَھَا الْمَوْتُ
وَ رُبَّ جَمِیْلٍ صَارَ جُزْءَ الرَّکَائِزِ

ترجمہ: کتنی خوبرو عورتیں ہیں کہ موت نے اُنہیں اپنا لقمہ بنا ڈالا بہت سارے خوبصورت جوان ہیں کہ جو (موت کے ہاتھوں شکست کھا کر) زمین میں مدفون دفینوں کا حصّہ بن گئے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِلْتَقَمَ: اَلشَّیْءَ: اَوِ الطَّعَامَ: نگلنا۔قرآن مجید میں ہے: (فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ) (سورۃ صافات، رقم:142)
اَلرَّکَائِزُ، واحِد رَکِیْزَۃٌ: زیرِ زمین دفینے، جواہراتِ ارضیہ۔

ش ۱۰ .

اِذَا مَا اِلَی الْقَبْرِ حَمَلْتُمْ جَنَازَۃً
غَدًا فَاعْلَمُوْا لَتُحْمَلُنْ کَالْجَنَائِزِ

ترجمہ: جب کبھی تم کسی جنازے کو قبر کی طرف اُٹھا کر لے جاؤ خوب جان لو، دیگر جنازوں کی طرح تمہیں بھی کل ضرور اُٹھا کر لے جایا جائے گا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: حَمَلَ یَحْمِلُ (ض) حَمْلًا: اَلشَّیْءَ: عَلٰی ظَھْرِہٖ: چیز کو پشت پر لادنا۔
لَتُحْمَلُنْ: فعل مضارع مجہول مؤکّد بانون خفیفہ صیغہ جمع مذکر مخاطب۔
اَلْجَنَائِزُ، واحِد اَلْجَنَازَۃُ: لاشے، مُردگان۔

ش ۱۱ .

کَمَا وُلْدُھُمْ بَکَوْا عَلَیْھِمْ وَاَھْلُوْھُمْ
تَنُوْحُ الصِّغَارُ وَالزَّوْجُ بِالْعَجَائِزِ

ترجمہ: جس طرح اُن مُردگان کے بچے اور اہلِ خانہ گریہ کناں ہوئے (اِسی طرح تیرے موت پر بھی) بوڑھی عورتوں کے ساتھ ساتھ چھوٹے چھوٹے بچے اور خاتونِ خانہ نوحہ کرنے لگ جائے گی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَھْلُوْ: اصل میں اَھْلُوْنَ تھا(ن) اِضافت کی وجہ سے گر گیا۔ واحِد اَھْلٌ: کنبہ، خاندان، رشتہ دار۔ نَاحَتِ الْمَرْءَ ۃُ عَلَی الْمَیِّتِ: متوفی پر رونا۔ اَلْعَجَائِزُ، واحِد اَلْعَجُوْزَۃُ: عمر رسیدہ خواتین۔

ش۱۲.

فَیَوْمَئِذٍ بُرِّزَ لِلْمَرْءِ کَسْبُہٗ
یَدًا بِیَدٍ حُوْسِبَ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ

ترجمہ: تو اس روز ہر کمائی کرنے والے کی کمائی ظاہر کر دی جائیگی (یعنی سامنے لائی جائیگی کسی کو اپنے کیئے دھرے پر اِنکار نہ ہوگا) دست بدَست، نقد و موجود حِساب لیا جائیگا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: بَرَّزَ: اَلشَّیْءَ: ظاہر کرنا، نِکال باہر کرنا، جیسے قرآن میں ہے:(وَ بُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِمَنْ یَّرٰی)(النازعات، آیت36) بَرَّزَ: اَلرَّجُلُ عَلٰی زُمَلَائِہٖ فِی الْعِلْمِ: علم میں اپنے ساتھیوں سے بڑھ جانا۔ اَلْمَرْءُ اَلْمِرْءُ اَلْمُرْءُ: - میم کی تین حرکتوں کے ساتھ: آدمی؛ اِس کی جمع بغیرِ لفظہ رِجَالٌ ہے۔ جیسے؛ اَلْمَرْءَ ۃ: (عورت) کی جمع نِسَاءٌ نِسْوَۃ ہے۔ کَسَبَ کَسْبًا (ض) کِسْبًا: اَلْمَالَ وَ الْعِلْمَ: کمائی کرنا، جمع کرنا، طلب و حاصل کرنا۔ کَسْبٌ: کمائی، حصول، جمع پُونجی۔ یَدًا بِیَدٍ: دَست بدَست، نقد موقع پر۔ نَاجِزٌ بِنَاجِزٍ: حاضر و موجود، نقد۔ حَاسَبَہٗ حِسَابًا مُحَاسَبَۃً: حِساب کی جانچ پڑتال کرنا۔ حُوْسِبَ مجہول اَزْ حَاسَبَ: حُوْسِبَ حِساب لیا گیا۔

اَلسِّیْنُ

وَمِنْ خُلُقِهٖ شَاوَرَ صَحْبَهٗ فِیْ اَمْرٍ ... بِشُوْرٰی نَبِیِّنَا أَضَاءَ تِ الْمَجَالِسُ
تَاَدَّبَ صَحْبُهٗ فَصَارُوْا مُؤَدِّبِیْنَ ... ظَلُّوْا جُلُوسًا حَوْلَهٗ وَهُمْ نَوَاكِسُ
فَاَصْحَابُهٗ كَانُوْا غُزَاةً كُلُّهُمْ ... فَلَمْ یُرَصَحَابِیٌّ كَأَنَّهٗ مُرائِسُ
بَرَعُوْا الْفُرُوْسَة وَ أَتْقَنُوْا السِّیَافَةَ ... كُلُّ وَاحِدٍ مِنهُمْ جُنْدِیٌّ فَارِسُ
وَكَانُوْا یُنِیْمُوْنَ أعَادِیْ اِلٰهِهِمْ ... فَیَنهَلْنَ مِنْهُمُ الْعَطْشٰی الْمَدَاعِسُ
اَشَبَّ عَلٰی لِبَانِ الْعَدْلِ صِحَابُهٗ ... عُدُوْلٌ جَمِیْعُهُمْ وَكُلٌّ قَوَابِسُ
وَاِنِ اسْتَغَاثُوْا فَیُغَاثُ بِأُسْكُوْبٍ ... نَزَلَتْ بِهِمْ لَوِ السِّنُوْنُ الْأَحَامِسُ
اِذَا مَا غَدَا الْمُهَاجِرُوْنَ دَامِعِیْنَ ... فَحفَّتْ قُرَیْشاً اَیَّامٌ نَوَاحِسُ
طَارَعَنْهُمُ النَّوْمُ فَبَاتُوْا سَاهِرِیْنَ ... تُسَهِّدُهُمُ الدُّجٰی تُخِیْفُهُمُ الرَّوَامِسُ
وَمَنْ یَّكُ مُؤمِنًا حَقًّا فَتُطِعْهُ ... السِّباعُ كَذَا یَرْعَبُ مِنْهُ الْهُرَامِسُ
اِنَّمَا عُقْبَانَا قِطَافُ اَعْمَالِنَا ... وَلاكِنْ دُنْیَانَا مَنَابِتُ مَغَارِسُ
اِنْ دُنْیَانَا اِلَّارَوْضُ الْكُفَّارِ ... لِعِبَادِ رَبِّهِمْ مَضَائِقُ مَحَابِسُ
یَا صَانِعَ الشُّرُوْرِ ضُمَّ عَلٰی یَدَیْكَ ... لِأَنَّهُمَا شَهِیْدَانِ وَالْأَبَاخِسُ
لَا یَسْتَوِیْ صَحْبُ الْجِنَانِ وَ اللَّظٰی ... وَلَا یَسْتَوِی الْأَكْشَفُ ثُمَّ التَّارِسُ

مَصِیْرُ الْوَرٰی حَسْبَ تَقْدِیْمِ كَسْبِهِمْ
فَكَیْفَ یُسَاوِی الْاَعْلَوْنَ وَ الْخَسَائِسُ ؟

☆☆☆

ش ۱.

وَمِنْ خُلُقِهٖ شَاوَرَ صَحْبَهٗ فِیْ اَمْرٍ
بِشُوْرٰی نَبِیِّنَا أَضَاءَ تِ الْمَجَالِسُ

ترجمہ: آپؐ کے اخلاقِ کریمانہ میں یہ بھی تھا کہ (خصوصی) مُعاملات میں حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اپنے صحابہ کرام رضوانُ اللہ علیہم اجمعین سے مشورہ لیا کرتے تھے، ہمارے پیغمبرؐ کے مجالسِ ''شُوریٰ'' سے مجلسیں منوّر ہوا کرتی تھیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خُلُقٌ، خُلُقٌ: عادت وسیرت، طبیعت ومروّت۔ شاوَرَہٗ: فِیْ اَمْرٍ: مشورہ طلب کرنا۔ صَاحِبٌ واحِد: ساتھی، دوست ج: اَصْحَابٌ، صَحْبٌ وغیرہ۔ اَمْرٌ، ج: اُمُوْرٌ معاملہ، کام۔ اَضَاءَ اِضَاءَ ۃً: روشن ہونا۔ اَلْمَجَالِسُ: محفلیں، مجلسیں واحِد: اَلْمَجْلِسُ.

ش ۲.

تَأَدَّبَ صَحْبُهٗ فَصَارُوْا مُؤَدِّبِیْنَ
ظَلُّوْا جُلُوسًا حَوْلَهٗ وَهُمْ نَوَاكِسُ

ترجمہ: حضورؐ کے صحابہؓ نے (معلم الآداب حضورؐ) سے اَدب سیکھا (بالآخر) اَدب سِکھانے والے بن گئے، (جب) وہ حضور کی محفل میں بیٹھا کرتے، تو سروں کو جُھکائے ہوئے بیٹھا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَأْدَبَ، تَأَدَّبَ: اَدب سیکھنا، مہذب وشائستہ بننا۔ صَارَ یَصِیْرُ صَیْرُوْرَۃً، مَصِیْرًا: لوٹنا، ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ یہاں پر بطورِ فعل ناقص اِسکا استعمال ہوا ہے۔ مُؤدبین ج ہے، مؤدِبٌ کی حالت نصبی کی وجہ سے مُؤَدبین آیا ہے۔ اَدَّبَ تَأْدِیْبًا: اَدب سکھانا۔

ش ۳.

فَـاَصْـحَـابُـهٗ كَـانُـوْا غُـــــزَاةً كُلُّهُمْ

فَـلَـمْ يُـرَصَـحَـابِـيٌّ كَـأَنَّـهٗ مُـرائِـسُ

تــرجــمــه: آپؐ کے تمام صحابہ کرام رضوانُ اللہ علیھم اجمعین آزمودہ کارِ (رزم گاہ) جنگجو تھے، کوئی اِیسا صحابی کبھی دِکھائی ہی نہیں دیا جو میدانِ جہاد سے راہِ فِرار اختیار کر رہا ہو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَزَا غَزْوًا غَزَاوَةً، غَزَوَانًا. اَلْقَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کرنے کیلئے جانا۔ جہاد فی سبیل اللہ کیلئے نکلنا۔ غُزَاةٌ: واحِد غازِیٌ مجاہدین، جنگجُو۔ مُرَائِسُ: جنگ سے جی چُرانے والا۔

ش ۴.

بَـرَعُـوْا الْـفُـرُوْسَةَ وَ اَتْـقَـنُـوْا السِّـيَـافَةَ

كُـلُّ وَاحِـدٍ مِـنْـهُـمْ جُـنْـدِيٌّ فَـارِسُ

تــرجــمــه: وہ گھوڑسواری وشہسواری میں زیرک ومشّاق تھے، شمشیرزنی میں قدرتِ کامِلہ رکھتے تھے، اُن میں سے ہر ایک فرد بہادر سپاہی تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بَـرِعَ (س) بَـرَعَ (ن) بَـرُعَ (ک) بَـرَاعَةً، بُرُوْعًـا: علم، فضل، جمال وغیرہ میں کامل ہونا۔ صفت بَـارِعٌ: فَـرُسَ (ک) فَرَاسَةً، فُرُوْسَةً: گھوڑ سواری کرنا، شہسواری میں زیرک وماہر ہونا۔ اَلْفُرُوْسَةُ: مصدر؛ گھوڑسواری۔ اَتْـقَـنَ اِتْقَانًا: اَلْأَمْرَ: مضبوطی وعمدگی سے کرنا۔ جُنْدِيٌّ: سپاہی، فوجی ج: جُنْدٌ، جُنُوْدٌ اَجْنَادٌ. فَارِسٌ: بہادر، گھوڑسوار، جنگجو ج: فَوارِسُ، فُرْسَانٌ.

ش ۵.

وَكَـانُـوْا يُـنِيـمُـوْنَ أَعَـادِىْ اِلٰهِهِـمْ
فَيَنْهَـلْـنَ مِـنْهُـمُ الْـعَـطْشٰـى الْمَدَاعِـسُ

ترجمہ: وہ اپنے معبودِ حقیقی کے دشمنوں کو موت کی نیند سُلا تے تھے، (ایسے میں) پیاسے نیزے اُن اَعداءِ اِلٰہی کے خون سے سیراب ہوجایا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَنَامَهٗ، اِنَامَةً: سُلانا، موت کی نیند سُلانا۔ اَعَادِیْ، واحِد: عَدُوٌّ دشمن۔ نَهِلَ نَهْلًا مَنْهَلًا پہلی بار پینا۔ نَهِلَ مِنْهُمْ: اُن کا خون پینا۔ اَلْمَدَاعِسُ: واحِد اَلْمِدْعَاسُ: نیزے۔ مُلاحَظه: - صفت الْعَطْشٰی کو موصوف پر مقدم کیا ضرورتِ شعریہ و بیانیہ کے تحت، جیسے قرآنِ مجید میں ہے: (فِجَاجًا سُبُلًا) اور (اَلصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ).

ش ٦.

اَشَـبَّ عَـلٰـى لِبَانِ الْـعَـدْلِ صِحَابُـهٗ
عُـدُوْلٌ جَـمِيْـعُهُـمْ وَكُـلٌّ قَـوَابِـسُ

ترجمہ: رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے صحابہ رضوانُ اللہ علیہم اجمعین شیرِ عدل پر پروان چڑھے، وہ سارے کے سارے اِنصاف کرنے والے تھے، اور وہ اچھی بات سِکھانے والے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: شَبَّ الْوَلَدُ: جوان ہونا، اَشَبَّ عَلٰی: کسی چیز پر پلنا، پروان چڑھنا۔ لِبَانٌ: دودھ، عَدَلَ عَدْلًا (ض) عَدَالَةً، عُدُوْلَةً: اِنصاف کرنا، صفت عَادِلٌ ج عُدُوْلٌ اِنصاف کرنے والے، قَوَابِسُ: اچھی بات سکھانے والے لوگ۔

ش۷.

وَاِنِ اسْتَغَاثُوْا فَيُغَاثُ بِأُسْكُوْبٍ

نَّزَلَتْ بِهِمْ لَوِ السِّنُونُ الْأَحَامِسُ

ترجمہ: اگر وہ بارانِ رحمت کیلئے فریاد کرتے تو لگا تار برسنے والی بارش کے ذریعے اُن کوشرفِ قبولیت دی جاتی، اگر چہ اُن پر سخت قحط کے سالوں کا راج ہوتا، دُعا کرنے پر، چھما چھم ابرِ کرم کا نزول ہوتا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَغَاثَةٌ: مدد طلب کرنا، (بارش مانگنا مجازًا) غَاثَهُ غَوْثًا، اَغَاثَهُ اِغَاثَةً: مدد کرنا، اِعانت کرنا۔ سَكَبَ (ن) سُكُوْبًا، اِنْسَكَبَ: اَلْمَاءُ: اَلْمَطَرُ: بارش اُترنا، پانی کا بہنا۔ اُسْكُوْبٌ، سَكْبٌ: مسلسل بارش۔ اَلسِّنُوْن واحِد اَلسَّنَةُ: قحط کے سال، سال۔ نَزَلَ (ض) يَنْزِلُ نُزُوْلًا: اُترنا۔ اَلْأَحَامِسُ واحِد حَمْسَاءُ: سخت قحط کے سال۔

ش۸.

اِذَا مَا غَدَا الْمُهَاجِرُوْنَ دَامِعِيْنَ

فَحَفَّتْ قُرَيْشاً اَيَّامٌ نَّوَاحِسُ

ترجمہ: جب مہاجرین مکّہ بَلَدِ حَرام سے اَشک بہاتے، آنسو پونچھتے ہوئے ہجرت کرنے لگے تھے، تو قریش مکہ کو منحوس دِنوں نے گھیرنا شروع کردیا، (یعنی انکی راحت وخوشی کے ایّام، نحوست کے شب وروز میں بدل گئے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَـدَا یَـغْدُوْا غَدُوًّا: صبح کے وقت جانا، یہاں پر بطورِ فعل ناقص بمعنی صَار، ظَلَّ مستعمل ہے۔ اَلْـمُهَـاجِرُوْنَ، واحِد اَلْمُهَاجِرُ: اللہ کی خاطر ہجرت کرنے والے۔ دَامِعِیْنَ حالتِ نصبی جمع ہے، واحِـد دَامِعٌ آنسو بہانے والے۔ اَحَـاطَ: بِـهٖ: گھیر لینا، اِحاطہ کرنا۔ اَیَّـامٌ واحِـد، یَوْمٌ: دِن، روز۔ نَـوَاحِـسُ، واحِد نَحْـسٌ: منحوس۔اَیَّـامٌ نَوَاحِسُ: مرکب توصیفی، نا مبارک یا نامُساعِد ایّام۔

ش ۹ .

طَـارَعَـنْهُـمُ الـنَّـوْمُ فَبَـاتُـوْا سَـاهِـرِیْـنَ
تُسَهِّـدُهُـمُ الـدُّجٰی تُـخِیْـفُهُمُ الرَّوَامِـسُ

تـرجـمـہ: اُنکی آنکھوں سے نیند اُڑ گئی، وہ رات بھر (کروٹیں بدلتے) جاگتے رہتے تھے (نیز) ظُلمتِ شب اُنہیں جگائے رکھتی تھی، رات کو (کچھاروں سے) نکلنے والے درندے اُنہیں خوف زدہ کیئے رکھتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: طَـارَ یَطِیْرُ طَیْرًا، طَیَرَانًا: اُڑنا، پرواز کرنا۔بَاتَ فعل ناقِص رات گزارنا۔ سَهِـرَ سَهَـرًا (س) رات بھر بیدار رہنا، ساری رات جاگتے ہی گزار دینا۔ سَـاهِرِیْنَ، سَاهِرٌ کی جمع ہے، حالت نصبی، شب بھر جاگنے رالے۔ سَهَّدَهٗ: بیدار رکھنا، جگائے رکھنا۔ اَلـدُّجٰی، واحِـد الدُّجْیَةُ: تاریکی، ظلمتِ شب، شب کی سیاہی، گھٹاٹوپ اندھیرا۔ أَخَـافَـهٗ اِخَـافَةً: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔ اَلرَّوَامِسُ، واحِد اَلرَّامِسُ: رات کو نکلنے والے وحشی درندے، پرندے۔

ش ۱۰ .

وَمَـنْ یَّکُ مُـؤْمِـنًـا حَـقًّـا فَتُـطِعْـهُ
السِّبَـاعُ کَـذَا یَـرْعَـبُ مِنْـهُ الْهُـرَامِـس

ترجمہ: جوکوئی سچاپکّا حقیقی مؤمن ہوتا ہے،تو جنگلی دِرندے بھی اُس کی اِطاعت کرنے لگ جاتے ہیں اسی طرح لوگوں پرحملہ کرنے والاسخت شیر بھی اُس سے مرعوب ہوکرخوفزدہ رہتاہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَعَبَ (ف) رَعْبًا، رُعُبًا: خوف کھانا،خوف کرنا۔ اَلسِّبَاعُ، واحِد اَلسَّبُعُ: درندے۔اَطَاعَہٗ اِطَاعَةً، طَاعَةً: مُطیع ہونا،تابِع فرمان ہونا، فرمانبردارہونا۔اَلْھُرَامِسُ :لوگوں پرحملہ آورسخت شیر۔

ش ۱۱.

اِنَّمَا عُقْبَانَا قِطَافُ اَعْمَالِنَا
وَلٰکِنْ دُنْیَانَا مَنَابِتُ مَغَارِسُ

ترجمہ: آخرت تو بس صرف ہمارے(کیئے دھرے)اعمال کے پھل توڑنے،چُننے کا موسم ہے،لیکن ہماری دُنیا بیج کاری وکاشتکاری کی سرزمین ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عُقْبٰی: آخرت،کام کابدلہ،ہرچیز کاآخِروانجام۔ قَطَفَ، قَطَّفَ، اِقْتَطَفَ: پھل توڑنا،پھل جمع کرنا۔قِطَافُ: پھل توڑنے کاموسم۔ دُنْیَا: موجودہ زندگی،ج: دُنٰی. مَنَابِت: واحِد مَنْبِتٌ: اُگنے کی جگہ۔ مَغَارِسُ، واحِد مَغْرِسٌ: پودہ یاپھل اُگانے کی جگہ،کاشتکاری کی زمین۔

ش ۱۲.

اِنْ دُنْیَانَا اِلَّارَوْضُ الْکُفَّارِ
لِعِبَادِ رَبِّھِمْ مَضَائِقُ مَحَابِسُ

ترجمہ: ہماری دُنیاتو کفارکیلئے بس باغ وبہشت بریں ہے،مگررَبّ کے بندوں کیلئے یہ تنگ قیدخانہ ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَوْضٌ: واحِد رَوْضَةٌ: باغات۔اَلْکَافِر، ج: اَلْکُفَّارُ. عِبَادٌ، واحِد عَبْدٌ: بندے۔ضَاقَ یَضِیْقُ ضِیْقًا، ضَیْقًا: تنگ ہونا۔مَضَائِقُ، واحِد مَضِیْقٌ: تنگ مَقامات۔ مَحَابِسُ، واحِد مَحْبَسٌ: قیدخانے۔مَحَابِسُ مَضَائِقُ: مرکب توصیفی،تنگ قیدخانے۔

ش ۱۳.

یَـا صَـانِعَ الشُّـرُوْرِ ضُمَّ عَلٰی یَدَیْکَ
لِأَنَّهُـمَـا شَهِیْـدَانِ وَالْأَبَـاخِـسُ

تـرجـمـہ: اَے بُرائی کرنے والے! اپنے ہاتھوں کو قابو میں رکھ، کیونکہ یہ دونوں ہاتھ، اور اُنگلیاں تیرے خِلاف گواہی دینے والیاں ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَنَعَ (ف) صَنْعًا، صُنْعًا: اَلشَّیْءَ: بنانا۔اَلشُّرُوْرُ، واحِد شَرٌّ: بُرائی۔ ضَمَّ (ن) ضَمًّا. عَلَی الشَّیْءِ: قبضے میں رکھنا،قابو کرنا۔ شَہِدَ شَہَادَةً: گواہی دینا۔ شَہِیْدٌ: گواہ،مذکر۔ اَلْأَبَاخِسُ: انگلیاں۔

ش ۱۴.

لَا یَسْتَوِیْ صَحْبُ الْجِنَانِ وَ اللَّظٰی
وَلَا یَسْتَـوِی الْأَکْشَفُ ثُـمَّ التَّـارِسُ

تـرجـمـہ: (جیسے) میدانِ جہاد میں بغیر ڈھال کے لڑنے والا اور ڈھال اُٹھا کر لڑنے والا برابر نہیں ہو سکتے، (بالکل ایسے ہی) بہشت بریں کے رہائشی مسلمان اور جہنمی لوگ بھی برابر نہیں ہو سکتے۔(حَاشَا وَکَلَّا!)

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلتَّارِسُ: ڈھال اُٹھا کرلڑنے والا۔ اَلْأَکْشَفُ مُتضاد ہے۔ صِحَابٌ، واحِد صَاحِبٌ: ساتھی، دوست، والا۔ صِحَابُ الْعَدْنِ: جنت والے، عَدَنَ عَدْنًا (ض،ن) عُدُوْنًا. بِالْمَکَانِ: اِقامت کرنا، مُستقر ومسکن بنانا۔ جَنَّاتُ عَدْنٍ؛ رہائشی باغات، بہشت بریں۔ اَللَّظٰی: دوزخ، جہنم، لپٹ۔

ش ۱۵.

مَصِیْرُ الْوَرٰی حَسْبَ تَقْدِیْمِ کَسْبِهِمْ
فَکَیْفَ یُسَاوِی الْاَعْلَوْنَ وَ الْخَسَائِسُ ؟

ترجمہ: لوگوں کے (اُخروی) ٹھکانے اُن کے آگے بھیجے گئے اَعمال کے موافق ہونگے (بلحاظِ اَعمال)، اعلیٰ مراتب کے لوگ اور ادنیٰ درجہ کے لوگ کیسے برابر ہو سکتے ہیں؟

حَلُّ اللُّغَةِ: سَاوٰی مُسَاوَاةً: برابر وہم پلہ ہونا، برابر کرنا، لازم ومتعدی۔ أَعْلَوْن اسم تفضیل جمع مذکر اَعْلٰی واحد ہے۔ اَلْخَسَائِسُ، واحِد خَسِیْسٌ: گھٹیا اور معمولی درجہ کے لوگ۔ مَأْوٰی: پناہ گاہ، آواهُ: پناہ دینا۔ آوٰی إِلَیْهِ: پناہ دینا، بسیرا کرانا، ٹھکانا دینا۔ آوَی الدَّارَ: پناہ لینا، بسیرا کرنا۔

﴿...... اَلشِّیْنُ ......﴾

وَمَنْ یَّتْبَعْ رَسُوْلَهٗ فَیُحِبُّهٗ	وَیَکْرَهُ کُلَّ کَافِرٍ مَّنْ یَّفِیْشُ
وَکَانَ یُشِیْرُ صَحْبَهٗ وَیَسْتَشَارُهُمْ	بِجَلْسَةِ رَسُوْلِنَا تَزَیَّنَ الْعَرِیْشُ
وَأَضْحٰی یَتِیْمًا قَبْلَ مِیْلَادِهٖ حَتّٰی	بِغَیْرِ النَّفِیْرِ مِنْهُ خَافَتِ الْقُرَیْشُ
خِلَافَ الرَّسُوْلِ اَصْبَحُوْا مُنْهَزِمِیْنَ	وَکَانَ لَهُمْ کَمَوْجِ الْبُحُوْرِ جَیْشُ
بِسَیِّدِ تَابِعِیْهِ لَقَّبَ یَمَانِیًا	إِنَّهٗ أُوَیْسٌ عَرُوْقٌ بَرِیْشُ

لَعَلَّ اَرَادَبْنَ مُرَادٍ بِّدُعَائِهٖ		فَمَفْخَرُ اَهَالِیْهَا فَمَالَهٗ نَقِیْشٌ
جَمِیْعُ الْمُخَدِّرَاتِ قَدْ حُرِّمَتْ لَنَا		کَذَالِکَ حُرِّمَتْ عَلَیْنَا الْحَشِیْشٌ
مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِرَبِّهٖ فَسَائِرُ		الْوَرٰی قَدْ اَحَبَّهٗ کَذَالِکَ الْوَحِیْشٌ
مَنْ جَعَلَ إِلٰهَهٗ هَوَاهُ فَمَأْوَاهُ		الَّظٰی لَایَمُوْتُ هٰهُنَا وَلَا یَعِیْشٌ
فَارْجُوْ هُنَاکَ مِنْ شَفِیْعٍ مُّشَفَّعٍ		لِّیَسْتُرَنِیْ بِالذَّیْلِ اِذْ أَنَا رَعِیْشٌ
فَلَاشَکَّ تَقْطُرُ الْبَرَاعَةُ مِنْ قَلَمِیْ		بِبَرْکَةِ نَعْتِهٖ قَدْ یُرٰی التَّرْقِیْشٌ
فَلَمْ یُفِدِ الْحَرْثَ وَابِلٌ حُطَامَهٗ		بَلْ یُفِیْدُهٗ وَقْتَ قِیَامِهٖ التَّمْرِیْشٌ
وَمَنْ لَّایُنَافِسْ فِیْ دُنْیَاهُ بَلْ یَرْغَبْ		إِلٰی رَبِّهٖ فَذَاکَ اَغْنٰی دَرْوِیْشٌ

أَضَرَّ مِنَ السُّمُوْمِ یَحْسَبُ دُنْیَاهُ
فَتِلْکَ تُخِیْفُهٗ لَیْسَتِ الْحَنَافِیْشٌ

☆☆☆

ش ا .

وَمَنْ یَّتَّبِعْ رَسُوْلَهٗ فَیُحِبُّهٗ
وَیَکْرَهُ کُلَّ کَافِرٍ مَّنْ یَّفِیْشٌ

ترجمہ: جو بھی اللہ تعالیٰ کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اِتّباع کرتا ہے، اللہ تعالےٰ اُس سے محبت کرتا ہے، (جبکہ) اللہ تعالیٰ ہر متکبر کافر سے نفرت کرتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: کَرِهَ (س) کَرْهًا کُرْهًا، کَرَاهَةً، کَرَاهِیَةً: اَلشَّیْءَ: ناپسند کرنا، نفرت کرنا۔ فَاشَ یَفِیْشُ فَیْشًا: تکبر کرنا، اِترانا، فخر کرنا؛ صفت مذکر۔
فَائِشٌ: متکبر۔

ش ۲.

وَكَــانَ يُشِيْــرُ صَــحْبَــهٗ وَيَسْتَشَــارُهُــمْ
بِــجَــلْسَةِ رَسُــوْلِــنَـا تَـزَيَّنَ الْـعَـرِيْــشُ

تــرجــمــہ: آپؐ اپنے صحابہؓ کرام کومشورہ وحکم دیا کرتے تھے، نیز آپؐ اُن سے مشورہ لیا کرتے تھے، رسولؐ اللہ کی موجودگی سے (رزم گاہ میں آپؐ کیلئے بنایا گیا) چبوترہ مُزَیّن ہوا کرتا تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَشَارَهٗ اِشَارَةً، اِشارہ کرنا، حکم دینا، نصیحت کرنا۔ اِسْتَشَارَهٗ اِسْتِشَارَةً: مشورہ لینا۔ تَـزَيَّنَ تَزَيُّنًا: آراستہ ہونا، زینت اختیار کرنا۔ جَلَسَ جُلُوْسًا (ض) وَمَجْلَسًا: بیٹھنا۔ اَلْعَرِيْشُ: چھپر، چبوترہ۔

ش ۳.

وَأَضْــحٰــى يَتِيْــمًــا قَبْـلَ مِيْلَادِهٖ حَتّٰــى
بِغَيْــرِ الــنَّفِيْــرِ مِــنْــهُ خَـافَـتِ الْقُـرَيْـشُ

تــرجــمــہ: حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم دُنیا میں تشریف آوری سے قبل ہی یتیم ہو گئے تھے، (باوجودیکہ، آپؐ یتیم تھے، اُس وقت) آپ کے پاس جماعت نہ تھی (مگر پھر بھی) قریش آپؐ سے خائف رہا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَضْــحٰــى: فعل ناقص (چاشت کے وقت داخل ہو جانا)، مگر یہاں پر بطورِ اخواتِ ''كَـانَ'' مستعمل ہے۔ يَتِيْـمٌ واحِد، ج: يَتَـامٰى، اَيْتَـام وغیرہ۔ دُرِّيَتِيْمٌ: یکتا موتی، بیش بہا، بینظیر موتی۔ مِيْلَادٌ: پیدائش کا وقت۔ اَلنَّفِيْرُ: جماعت، جنگجو لوگوں کا گروہ۔ خَافَ (س) خَوْفًا، خِيْفًا، مَخَافَةً، خِيْفَةً: گھبرانا، خوف کھانا، ڈرنا۔

ش ۴.

خِلَافَ الرَّسُوْلِ اَصْبَحُوْا مُنْهَزِمِيْنَ
وَكَانَ لَهُمْ كَمَوْجِ الْبُحُوْرِ جَيْشٌ

ترجمہ: (اگرچہ) قُریش کے پاس مُتلاطم سمندروں کی مانند لشکر و سپاہ تھے، (مگر پھر بھی) وہ رسولُ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے خلاف (جنگ میں) شکست خوردہ ہو گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَصْبَحَ: صُبح کے وقت میں داخل ہونا؛ مگر اِس مقام پر بطورِ فعلِ ناقص کَانَ صَارَ کے معنی میں ہے۔ اِنْهَزَمَ: اَلْجَيْشُ: شکست کھایا، جَيْشٌ ج جُيُوْشٌ لشکر، سپاہ۔

ش ۵.

بِسَيِّدِ تَابِعِيْهِ لَقَّبَ يَمَانِيًا
اِنَّهُ اُوَيْسٌ عَرُوْفٌ بَرِيْشٌ

ترجمہ: آپؐ نے ایک یمنی کو ''تابعین کا سردار'' کے لقب سے نوازا، وہ یمنی سیدنا اُویس رضی اللہ عنہ ہیں، آپؓ عارفِ وصابر اور سُفید (بَرَص کے) داغوں والے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لَقَّبَهٗ:بِہٖ: لقب عطا کرنا۔ سَیِّدٌ ج سَادَةٌ، اَسْیَادٌ، سَیَائِدُ: سردار۔ اَلتَّابعین، واحِد اَلتَّابِعِیُ: وہ مسلمان جس نے کسی صحابی کوحالتِ ایمان میں دیکھا ہواور دیکھنے والا حالتِ ایمان میں فوت ہوا ہو۔ یَمَانِیُ: یمن کا باشندہ، نسبت کیلئے، یَمَانِیُ، یَمَانِیٌّ، یَمْنِیُ آتا ہے۔ اُوَیْسٌ رضی اللہ عنہ (سیدنا اویس بن عامر، قَرْنی، یَمْنِی) اُوَیْسٌ مَعْنَاهُ فی اللُّغَةِ الْعَرَبِیَّةِ، اَلذِّئْبُ وَ السِّرحَانُ. (بھیڑیا)عَرُوْفٌ: عارف،صابر۔ بَرِیْشٌ: سفید داغوں والا، بَرَص یا کوڑھ کے نِشانوں والا۔

ش ٦.

لَعَلَّ اَرَادَبَنَ مُرَادٍ بِدُعَائِہٖ

فَمَفْخَرُ اَهَالِیْهَا فَمَالَهٗ نَقِیْشٌ

ترجمہ: حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اہلِ یمن کے لیے دُعا کی شاید اِس دُعا سے آپ کی مُراد قبیلہ بنی مُراد کے فرزند دِلبند حضرت اویس قرنی ہی ہیں جن پر باشندگانِ یمن کو بجاطور پرفخر ہے (اہالیانِ یمن کا طُغرۂ اِمتیاز وہی تو ہیں) جنکی نظیر نہیں ملتی نہ اُن کا کوئی ساجھی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَشَارَ یُشِیْرُ: إلٰی: اشارہ کرنا،نشاندہی کرنا۔ نَقِیْشٌ: نظیر،مِثل،مُشابہ،شبیہ

ش ۷.

جَمِیْعُ الْمُخَدِّرَاتِ قَدْ حُرِّمَتْ لَنَا

كَذَالِکَ حُرِّمَتْ عَلَیْنَا الْحَشِیْشُ

ترجمہ: عقل میں بگاڑ پیدا کرنے والی تمام اشیاء ہمارے لیئے حرام کر دی گئی ہیں، اِسی طرح بَھنگ (جو عقل میں فساد پیدا کرتی ہے) بھی ہم پر حرام کر دی گئی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْـمُـخَـدِّرَاتُ، واحِـد: اَلْـمُـخَـدِّرَةُ: عقل کوزائل کرنے والی چیزیں، منشیات۔ اَحْـرَمَ اِحْـرَامًـا: حَـرَّمَ تَـحْـرِيْـمًـا: اَلشَّـیْءَ: حرام کرنا۔ اَلْحَشِيْشُ، واحِد: اَلْحَشِيْشَةُ: بھنگ۔

ش ۸.

مَــنْ اَسْـلَـمَ وَجْهَــهٗ لِـرَبِّــهٖ فَسَـائِـرُ
الْـوَرٰی قَـدْ اَحَبَّـهٗ كَـذَالِكَ الْـوَحِيْـشُ

تــرجــمــه: جوکوئی اپنے پروردگار کے سامنے سرِ تسلیم خم کردے،تو ساری مخلوق اُس سے محبت کرنے لگ جاتی ہے؛ اِسی طرح وحشی درندے بھی (بجائے شِکار کرنے کے اُسکی نظر کا شکار ہوکر) اُس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَسْـلَـمَ اِسْلَامًـالَـهٗ: مطیع وفرمانبردار،سرِ تسلیم خم کرنا،تسلیم ورضا کا پیکر ہونا۔ وَجْـهُ، ج: وُجُـوْهٌ، اَوجُهٌ: چہرہ،رُخ۔ اَلْكَوْنُ: کائنات۔أَحَبَّهٗ: محبت کرنا، پیار کرنا۔اَلْوَحِيْشُ: جنگلی جانور،درندے۔

ش ۹.

مَــنْ جَـعَـلَ اِلٰــــــهَـــهٗ هَـوَاهُ فَـمَــأْوَاهُ
الـلَّـظٰـی لَايَـمُـوْتُ هٰــهُـنَـا وَلَا يَعِيْــشُ

تــرجــمــه: جس نے بھی اپنے خواہشِ نفس کو اپنا معبود بنالیا (یعنی جو جی چاہے وہی کرتا چلا جائے) تو اُس کا ٹھکانہ دوزخ ہے، یہاں پر نہ تو اُسے موت آئیگی اور نہ ہی (حقیقی طور پر) زندہ رہے گا، یعنی متنوّع عذاب کی وجہ سے ہر وقت قریب المرگ ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: جَعَلَ جَعْلًا (ف)؛ بنانا،کردینا۔ إِلٰهٌ، ج: آلِهَةٌ: معبود۔هَوَیٰ؛ خواہشِ نفس،عشق ۔ مَصِیرٌ: مُنتہائے آب،انجام،انجام کار۔ عَاشَ یَعِیشُ عَیْشًا: زندہ رہنا۔

ش ١٠.

فَارْجُوْ هُنَاکَ مِنْ شَفِیْعٍ مُّشَفَّعٍ
لِّیَسْتُرَنِیْ بِالذَّیْلِ اِذْ أَنَا رَعِیْشٗ

ترجمہ: وہاں پر (روزِ حشر) جب مجھ پر کپکپی طاری ہوگی، میں اُس ذات سے، جو سفارش کرنے والی ہے اور جنکی شفاعت کو پذیرائی ملنے والی ہے، سے اُمید کرتا ہوں کہ وہ مجھے اپنے دامنِ رحمت میں چُھپالیں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَعِشَ رَعَشًا (س): کانپنا،لرزہ براندام ہونا۔ رَعِیْشُ، رَعِشٌ صفت ہے،کانپنے والا۔ رَجَا یَرْجُوْ (ن) رَجَاءً، رَجْوًا؛ پُرامید ہونا،اُمید لگانا۔ شَفِیْعٌ: سفارشی، ج: شُفَعَاءُ. مُشَفَّعٌ: وہ جسکی سفارش قبول کی جائے۔ سَتَرَ (ن،ض) سَتْرًا: اَلشَّیْءَ: چُھپانا،ڈھانکنا۔ سَتَّرَ: اَیْضًا: ڈھانکنا، چُھپانا۔ ذَیْلٌ :دامن، ج: اَذْیَالٌ .

ش ١١.

فَلاشَکَّ تَقْطُرُ الْبَرَاعَةُ مِنْ قَلَمِیْ
بِبَرْکَةِ نَعْتِهٖ قَدْ یُریٰ التَّرْقِیْشٗ

ترجمہ: کچھ شک نہیں میرے قلم سے مہارتِ کلام ٹپکی ہے (اس میں میرا کچھ کمال نہیں) پس یہ ساری سجاوٹِ کلام جو دکھائی دے رہی ہے،حضورؐ کے نعت کی برکات کی مرہونِ مِنَّت ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قَطَرَ قَطْراً (ن) اَلْمَاءُ: قطرہ قطرہ پانی ٹپکنا۔ بَرِعَ (س) بَرُعَ (ک) بَرَعَ (ن) بَرَاعَةً، بُرُوْعًا: علم، جمال یا فضیلت میں کامل ہونا۔ بَرَاعَةٌ: مصدر، کمال، فضیلت، مہارت۔

بَرْكَةٌ: فضیلت و برکت، ج: بَرَكَات. نَعْتٌ، ج: نُعُوْتٌ: مدح و تعریف، وصف۔ رَقَّشَ تَرْقِيْشًا: اَلْكَلَامَ: سجانا، لکھنا، اپنی طرف سے واضح کرنا۔ أَلتَّرْقِيْشُ: سجاوٹِ کلام، مصدر ہے۔

ش ۱۲ .

فَلَمْ يُفِدِ الْحَرْثَ وَابِلٌ حُطَامَهٗ
بَلْ يُفِيْدُهٗ وَقْتَ قِيَامِهٖ التَّمْرِيْشُ

ترجمہ: جب کھیتی خُشک ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے، تو ایسے میں زور کی بارش بھی اُس کیلئے چنداں مفید نہیں، (مگر) جب فصل کھڑی ہو تو ہلکی پُھلکی بارش پُھوار بھی اُس کیلئے (از حد) سُود مند ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَفَادَ يُفِيْدُ اِفَادَةً: فُلانًا مَالًا، اَوِ الشَّيْءَ: فائدہ یا نفع پہنچانا۔ حَرَثَ (ن، ض) حَرْثًا: اَلْاَرْضَ: ہل چلانا، کھیتی باڑی، کاشتکاری کرنا۔ اَلْحَرْثُ: مصدر، کھیتی، زراعت، فصل۔ وابِلٌ: تیز بارش۔ قرآن میں ہے: (......فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا......) (سورۃ بقرہ، آیت: 264) حَطَمَهٗ (ض) حَطْمًا، اَوْ، حَطَّمَهٗ: توڑنا۔ حُطَامٌ: سوکھی ہوئی چیز کے ٹکڑے، چورہ، ریزے۔ اَلتَّمْرِيْشُ: ہلکی پھلکی تھوڑی بارش، پھوار۔

ش ۱۳ .

وَمَنْ لَّايُنَافِسْ فِيْ دُنْيَاهُ بَلْ يَرْغَبُ
اِلٰى رَبِّهٖ فَذَاكَ اَغْنٰى دَرْوِيْشُ

ترجمہ: جوکوئی اپنی دُنیا سے بے رغبت ہوکر اپنے رَبّ کی رِضا کا خواہش مند ہوتا ہے،تو یہ شخص فقط درویش (ہی ہوسکتا) ہے، جو دِل کا تونگر،امیر کبیر ہے۔

حَلُّ اللُّغَة: نَافَسَ مُنَافَسَةً:فِي الشَّيْءِ: للّچانا،رغبت ولالچ رکھنا۔ رَغِبَ رَغْبًا (س) رَغْبَةً. اِلٰی: مائل ہونا،متوجہ ہونا۔ رَغِبَ: فِیْ: چاہنا،خواہش رکھنا۔ رَغِبَ عَنْهُ: اِعراض کرنا،صَرفِ نظر کرنا،منہ موڑنا۔ لِمَا جاءَ فی القرآن: (وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهِمَ اِلَّامَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ......) سورۃ بقرہ آیت 130). دَرْوِيْشٌ، ج: دَرَاوِيْشُ: وہ شخص جو دُنیا میں رغبت نہ رکھتا ہو۔

ش ۱۴.

أَضَرَّ مِنَ السُّمُوْمِ يَحْسَبُ دُنْيَاهُ
فَتِلْكَ تُخِيْفُهٗ لَيْسَتِ الْحَنَافِيْشُ

ترجمہ: وہ دُنیا کو زہر قاتل سے بھی بڑھ کر مہلک سمجھتا ہے (جبکہ) وہ زہریلے اَژدہا سے قطعا خوف نہیں کھاتا، (بلکہ) دُنیا اُسے خوفزدہ کرتی رہتی ہے (کیونکہ سانپ فقط اُسکی جان کا قاتل ہے جبکہ دُنیا اُس کے اِیمان کا قاتل ہے)۔

حَلُّ اللُّغَة: ضَرَّهٗ ضَرًّا (ن)، ضُرًّا، فُلَانًا بِفُلَانٍ: نقصان پہنچانا،تکلیف دینا۔ اَضَرُّ: اِسم تفصیل؛زیادہ نقصان دِہ، اَلسُّمُوْم، واحِد اَلسَّمُّ: زہر۔ حَسِبَ يَحْسَبُ (س) حَسْبًا، مَحْسَبَةً: گمان کرنا۔ حَسِبَ يَحْسِبُ (ح): گمان کرنا،سمجھنا۔ اَخَافَهٗ:خوف زدہ کرنا،ڈرانا۔ اَلْحَنَافِيْشُ: واحِد اَلْحِنْفِيْشُ: زہریلا سانپ،اَژدہا۔

أَلصَّادُ

اَلَــمْ يَـأْوِ اَنْـذَاکَ اِلَيْــهِ ذَوُوْ ذَنْـبٍ؟ — فَهَـلْ لَکَ هٰهُـنَـا عَدَاهُ الْمَلَاحِصُ؟
عَـلَيْـكُـمْ تَـقُـوْمُ عِـنْـدَ مَـا قِيَـامَتُكُمْ — فَـلَـمْ يُـرَ اَطْلَالٌ لِّبَيْـتٍ كَـوَاحِـصُ
مَـضَــتِ الْـعُـصُـوْرُ وَمَــا رَئَيْنَ مِثْلَهٗ — لِقُبْـلَةِ اِثْـرِهٖ اشْتَـاقَـتِ الْـمَوَاهِصُ
وَ كَــانَ الْإِسْــرَاءُ بِـدَايَةَ عُـرُوْجِـهٖ — أَيَـعْـرِفُـهَـا الَّـذِیْ لَـدَيْـهِ النَّقَـائِصُ؟
زَانَــهٗ مُـحِبُّـهٗ بِسَـائِـرِ الْـمَحَـاسِنِ — تَـمَّـتْ كَـأَنَّـمَـا بِذَاتِـهِ الْخَصَـائِصُ
وَأَكْـمَـلَـهٗ خَـالِقُـهٗ مِـنْ كَـمَـالِـهٖ — فَلَا تَـقْــرَبَــنَّ قَـطُّ مِـنْـهُ مَـنَـاقِـصُ
فَـرَبُّکَ عَـلَّـمَکَ مَـا لَـمْ تَكُنْ تَعْلَمْ — كَأَنَّ الْـعُـلُـوْمَ فِیْ صَدْرِکَ غَوَائِصُ
بِـخِـطْبَةِ أَبِيْــهِ أُمُّــهٗ سَبَـقَـتْ عَـلٰی — الـنِّسَـاءِ اَمَا هُـنَّ عَـلَيْـهَـا حَـرَائِصُ؟
فَـارْسَلَ نَبِيُّـنَـا الْـمُـلُـوْکَ وُفُـوْدَهٗ — أَتَتْـهُ كَـمَـا مِـنَ الـنَّـوَاحِی الْقَوَابِصُ
رَآهُ الــزَّمَـــانُ بِـوَجْـــهٍ طَـلِـيْـقٍ — وَلَـوْ أَحْـزَنَـتْـهُ كَـلِـمَـاتٌ قَـوَارِصُ
وَلَـوْ مَسَّــتِ الشَّـاءَ يَدَاهُ ضُـرُوْعَـهَـا — فَـظَـلَّـتْ مَلْآنَةَ الضُّرُوْعِ الشَّصَائِصُ
مَـعًـا حَـارَ صَـحْـبُـهٗ بِـغَيْـثٍ وَّجُنْدٍ — تَـدُلُّ عَـلٰـی مَـعْـنٰی كِلَيْهِمَا نَشَائِصُ
حَسَـنَـاتُ دُنْيَـانَـا لِيُـعْـلَـمْ ثَـمِيْـنَةٌ — اَلَا اَدَوَاتُـهَـا الْـبَـقِـيَّـةُ رَخَـائِـصُ

فَـــلَا يَــخْـدَعُ الْـخَـادِعُ اِلَّا نَـفْسَـهٗ
وَ اِنْ تَـخْـدَعْ تُـخْـدَعْ اَيُّـهَـا الْـمُلَاوِصُ!

☆☆☆

ش ا .

اَلَــمْ يَـــأْوِ اَنْــذَاکَ اِلَيْـــهِ ذَوُوْ ذَنْــبٍ؟
فَهَــلْ لَکَ هٰهُــنَـــا عَـدَاهُ الْـمَلَاحِـصُ؟

ترجمہ: کیا وہاں پر قیامت کے روز گناہگار حضورؐ کے پاس پناہ نہیں لیں گے؟ حضورؐ کے بغیر یہاں پر تمہارے لیے کہیں جائے پناہ بھی ہے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: اَوٰی (ض) یَـاْوِیُ: اِلَیْـهِ: کی پناہ لینا، کے پاس ٹھہرنا۔ ذَوُوْ: والے، مالک، صاحبان۔ ذَوُوْ ذَنْبٍ: گناہگار۔ ذَنْبٌ: گناہ، ج: ذُنُوْبٌ. اَلْمَلَاحِصُ، واحد اَلْمَلْحَصُ: جائے پناہ۔

ش ۲.

عَـلَيْـكُـمْ تَـقُـوْمُ عِـنْـدَ مَـا قِيَـامَتُـكُـمْ
فَـلَـمْ يُـرَ اَطْلَالٌ لِّبَيْـتٍ كَـوَاحِـصُ

ترجمہ: جب تم پر قیامت قائم ہو جائیگی تو کسی بھی گھر کے مٹے ہوئے نشانات (ہرگز) دِکھائی نہیں دیں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَطْلَالٌ كَـوَاحِـصُ، مرکب توصیفی: مکان کے گرے پڑے، مٹے ہوئے نشانات۔ مکان جب منہدم ہوتا ہے تو کچھ نہ کچھ بسیرے کے کھنڈرات دِکھائی دیتے ہیں کہ کبھی اِس مقام پر مکان ومکیں بھی تھے۔ اَطْلَالٌ، واحِد طَـلَلٌ: بلند جگہ، گرنے والے مکان کے نشانات۔ كَوَاحِصُ: کھنڈر گھر کے باقیات

ش ۳.

مَـضَـتِ الْـعُـصُوْرُ وَمَـا رَئَيْـنَ مِثْـلَـهٗ
لِـقُبْـلَةِ اِثْـرِهٖ اشْتَـاقَـتِ الْـمَـوَاهِـصُ

ترجمہ: زمانے گزر گئے (مگر) حضورؐ کی مثل وقرین دیکھ نہ سکے، آپؐ کے نقشِ پاک کو چومنے کے لیے روندی جانے والی زمین ترس گئی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَضٰی یَمْضِیْ، مَضٰی یَمْضُوْ مُضُوًّا: اَلشَّیْءُ: گزرجانا۔ مَضٰی سَبِیْلَهٗ: مرجانا۔ اَلْعُصُوْرُ: زمانے، دہر، دور، واحِد: اَلْعَصْرُ. رَاٰی یَرٰی رُؤْیَةً: ظاہری وباطنی آنکھ سے دیکھنا۔ مِثْلٌ: نظیر ومشابہ، مانند، جیسا، ج: اَمْثَالٌ. حَسَّ حَسًّا، أَحَسَّ: اَلشَّیْءَ: معلوم یامحسوس کرنا۔ اِثْرٌ، اَثَرٌ، ج: آثَارٌ اُثُوْرٌ: نشانِ قدم، نشانی، علامت۔ اِشْتَاقَ اِلٰی کَذٰا اَوْ لِشَیْءٍ: کی بہت خواہش کرنا، کے لیے مضطرہونا۔ اَلْمَوَاهِصُ روندی جانے والی زمین، زِیرپا زمین، واحِد: اَلْمَوْهِصُ.

ش ۴.

وَ کَانَ الْاِسْرَاءُ بِدَایَةَ عُرُوْجِهٖ

أَیَعْرِفُهَا الَّذِیْ لَدَیْهِ النَّقَائِصُ؟

ترجمہ: سفرِ معراج تو آپؐ کے رفعت وعروج کی ابتدا ہے، جس شخص کا دامن معائب و نقائص سے داغ دار ہے کیا وہ حضورؐ کے عروج کے نقطہ آغاز کو سمجھ سکتا ہے؟ (ہرگز نہیں) تو جو آپؐ کے مبدأِ کمال کو سمجھ نہیں سکتا وہ حضورؐ کے منتہاءِ کمال کو کیسے سمجھ سکتا ہے؟ اِس لیے بڑے نام نہاد لوگ واقعہ معراج بیان کرنے میں ٹھوکر کھا گئے۔

ش ۵.

زَانَهٗ مُحِبُّهٗ بِسَائِرِ الْمَحَاسِنِ

تَمَّتْ کَأَنَّمَا بِذَاتِهِ الْخَصَائِصُ

ترجمہ: آپؐ کے مُحِبّ (اللہ تعالیٰ) نے آپؐ کو تمام خوبیوں اور جمال کے ساتھ مُزین وآراستہ کیا، گویا کہ آپؐ کی ذات ستودہ صِفات پر خصائص وکمالات کا سِلسلہ ہی مُنتہی ہوگیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَانَهُ زَيْناً، زَيَّنَهُ تَزْيِيْناً، أَزَانَهُ إِزَانَةً: زینت دینا، اَلشَّیْءَ: خوبصورت بنانا، آراستہ کرنا۔ اَلْمَحَاسِنُ: حُسن و جمالات، خوبیاں، واحِد اَلْحُسْنُ.
تَمَّ (ض) تَمًّا، تِمًّا، تَمَامًا: پورا ہونا۔ تَمَّ: بِہٖ: اَوْ عَلَیْہِ: پورا ہونا یا پورا کرنا۔ ذَاتٌ، ج: ذَوَاتٌ وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ اَلْخَصَائِصُ، واحِد: اَلْخَاصِیَةُ خاصیت کی خاصہ کی جانب نسبت ہے، خاصۃ عامہ کی نقیض اور ضِد ہے۔ کہا جاتا ہے ''خَاصَةُ الْمَلِکِ'' بادشاہ کے مقرّب لوگ۔

ش ٦.

وَأَكْمَلَهُ خَالِقُهُ مِنْ كَمَالِهٖ
فَلَا تَقْرَبَنَّ قَطُّ مِنْهُ مَنَاقِصُ

ترجمہ: آپؐ کے، خالق نے آپؐ کو اپنے ہی صفتِ کمال کے ذریعے اکمل و کامل انسان بنا کر بھیجا، نقص و کمی کی کیا مجال کہ وہ آپ کے قریب بھٹک سکے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَكْمَلَ اِكْمَالًا، كَمَّلَهٗ، اِسْتَكْمَلَهٗ: پورا کرنا۔ اَلْكَمَالُ مصدر، کامل و مکمل۔ قَرِب (س) قَرُبَ (ک) مِنْہ، إِلَیْہِ: کے قریب ہونا، نَقَصَ (ن) نَقْصًا تَنْقَاصًا و نُقْصَانًا: اَلشَّیْءُ: کم ہونا گھٹنا۔ مَنَاقِصُ، واحِد مَنْقَصَةٌ: کمی و نقصان۔

ش ٧.

فَرَبُّكَ عَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمْ
كَأَنَّ الْعُلُوْمَ فِيْ صَدْرِكَ غَوَائِصُ

ترجمہ: آپؐ کے رَبّ نے آپؐ کو وہ سب کچھ سِکھا دیا جو پہلے آپؐ جانتے نہ تھے، یوں معلوم ہوتا ہے کہ سارے علوم آپؐ کے سینے میں غوطہ زن ہیں (یعنی آپؐ کا قلبِ اَنور واَطہر علومِ کُلیہ کا منبع ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَلَّمَ تَعْلِيمًا سِکھانا، پڑھانا۔ عَلِمَ يَعْلَمُ (س) عِلْمًا: جاننا، عِلم رکھنا۔ كَأَنَّ حرفِ ناصبہ لِلْاِسم اور رافعہ لِلْخبر ہے۔ صَدْرٌ، ج: صُدُوْرٌ: دِل، سینہ۔ کسی بھی چیز کا بالائی حصہ، یا ابتدائی حِصّہ۔ غَوَائِصُ واحِد غَائِصَةٌ: غوطہ زن، غوطہ خور، ڈبکی لگانے والی۔ رَبٌّ مصدر، ج: اَرْبَابٌ: مالک و سردار، پرورش کرنے والا نسبت کیلئے، رَبِّی، رَبَّانی، رَبُوْبِیْ کہا جاتا ہے۔

ش ۸.

بِخِطْبَةِ أَبِيْهِ أُمُّهُ سَبَقَتْ عَلٰى
النِّسَاءِ اَمَا هُنَّ عَلَيْهَا حَرَائِصُ؟

ترجمہ: آپؐ کے والدِ گرامی، سیدنا عبداللہ کے ساتھ منگنی و پیغامِ نکاح میں سیدہ آمنہ، آپؐ کی والدہ محترمہ دوسری عورتوں پر سبقت لے گئیں، کیا وہ بھی پیغام نکاح دینے کیلئے للچانے والی حریص نہ تھیں؟

حَلُّ اللُّغَةِ: خَطَبَ خَطْبًا (ن) خِطْبَةً، اَلْفَتَاةَ: منگنی کرنا، پیغامِ نکاح بھیجنا۔ خَطَبَ خُطْبَةً: وعظ وتقریر کرنا، مُحاضرہ پیش کرنا۔ اَبٌ والِد، ج: آبَاءٌ. اُمٌّ: ماں، ج: اُمَّهَاتٌ، اِنسانوں کیلئے۔ اُمَّاتٌ بقول بعض مویشیوں اور جانوروں کیلئے۔ سَبَقَ يَسْبِقُ، سَبَقَ يَسْبُقُ (ض،ن) سَبْقًا: عَلٰی: کسی سے آگے بڑھنا، پر غالب آنا۔ حَرَائِصُ، واحِد: حَرِيْصَةٌ: حریص عورتیں۔

ش ۹.

فَـــاَرْسَـلَ نَبِيُّــنَـــا الْــمُـلُـوْکَ وُفُــوْدَهٗ
أَتَتْـــهُ كَــمَـا مِنَ الـنَّــوَاحِـی الْـقَــوَابِـضُ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ نے بادشاہوں کو (دعوتِ اِسلامیہ دینے والے) وفود بھیجے، (جس طرح آپؐ نے وفود بھیجے) اِسی طرح آپؐ کے پاس گردوپیش سے وفود اور جماعتیں آتی بھی رہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرْسَلَ اِرْسَالًا: بھیجنا۔ اَلْـمُـلُوْکُ، واحِد اَلْمَلِکُ: بادشاہ شہنشاہ۔ وُفُوْدٌ، واحِد وَفْدٌ: گروہ، جماعت، نمائندے، ڈےلیگیشن۔ اَتٰـی یَأْتِیُ اِتْیَانًا: ہٗ: کے پاس آنا۔ اَلنَّـواحِی، واحِد اَلنَّاحِیَةُ: قرب وجوار، گوشے کنارے۔ اَلْقَوَابِضُ، واحِد اَلْقَابِضَةُ: پارٹیاں، جماعتیں، گروہ، وفود۔

ش ۱۰.

رَآهُ الــزَّمَـــانُ بِــوَجْـــهٍ طَـلِيْــقٍ
وَلَــوْ أَحْــزَنَتْــهُ كَــلِـمَــاتٌ قَــوَارِضُ

ترجمہ: اگرچہ بعض تکلیف دِہ کلمات آپؐ کو دلی ٹھیس بھی پہنچاتے، مگر زمانے نے پھر بھی آپؐ کو (ہمیشہ) خندہ پیشانی ومسکراتے چہرے کے ساتھ دیکھا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رآی یَرٰی رُؤْیَةً: چشم ظاہروباطن سے دیکھنا۔ اَلـزَّمـانُ، ج: اَلْأَزْمِنَةُ: زمانہ، دور۔ وَجْـهٌ، ج: وُجُـوْهٌ، اَوْجُهٌ: چہرہ۔ طَـلِیْـقٌ، طَـلَقٌ، مُطْلَقٌ: سادہ، خندہ۔ وَجْـــهٌ طَـلِیْــقٌ: مرکب توصیفی مُسکراتا چہرہ، خندہ پیشانی۔ اَحْـزَنَ، حَـزَّنَ. الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ کَـلِـمَـاتٌ، واحِد کَلِمَةٌ. جملے، اَلْفاظ، بولی ہوئی بات، اِنسان جو الفاظ بولے اُنہیں کلمات کہتے ہیں۔ قَوَارِضُ، واحِد قَارِضَةٌ: تکلیف دِہ کلمات۔

ش ۱۱.

وَلَوْ مَسَّتِ الشَّاءَ يَدَاهُ ضُرُوْعَهَا
فَظَلَّتْ مَلْآنَةً الضُّرُوْعِ الشَّصَائِصُ

ترجمہ: اگر آپ ؐ کے ہاتھ بکریوں کے تھنوں کو چھو لیتے، تو کم دودھ دینے والی بکریوں کے تھن بھی دودھ سے بھر (کر جوۓ شیر بن) جاتے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَسَّ (ن،س) مَسًّا، مَسِيْسًا: اَلشَّيْءَ: چھونا۔ مَسَّهُ الشَّيْءُ: کو پہنچنا۔ اَلشَّاءُ، أَلشِّيَاهُ: بکریاں، واحد شَاةٌ. ضُرُوْعٌ. واحد ضَرْعٌ تھن، چوسنیاں، جانوروں کے تھن۔ ظَلَّ فعل ناقص بمعنی صَارَ: ہوجانا۔ مَلِيءَ (س) مَلْأً: پُر ہونا، بھرا ہوا ہونا، صفت مذکر اَلْمَلْآنُ: بھرا ہوا، مؤنث مَلْآنَةٌ، مَلْاٰی ج: مِلَاءٌ: اَلشَّصَائِصُ، واحد اَلشَّصُوْصُ: کم دودھ دینے والی اونٹنیاں یا بکریاں۔

ش ۱۲.

مَعًا حَارَ صَحْبُهٗ بِغَيْثٍ وَّجُنْدٍ
تَدُلُّ عَلٰى مَعْنٰى كِلَيْهِمَا نَشَائِصُ

ترجمہ: (غزوہ بدر میں صحابہؓ) ایک ساتھ بارانِ رحمت اور نزولِ لشکرِ (ملائکہ) پر حیرت میں پڑ گئے۔ لشکر اور بارش دونوں کے معنی پر دلالت کرنے والا ایک ہی لفظ ہے وہ ہے نَشَائِصُ.

حَلُّ اللُّغَةِ: غَيْثٌ: بارش۔ جُنْدٌ: لشکر، فوج، سپاہ، ج: جُنُوْدٌ. نَشَائِصُ: لشکر، تہہ بتہہ بادل مجازاً بارش، واحد نَشَاصٌ.

ش ۱۳.

حَسَنَاتُ دُنْيَانَا لِيُعْلَمْ ثَمِيْنَةٌ
اَلَا اَدَوَاتُهَا الْبَقِيَّةُ رَخَائِصُ

ترجمہ: خوب جان لینا چاہیے! دُنیا کی زندگی میں (آگے بھیجی گئی) نیکیاں بڑی قیمتی ہیں۔ اگاہ رہو! دُنیا کی باقی مانندہ تمام چیزیں (ماسوائے نیکیوں کے) ازحد سستی ہیں (نہ صرف سستی ہیں بلکہ بے حیثیت بھی ہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَدَوَاتٌ، واحد اَدَاةٌ: چیزیں، اشیاء، کَل پُرزے۔ رَخَائِصُ، واحد رَخِيْصَةٌ، رَخْصَةٌ: سستی۔

ش ۱۴.

فَلَا يَخْدَعُ الْخَادِعُ اِلَّا نَفْسَهٗ
وَ اِنْ تَخْدَعْ تُخْدَعْ اَيُّهَا الْمُلَاوِصُ!

ترجمہ: فریبی نہیں فریب کرتا مگر اپنی ذات سے، اے دغاباز! اگر تو کسی کو دھوکا دے گا تو تجھے بھی ضرور دھوکا دیا جائے گا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَدَعَهٗ (ف) خَدْعًا: دھوکا دینا، فریب کرنا۔ اَلْمُلَاوِصُ: فریبی، دھوکا باز، چاپلوسی کرنے والا۔

...... أَلضَّادُ ......

مُزَكِّي لِّرُوْحِنَا وَ تِرْيَاقُ دَائِنَا	لَصِقْنَا بِذَيْلِهٖ فَصَحَّتِ الْمِرَاضُ
دَعَا لِاسْتِقَاءِ الْعِطَاشِ فَغِيْثُوْا	قَدِ انْسَكَبَ ثُمَّ سَبْعَ لَيَالٍ نَّغَّاضُ
إِذْ طَلَبَهٗ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ قَارِياً	فَأُرْسِلَ مُصْعَبٌ زَعِيْمٌ لِّضُلَاضُ
وَ حَلَّ الْمُهَاجِرُوْنَ حَبْشَةَ مَرَّتَيْنِ	رَحَّبَ بِهِمْ مَلِيْكُهَا كَمَا الْمَنَاضُ

وَ قَدْ كَانَ يَسْقِیْ صَحْبَهٗ بِازْدِيَارِهٖ كَمَا عِنْدَ مَا زَارُوْهُ يُنْسَى الْإِنْفَاضْ
وَمَنْ زَارَ قَبْرَهٗ فَغَشَّاهُ ذَيْلُهٗ وَ يُغْفَرْلَهٗ وَ رَحَّبَتْهُ الرِّيَاضْ
سَخَت مِنْ ثِمَارِهَا الْمَدِيْنَةُ عَلٰى هَذَا فَطَابَ بِهَا مٰا قَدْ اَتَاهُ النُّفَاضْ
وَمَنْ لَّمْ يُطِعْ حَبِيْبَهٗ فَقَضٰى عَلَيْهِ نُمِّقَ لَهٗ فِیْ مَنْزِلَيْهِ الْمَغَاضْ
لَمْ تَشْتَكِ آمِنَةُ عِنْدَ وَضْعِهٖ وَمَرْ ءَةٍ بِجَنِيْنِهَاأَمَاتَهَا الْمَخَاضْ
وَكَمْ مِنْ مُّجْرِمٍ مُخْرِجٍ عَرْقَهٗ عَسٰى اَنْ يُّغَوِّصَهٗ هُنَالِكَ الرُّحَاضْ
فَطُوبٰى لِمَنْ قَضَى الْحَيَاتَ عَلٰى قُوْتٍ فَادْبَرَتِ الدُّنْيَا عَنْهُ وَ الْأَعْرَاضْ
عَجَبًا لِّدَخِيْلِ الْجِنَانِ بِزَادِهٖ تُنَادِيْهِ مِنْ كُلِّ بَابِ نِ الرِّيَاضْ
وَ إِخْوَانُهُ الَّذِيْنَ قَامُوْا لَيْلَهُمْ وَصَامُوْا نَهَارَهُمْ مَادَنَاهُمْ حُبَاضْ
يُسَابِقُ كُلُّ واحِدٍ عَنْ غَيْرِهٖ إِلٰى رَبِّهٖ ذَاكَ سَارِعٌ مِّرْكَاضْ
ثَمَانِيَةُ اَبْوَابٍ لِّلْعَدْنِ كُلُّهَا كَمَا بَيْنَ السَّماءِ وَالْأَرْضِ عُرَاضْ
إِنَّ كُلَّ مُرْسَلٍ مُّضَاضُ الْخَلَائِقِ بَلْ نَبِيُّنَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ مُضَاضْ
وَ فُضِّلَ بَعْضُ مُرْسَلِيْنَ عَلٰى بَعْضٍ فَمِنْهُمْ مَنِ الَّذِیْ لِأَحْمَدَ قِيَاضْ؟

فِیْ كُلِّ شَیْءٍ مُّضْمَرٌ غَرْضُ صَانِعِهٖ
لِهٰذا الْوَرٰی فَقَطْ إِنَّكَ الْأَغْرَاضْ

☆☆☆

ش ا .

مُزَكِّیٍ لِّرُوْحِنَا وَ تِرْيَاقُ دَائِنَا
لَصِقْنَا بِذَيْلِهٖ فَصَحَّتِ الْمِرَاضْ

ترجمہ: آپؐ ہمارے روحانی آلائشوں کو نکال کر ہمارے تزکیہ نفس کرنے والے ہیں، اور ہماری بیماریوں کا شافی علاج ہیں، (جب) ہم آپؐ کے وابستہ دامن ہوگئے تو ہمارے بیمار شفایاب ہوگئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَکّٰی تَزْکِیَةً: پاک وصاف کرنا، کدورت نکال دینا۔ رُوْحٌ، ج: اَرْوَاحٌ نفس، دِل، رُوح۔ تِرْیَاقٌ: زہر کی دواء، ہر بیماری کا علاج۔ لَصِقَ لَصْقًا (س) لُصُوْقًا، اِلْتَصَقَ اِلْتِصَاقًا: چپکنا، چمٹنا۔ ذَیْلٌ، ج: اَذْیَالٌ دامن۔ صَحَّ (ض) یَصِحُّ صُحًّا صِحَّةً: تندرست ہونا، پاک وصاف ہونا۔ اَلْمِرَاضُ، واحد اَلْمَرِضُ: بیمار وعلیل، اَلْمَرِیْضُ بیمار ج: اَلْمَرْضٰی.

ش ۲.

دَعَا لِاسْتِقَاءِ الْعِطَاشِ فَغِیْثُوْا
قَدِ انْسَکَبَ ثُمَّ سَبْعَ لَیَالٍ نَّغَّاضُ

ترجمہ: آپؐ نے پیاسوں کیلئے بارش کی دُعا فرمائی تو اُن کی دُہائی سُنی گئی، تحقیق پھر سات راتیں متواتر خوب بارش برستی رہی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَعَا یَدْعُوْ دَعْوَةً، دُعَاءً: دُعا کرنا، پکارنا۔ اِسْتَقٰی اِسْتِقَاءً (افتعال) بارش طلب کرنا۔ اِسْتَسْقٰی اِسْتِسْقَاءً: بارش طلب کرنا، پانی مانگنا۔ اَلْعِطَاشُ: پیاسے، واحد اَلْعَطْشَانُ. غَاثَهٗ غَوْثًا: مدد کرنا، اِعانت کرنا (بارش طلب کرنا، مجازًا)، غِیْثُوْا ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ اِنْسَکَبَ الْمَطَرُ: بارش اُترنا، نَغَّاضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والے بادل۔

ش ۳.

إِذْ طَلَبَهٗ أَهْلُ الْمَدِیْنَةِ قَارِیًا
فَأُرْسِلَ مُصْعَبٌ زَعِیْمٌ لَّضُلَاضُ

ترجمہ: جب مدینہ طیبہ کے لوگوں نے آپؐ سے قاریُ القرآن لینے کا مطالبہ کیا، تو حضرت مُصعبؓ بن عمیر کو بھیجا گیا، (جو ایک ماہر قاری القرآن کے ساتھ ساتھ) ایک ماہر قائد و رہبر بھی تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: طَلَبَ (ن) طَلَبًا: مانگنا، ڈھونڈنا، طلب کرنا۔ قَارِئٌ، ج: قُرَّاءٌ قرآن پڑھنے والا۔ اَرْسَلَ إِرْسَالًا: بھیجنا۔ زَعِيْمٌ، ج: زُعَمَاءُ لیڈر و قائد، ذِمہ دار۔ (وَ لِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّ اَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ) سورۃ یوسف آیت 72)۔ لَضُلَاضٌ: ماہر رہبر۔

ش ۴.

وَ حَلَّ الْمُهَاجِرُوْنَ حَبْشَةَ مَرَّتَيْنِ
رَحَّبَ بِهِمْ مَلِيْكُهَا كَمَا الْمَنَاضُ

ترجمہ: مہاجرین اِسلام نے دوبار ہجرت کر کے حبشہ میں پڑاؤ کیا، شہنشاہِ حبشہ نے اُنہیں مرحبا کہا اِس طرح اُن کی پناہ گاہ (ملک حبشہ) نے اُنہیں جی آیاں نوں کہا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَلَّ (ن،ض) حَلًّا: اَلْمَكَانَ وَ بِالْمَكَانِ: نازل ہونا، اُترنا۔ اَلْمُهَاجِرُوْنَ، واحد اَلْمُهَاجِرُ: اللہ کی خاطر گھر بار چھوڑنے والے۔ اَلْمَنَاضُ: جائے پناہ، پناہ گاہ، مادہ (ن،و،ض).

ش ۵.

وَ قَدْ كَانَ يَسْقِيْ صَحْبَهٗ بِازْدِيَارِهٖ
كَمَا عِنْدَ مَا زَارُوْهُ يُنْسَى الْإِنْفَاضُ

ترجمہ: حضورؐ اپنے شربتِ دیدار سے اپنے صحابہؓ کرام کو خوب سیراب کیا کرتے تھے، اِسی طرح جب دیدارِ نبویؐ سے نظریں چار کر لیتے (تو بھوکے صحابہؓ کو) گُرسنگی بھول جایا کرتی تھی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَقٰی یَسْقِیْ سَقْیًا (ض): پلانا۔ رَآی یَریٰ رُؤْیَةً: ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھنا۔ صَحْبٌ، واحد صَاحِبٌ، صِحَابِیٌّ ساتھی، دوست، صحابہ۔ زَارَہٗ زِیَارَةً ، اِزْدَارَہٗ: زیارت کرنا، مُلاقات کرنا۔ نَسِیَ یَنْسٰی (ض) نَسْیًا وَ نِسْیَانًا: اَلشَّیْءَ: بھولنا۔ اَلْاِنْفَاضُ مصدر، بھوک گرسنگی، حاجت۔

ش ٦ .

وَمَــنْ زَارَ قَبْــرَهٗ فَـغَشَّـــاهُ ذَیْـلُــــهٗ
وَ یُـغْـفَــرُلَـــهٗ وَ رَحَّبَتْـــهُ الـرِّیَـــاضُ

ترجمہ: جو بھی آپؐ کے مزارِ پُر انوار کی زیارت کرتا ہے آپؐ کا دامنِ رحمت اُسے اپنے اندر چھپا لیتا ہے، نیز اُس کی مغفرت کی جاتی ہے اور ریاض الجنت اُسے خوش آمدید و مرحبا کہتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَارَہٗ زِیارَةً، اِزْدَارَہٗ: مُلاقات کیلئے جانا، زیارت کرنا، مِلنا۔ قَبَـرَ (ن،ض) قَبْـرًا، مَـقْبَرًا: اَلْمَیِّتَ: دفن کرنا۔ قَبْرٌ مصدر، ج: قُبُوْرٌ، مَـدْفَنٌ. غَشّٰـی: اَلشَّیْءَ: ڈھانکنا، چُھپانا۔ ذَیْـلٌ، ج: اَذْیَـالٌ دامَنٌ. رَحَّبَــهٗ تَـرْحِیْبًـا: کو خوش آمدید، جی آیاں نوں کہنا۔ اَلـرِّیَـاضُ، واحد الرَّوْضَةُ باغات، جنّت۔

ش ٧.

سَـخَـت مِـنْ ثِـمَـارِهَـا الْـمَدِیْنَةُ عَلٰی هٰذَا
فَـطَــابَ بِهَــا مَـا قَـدْ اَتَــاهُ الـنُّـفَــاضُ

ترجمہ: مدینہ طیبہ نے اِس بندہ پر بھی اپنے پھلوں کی سخاوت کر دی، توشہ دان سے جو بچی کھچی کھجوریں اِسے میسر آئیں، تو وہ اُن سے خوب لطف اندوز ہوا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَخَا يَسْخُوْ وَسَخِيَ يَسْخٰى، سَخَاءً، سَخَاوَةً: فیاض ہونا، سخی ہونا۔ ثِمَارٌ، واحِد ثَمَرٌ پھل، طَابَ يَطِيْبُ طِيْبًا. اَلنَّفْسُ بِكَذَا: خوش ہونا، دِل خوش ہونا، لُطف اندوز ہونا۔ اَلنُّفَاضُ :توشہ دان کی بچی کھچی کھجوریں۔

ش ۸.

وَمَنْ لَّمْ يُطِعْ حَبِيْبَهٗ فَقَضٰى عَلَيْهِ
نُمِّقَ لَهٗ فِيْ مَنْزِلَيْهِ الْمَغَاضُ

ترجمہ: جس نے بھی اللہ تعالیٰ کے محبوب کی اِطاعت نہ کی، بالآخر اُسے موت آ گئی، پس اُس کیلئے دونوں جہانوں میں ذِلّت ورسوائی لکھ دی گئی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَطَاعَهٗ اِطَاعَةً: فرمانبردار ہونا، مُطیع ہونا۔ حَبِيْبٌ: محبوب ومعشوق، ج: أَحِبَّةٌ، أَحِبَّاءُ، اَحْبَابٌ. قَضٰى عَلَيْهِ موت واقع ہونا۔ نَمَّقَ تَنْمِيْقًا لِکھنا۔ مَنْزِلَيْنِ: دونوں گھر یعنی دُنیا وعقبیٰ، مَنْزِلَيْنِ کا (ن) اضافت کی وجہ سے گر گیا۔ اَلْمَغَاضُ: ذَلت وپستی، واحِد: اَلْمَغَضَّةُ، مادہ (غَضٌّ).

ش ۹ .

لَمْ تَشْتَكِ آمِنَةُ عِنْدَ وَضْعِهٖ وَمَرْ
ءَةٍ بِجَنِيْنِهَا أَمَاتَهَا الْمَخَاضُ

ترجمہ: ولادتِ نبویؐ کے وقت سیدہ آمنہؓ کو ذرہ بھر تکلیف محسوس نہ ہوئی، کتنی عورتیں ہیں کہ دردِ زِہ نے اُنہیں اُن کے حمل کے ساتھ مار ڈالا۔

حَلُّ اللُّغَة: اِشْتَکٰی: شِکایت کرنا، وَضَـعَ یَضَعُ وَضْعًا؛ اَلْمَرْءَ ۃُ حَمْلَهَا: بچہ جنم دینا۔ جَنِیْـنٌ، ج: أَجِـنَّةٌ، أَجْـنُـنُ: پیٹ کے اندر موجود بچہ، حمل، ہر پوشیدہ چیز، قبر، مدفون بچہ۔ وَمَــرْءَ ۃٍ (واو) بمعنیٰ رُبَّ ہے۔ أَمَــاتَــهُ إِمَــاتَةً: موت دینا، اَلْمَخَاضُ: درد زِہ، وہ تکلیف جو بچہ جنم دیتے وقت ماں محسوس کرتی ہے۔
(فَأَجَآءَ هَا الْمَخَاضُ اِلٰی جِذْعِ النَّخْلَةِ......)(سورۃ مریم، آیت: 23)

ش ۱۰.

وَ کَــمْ مِــنْ مُّـجْـرِمٍ مُـخْـرِجٍ عَـرْقَــهٗ
عَسٰـی اَنْ یُّـغَـوِّصَــهٗ هُنَـالِکَ الرُّحَـاضُ

تــرجــمــه: کتنے مجرم ہوں گے (وہاں پر) جو پسینہ سے شرابور ہُوں گے؛ خدشہ ہے کہ وہاں پر اُنہیں (اپنا ہی) پسینہ ڈبکیاں دے رہا ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَة: جَرَمَ جَرِیْمَةً (ض) گُناہ کرنا۔ مُجْرِمٌ: گُناہ کرنے والا، ج: مُجْرِمُوْنَ. مُـخْـرِجٍ: تابع ہونے کی وجہ سے مجرور ہے۔ غَـوَّصَهٗ: غوطہ لگوانا، ڈبکی دینا۔ الرُّحَاضُ: پسینہ کی آمد، پسینہ میں شرابوری۔

ش ۱۱.

فَـطُـوبٰـی لِـمَنْ قَضَی الْحَیَاتَ عَلٰی قُوْتٍ
فَــاَدْبَــرَتِ الـدُّنْیَــا عَـنْــهُ وَ الْأَعْـرَاضُ

تــرجــمــه: مبارک ہو اُس شخص کو جس نے اپنی عُمر بقدرِ ضرورت خوراک پر گزار دِی، دُنیا اور دُنیاوی ساز و سامان نے اُس سے منہ موڑ لیا (یعنی طرفین کی ایک دوسرے کی طرف رغبت نہ تھی، فقیر کو دُنیا سے دُنیا کو فقیر سے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَدْبَـرَعَنْهُ سے اعراض وانحراف کرنا۔ قُوْتٌ: بقدرِ ضرورت کھانا، خوراک ج: اَقْـوَاتٌ. اَعْـرَاضٌ، واحِد: عَـرَضٌ: دُنیاوی ساز وسامان، مال و منال۔

ش ۱۲.

عَـجَبًـا لِّـدَخِيْـلِ الْـجِنَـانِ بِـزَادِهٖ
تُـنَـادِيْـهِ مِنْ كُـلِّ بَـابِ نِ الـرِّيَـاضْ

تـرجـمـه: تعجب ہے جنّت میں داخل ہونے والے اُس جنّتی (کے نصیبے) پر، کہ ڈھیروں زادِ راہ تیار کرنے پر جنّت کے تمام دروازے، اُسے داخل ہونے کی صدا لگا رہے ہوں گے (کس قدر وہ محتشم ومقرب ومقبول دَرگاہِ ایزدی ہے!)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَخِيْلٌ: داخِل ہونے والا، ج: دُخَلاءُ. اَلْـجِـنَانُ: بہشتِ بریں۔ زَادٌ: توشۂ آخرت، زادِراہ، سمل۔ نـادَاهُ نِـدَاءً مُـنَـاداةً: پُکارنا۔الـرَّجُلَ: آواز دینا۔ بَابٌ: دروازہ، ج: اَبْوَابٌ. الرِّيَاضُ باغات، واحِد اَلرَّوْضَةُ.

ش ۱۳.

وَ إِخْـوَانُـــهُ الَّـذِيْـنَ قَـــامُـوْا لَيْـلَهُـمْ
وَصَـــامُـوْا نَهَـــارَهُـمْ مَـــادَنَـــاهُمْ حُبَـاضْ

تـرجـمـه: اِس قابِل تعجب کے ایسے (حیران کُن) بھائی (بھی) ہیں، جو رات بھر قیام کیا کرتے اور دِن بھر روزہ رکھا کرتے (متواترِ عبادت و ریاضت کی وجہ سے) تکان وسُستی اُن کے قریب بھی نہ بھٹک سکی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِخْوَانٌ: برادران، واحِد أَخٌ. قَامَ يَقُوْمُ قِيَامًا قَوْمًا: کھڑا رہنا، قائم رہنا، قیام کرنا۔ لَيْلٌ: رات۔ ج: لَيَالٍ. صَامَ يَصُوْمُ صَوْمًا، اِصْطَامَ: روزہ رکھنا، کھانے پینے قُربِ زَن سے دُور رہنا۔ نَهَارٌ: دِن، روز، ج: اَنْهُرٌ، نُهُرٌ. دَنَا يَدْنُوْ دُنُوًّا: لِلشَّيْءِ: قریب ہونا، حُبَاضٌ: سستی وکمزوری۔

ش ۱۴.

يُسَابِقُ كُلُّ واحِدٍ عَنْ غَيْرِهٖ
إِلٰى رَبِّهٖ ذَاكَ سَارِعٌ مِّرْكَاضٌ

ترجمہ: ہرایک (متقی و پرہیز گار عبادت وریاضت میں) ایک دوسرے سے بڑھنا چاہتا ہے گویا کہ وہ اپنے ربّ کی طرف جانے کیلئے جلدی کرنے والا سرپٹ دوڑ لگانے والا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَابَقَهٗ، عَنْ: سے دوڑ میں آگے بڑھنا، سے مقابلہ میں آگے نکل جانا۔ اَلْمِرْكَاضُ: بہت دوڑنے والا، سرپٹ دوڑنے والا۔ سَرِعَ سَرْعًا سَرَاعَةً (س): جلدی کرنا، تیزی دکھانا۔ سَارِعٌ: جلدی کرنے والا۔

ش ۱۵.

ثَمَانِيَةُ اَبْوَابٍ لِّلْعَدْنِ كُلُّهَا
كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ عُرَاضٌ

ترجمہ: جنّت کے آٹھ دروازے ہیں، ہرایک دروازہ فرشِ خاک اور چرخِ نیلی فام کے درمیانی فاصلہ کے برابر چوڑا ہے۔ (سبحان اللہ!)

حَلُّ اللُّغَةِ: اَبْوَابٌ: دروازے، واحد: بَابٌ. عَدْنٌ بہشتِ بریں۔ سَمَاءٌ: آسمان، چھت، ج: سَمٰوَاتٌ. اَرْضٌ زمین، ج: اَرَاضٍ. عُراضٌ: چوڑا۔

ش۱۶.

إِنَّ كُلَّ مُرْسَلٍ مُّضَاضُ الْخَلَائِقِ
بَلْ نَبِيُّنَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ مُضَاضُ

ترجمہ: انبیاء ومُرسلین علیھم السلام مخلوق میں چِیدَہ چُنِیدَہ، خاصُ الخواص مخلوق ہیں، مگر ہمارے آقا ومولا اُن انبیاءِ کرام کا بھی جوہر ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرْسَلَ إِرْسَالاً: فرِستادہ بھیجنا، پیغام رَساں بھیجنا۔ مُرْسَلٌ: بھیجا ہوا، ج: مُرْسَلُوْن. مُضَاضٌ: خالِص۔ اَلْخَلَائِقُ: مخلوق، واحِد: اَلْخَلْقُ. مُضَاضُ الْخَلَائِقِ: مرکب اِضافی، خلقِ خُدا میں خالص۔ نَبِیٌّ، ج: اَنْبِيَاءُ، نَبِيُّوْنَ.

ش۱۷.

وَ فُضِّلَ بَعْضُ مُرْسَلِيْنَ عَلٰى بَعْضٍ
فَمِنْهُمْ مَنِ الَّذِىْ لِأَحْمَدَ قِيَاضُ؟

ترجمہ: کچھ رسولوں کو دیگر کچھ رسولوں پر فضیلت دِی گئی ہے، اُن اصحابِ فضل رسولوں میں کون ہے جو حضورؐ کے مشابہ اور ہم پلّہ ہو؟

حَلُّ اللُّغَةِ: فَضَّلَ تَفْضِيْلًا: اَلشَّيْءَ عَلَى الشَّيْءِ: ترجیح دینا، فضیلت دینا۔ بَعْضٌ: کسی چیز کا ایک جُز، بہت میں سے کوئی ایک یا چند، ج: اَبْعَاضٌ. قِيَاضٌ: برابر، مثل، مشابہ

ش۱۸.

فِىْ كُلِّ شَيْءٍ مُّضْمَرٌ غَرْضُ صَانِعِهٖ
لِهٰذَا الْوَرٰى فَقَطْ إِنَّكَ الْأَغْرَاضُ

ترجمہ: ہر چیز کے بنانے میں بنانے والے کی غرض وغایت پوشیدہ ہوتی ہے،(یارسولؐ اللہ) اِس بزمِ ہستی کو سجانے میں (اللہ کی طرف سے) فقط آپؐ کو بنانا ہی مقصود تھا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: صَنَعَ صَنعًا صُنعًا: اَلشَّیْءَ: بنانا۔شَیْءٌ چیز، ج: اَشیاءٌ، غَرَضٌ مقصد، ہدف ج: اَغْرَاضٌ. صَانِعٌ بنانے والا، ج: صُنَّاعٌ. اَلْوَرٰی: مخلوق۔

أَلطَّاءُ

نَظِّمْ مُؤَدِّبًا أَيُّهَا الْمِلْقَاطُ　　وَ نَمِّقْ بِأَنَّ ذَيْلَهُ لَنَا الْحِيَاطُ

عَلَيْنَا كِتَابَةَ ثَنَاءِ رَسُوْلِنَا　　لَيُكْتُبَنَّهُ أَدِيْبٌ وَّ خَطَّاطٌ

لَمْ تَسْعَ وَ اَنْتَ مِنْ فَوَارِسَ الْيَرَاعِ　　إِذًا لِّمَ يُنْسَبُ إِلَيْكَ الْمِلْقَاطُ ؟

كَتَبْتُ قَصَائِدَ الْحُرُوْفِ كَالصُّفُوْفِ　　كَمَا فِى الْمَعَارِكِ يُبَصَّرُ السِّمَاطُ

شِيَاهًا وَ لَوْ رَعٰى لِحَلِيْمَةَ يَوْمًا　　وَ قَالَ ظَهِيْرَةً فَيَرْعَهَا الْعَطَاطُ

إِنْ اُكْرِهَ عَلٰى هَجْرٍ فَقَدْ كُتِبَ قَبْلَهٗ　　كَمَا الْأَنْبِيَاءُ اُكْرِهُوْا وَالْأَرْهَاطُ

قَدْ كَانَ يَرْقُبُ الْبَيْتُ مَنْ ذَاالَّذِىْ　　يَطُوْفُ حَوْلَهٗ وَ تَنْظُرُ الْاَشْوَاطُ؟

وَ لَقَّبَ صَحَابِيًّا بِاَبِىْ هُرَيْرَةَ　　فَكَانَتْ اَلِيْفَةً لَدَيْهِ الْقِطَاطُ

ذٰلِكَ بِمُخَاطِهٖ صَحَابِىٌّ وَّجْهَهٗ　　بِهٖ كَىْ تَبَرَّكَ الْوَجْهُ وَالْاَلْبَاطُ

اَتَاهُ بْنُ خَطَّابٍ بِنِصْفِ اَمْوَالِهٖ　　وَ قَدَّمَ رَفِيْقُ الْغَارِ مَا لَهٗ رِهَاطُ

فَلَمْ يَتَخَلَّفِ النِّسَاءُ عَنِ الرِّجَالِ　　لِلدِّيْنِ قُدِّمَتْ مِنْهُنَّ الْقِرَاطُ

فَاِنْ صَحَّ دِيْنُ الْمَرْءِ لَابَأْسَ أَنْ يَكُوْ　　نَ حَدَّادًا إِمَّا أَنَّهٗ خَيَّاطُ

اِنَّمَا الْحَسَنَاتُ يَا بُنَىَّ كَمِقْلَادٍ　　فَيُحْفَظُ عَلَيْهِ اِنْ يَّكُنْ لَّهُ الْمَنَاطُ

بِغَیْرِ الْمَسَالِیْطِ اَیُفْتَحُ لَکَ الْقُفْلُ؟ لِسَائِرِ مِفْتَاحٍ لَّابُدَّ الْمِسْلَاطُ
کَثِیْرًا لَّقَدْ تَکْرَہُ یَا اَیُّھَا الْاِنْسَانُ! یَکْرَھُکَ رَبُّنَا اَیُّھَا النَّحَّاطُ

رَئَیْنَا الرِّجَالَ وَ النِّسَاءَ مَعًا اَلَا
فَبَیْنَ کِلَیْھِمَا حَرَامٌ نِ الْخِلَاطُ

☆☆☆

ش ۱.

نَظِّمْ مُؤَدِّبًا أَیُّھَا الْمِلْقَاطُ
وَ نَمِّقْ بِأَنَّ ذَیْلَهٗ لَنَا الْحِیَاطُ

ترجمہ: اے خامہ ادب سے (واقعات) منظوم کر، اور یہ (بھی) لِکھ دے کہ دامنِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہمارے لیے گُلستان وچمنستان ہے۔

حلُّ اللّغَةِ: نَظَّمَ: الشِّعْرَ: بمعنیٰ نظم پرونا۔ أَدَّبَ تَأْدِیْبًا: اَدب سکھانا۔ مُؤَدِّبٌ: اَدب سکھانے والا، اَدب کرنے والا۔ اَلْمِلْقَاطُ: قلم، نقش ونگار کرنے کا آلہ، ج: مَلَاقِیْطُ. نَمَّقَ تَنْمِیْقًا: لکھنا۔ ذَیْلٌ: دامن، ج: اَذْیَالٌ. اَلْحِیَاطُ: دیوار بند، گلستان وباغات، واحِد: اَلْحَائِطُ.

ش ۲.

عَلَیْنَا کِتَابَةَ ثَنَاءِ رَسُوْلِنَا
لَیَکْتُبَنَّهٗ أَدِیْبٌ وَّ خَطَّاطُ

ترجمہ: ہمارے رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی ثنا خوانی (کرنا) لکھنا ہم پر لازم ہے، خطاط اور ادیب ضرور بالضرور (اپنے اپنے رنگ میں) حضورؐ کی ثناء لکھتے رہیں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَلَیْکَ اِسم فعل بمعنی اَلْزِمْ ہے۔ اِسکی ضمیر مخاطب کے بدلنے سے بدل جاتی ہے۔ عَلَیْنا: کا معنی ہے ہم پر لازم ہے۔ کَتَبَ (ن) یَکْتُبُ کَتْبًا کِتَابًا، کِتَابَةً: لِکھنا۔ کِتَابَةٌ مصدر، لکھنے کا عمل۔ ثَنَاءٌ مدح وتعریف، ج: اَثْنِیَةُ. لَیَکْتُبَنَّہٗ: مُضارع مؤکد بانون ثقیلہ، ضرور لکھتے رہیں گے۔ اَدِیْبٌ، ج: اُدَبَاءُ. خَطَّاطٌ: لِکھاری، مُصَوِّر۔

ش ۳.

لَمْ تَسْعَ وَ اَنْتَ مِنْ فَوَارِسَ الْیَرَاعِ
اِذًا لِّمَ یُنْسَبُ اِلَیْکَ الْمِلْقَاطُ ؟

ترجمہ: اَے مخاطب! اگر تو نے حضورؐ کی ثنا خوانی کرنے کی سعی نہیں کی حالانکہ تو صاحبانِ قلم و دانشوروں میں سے ہے۔ تو پھر کیونکر خامہ کی تیری طرف نسبت کی جاتی ہے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: سَعٰی سَعْیًا: کوشش کرنا۔ فَوَارِسُ، واحد فَارِسٌ: گُھڑسوار۔ اَلْیَرَاعُ: خامہ، قلم۔ فَوَارِسُ الْیَرَاعِ: اَربابِ قلم، ماہرینِ خامہ، دانشور، ادیب۔ نَسَبَ (ض،ض) نَسَبًا، نِسْبَةً؛ اِلٰی نَسبت کرنا۔ مِلْقَاطٌ: قلم، خامہ۔

ش ۴.

کَتَبْتُ قَصَائِدَ الْحُرُوْفِ کَالصُّفُوْفِ
کَمَا فِی الْمَعَارِکِ یُبَصَّرُ السِّمَاطُ

ترجمہ: بندہ نے حُروفِ تہجی پر مشتمل نعتیہ قصیدے منظوم کرنے کا شرف پایا ہے، (ایسی ترتیب سے) جیسے میدانِ کارزار میں صف بستہ (لوگ) دِکھائی دیتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قَصَائِدُ: قصیدے، واحِد قَصِیْدَةٌ. اَلصُّفُوْف: صفیں، رو، لائنیں، واحِد: اَلصَّفُّ. اَلْمَعَارِکُ، واحِد: اَلْمَعْرِکَةُ: جنگ، قتال، غزوات۔ بَصَّرَ تَبْصِیْرًا: معلوم کرنا، دِکھائی دینا، نظر آنا۔ اَلسِّمَاطُ: صف بستہ چیز، سِمَاطُ الْقَوْمِ: قوم کی قطار۔

ش ۵.

شِیَاهًا وَ لَوْ رَعٰی لِحَلِیْمَةَ یَوْمًا
وَ قَالَ ظَهِیْرَةً فَیَرْعَهَا الْعَطَاطُ

ترجمہ: قیامِ بنی سعد کے دوران حضور ﷺ اگر کسی دن اپنی رِضاعی والدہ حضرت حلیمہ ؓ سعدیہ کی بکریاں گھاس چراتے اور اگر دوپہر کو ''قیلولہ'' کرتے تو اُس وقت جنگل کا بادشاہ شیر بکریاں چرایا کرتا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَعٰی یَرْعٰی رَعْیًا، رَعَایَةً. اَلْمَاشِیَةَ: جانور کو گھاس چرانا۔ شِیَاهٌ: بکریاں، واحِد شَاةٌ. قَالَ یَقِیْلُ قَیْلًا، قَیْلُوْلَةً مَقِیْلًا دوپہر کے وقت سونا۔ ظَهِیْرَةٌ: دوپہر، نِصْفُ النَّهار، ج: ظَهَائِرُ. اَلْعَطَاطُ: شیر، جنگل کا بادشاہ۔

ش ٦.

إِنْ أُکْرِهَ عَلٰی هَجْرٍ فَقَدْ کُتِبَ قَبْلَهٗ
کَمَا الْأَنْبِیَاءُ أُکْرِهُوْا وَالْأَرْهَاطُ

ترجمہ: اگر آپؐ کو ہجرت کرنے پر مجبور کیا گیا (تو آپؐ کا اسمیں کیا عمل دخل یہ) ہجرت تو تقدیر میں بہت پہلے لکھی جاچکی تھی۔ (یعنی مُشرکین مکہ کی کیا مجال کہ وہ گھر چھوڑنے پر مجبور کرتے یہ تو تقدیر کا فیصلہ تھا) اِسی طرح دیگر کچھ انبیاء کرام علیھم السلام اور اُن کے خاندانوں کو بھی ہجرت کرنے پر مجبور کیا گیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَکْرَہَ اِکْرَاھًا: فُلَانًا عَلٰی: کوئی کام کرنے پر مجبور کرنا۔ ھَجَرَ ھَجْرًا (ن) ھِجْرَانًا: قطع تعلق کرنا۔ ھَجَرَ الشَّیْءَ اَوِ الْبَلَدَ: ترک کرنا، چھوڑنا۔ کُتِبَ: تقدیر یا مقدر میں لکھا جاچکا ہونا۔ اَرْھَاطٌ: قبیلے، خاندان، قومیں، اقوام، واحِد رَھْطٌ.

ش۷.

قَدْ کَانَ یَرْقُبُ الْبَیْتُ مَنْ ذَاالَّذِیْ
یَطُوْفُ حَوْلَہٗ وَ تَنْظُرُ الْاَشْوَاطُ؟

ترجمہ: (حضرات خلیل وذبیح علیھما السّلام) کے بعد بیت اللہ کب سے راہ تک رہا تھا کہ کون ہے جو اِس کے گرد گھوم کر طواف کریگا، نیز کعبہ کے (سات) چکر اِس اِنتظار میں تھے کہ کون اُن چکروں کے عمل کو پھر سے زندہ کریگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَقَبَ رُقُوْبًا (ن)، رَقَابَةً: نگہبانی کرنا، انتظار کرنا۔ اَلْبَیْتُ: بیت اللہ، کعبہ معظّمہ۔ طَافَ یَطُوْفُ طَوْفًا، طَوَافًا، بِالْمَکَانِ وَحَوْلَہٗ: کے گرد گھومنا، چکر لگانا۔ نَظَرَ (ن) نَظَرًا: اَلشَّیْءَ: اِنتظار کرنا۔ اَشْوَاطٌ: کعبہ کے گرد چکر مناسک حج وعمرہ کا حصّہ ہے، واحِد شَوْطٌ: ایک چکر۔

ش۸.

وَلَقَّبَ صَحَابِیًا[۱] بِاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ
فَکَانَتْ اَلِیْفَةً لَدَیْہِ الْقِطَاطُ

ترجمہ: آپؐ نے اپنے ایک صحابیؓ کو ابوھریرۃ کا لقب عطا فرمایا، (چونکہ) اُن کے پاس پالتو بلیّاں تھیں (اِس بناء پر اُنہیں اِس لقب سے نوازا گیا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: لَقّبَہٗ:بِہٖ: لقّب یا کوئی نام عطا کرنا۔ اَلِیْفَةٌ پالتو۔ اَلْقِطَاطُ: بلیاں، واحد: قِطٌّ.

ش ۹.

دَلَکَ بِمُخَاطِہٖ صَحَابِیٌّ وَّجُھَہٗ
بِہٖ کَیْ تَبَرَّکَ الْوَجُہُ وَالْاَلْبَاطُ

ترجمہ: ایک صحابیؓ نے حضورؐ کے آب بینی (رینٹ) کو اپنے رُخ مبارک پر مَل لیا، تاکہ چہرہ اور چمڑا اُس سے برکت حاصل کریں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَلَکَ (ن) دَلْکًا وَجُھَہٗ بِالطِّیبِ: خوشبو لگانا۔ مُخَاطٌ آب بینی، ناک سے نکلنے والا پانی، رینٹ۔ وَجْہٌ چہرہ، رُخ، ج: وُجُوْہٌ، اَوْجُہٌ. تَبَرَّکَ:بِالشَّیْءِ: برکت حاصل کرنا۔ اَلْبَاطٌ: چمڑے، کھالیں۔ جُلُوْدٌ، واحد لَبَطٌ.

ش ۱۰.

اَتَاہُ بْنُ خَطَّابٍ بِنِصْفِ اَمْوَالِہٖ
وَ قَدَّمَ رَفِیْقُ الْغَارِ مَا لَہٗ رِھَاطُ

ترجمہ: (غزوہ تبوک کے موقع پر) سیدنا عمرؓ اپنے تمام مال کا نصف لیکر حضورؐ کے پاس حاضر ہوئے (جبکہ) یارِ غار سیدنا ابوبکر صدیقؓ گھر کی تمام پُونجی لیکر دربارِ مصطفویؐ میں حاضر ہوئے جو اُن کے پاس تھی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَتٰی یَأْتِیْ اِتْیانًا: آنا۔اَمْوَالٌ، واحِد مَالٌ: پیسہ،دولت،پُونجی۔
نِصْفٌ: آدھا، ج: اَنْصَافٌ. قَدَّمَ تَقْدِیْمًا: پیش کرنا،آگے بھیجنا۔ رِھَاطٌ: بِکَسْرِ الرَّاءِ گھر کا سامان۔

ش ۱۱.

فَلَمْ یَتَخَلَّفِ النِّسَاءُ عَنِ الرِّجَالِ
لِلدِّیْنِ قُدِّمَتْ مِنْهُنَّ الْقِرَاطُ

ترجمہ: خدمت دین کی خاطر عورتیں (صحابیات) بھی صحابہ سے ہرگز پیچھے نہیں رہیں، اُن کی طرف سے (اِیرِرِنگ) کانوں کی بالیاں پیش کی گئیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَخَلَّفَ:عَنْ: سے پیچھے رہ جانا۔ اَلنِّسَاءُ، اَلنِّسْوَةُ جمع بغیر لفظہ عورتیں، زنان، واحِد: اَلْمَرْءَ ةُ. اَلرِّجَالُ مَر دحضرات،صاحبان، واحِد اَلرَّجُلُ. قَدَّمَ تَقْدِیْمًا. اَلشَّیْءَ مِنْ: کی طرف سے چیز پیش کرنا۔ اَلْقِرَاطُ: کانوں کی بالیاں،ائیر رِنگز،واحِد: اَلْقُرْطُ.

ش ۱۲.

فَاِنْ صَحَّ دِیْنُ الْمَرْءِ لَابَأْسَ أَنْ یَکُوْ
نَ حَدَّادًا إِمَّا أَنَّهٗ خَیَّاطُ

ترجمہ: اگر آدمی کا دین صحیح ہو یعنی صحیح دیندار ہو چاہے وہ پیشہ کے لحاظ سے لوہار ہو یا وہ درزی ہو،تو اِس میں کوئی حرج نہیں (یعنی اِنسان کا جو بھی پیشہ ہو مگر دِین سے متصادم نہ ہو اور پیشہ ور سچا دیندار ہو تو پھر حرج کوئی نہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَحَّ یَصِحُّ (ض) صُحًّا صِحَّةً، صِحَاحًا: تندرست ہونا،ہر عیب سے پاک ہونا۔ کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا: ہونا،ہوجانا۔ حَدَّادٌ: لوہار۔خَیَّاطٌ: درزی،ٹیلر ماسٹر۔

ش ۱۳.

اِنَّـمَـا الْـحَسَـنَـاتُ یَـا بُـنَـیَّ کَـمِقْلَادِ
فَیُحْفَظُ عَلَیْـهِ اِنْ یَّکُنْ لَّـهُ الْـمَنَـاطُ

ترجمہ: اے بیٹے نیکیاں تو محض چابی کی طرح ہیں (بغیر نیکیوں کی چابی کے آپ کے لیے جنت کا دروازہ کیسے کھلے گا؟) پس چابی کی حفاظت تبھی کی جاسکتی ہے جب اُس کے لٹکانے کی جگہ یعنی Key Ring چابی بند ہو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مِقْلَادٌ: چابی، کنجی، ج: مَقَالِیْدُ. اَلْمَنَاطُ: لٹکانے کی جگہ، کھونٹی، رنگ وغیرہ۔

ش ۱۴.

بِغَیْرِ الْـمَسَـالِیْطِ اَیُفْتَحُ لَکَ الْقُفْلُ؟
لِسَـائِرِ مِـفْتَـاحٍ لَّابُـدَّ الْـمِسْلَاطُ

ترجمہ: (واضح رہے) چابی کے دندانوں کے بغیر کیا تالا تمہارے لیے کھل پائے گا؟ (ہرگز نہیں بلکہ) ہر چابی کے دندانے ضرور ہونے چاہئیں (یعنی اِنسان بمنزلہ چابی اور اعمالِ صالحہ بمنزلہ دندانے کے ہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْمَسَالِیْطُ: کنجی کے دندانے، واحد اَلْمِسْلَاطُ. اَلْقُفْلُ، ج: اَقْفَالٌ، اَقْفُلٌ، قُفُوْلٌ. مِفْتَاحٌ، چابی ج: مَفَاتِیْحُ.

ش ۱۵.

کَثِیْـرًا لَّـقَـدْ تَـکْـرَهُ یَـا اَیُّهَـا الْاِنْسَـانُ!
یَـکْـرَهُکَ رَبُّـنَـا اَیُّهَـا الـنَّـحَّـاطُ

ترجمہ: اے انسان! تو بہت سارے لوگوں سے نفرت و ناپسندیدگی کا اِظہار کرتا ہے اے متکبر انسان! (اسی طرح) ہمارا ربّ بھی تجھے ناپسند کرتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: کَرِهَ (س) کَرْهًا: الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ اَلنَّحَّاطُ: متکبر ومغرور۔

ش ۱۶۱.

رَئَیْنَا الرِّجَالَ وَ النِّسَاءَ مَعًا اَلَا

فَبَیْنَ کِلَیْهِمَا حَرَامٌ نِ الْخِلَاطُ

ترجمہ: ہم مردوزن کا ایک مقام پر ایک ساتھ اکٹھا اور بھیڑ دیکھتے ہیں۔

خبردار!! ان دو اصناف کے مابین اختلاط حرام ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَعًا: ساتھ، ایک ساتھ۔ کِلَیْهِمَا : وہ دونوں۔ اَلْخِلَاطُ: مختلف صنفوں کا ایک مقام پر بغیر کسی فصل کے اجتماع۔

...... اَلظَّاءُ ......

اَلَمْ تَرَ بَابَهُ قَدِازْدَحَمَهُ النَّاسُ؟ عَلٰی بَابِ مَنْ یُّرٰی مِثْلُهُ کَظِیْظٌ؟

وَ اَلْقَیْتُ دَلْوِیْ ثُمَّ قَدَّمْتُ وَصْفَهُ کَمَا مِنْ یَّرَاعِیْ قَدْ تَقَطَّرَ التَّقْرِیْظُ

أَتٰی قَبْلَنَا رُبَّ جَمِیْلٍ اِلَی الْوَرٰی اِلَی الْآنَ هَلْ لَّهُ یُبَصَّرُ لَحِیْظٌ؟

کُلُّهُمْ عَلٰی صُوْرَةِ آدَمً طُوْلُهُمْ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا لَیْسَ مِنْهُمْ عَکِیْظٌ

مَنْ یَّمْنَعُنَا عَنِ التَّسْلِیْمِ عَلَیْهِ فَذَالِکَ فَظٌّ ثُمَّ اِنَّهُ غَلِیْظٌ

نُصَلِّیْ عَلَیْهِ مِنْ دَارِنَا کَذَا عَلٰی مُوَاجَهَتِهٖ یُشَرِّفُنَا لَوِ الْحَفِیْظُ

فَزَائِرُ ضَرِیْعِهٖ عِنْدِیْ بِفَقْرِهٖ هُنَالِکَ وَهٰهُنَا غَنِیٌّ حَظِیْظٌ

وَمَنْ لَّمْ یُرِدْ مَقِیْلَهُ بِنَعْمَائِهٖ فَعِنْدِیْ بِعَیْشِهٖ مَیِّتٌ جَفِیْظٌ

وَ إِنْ مِّنَّا إِلَّا الْعَيْبُ فِيْ عَجِيْنِهٖ — أَراهُ فِيْ غَيْرِيْ وَلَمْ يُرَتَلْحِيْظْ

جَمِيْلٌ كُلُّنَا مِنْ حَيْثِ فِطْرَتِهٖ — فِي الْخَلْقِ سَوَاءُ نِ الطَّوِيْلُ والْكَعِيْظُ

مَنْ يُّطِعْ رَسُوْلَهٗ فَالْجِنَانُ مَأْوَاهُ

وَمَنْ لَّمْ يُطِعْ فَذَاكَ فِي اللَّظٰى لَفِيْظُ

☆☆☆

ش ا .

اَلَمْ تَرَ بَابَهٗ قَدِازْدَحَمَهُ النَّاسُ؟

عَلٰى بَابِ مَنْ يُّرٰى مِثْلُهٗ كَظِيْظٌ؟

ترجمہ: کیا تم نہیں دیکھتے کہ اُن کے درِ اَقدس پر مخلوق کا (کس قدر) ہجوم ہے؟ اس جیسی بھیڑ اور انبوہِ کثیر (آپ ﷺ کے عِلاوہ) کِس کے دروازے پر دیکھی جا سکتی ہے؟ (ہرگز نہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَآیَ یَرٰی رُؤْيَةً: ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھنا۔ اِزْدَحَمَ النَّاسُ: ایک دوسرے کو دھکیلنا، دھکم پیل کرنا، بھیڑ کرنا۔ اِزْدَحَمَ الْأَمْوَاجُ: موجوں کا شِیُوْن کرنا، ٹکرانا۔ مِثْلٌ، ج: اَمْثَالٌ مُشابہ، نظیر، شبہ۔ كَظِيْظٌ: اَنْبوہ کثیر، بھیڑ، اِژدحام۔

ش ۲ .

وَ اَلْقَيْتُ دَلْوِیْ ثُمَّ قَدَّمْتُ وَصْفَهٗ

كَمَا مِنْ يَّرَاعِیْ قَدْ تَقَطَّرَ التَّقْرِيْظُ

ترجمہ: اس بندۂ ناچیز نے اپنی جیسی کوشش کر کے آپ ﷺ کی ثنا خوانی کی ہے، آپ ﷺ کی تعریف و توصیف جس طرح اِس بندہ کے قلم سے مترشح ہوئی، اُس کو (لوگوں) پر پیش کر دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْـقٰـی اِلْقَاءً: اَلشَّیْءَ: ڈالنا۔ اَلْـقٰی دلْوَہٗ: ڈول ڈالنا، کوشش کرنا۔ دَلْوٌ: ڈول، ج: دِلاءٌ، اَدْلٍ، دِلِیّ، دَلَّی، دُلِیّ. قَدَّم تَقْدِیْمًا: اَلشَّیْءَ: پیش کرنا، آگے بھیجنا۔ تَقَطَّرَ الْمَاءُ: پانی کا قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ اَلتَّقْرِیْظُ: ثنا، مدح ونعت، ثنا خوانی کرنا۔

ش ۳.

أَتٰـی قَبْـلَـنَـا رُبَّ جَـمِیْـلٍ إِلَـی الْـوَرٰی
إِلَـی الْآن هَـلْ لَّـهٗ یُبَـصَّـرُ لَـحِیْـظٌ؟

تـرجـمـه: ہم سے قبل بہت سارے خوبصورت لوگ مخلوق میں تشریف لاتے رہے، عصرِ حاضر تک کیا حضورؐ کی (خصوصی) شبیہ ونظیر دِکھائی دِی ہے؟ (حَاشَا لِلّٰه!)

حَلُّ اللُّغَةِ: اَتٰـی یَـاتِیْ اِتْیَـانًـا: آنا۔ جَـمِیْلٌ: خوبصورت۔ اَلْوَرٰی مخلوق۔ بَـصَّرَ تَبْصِیْرًا: دِکھنا، نظر پڑنا۔ لَحِیْظٌ: شبیہ ونظیر۔

ش ۴.

کُـلُّهُـمْ عَـلٰی صُـوْرَةِ آدَمَ طُـوْلُهُـمْ
سِتُّـوْنَ ذِرَاعًـا لَیْـسَ مِـنْهُـمْ عَـکِیْـظٌ

تـرجـمـه: (بہشتِ بریں میں) تمام لوگ سیدنا آدم علیہ السلام کی قدّ وقامت کی طرح ساٹھ ہاتھ لمبے ہوں گے اُن میں کوئی شخص کوتاہ قد، بونا نہیں ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: طُوْلٌ: لمبائی، اونچائی قد، ج: اَطْـوَالٌ. رَآی یَرٰی رُؤْیَةً: ظاہری وباطنی آنکھ سے دیکھنا۔ عَـکِـیْـظٌ: بُونا، پست قد شخص۔ ذِرَاعٌ: ہاتھ، بازو، ج: اَذْرُعٌ، ذُرْعَانٌ.

ش ٥.

مَـنْ یَّـمْـنَـعُـنَـا عَنِ التَّسْلِیْمِ عَلَیْـهِ
فَـذَالِکَ فَـظٌّ ثُـمَّ إِنَّـهُ غَـلِـیْـظٌ

ترجمہ: جوکوئی ہمیں اُن کے دربارِ گُہر بار میں سلامِ عقیدت پیش کرنے سے روکتا ہے تو وہ (حد درجہ) بدزبان ہے نیز وہ سنگدِل بھی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَـنَـعَهُ مَنْعًا: فُلَانًا عَنْ: کسی اَمر سے کسی کو روکنا۔ سَـلَّمَ تَسْلِیْمًا: سلام کہنا۔ فَظٌّ مصدر بدزبان، بدکلام۔ غَلِیْظٌ: سنگدل، سخت دِل والا

ش ٦.

نُـصَـلِّیْ عَلَیْـهِ مِنْ دَارِنَا کَـذَا عَلٰی
مُـوَاجَهَتِـهٖ یُشَـرِّفُـنَـا لَـوِ الْـحَـفِیْظُ

ترجمہ: ہم اپنے ہی گھر سے آپؐ کی ذاتِ مظہرِ صفات پر درود وسلام پڑھتے ہیں، اگر ہمیں ''اَلْحَفِیظ'' اللہ تعالیٰ شرفِ زیارتِ حرمِ نبوی عطا کرے تو ہم مواجہہ دربارِ حضور پر بھی درود وسلام پڑھیں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَـلّٰـی یُصَلِّیْ صَلَاةً: دُعا کرنا، درود پڑھنا، تعریف کرنا۔ دِیَـارٌ، واحِد: دَارٌ گھر، وطن، رہنے کی جگہ۔ مُـوَاجَهَة، مصدر، حضورؐ کے روضہ انور کے سامنے مقامِ سلام واستقبال۔ شَـرَّفَهُ: عزت عطا کرنا، شرف عطا کرنا۔ حَفِظَ (س) حِـفْـظًـا: الرَّجُلَ حفاظت ونگہبانی کرنا۔ اَلْـحَـفِیْظُ محفوظ۔ اِسم از أَسماءِ حُسْنٰی باری تعَالیٰ۔

ش ٧.

فَـزَائِـرُ ضَـرِیْـعِـهٖ عِـنْـدِیْ بِفَقْـرِهٖ
هُـنَـالِکَ وَهٰـهُـنَـا غَـنِـیٌّ حَظِیْظٌ

ترجمہ: میری رائے میں حضورؐ کے مزار پُر انوار کی زیارت کرنے والا یہاں اور وہاں (دُنیا و عُقبیٰ) میں تونگر اور بانصیب ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَارَ یَزُوْرُ زِیَارَةً: زیارت کرنا، مُلاقات کرنا، مِلنا۔ زَائِرٌ: زیارت کرنے والا، دیکھنے والا۔ ضَرِیْحٌ مقبرہ۔ غَنِیَ (س) غِنًی: مالدار ہونا۔ غَنِیَ بِالشَّیْءِ عَنْ غَیْرِہٖ: اِکتفا کرنا، مالدار ہونا۔ غَنِیٌّ: اِکتفا کرنے والا، تونگرو مالدار۔ حَظَّ (س) حَظًّا، اَحَظَّ: نصیب والا ہونا۔ صفت حَظِّیٌ، حَظِیْظٌ، مَحْظُوْظٌ: بانصیب، نصیب والا۔

ش ۸.

وَمَنْ لَّمْ یُرِدْ مَقِیْلَهٗ بِنَعْمَائِهٖ
فَعِنْدِیْ بِعَیْشِهٖ مَیِّتٌ جَفِیْظٌ

ترجمہ: جو کوئی باوجود آسودگی، کشائشِ رزق کے آپؐ کے خوابگاہ (مَزارِ پُر انوار) کی زیارت نہ کرے پس میری رائے میں وہ پھولنے والی مَیّت (کے مشابہ) ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرَادَ یُرِیْدُ اِرَادَةً: چاہنا، خواہش رکھنا۔ قَالَ یَقِیْلُ قَیْلًا قَیْلُوْلَةً مَقِیْلًا: دوپہر کے وقت سونا۔ مَقِیْلٌ: مصدر، آرام گاہ، خوابگاہ، یا دوپہر کے وقت لیٹنا۔ نَعْمَاءُ: آسودگی، کشائشِ رزق۔ عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشًا مَعَاشًا: زندہ رہنا، زندگی گزارنا۔ عَیْشٌ: مصدر، زندگی (کھانا، روٹی) مَیِّتٌ، ج: مَیِّتُوْنَ: مُردہ۔ جَفِیْظٌ: پھولنے والی مَیّت۔ جَفَظَ (ن) جَفْظًا: اَلْمَیِّتُ، پھولنا۔

ش ۹.

وَ إِنْ مِّنَّا إِلَّا الْعَیْبُ فِیْ عَجِیْنِهٖ
أَرَاهُ فِیْ غَیْرِیْ وَلَمْ یُرَتَلْحِیْظٌ

ترجمہ: ہمارے ہر ایک کے خمیر و سرشت میں عیب موجود ہے (اپنا تو حال یہ ہے) کہ دوسروں کے عیب تو مجھے بخوبی نظر آتے ہیں جبکہ اپنی آنکھ کا داغ (یعنی اپنا عیب) دِکھائی نہیں دیتا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَابَ يَعِيبُ عَيْبًا: اَلشَّيْءَ: عیب دار بنانا، عَيْبٌ: مصدر، بُرائی، ج: عُيُوبٌ. عَجِينٌ: گوندھا ہوا آٹا، مجازاً خمیر انسانی۔ رَآى يَرٰى رُؤْيَةً: ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھنا۔ تَلْحِيْظٌ: زیرِ چشم داغ، آنکھ کا داغ۔

ش ۱۰.

جَمِيْلٌ كُلُّنَا مِنْ حَيْثِ فِطْرَتِهٖ
فِى الْخَلْقِ سَوَاءُ نِ الطَّوِيْلُ والْكَعِيْظُ

ترجمہ: بلحاظِ تخلیق ہم میں سے ہر ایک خوبصورت ہے، پیدائشی مساوات کی بُنیاد پر مخلوق میں بڑی قد والا اور پست قد (دونوں) برابر ہیں، یعنی دونوں شکمِ مادر سے ہی شکمِ دُنیا میں آئے، دونوں نے جنم پائی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: جَمُلَ جَمَالًا (ک) خوبصورت ہونا، صفت جَمِيْلٌ: خوبصورت، خوبرُو۔ فَطَرَ (ن، ض) فَطْرًا. اَلْأَمْرَ: شروع کرنا، فَطَرَ الشَّيْءَ: پیدا کرنا، بنانا۔ فِطْرَت: پیدائش، طبعی حالات، دین۔ طَوِيْلٌ: بڑی قد والا، لمبا، اونچا، ج: طِوَالٌ، طِيَالٌ. كَعِيْظٌ: بُونا، کوتاہ قد۔

ش ۱۱.

مَنْ يُّطِعْ رَسُوْلَهٗ فَالْجِنَانُ مَأْوَاهُ
وَمَنْ لَّمْ يُطِعْ فَذَاكَ فِى اللَّظٰى لَفِيْظٌ

ترجمہ: جو بھی اللہ کے رسول ﷺ کی اِطاعت و پیروی کرے تو اُس کا ٹھکانا جنّت ہوگی اور جو کوئی فرمانبرداری نہ کرے تو اُسے دوزخ میں پھینکا جائیگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَطَاعَہٗ إِطَاعَةً: فرمانبرداری کرنا، مطیع ہونا۔ رَسُوْلٌ: نبی ورسول، قاصد، پیغامبر، ج: رُسُلٌ. اَلْجِنَانُ: جنّت بہشتِ بریں۔ آوَاہُ: پناہ دینا، اُتارنا۔ آوَی الْبَیْتَ: گھر میں اُتارنا، ٹھکانہ دینا۔ مَأْوٰی: پناہ گاہ، ٹھکانا۔ لَظٰی: دوزخ۔ لَفَظَ یَلْفِظُ (ض) لَفِظَ یَلْفَظُ (س) اَلشَّیْءَ: پھینکنا۔مِنْ فَمِہٖ منہ سے پھینکنا، صفت مفعولی۔ لَفِیْظٌ مَلْفُوْظٌ پھینکی ہوئی چیز۔ (مَلْفُوْظٌ عُرف میں کسی بزرگ کے عرفانی روحانی وجدانی نِکات وکلمات)۔لَفِیْظٌ پھینکی جانے والی چیز۔

﴿ ...... اَلْعَیْنُ...... ﴾

تَمَّتْ بِہٖ جَوَامِعُ الْبَیَانِ وَانْتَھٰی　عَلَیْہِ الرِّسَالَةُ وَ نُطْقُ الْیَرَامِعِ
وَ مَنْ شَرَّفَ الْأَنْبِیَاءَ بِإِمَامَتِہٖ　وَ مَنْ ھُوَ إِمَامُ الْکَلَامِ وَ الْمَصَاقِعِ
وَ مَنْ یَّصِفُہُ الْغَیْثُ وَ الطَّلُّ کِلَاھُمَا　وَ مِیَاہُ الْبِحَارِ وَ سِمَاکُ الْمَنَاقِعِ
وَ کَانَ یَقُوْمُ مُزَّمِّلًا لَّیَالِیًا　رَّاکِعًا وَّسَاجِدًا بِسَیْلِ الْمَدَامِعِ
وَ خَیْرُ رَضِیْعٍ أَرْضَعَتْہُ حَلِیْمَةُ　سَبَقَتْ لِکَوْنِ أُمِّہٖ عَلَی الْمَرَاضِعِ
لَا قِرْنَ لَہٗ فِیْ عَدْلِہٖ إِنَّمَا کَانَ　رَضِیْعًا وَّقَدْ کَانَ اِمَامَ الْمَقَانِعِ؟
أَتٰی بِالْکِتَابِ سَاطِعَاتٌ آیَاتُہٗ　وَ رُبَّ دَلِیْلٍ جَلِیْلٍ فِیْہِ قَاطِعٍ
وَمَنْ دِیْنُہٗ لِلنَّاسِ خَیْرُ الْاَدْیَانِ　فَشِرْعَتُہٗ مُیِّزَتْ خَیْرُ الشَّرَائِعِ
عَلَی الْأَنْبِیَاءِ مَنْ سَیَفْخَرُ قَدْمَضَوْا　بِکَثْرَةِ اُمَّتِہٖ وَ صَحْبِہِ التَّبَائِعِ
وَ مَنْ بِرِحَالِہِ التِّجَارَةَ ذَھَابًا　وَّ إِیَابًا قَدْ عَطَّرَ مَمَرَّ السَّنَائِعِ
تَسَکَّرَ رِیْقُہٗ وَ اسْتَعْطَرَ عَرْقُہٗ　تَنَبَّعَتْ بَنَانُہٗ کَنَبْعِ الْمَنَابِعِ
وَ کَمْ مِنْ وَّ شِیْعَةٍ حَلَّھَا رَسُوْلُنَا　تَسَھَّلَ بِاَیْدِیْہِ جَمِیْعُ الْوَشَائِعِ

اَلا خَیْلُـهٗ سَـابِـقَةٌ فِـی الْمَعَـارِکِ — وَمٰـا لِعِـدَاهٗ لَـمْ یَـزَلْ مِـنَ الْقَـوَابِـعِ

قَـدِ اتَّبَـعَ صَـحْبُـهٗ حَـقَّ اِتِّبَـاعِـهٖ — کُـلٌّ وَاحِـدٍ مِّـنْهُـمْ کَـالـنَّجْمِ اللَّامِعِ

وَ کَـانَ عَـلِـیٌّ صِهْـرَهٗ وَضَیْـغَمَ اللّٰـهِ — وَ أَخَـاهُ وَ مَـوْلَا ہُ وَ أَقْـضَـی الْمفارِعِ

وَ اشْتَهَرَ اَبُوْحَفْصٍ بِـالْعَدْلِ وَ تَقْلِیْعِ — الْـجِـدَالِ وَاَفْـرَعِ الرِّجَالِ وَالْفَوَارِعِ

وَ نَـادَی بْـنَ عَوْفٍ إِنَّهَا رَحْمَةُ الْقَلْبِ — وَ خَـدَّاهُ سَـالَتَـا بِسَیْـلِ الْهَـوَامِـعِ

ضَـرِیْـعُکَ إِنَّـمَـا مَـرْجِعُ الْخَلَائِقِ — عَـلَـی الْأَرْضِ لَاشَکَّ أَحَبُّ الْوَدَائِعِ

وَ مَـنْ عَیْـنُـهٗ عَیْـنُ الْـفـراسَةِ وَالْـجُـوْدِ
وَ تِبْیَـانُـهٗ کَـأَنَّـمَـا عِـقْـدُ الـجَـوَامِـعِ

☆☆☆

ش ا .

تَـمَّـتْ بِـهٖ جَـوَامِـعُ الْبَیَـانِ وَانْتَهٰـی
عَـلَیْـهِ الـرِّسَـالَةُ وَ نُـطْـقُ الْیَـرَامِـعِ

ترجمہ: آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ساتھ ہی فصیح ،معنی خیز ،مختصر کلام کرنا اِختتام پذیر ہوگیا۔ اِسی طرح آپؐ کی ذاتِ ستُودہ صفات پر ہی سلسلۂ نبوت ورسالت مُنتہی ہوگیا۔ نیز آپؐ کے ساتھ ہی سنگریزوں کا کلام کرنا بھی اِختتام پذیر ہو گیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَمَّ (ض) تَمًّا، تَمَامًا: بِالشَّیْءِ وَ عَلَیْهِ: پوراہونا،ختم ہونا۔ جَوَامِعُ، واحِد: جَامِعٌ: اِکٹھا کرنے والے۔ جَمَعَ (ف) جَمْعًا. اَلْمُتفرِّق: اِکٹھا کرنا،جمع کرنا۔ بَان (ض) بَیَانًا، تِبْیَانًا: ظاہرہونا،واضح ہونا۔اَلْبَیَانُ: فصیح گفتگوجوبیان سےظاہرہو۔ جَوَامِعُ الْبَیَان: فصیح بامعنی:مُختصر گفتگووکلام۔ إِنْتَهٰی إِنْتِهَاءً: اَلشَّیْءُ: عَلیٰ: پرختم ہونا۔ اَلرِّسَالَةُ: پیغام رسانی،پیغام، نبوت ورسالت،خط۔ ج: اَلرَّسَائِلُ: وَالرِّسَالَاتُ: نَطَقَ (ض) یَنْطِقُ نَطْقًا، نُطْقًا، مَنْطِقًا: واضح کلام کرنا،گفتگوکرنا۔ نُطْقٌ مصدر ہے: کلام کرنا، یاگفتگووکلام۔ نُطْقُ الْیَرَامِعِ: مرکب اِضافی۔ اَلْیَرَامِعُ: سُفید کنکریاں، حَصَاةٌ، واحِد: اَلْیَرْمَعُ.

ش ۲.

وَ مَنْ شَرَّفَ الْأَنْبِيَاءَ بِإِمَامَتِهٖ

وَ مَنْ هُوَ إِمَامُ الْكَلَامِ وَ الْمَصَاقِعِ

ترجمہ: آپؐ وہی تو ہیں جنہوں نے انبیاءکرام علیہم السّلام کی اِمامت کرکے اُنہیں شرف عطا کیا،آپؐ وہی تو ہیں جوکلام کےبھی اِمام ہیں،فُصحاء و بلغاء کےبھی اِمام وپیشوا ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَمَّ (ن) إِمَامَةً، أَمَّ إِمَامًا: اَلْقَوْمَ، بِالْقَوْمِ: اِمامت کرنا،اِمام بننا۔ شَرَّفَهٗ، تَشْرِیْفًا: عزت عطا کرنا،بزرگی دینا،تعظیم کرنا۔ اَلْأَنْبِیَاءُ، واحِد: اَلنَّبِیُّ: غیب کی خبریں دینے والے،اُمت کوپوشیدہ باتیں بتانے والے۔اَلْمَصَاقِعُ، واحِد الْمِصْقَعُ: فُصحاءوبلغاء۔

ش ۳.

وَ مَنْ یَّصِفُـهُ الْغَیْثُ وَ الطَّلُّ کِلَاهُمَا
وَ مِیَاهُ الْبِحَارِ وَ سِمَاکُ الْمَنَاقِعِ

ترجمہ: حضورؐ کی ذات وہی تو ہے کہ بارش اور شبنم دونوں جسکی ثنا خوانی کرتے ہیں، سمندروں کا پانی، نیز سمندروں اور جھیلوں کی مچھلیاں آپؐ کی تعریف و توصیف میں مگن ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: وَصَفَ (ض) وَصْفًا، صِفَةً: اَلرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ اَلْغَیْثُ: تیز بارش۔ قرآن مجید میں ہے: (وَهُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا......) (سورۃ شوریٰ، آیت:28) ج: اَغْیَاث، غُیُوْث. اَلطَّلُّ: بوندا باندی، شبنم، ج: طِلَالٌ، طَلِلٌ. قرآن مجید میں ہے:(......فَاِنْ لَّمْ یُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ......)(سورۃ بقرہ، رقم: 265) مِیَاهٌ، واحد: مَاءٌ، مَاهٌ پانی۔ اَلْبِحَارُ، واحد: بَحْرٌ سمندر، قلزم، یَمٌّ۔ سِمَاکٌ، واحد: سَمَکٌ: ماہیانِ الٰہی، مچھلیاں۔ اَلْمَنَاقِعُ، واحد المَنْقَعُ: جھیلیں، سمندر۔

ش ۴.

وَ کَانَ یَقُوْمُ مُزَّمِّلًا لَّیَالِیَا
رَّاکِعًا وَّسَاجِدًا ۢ بِسَیْلِ الْمَدَامِعِ

ترجمہ: آپؐ مزمّل کی چادر اوڑھے ہوئے راتوں کو قیام کیا کرتے تھے، کبھی حالتِ رکوع میں ہوتے اور کبھی حالتِ سجدہ میں ہوتے، اِس حال میں کہ اَشکوں کا ایک سیلِ رواں اُمڈ آیا کرتا تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قَام یَقُوْمُ قَوْمًا ، قِیَامًا: کھڑا رہنا، قیام کرنا۔ زَمَّلَ: الشَّیْءَ: چُھپانا۔ زَمَّلَ: نَفْسَهٗ بِثَوْبِهٖ: کپڑا لپیٹنا، اُوپر چادر ڈالنا۔ اَلْمُزَّمِّلُ: کپڑوں (چادر) میں لپٹنے والا۔ لَیَالٍ، لَیَالِیُ، واحد: لَیْلٌ: راتیں۔ رَکَعَ (ف) یَرْکَعُ رَکْعًا رُکُوْعًا: سر جُھکانا، پُشت خم کرنا۔ رَکَعَ إِلٰی اللّٰهِ أَیُ خَضَعَ لِلّٰهِ. اللہ کے سامنے جُھکنا۔ رَاکِعٌ: فاعِل پُشت خم کرنے والا، جھکنے والا، ج: رَاکِعُوْن، رُکَّعٌ. سَجَدَ (ن) یَسْجُدُ سُجُوْدًا: جھکنا، عبادت کیلئے پیشانی زمین پر رکھنا۔ صفت مذکر سَاجِدٌ: سجدہ ریز، ج: سَاجِدُوْنَ، سُجَّدٌ. قرآن مجید میں ہے: (......تَرَاهُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا......) (سورۃ الفتح رقم:29) سَالَ یَسِیْلُ (ض) سَیْلًا، سَیْلَانًا، مَسِیْلًا. اَلْمَاءُ: پانی کا بہنا۔ سَیْلٌ مصدر، سیلاب، بہنے والا پانی، ج: سُیُوْلٌ. اَلْمَدَامِعُ، واحِد: اَلْمِدْمَعُ اشک، آنسو، یا آنسو بہنے کی جگہ۔

ش ۵.

وَ خَیْرُ رَضِیْعٍ أَرْضَعَتْهُ حَلِیْمَةُ
سَبَقَتْ لِکَوْنِ أُمِّهٖ عَلَی الْمَرَاضِعِ

ترجمہ: سب سے افضل و اعلیٰ شِیر خوار بچہ حضور صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم ہیں جنہیں حضرت حلیمہؓ سعدیہ نے دُودھ پلایا، آپؐ کی رضاعی ماں ہونے کے سبب وہ تمام رضاعی ماؤں پر سبقت لے گئیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَیـرٌ: بھلائی، نیکی، افضیلت، کسی چیز کا منتہائے کمال، ج: خُیُـورٌ، خِیَـارٌ، أَخْیَـار. رَضَـعَ (ض، ف) رَضْعًا، رَضَعًا، رَضَاعَةً. اَلْوَلَدُ. أُمَّهٗ: بچے کا ماں کا دودھ پینا۔ أَلرَّضِیْعُ: دودھ پیتا بچہ، شیر خوار ج: أَلـرُّضَعَاءُ. أَرْضَعَ إِرْضَاعًا. اَلْمَرْئَةُ اَلْوَلَدَ: عورت کا بچے کو دودھ پلانا۔ سَبَقَ یَسْبِقُ سَبْقًا: سے آگے نکل جانا۔ سَبَـقَ عَـلٰـی، عَنْ پر سے غالب آنا۔ اَلْـمَـرَاضِعُ: دودھ پلانے والی مائیں، دایاں، واحـد: أَلْـمُـرْضِـعَةُ (وَ حَـرَّمْنَا عَلَیْـهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ)(القرآن۔سورۃ القصص: رقم 12)

ش٦.

لَا قِـرْنَ لَـهٗ فِـیْ عَـدْلِـهٖ إِنَّـمَـا كَـانَ
رَضِیْـعًـا وَّقَـدْ كَـانَ اِمَـامَ الْـمَـقَـانِعِ؟

تــرجــمــه: عدل و انصاف کرنے میں آپؐ کی نظیر ہی نہیں بلا شبہ آپؐ ابھی شیر خوار بچے ہی تھے اُس حالت میں بھی آپؐ عادل گواہوں کے پیشوا ہی تھے، یعنی آپؐ نے ہمیشہ ایک ہی پستان سے دُودھ پی کر عادلانہ گواہی کا ایک اَیسا نظام قائم کیا کہ دُنیا جسکی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَـدَلَ (ض) عَـدْلًا: فُلَانًا بِفُلَانٍ: برابری کرنا۔ اَلْـمَـقْنَعُ: شاہد عادل، جس کی گواہی کو کافی سمجھا جائے۔ ج: اَلْـمَقَانِعُ. قِرْنٌ: مثل، کفو، ہم سر، ج: اَقْرَان. رَضِیْعٌ: شیر خوار بچہ، ج: رُضَعَاءُ. اِمَامٌ: پیشوا، ج: آئِمَّه.

ش٧.

أَتٰـی بِـالْـكِتَـابِ سَـاطِـعَـاتٌ آیـاتُـهٗ
وَ رُبَّ دَلَیْـلٍ جَـلِیْـلٍ فِیْـهِ قَـاطِـعِ

ترجمہ: آپ ؐ ایسی کتاب لائے ہیں جسکی آیتیں روشن ہیں، نیز جسمیں بے شمار فیصلہ کُن دلائلِ مُسکتہ بھی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَتَـی یَاتِیْ إِتْیـانًا: بِشَیْءٍ: لانا، لے آنا۔ سَطَعَ یَسْطَعُ (ف) سَطْعًا، سُطُوْعًا النُّوْرُ: روشنی کا بلند ہونا، یا پھیلنا۔ سَاطِعَاتٌ: روشن، اِسمِ فاعل جمع مؤنث۔ آیـاتٌ، واحِد: آیَةٌ: نشانیاں، علائم۔ جَلَّ (ض) جَلالًا، جَلالَةً: بڑے مرتبے والا ہونا۔ جَلِیْلٌ صفت ہے، ج: أَجِلَّاءُ. قَطَعَ یَقْطَعُ (ف) قَطْعًا قُطُوْعًا: الْإِنْسَانَ: لاجواب کردینا، خاموش کردینا۔ قَطَعَ، بِالحُجَّةِ والدَّلِیْلِ: مُخالف کی دلیل سے زبان بندی کرنا، خاموش یا لاجواب کردینا۔ قَاطِعٌ فاعل۔

ش ۸.

وَمَنْ دِیْنُهُ لِلنَّاسِ خَیْرُ الْاَدْیَانِ
فَشِرْعَتُهُ مُیِّزَتْ خَیْرُ الشَّرَائِعِ

ترجمہ: آپ ؐ وہی تو ہیں جن کا لایا ہوا دین لوگوں کیلئے بہترین دین ہے، آپکی شریعتِ مُنفرد و ممتاز سَب سے بہترین شریعت ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَاسٌ، ج: أُناس: لوگ۔ أَلْأَدْیَانُ، واحِد: أَلدِّیْنُ. مذاہب و مِلَل۔ خَیْرٌ: افضل و بہتر، بھلائی، نیکی، کسی چیز کا مُنتہائے کمال، ج: أَخْیَار، خُیُوْر، خِیَار. شِرْعَةٌ: شریعت، رستہ، عادت۔ ج: شِرْعٌ، شِرَاعٌ. شَرِیْعَةٌ، ج: شَرَائِعُ: طریقہ، اللہ کے مقرر کردہ اَحکام، چوکھٹ، سیفُ البحر کے گھاٹ۔ مَازَ مَیْزًا، مَیَّزَ تَمْیِیْزًا، اَمَازَ إِمَازَةً: الشَّیْءَ: جدا کرنا، الگ کرنا۔ مَیَّزَ الشَّیْءَ: ترجیح دینا۔ شِرعة: (......لِکُلٍّ جَعَلْنَا مِنْکُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا......) (القرآن، سورۃ المائدہ: رقم 48)

ش ۹.

عَلَـى الْأَنْبِيَـاءِ مَـنْ سَيَـفْـخَـرُ قَدْمَضَوْا
بِــكَثْـرَةِ اُمَّـتِـهٖ وَ صَـحْـبِـهِ التَّـبَـائِعِ

ترجمہ: آپؐ وہی تو ہیں جو بلحاظِ کثرتِ اُمّت کے اور پیروکار صحابہ کے انبیاءِ سابقین علیہم السلام پر فخر کریں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْأَنْبِيَـاءُ، واحِد: اَلنَّبِيُّ: اُمّت کو پوشیدہ باتیں بتانے والی ہستیاں، پیغمبرانِ خدائے مُتعال۔ فَخَرَ (ف) فَخْرًا فخر کرنا۔ مَضَى يَمْضِيُ، مَضَا يَمْضُوُ مُضُوًّا: اَلشَّـيْءُ گزرجانا۔ أُمَّةٌ، ج: اُمَـمٌ: جماعت، لوگوں کا گروہ، طریقہ، مُدّت، قدوقامت۔ اُمَّةٌ: مُدَّت۔(......وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ......) (سورۃ یوسف، آیت:45)۔ صَحْبٌ: اَصدقاء، جُلساء، نُدماء، ساتھی، واحِد: صَاحِبُ، صحابی۔ تَبِعَ (س) تَبَاعًا، تَبْعًا: پیچھے چلنا، فرمانبردار ہونا۔ أَلتَّبَائِعُ، واحِد: أَلتَّبِيْعُ: مددگار، پیروی کرنے والے۔

ش ۱۰.

وَ مَنْ ' بِـرِحَـالِـهِ التِّـجَـارَة ذَهَـابًـا
وَّ إِيَـابًـا قَـدْ عَـطَّرَ مَـمَـرَّ السَّـنَـائِعِ

ترجمہ: آپؐ کی ذات وہ ہستی ہے کہ آپؐ نے اپنے تجارتی سفروں کے دوران، آتے جاتے پہاڑی دَرَّوں کی گزرگاہوں کو مُعطّر وخوشبودار کردیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَحَلَ يَرْحَلُ (ف) رَحْلًا رَحِيْلًا: عَنِ الْمَكَانِ وَ الْبَلَدِ: سفر کرنا، ترکِ وطن کرنا۔ رِحَالٌ: کجاوے، سامانِ سفر، واحِد: رَحْلٌ. تَجَرَ يَتْجُرُ تَجْرًا تِجَارَةً: سوداگری کرنا، کاروبار کرنا۔ اَلتِّجَارَةُ مصدر کاروبار، تجارت۔ ذَهَبَ يَذْهَبُ (ف) ذَهَابًا مَذْهَبًا: جانا۔ آبَ يَئُوْبُ (ن) أَوْبًا مَآبًا لوٹنا۔ اِيَابٌ: واپسی، لوٹنا آنا۔ (ذِهَاب و اِيَاب آنا جانا) محاورہ ہے۔ عَطَّرَ: خوشبودار کرنا۔ مَرَّ يَمُرُّ (ن) مُرُوْرًا مَمَرًّا: گزرنا، جانا۔ مَمَرٌّ مصدر ہے، بمعنی گزرگاہ، راستہ۔ اَلسَّنَائِعُ: پہاڑی راستے واحِد السَّنِيْعَةُ.

ش ١١.

تَسَكَّرَ رِيْقُهُ وَ اسْتَعْطَرَ عَرْقُهُ
تَنَبَّعَتْ بَنَانُهُ كَنَبْعِ الْمَنَابِعِ

ترجمہ: آپ کا لُعابِ دَہن سراپا شکر و چینی بن گیا جبکہ آپ کا پسینہ سراپا عطر کی صورت اِختیار کر گیا۔ آبی چشموں، سوتوں کی طرح آپ کے پُوروں سے پُھوٹ پُھوٹ کر پانی نکلنے لگا۔ (سُبحان اللہ!)

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَعْطَرَ: الشَّيْءُ: خوشبودار ہونا۔ عَرْقٌ: پسینہ، نچوڑی گئی چیز۔ رِيْقٌ: تھوک، آبِ دَہن، ج: اَرْيَاق، رِيَاق. تَسَكَّرَ الشَّيْءُ: چینی بن جانا، میٹھا ہو جانا، مادہ سُكَّرٌ چینی۔ تَنَبَّعَ: چشمہ بن جانا، پھوٹ پڑنا۔ مادہ نَبْعٌ چشمہ۔ بَنَان: انگلیوں کے سرے، پُورے، واحِد: بَنَانَةٌ بمعنی کیلا۔ کیونکہ کیلے بھی اُنگلیوں کی طرح ہوتے ہیں۔ اَلْمَنَابِعُ: چشمے، سوتے، واحِد: اَلْمَنْبَعُ.

ش ۱۲.

وَ كَـمْ مِـنْ وَّ شِيْـعَةٍ حَلَّهَـا رَسُوْلُنَـا
تَسَهَّـلَ بِـاَيْـدِيْـهِ جَمِيْعُ الْوَشَـائِعِ

ترجمہ: کتنے پیچیدہ و دقیق مسائل رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے حل کر دِکھائے؛ آپؐ کے ہاتھوں سے تمام مُشکل مسائل آسان ہو جایا کرتے تھے (یعنی ہر بڑا مسئلہ آپؐ کے سامنے چھوٹے سے بھی چھوٹا ہوتا تھا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَشِيْعَةٌ: پیچیدہ مسئلہ، ج: اَلْوَشَائِعُ. حَلَّ يَحُلُّ (ن) حَلًّا: اَلْعُقْدَةَ. اُوِ الْوَ شِيْعَةَ: حل کرنا، پیچیدہ گرہ کھولنا۔ تَسَهَّلَ الْأَمْرُ: آسان ہونا۔ يَدٌ: ہاتھ، ج: اَيْدِىْ.

ش ۱۳.

اَلَا خَيْـلُـهٗ سَـابِـقَةٌ فِى الْـمَـعَـارِكِ
وَمَـا لِـعِـدَاهُ لَـمْ يَـزَلْ مِنَ الْقَـوَابِعِ

ترجمہ: خبردار! آپؐ کے گھوڑے غزوات و میادِین رزم میں آگے نکلنے والے ہوتے ہیں، (جبکہ) آپؐ کے مُخالفین و دشمنان کے گھوڑے ہمیشہ پیچھے رہنے والے ہی ہوتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَخْيَالٌ، واحِد: خَيْلٌ گھوڑے، مُرادًا سوار۔ سَبَقَ سَبْقًا (ن،ض) دوڑ میں آگے نکلنا۔ اَلْمَعَارِكُ، واحِد: اَلْمَعْرَكَةُ: لڑائیاں، غزوات، قِتال۔ اَلْقَوَابِعُ: گھڑ دوڑ میں پیچھے رہنے والے گھوڑے۔ اِسکا متضاد: سَوَابِقُ ہے۔

ش ۱۴.

قَـدِ اتَّبَـعَ صَـحْبُـهٗ حَـقَّ اِتِّبَـاعِـهٖ
كُـلُّ وَاحِـدٍ مِّنهُـمْ كَـالـنَّـجْـمِ اللَّامِعِ

تـرجـمـه: آپؐ کے تمام صحابہ کرام رِضوانُ اللہ علیہم اَجمعین نے ہمیشہ آپؐ کے نقشِ قدم کی کماحقہٗ پیروی کی ہے جس طرح آپؐ کی اتباع کا حق تھا (اُن میں سے) ہر ایک چمکتا دمکتا، ضوفشاں ستارے کی مِثل ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِتَّبَعَهٗ، اِتِّبَاعًا: پیروی کرنا۔ صَحْبٌ: ساتھی، صحابی، واحِد: صَاحِبٌ. اَلـنَّـجْمُ اللَّامِعُ مرکب توصیفی، چمکتا ستارہ، روشن ستارہ۔ جمع نُـجُـوْمٌ. لَمَعَ يَـلْـمَعُ لَمْعًا (ف) لَمَعَانًا: بجلی وغیرہ کا کُودنا، چمکنا۔ لَامِعٌ فاعِل ضوفشاں، روشنی بکھیرنے والا۔

ش ۱۵.

وَ كَـانَ عَـلِـيٌّ صِهْـرَهٗ وَضَيْـغَـمَ الـلّٰـهِ
وَ أَخَـاهُ وَ مَـوْلَاهُ وَ أَقْـضَـى الْـمـفـارِعِ

تـرجـمـه: حضرت علی رضی اللہ عنہ آپؐ کے داماد، اللہ کے شیر، آپؐ کے چچازاد برادر اور آپؐ کے مولیٰ بھی ہیں، نیز لوگوں میں صُلح کرنے والوں میں سب سے بہترین قاضی و فیصل ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صِهْرٌ: قرابت، داماد، بہنوئی، ج: أَصْهَارٌ، ضَيْغَمٌ: شیر، ج: ضَيَاغِمُ. أَخٌ، ج: إِخْوَةٌ برادر، مولیٰ، ج: مَوَالِي کثیر المعانی لفظ ہے چند مشہور معانی یہ ہیں، مالک وسردار، غلام، آزاد کردہ غلام، آزاد کرنے والا، محبت کرنے والا، دوست وساتھی، حلیف، رشتہ دار، ولی، آقا۔ قَضٰى يَقْضِيُ قَضَاءً، قَضِيَّةً: بين الْخَصَمَيْنِ: فیصلہ کرنا۔ اَقْضٰى: اسمِ تفضیل، بہتر فیصلہ کرنے والا۔ اَلْمَفَارِعُ، واحد: اَلْمِفْرَعُ: لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے والے۔

ش ١٦.

وَ اشْتَهَرَ اَبُوْحَفْصٍ بِالْعَدْلِ وَ تَقْلِيْعِ

الْجِدَالِ وَاَفْرَعِ الرِّجَالِ وَالْفَوَارِعِ

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہرت، نظامِ عدل کا قیام، نیز جھگڑوں کو قلع قمع کرنے کے سبب ہے۔ آپؓ حضرات صحابہ اور صحابیات رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سب سے اونچے، قدآور تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَدَلَ عَدْلًا (ض) مساوات وانصاف کرنا۔ قَلَعَ تَقْلِيْعًا: اَلشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا، تنا کاٹ دینا، ابتداء ہی سے ختم کردینا۔ تَقْلِيْعٌ: مَصدر، ختم کرنا، اکھیڑنا۔ جَدِلَ (س) جَدَلًا جِدَالًا. اَلْمَرْءُ: سخت جھگڑالو ہونا۔ اَلْجَدَلُ: دنگا فساد، جھگڑا۔ اَلْفَوَارِعُ، واحد اَلْفَارِعَةُ بلند، اُونچا، خوبصورت۔ كَذَا اَلْفَارِعُ. فَارِعَةُ الْجَبَلِ: پہاڑ کا بُلند حِصہ، چوٹی۔ فَارِعُ اَوْ فَارِعَةُ النَّاسِ: لوگوں میں بُلند قامت۔ اَفْرَعُ اسمِ تفضیل از فَرَعَ: بہت بلند قامت۔ فَرَعَ (ف) فَرْعًا فُرُوْعًا: اَلْقَوْمَ: سے شرافت اور حُسن میں ممتاز ہونا۔ ابو حفص حضرت عمرؓ کی کنیت ہے۔

ش ۱۷ .

وَ نَــادَی بْـنَ عَـوْفٍ إِنَّهَـا رَحْـمَةُ الْقَلْبِ
وَ خَــدَّاهُ سَــالَتَـا بِسَيْـلِ الْهَـوَامِـعِ

تــرجــمــه: حضورؐ کے فرزند دِلبند حضرت ابراہیمؑ کی وفات حسرت آیات کے وقت آپؐ کا رونا اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا سوال کرنا۔ یا رسولؐ اللہ آپ بھی روتے ہیں؟ (اُن کے سوال کے جواب میں آپؐ نے اُنہیں مخاطب کرکے فرمایا) اے ابن عوف! یہ رونا اللہ کی طرف سے رحمت، نرم دِلی کی علامت ہے، آپؐ اِسقدر اشکبار ہوئے کہ آپؐ کے دونوں رُخساروں پر آنسوؤں کا ایک سیل رواں تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَادٰی نِدَاءً مُنَادَاةً: اَلْمَرْءَ: اَوْبِالْمَرْءِ: پکارنا، آواز دینا۔ رَحِمَ يَرْحَمُ رَحْـمَةً، رُحْـمًـا: نرم دل ومہربان ہونا۔ رَحْـمَةٌ مصدر، نرمی ومہربانی۔ رَحْمَةُ الْقَلْبِ: نرم دِلی، مرکب اضافی۔ سَال سَيْلًا (ض) مَسِيْلًا، اَلْمَاءُ وَغَيْرُهُ: کا بہنا۔ خَدٌّ: رخسار، جمع خُدُوْدٌ، تثنیہ خَدَّان۔ نون تثنیہ اِضافت کی وجہ سے گر گیا۔ اَلْهَوَامِعُ: بہنے والے، واحد: اَلْهَامِعَةُ.

ش ۱۸ .

ضَــرِيْـعُکَ إِنَّــمَــا مَـرْجِـعُ الْـخَلَائِقِ
عَـلَـی الْأَرْضِ لَاشَکَّ أَحَبُّ الْـوَدَائِعِ

تــرجــمــه: اِس کُرہِ اَرض پر فقط آپؐ کا مزارِ پُر انوار مرجع خلائق ہے، بلاشبہ روئے زمین پر محبوب ترین مقبرہ صرف آپؐ کا مدفن ہی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ضَرِيْعٌ: مقبرہ۔ رَجَع (ض) رُجُوْعًا مَرْجَعًا: لوٹنا، واپس ہونا۔ مَرْجِعٌ جائے بازگشت، لوٹنے کی جگہ، مونڈھے کا نچلا حصہ۔ اَلْخَلَائِقُ: عوام النّاس، واحد: اَلْخَلْقُ. حَبَّ، وَ اَحَبَّهٗ محبت کرنا۔ اَحَبُّ: اِسم تفضیل، محبوب ترین۔ اَلْوَدَائِعُ: مقبرہ، زیارت گاہ۔ اَحَبُّ الْوَدَائِعِ: محبوب ترین مقبرہ۔

ش ۱۹.

وَ مَنْ عَيْنُهٗ عَيْنُ الْفِرَاسَةِ وَالْجُوْدِ
وَ تِبْيَانُهٗ كَاَنَّمَا عِقْدُ الْجَوَامِعِ

ترجمہ: آپؐ وہی تو ہیں جنکی آنکھ فراست کا سرچشمہ اور سخاوت کا چشمہ ہے اور آپؐ کا بیان گویا کہ مقصود پر دال جامعیّت الفاظ کی ایک لڑی ہے، یعنی آپؐ کے بیان کے الفاظ کم اور معانی بہت زیادہ ہیں، تھوڑے الفاظ میں بہت کچھ کہہ دینا یہ حُسنِ بیان اور جامعیت بیان کی دلیل ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَيْنٌ: آنکھ، ج: أَعْيُنٌ. عَيْنٌ: چشمہ، ج: عُيُوْنٌ. اَلْفِرَاسَةُ: بصیرت، چشمِ باطن یا دُوراَندیشی۔ اَلْجُوْدُ: سخاوت، فیاضی۔ تِبْيَانٌ مصدر، بمعنی بیان، اَلْجَوَامِعُ، واحد: اَلْجَامِعُ مقصود پر دال مختصر وموجز گفتگو۔ الفاظ قلیل و قصیر مگر معانی کثیر و مُطیل۔

﴿......أَلْغَيْنُ......﴾

وَ كَمْ مِنْ رَّسُوْلٍ أَجَادَ الرِّسَالَةَ — وَ إِنَّ بَلَاغَ خَيْرِهِمْ خَيْرُ الْبَلَاغِ
بَدِيْعٌ اِلٰهُنَا لَصَاغَ حَبِيْبَهٗ — عَلٰى صُوْرَةٍ كَمَا اَرَادَ لَقَدْ صَاغَ
هُوَ ابْنُ ذَبِيْحٍ فَذَاكَ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ — رَافِعَيْ قَوَاعِدِ الْبَيْتِ بِالرِّدَاغِ
وَمَنْ لَّمْ يُطِعْ إِلَى الْقِيَامَةِ نَبِيَّنَا — فَذَالِكَ مِنَ الْخَلْقِ زَعِيْمُ الْأَرْفَاغِ

فَـاصْبِغُوْا نُـفُـوْسَـكُـمْ بِـصِبْغَةِ رَبِّكُمْ ... اَلَا صِبْـغَـهٗ أَحْسَنُ مِنْ كُلِّ الْأَصْبَاغِ

إِذَا اعْتَـصَـمْتُـمْ بِـدِيْـنِـهٖ فَـلَـنْ تَـضِلُّوْا ... وَمِنْ صَـحْـبِـهٖ مٰـا تَيَسَّرَ بـالرِّسَـاغِ

فَـالْـحَـقُّ بَيِّـنٌ وَّ الـضَّلَالُ هٰـكَـذَا ... فَـاعْـلَـمْ وَمَـا عَلَـيَّ إِلَّا الْـإِنْشَـاغ

قِ نَفْسَكَ مِنْ نَفْسِكَ وَاجْنُبْ شُرُوْرَهَا ... فَـاجْـعَـلْـهَـا صَـرِيْعَةً بِـالْأَرْسَـاغِ

فَإِنْ لَّـدَغَتْكَ بِـالْـمُصَارَعَةِ لَا تَخَفْ! ... أُجُـوْرُكَ تُـوَفّٰ بَـلْ تُـزَادُ بِاللُّدَّاغِ

عَـلَـى الْـعَـمَـلِ وَاظِبْ وَ بَادِرْ وَلَا تَفْتِرْ ... لَا يَبِـتْ لَـدَيْـكَ الْـفِشَاغُ وَ الْفَرَاغُ

فَـاعْبُـدْ إِلٰهَكَ كَـأَنَّـهٗ تُـجَـاهَكَ ... فَتَفُـوْحَ اَعْـمَـالُكَ مِسْكًا إِذَافَـاغَ

لِسَـانَكَ أَلْـجِـمْـهُ وَ إِلَى الْحَقِ صَرِّفْهُ ... كَـيْ لَايَتَـرَشَّـحَ مِنْـهُ قِيْلُ الْأَمْلَاغِ

فَــانْـصُـرْ رِجَـالَ الـدِّيْـنِ رَبِّ فَـإِنَّهُـمْ
يُـعَـدُّوْنَ يَـوْمَـنَـا ضِـعَـافَ الْأَوْزَاغِ

☆☆☆

ش ا .

وَ كَـمْ مِـنْ رَّسُـوْلٍ أَجَـادَ الـرِّسَـالَةَ
وَ إِنَّ بَلَاغَ خَيْـرِهِـمْ خَيْـرُ الْبَلَاغِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے کتنے رسول ہیں جنہوں نے بڑی عمدگی سے پیغام الٰہی پہنچایا، بلاشبہ اُن میں جوافضل ہے اسکی تبلیغ ورسالت بھی افضل ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَجَادَ: اَلْعَمَلَ: اچھی طرح کرنا۔ أَلرِّسَالَةُ: پیغامبری، نبوت ورِسالت، خط، ج: أَلرَّسائِلُ، أَلرِّسَالَاتُ. اَلْبَلَاغُ: پیغام، پیغام رسانی۔

ش ۲.

بَدِيْعٌ اِلٰهُنَا لَصَاغَ حَبِيْبَهٗ
عَلٰى صُوْرَةٍ كَمَا اَرَادَ لَقَدْ صَاغَ

ترجمہ: ہمارا معبود بغیر نمونے کے (چیزیں) بنانے والا ہے تحقیق اُس نے اپنے محبوب کو ایسے حُسنِ تخلیق پر پیدا کیا جیسے پیدا کرنا منشاءِ الٰہی تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَاغَ يَصُوْغُ صَوْغًا؛ الشَّيْءَ: درست نمونے پر آراستہ کرنا۔ صَاغَ اللّٰهُ فُلَانًا عَلٰى صِيْغَةٍ / صُوْرَةٍ حَسَنَةٍ: اللہ تعالیٰ نے فلاں کو خوبصورت طریقے سے پیدا فرمایا۔

ش ۳.

هُوَ ابْنُ ذَبِيْحٍ فَذَاكَ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ
رَافِعَيْ قَوَاعِدِ الْبَيْتِ بِالرِّدَاغِ

ترجمہ: آپ ؐ ذبیحُ اللہ یعنی سیّدنا اِسماعیل علیہ السلام کے فرزندِ دلبند ہیں اور وہ سیّدنا اِبراہیم علیہ السلام کے جگر گوشہ ہیں، جنہوں نے گارا کے ساتھ بیتُ اللہ کی دیواریں کھڑی کیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ذَبِيْحٌ سیّدنا اِسمٰعیل علیہ السلام کا لقب ہے۔ رَفَعَ (ف) رَفْعًا اُٹھانا۔ اَلْحَائِطَ وَالْقَوَاعِدَ دیواریں چُننا۔ قَوَاعِدُ، واحد اَلْقَاعِدَةُ. قَوَاعِدُ الدَّار گھر کی دیواریں۔ وَالْقَاعِدَةُ فِي الْاِصْطِلَاحِ الْأَصْلُ الَّذِيْ يَنْطَبِقُ عَلَى الْجُزْئِيَّاتِ كُلِّهَا. اَلْبَيْتُ: بیت الحرام، کعبہ معظّمہ۔ اَلرِّدَاغُ: گارا، کیچڑ۔

ش ۴.

وَمَنْ لَّمْ يُطِعْ إِلَى الْقِيامة نَبِيَّنَا
فَذَالِكَ مِنَ الْخَلْقِ زَعِيْمُ الْأَرْفَاغُ

ترجمہ: قیامت تک جو بھی ہمارے پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اِطاعت نہ کرے تو وہ شخص مخلوق میں نااہل اور کمینے لوگوں کا قائد ولیڈر رہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَطَاعَهُ إِطَاعَةً: کی اِطاعت وفرمانبرداری کرنا۔ اَلْخَلْقُ مخلوق، ج: اَلْخَلائِقُ. زَعِيْمٌ: ضامن، لیڈر، قائد، سردار ج: زُعَمَاءُ. أَلْأَرْفَاغُ، واحِد أَلرَّفْغُ، اَرْفَاغُ النَّاسِ: نااہل گھٹیا لوگ۔

ش ۵.

فَاصْبِغُوْا نُفُوْسَكُمْ بِصِبْغَةِ رَبِّكُمْ
اَلَا صِبْغَهُ أَحْسَنُ مِنْ كُلِّ الْأَصْبَاغُ

ترجمہ: (اے برادرانِ اسلام) اپنے آپ کو اپنے رَبّ کے رنگ میں رنگ دو، آگاہ رہو! ہمارے پروردگار کا رنگ ہی ہے جو تمام رنگوں سے خوبصورت رنگ ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَبغَ صَبْغًا (ن، ض، ف) أَلثَّوْبَ اَوِ الْجِلْدَ وَغَيْرَهُ بِاللَّوْنِ سے رنگنا، رنگ چڑھانا۔ صِبْغَةٌ: رنگ، دین وملت، نوع۔ صِبْغٌ، ج: أَصْبَاغٌ: رنگ۔ قرآن مجید میں ہے: (صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً......) (سورۃ بقرہ، آیت:138)

ش ٦.

إِذا اعْتَصَمْتُمْ بِدِيْنِهِ فَلَنْ تَضِلُّوْا
وَمِنْ صَحْبِهِ مَا تَيَسَّرَ بِالرِّسَاغُ

ترجمہ: جب تم دین کو مضبوطی سے تھامے رہو گے، اور صحابہ کی پیروی کرتے رہو گے، نیز کسی بھی صحابی کی اِتباع تمہیں میسر ہو تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِعْتَصَمَ بِالدِّیْنِ: مضبوطی سے پکڑنا، پختگی سے اِختیار کرنا۔ ضَلَّ یَضِلُّ (ض) ضَلَالًا، ضَلَالَةً: گمراہ ہونا۔ صفت ضَالٌ: گمراہ بھٹکا ہوا۔ دِیْنٌ: مذہب وملت، عادت وسیرت، ج: أَدْیَانٌ. تَیَسَّرَ: الْأَمْرُ: آسان ہونا، میسر ہونا۔ اَلرِّسَاغُ: پاؤں، باندھنے کی رسی۔ کِنایۃً، کسی بھی صحابی کی رسی پاؤں باندھنے کیلئے میسر ہو، یعنی بآسانی کسی کی اِتباع کرلو تو کامیابی کی ضمانت دی گئی۔ (.... بِأَیِّهِمُ اقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ، اَلْحدیث) . اس شعر کی نثری تقدیر عبارت یوں ہوگی: **إِذَا اعْتَصَمْتُمْ بِدِیْنِهٖ وَ بِالرِّسَاغِ مَا تَیَسَّرَ مِنْ صَحْبِهٖ فَلَنْ تَضِلُّوْا.**

ش۷.

فَالْحَقُّ بَیِّنٌ وَّ الضَّلَالُ هٰکَذَا
فَاعْلَمْ وَمَا عَلَیَّ إِلَّا الْإِنْشَاغُ

ترجمہ: حق واضح اور روشن ہے، اِسی طرح گمراہی بھی عیاں ونمایاں ہے، (اَے سامع!) خوب جان لو! میرے ذِمہ فقط تلقین کرنا اور سمجھانا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَلْحَقُّ: سچائی، اِنصاف، راستی ویقین۔ بَیَّنَ الشَّیْءُ: واضح ہونا، ظاہر ہونا، بَیِّنٌ صفت ہے، یعنی واضح ونمایاں۔ اَلضَّلَالُ: مصدر، گمراہی۔ اَنْشَغَ إِنْشَاغًا الْکَلَامَ: تلقین کرنا، سُجھانا، سمجھانا۔

ش۸.

قِ نَفْسَکَ مِنْ نَفْسِکَ وَاجْتُنِبْ شُرُوْرَهَا
فَاجْعَلْهَا صَرِیْعَةً بِالْأَرْسَاغِ

ترجمہ: (اے برادرِ مسلم!) اَپنے آپ کی اپنے نفس سے اور اُسکی شرانگیزیوں سے حفاظت فرما۔ کلائیوں سے پکڑ کر (شر کے اکھیاڑے میں) اِسے پٹخ دو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَقٰی یَقِیْ وَقْیًا، وِقَایَةً: اَلشَّیْءَ وَ مِنْهُ: سے بچنا، بچانا۔ نَفْسٌ: رُوح، جی، دِل، ذی رُوح، ج: نُفُوْسٌ، اَنْفُسٌ. جَنَبَهٗ (ن) جَنْبًا: دور کرنا، الگ کرنا، علیحدہ کرنا، بچانا، کما جاء فی القرآن (......وَّاجْنُبْنِیْ وَ بَنِیَّ أَنْ نَّعْبُدَ الْأَصْنَامَ) (سورۃ ابراھیم، آیت:35) شُرُوْرٌ، واحِد: شَرٌّ بُرائی۔ اَرْسَاغ، واحِد رُسْغٌ: کلائیاں، ہاتھ کے گٹے۔

ش ۹.

فَإِنْ لَّدَغَتْکَ بِالْمُصَارَعَةِ لَا تَخَفْ!
أُجُوْرُکَ تُوَفَّ بَلْ تُزَادُ بِاللُّدَّاغِ

ترجمہ: اگر (خیر وشر کے) اِکھیاڑے میں تیرا نفس تجھے ڈس لے/دانتوں سے کاٹ لے تب بھی گھبرانا نہیں (کیونکہ) تیری اُجرت تجھے پوری دِی جائیگی بلکہ نفس کے کاٹنے سے تیری اُجرت بڑھ جائیگی، یعنی زیادہ تکلیف ومشقت پر تیرے ثواب میں اِضافہ ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أُجُوْرٌ: اُجرت ومزدوری، واحِد: أَجْرٌ، اَجِیْرٌ: مزدور۔ وَفّٰی تَوْفِیَةً. اَلْکَاسِبَ، حَقَّهٗ وَ اَجْرَهٗ: مزدور کو پورا پورا حق دینا۔ زَادَ یَزِیْدُ زِیَادَةً مَزِیْدًا: زیادہ ہونا، بڑھنا۔ أَللُّدَّاغُ: کانٹا، یا کانٹے کی نوک۔

ش ۱۰.

عَلَی الْعَمَلِ وَاظِبْ وَ بَادِرْ وَلَا تَفْتِرْ
لَا یَبِتْ لَدَیْکَ الْفِشَاغُ وَ الْفَرَاغُ

ترجمہ: نیکی کرنے میں ہمیشگی و دوام اختیار کر، اور اچھائی کرنے میں جلدی و مسابقہ کر، نیکی کرنے میں وقفہ نہ کر (تاکہ) سُستی و نکما پن تیرے پاس رات بھی نہ گزارے یعنی تیرے شب و روز بِناں عبادت بسر نہ ہوں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَاظَبَ مُوَاظَبَةً: عَلَى الْعَمَلِ: دوام و ہمیشگی کرنا۔ بِالْاِلْتِزَام: کوئی کام کرنا۔ بَادَرَ مُبَادَرَةً، بَدَارًا: إِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا۔ فَتَر (ن،ض) فُتُوْرًا کام کرنے کے بعد وقفہ کرنا، تیزی کے بعد ٹھہرنا، سختی کے بعد نرم بن جانا۔ بَاتَ يَبِيْتُ: رات گزارنا۔ اَلْفِشَاغُ: کاہلی و سُستی۔ اَلْفَرَاغُ: نکما بیٹھنا، نکما پن۔

ش ۱۱۔

فَاعْبُدْ إِلٰهَكَ كَأَنَّهُ تُجَاهَكَ
فَتَفُوْحَ اَعْمَالُكَ مِسْكًا إِذَا فَاغْ

ترجمہ: (اے عبادت کرنے والے!) اِس یقین کے ساتھ اپنے معبودِ حقیقی کی بندگی کر گویا کہ وہ تیرے سامنے ہے (اگر چہ وہ تجھے دکھائی نہیں دیتا) اِس طرح تیرے اعمال کستوری کی طرح مہک دِکھائیں گے، جب کستوری مہکتی ہے (تو یہی صورتِ حال ہوتی کہ اَطراف معطّر ہو جاتے ہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَبَدَ يَعْبُدُ عِبَادَةً عُبُوْدِيَّةً (ن) پرستش کرنا۔ إِلٰهٌ: معبود، ج: آلِهَةٌ. تُجَاهٌ: سامنے، پیشِ نظر، آگے۔ تُجَاهَكَ: آپ کے سامنے۔ فَاحَ (ن) يَفُوْحُ فَوْحًا / فَاغَ يَفُوْغُ فَوْغًا: اَلْمِسْكُ أَوِ الطِّيْبُ: خوشبو کا بھڑک اُٹھنا۔ حدیث پاک میں آتا ہے: (...... كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا يَفُوْحُ رِيْحُهُ فِي كُلِّ مَكَانٍ......) ترمذی شریف۔

ش ۱۲.

لِسَانَکَ أَلْجِمْهُ وَ إِلَی الْحَقِ صَرِّفْهُ
کَیْ لایَتَرَشَّحَ مِنْهُ قِیْلُ الْأَمْلاغُ

ترجمہ: (اے برادر!) اپنی زبان کوقابو میں رکھ، (بدگوئی سے) پھیر کر اِسے راستی و بے باکی کی طرف لے آ، تاکہ اِس سے فحش گو لوگوں جیسی گفتگو نہ ٹپکنے لگ جائے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْجَمَ اِلْجامًا: اَلْفَرَسَ: لگام دینا۔ اَلِلّسَانَ: قابو میں رکھنا۔ لِسَانٌ: زبان، بولی، ج: أَلْسِنَةٌ. صَرَّفَ تَصْرِیْفًا: اَلشَّیْءَ: پھیرنا۔ تَرَشَّحَ الْماءُ مِنَ الْآنِیةِ؛ کُلُّ إِناءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْه: یَتَرَشَّحُ: ٹپکنا، قطرہ قطرہ رِسنا، گرنا۔ قَالَ یَقُوْلُ قَوْلًا، قِیْلًا: کہنا، بولنا۔ قَوْلٌ، قِیْلٌ مصدر ہیں، بول چال، گفتگو، قرآن مجید میں ہے: (إِلَّا قِیْلًا سَلامًا سَلامًا : سورۃ واقعہ، رقم:26) اَلْاَمْلاغُ، واحِد مِلْغٌ: فحش گفتار لوگ، بدکلام۔

ش ۱۳.

فَانْصُرْ رِجَالَ الدِّیْنِ رَبِّ فَإِنَّهُمْ
یُعَدُّوْنَ یَوْمَنَا ضِعَافَ الْأَوْزَاغُ

ترجمہ: یا رَبَّ العالمین! دِیندار لوگوں، یعنی عُلماءِ دین کی غائبانہ مدد فرما (کیونکہ) ہمارے عصرِ حاضر میں یہ لوگ کمزور ترین مخلوق گردانے جاتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رِجَالٌ، واحِد: رَجُلٌ؛ رِجَالُ الدِّیْنِ: مرکب اِضافی۔ مذہبی آدمی، علماءِ کرام۔ رَبٌّ: پالنہار، پروردگار، مالک، سردار و آقا، ج: اَرْبَاب: اللہ تعالیٰ کا وصفی نام۔ عَدَّ یَعُدُّ عَدًّا (ن) اَلشَّیْءَ گننا، حیطہ، شمار میں لانا۔ ضِعَافٌ، واحِد: ضَعِیْفٌ: کمزور ناتواں۔ أَلْأَوْزَاغُ: کمزور لوگ، واحِد: وَزْغَةٌ: چھپکلی۔

أَلْفَاءُ

حَـــانَ وَقْـــتُ فَــرْحَةٍ وَّ أَنْتَ لَهِيْفُ ... بِــالشَّــرِيْفِ أَبْشِـرْلِمَ أَنْتَ أَسِيْفُ؟

وَ قَدْبَشَّـرَتْ بِهِ السَّمٰوَاتُ وَ الْأَرْضُ ... فَســرَّ الْـوَرٰى بِــهٖ وَ ســرَّ الصَّحِيْفُ

تَـزَيَّـنَ الْـجِـنَـانُ وَانْـطَـفَأَتِ النِّيْرَانُ ... تَبَسَّـــمَ كُـــلُّ مَبْسِـمٍ اِلَّا السَّـــفِيْفُ

فَـلَـمَّــا الـرَّبِيْـعُ قَـدْ أَتَـانَـا بِصَـاحِبِـهٖ ... فَقَدْ حُمِلَتِ الْعَقِيْمُ وَ اخْضَرَّ النَّقِيْفُ

فَمَـا زَالَ يَــكْتُـبُ الْيَـرَاعُ نُـعُوْتَــهٗ ... فَـيَـصْـدُرُ قَبْـلَ الْـكَـوْنِ مِنْهُ الصَّرِيْفُ

وَ قَـالَ أَنَسٌ أَتَتْ اِلٰى ذَاكَ أُمِّىْ بِىْ ... فَـقُـمْـتُ عَـلٰـى خِدْمَتِـهٖ وَ أَناوَصِيْفُ

قَـوْلَـــهٗ كَـــأَنَّ قَـوْلُ الـلّٰـــهِ وَيَـدَهٗ ... يَـدُ الـلّٰـهِ لَـوْ أَشَـارَ فَـالْبَدْرُ نَصِيْفُ

فِى مَلَائِكِ الـرَّحْمٰنِ اَوْفِـىْ رُسُـلِهٖ ... كَذَا فِىْ جَمِيْعِ الْكَوْنِ هَلْ لَّهٗ رَصِيْفُ؟

مَـنْ ذَاالَّذِىْ ظَلَّ سِوَاهُ نَزِيْلَ الْعَرْشِ؟ ... فَتَــمَـــكَّــنَــهٗ وَالْـعَـرْشُ لَــهٗ مَـضِيْفُ

تَــرَقَّــبَ الْـمُـــعَـاهِدَ عِدَّةَ أَيَّـــامٍ ... فَـلَـمْ يَـــرْعَ عَهْـدَهٗ إِنَّـــهٗ خَلِيْفُ

فِـىْ بِـضْـعِ مَـعَـارِك رَآهُ الـزَّمَـانُ ... سَـــابِـغًـــا حَـدِيْـدًا إِذَا هُـوَ مُسِيْفُ

وَ سَـنَّ الْأَضَـاحِـىَ لِـلْمُسْلِمِيْنَ قَائِلًا ... هِــىَ سُـنَّةُ إِبْــرَاهِيْـمَ فَذَاكَ حَنِيْفُ

قَـتَـــادَةُ اسْـتَـشْفٰى عَـيْنَـهٗ بِـرِيْــقِـهٖ ... بَـلٰى وَ عَتِيْكٌ سَاقَهٗ كَذَا الْـكَـفِيْفُ

دَعَـــا دَعْـــوَةً لِّمُسْــلِمِيْنَ وَاسْتَسْــقٰى
فَــغَـــاثَ أُسْبُــوْعًــا تَبَـاعًــا نِ الْـقَـنِيْفُ

☆☆☆

ش ۱.

حَـــانَ وَقْـــتُ فَـــرْحَةٍ وَّ أَنْـــتَ لَهِيْفٌ
بِـــالشَّـــرِيْفِ أَبُشِـــرْلِـمَ أَنْـــتَ أَسِيْفٌ؟

ترجمہ: خوشی کا وقت رموسم آ گیا ہے، یعنی ربیع الاوّل جلوہ افروز ہو گیا ہے، جبکہ (اے برادر مسلم!) تو اَب بھی غمگین و پریشان ہے سیّد دو عالم کی ولادت باسعادت کی (خوشی میں) خوش ہو جاؤ (اے بردار!) تو کیوں غمگین و مضطرب ہے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: حَانَ حَيْنُوْنَةً (ض) حِيْنًا: وقت قریب ہو جانا۔ فَرِح (س) فَرْحًا: خوش ہونا۔ فَـرْحَةٌ: خوشی۔ وَقْـتُ فَـرْحَةٍ: مرکب اِضافی، خوشی کا وقت، زمانۂ مسرت۔ لَهِفَ لَهْـفًـا (س): عَـلٰـى مَـافَـاتَ: غمگین ہونا، صفت لَهِفٌ لَهِيْفٌ: غمگین وغمناک۔ اَلشَّـــرِيْفُ: شرف وعزت والا، سیّد دو عالم۔ أَسِيْفٌ: غمگین۔

ش ۲.

وَ قَـدْ بَشَّـرَتْ بِـهِ السَّـمٰوَاتُ وَ الْأَرْضُ
فَســرَّ الْـوَرٰى بِـــهٖ وَ ســرَّ الـصَّـحِيْفُ

ترجمہ: زمین و آسمان نے (ایک دوسرے کو) آپؐ کے ولادت باسعادت کی خوش خبری سُنا دِی۔ آپؐ کی آمد سے کائنات میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، پوری رُوئے زمین پر مسرت وشادمانی چھا گئی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بَشَّرَ، بِـالْأَمْرِ: کوخوش خبری سُنانا۔ سَـرَّهٗ (ن) سُرُوْرًا: خوش کرنا۔ سُرَّ سُرُوْرًا: خوش ہونا۔ أَلصَّحِيْفُ: روئے زمین، دھرتی۔

ش ۳.

تَـزَيَّـنَ الْـجِنَـانُ وَانْـطَـفَـأَتِ النِّيْـرَانُ

تَبَسَّـــمَ كُـــلُّ مَبْسِـــمٍ اِلَّا السَّـــفِيْفُ

تـرجـمـه: باغِ جنّت نے (اور زیادہ) زینت اِختیار کر لی، (جبکہ) جہنم کے شُعلے بُجھنے لگے، ہر چہرہ پر مُسکراہٹ کا راج تھا، سوائے اِبلیس کے (وہ غم سے نڈھال) رو رہا تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَـزَيَّـنَ تَزَيُّنًا: آراستہ ہونا۔ اَلْـجِنَان: بہشتِ بریں۔ اِنْـطَـفَأَتْ اِنْطِفَاءً اَلـنَّـارُ: بجھ جانا۔ بَسَـمَ (ض) بَسْـمًا: تبسم کرنا، مسکرانا۔ مَبْسِـمٌ، ج: مَبَاسِمُ: دانت، مقامِ مُسکراہٹ یعنی مُنہ۔ اَلسَّفِيْفُ: شیطان۔

ش ۴.

فَـلَـمَّـا الـرَّبِيْـعُ قَـدْ أَتَـانَـا بِـصَـاحِـبِهٖ

فَـقَـدْ حُـمِـلَـتِ الْعَقِيْمُ وَ اخْضَرَّ النَّقِيْفُ

تـرجـمـه: جب بہار میں آنے والی شخصیت کے ساتھ ہی ہمارے پاس بہار آئی تو تحقیق اولاد سے مایوس بانجھ عورتیں بھی اُمید والی ہو گئیں اور دیمک خوردہ خُشک تنے بھی (دوبارہ) سبز ہو گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أتٰـی یَـأتِیْ إتِیـانًـا: آنا۔أَلـرَّبِیْعُ: بہار، ج: أَرْبِـعَةٌ، رِبَـاعٌ، اَرْبِـعَاءُ. حُمِلَتْ: اَلْمَرْأَۃُ: حاملہ ہونا، اُمید سے ہونا۔ الْعَقِیْمُ: بانجھ عورت۔قرآن مجید میں ہے: (......فَصَـكَّتْ وَجْهَهَـا وَقَـالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ) (سورۃ ذٰریٰت، آیت:29)۔ ج: عَقَائِمُ: بغیر بارش والی ہوا و بادل کو بھی کہتے ہیں جسمیں بارانِ رحمت کی اُمید نہ ہو۔قرآن مجید میں ہے: (وَ فِـــيْ عَـــادٍ إِذْ اَرْسَـلْـنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ) (سورۃ ذٰریٰت، آیت:41)۔ إِخْضَرَّ: الشَّـجَـرُ. أوِ الْغُصْنُ: درخت یا ڈالی کا سبز ہونا۔ إِخْـضَـرَّ اللَّيْلُ: تاریک ہونا، شب کا دیجُور رہونا۔ أَلـنَّـقِيْفُ، ج: نُقُفٌ: وہ جڑ یا تنا جسے دِیمک چاٹ گئی ہو۔

ش ۵.

فَـمَـا زَالَ يَـكْتُـبُ الْيَـرَاعُ نُعُوْتَـهٗ
فَيَـصْـدُرُ قَبْـلَ الْـكَوْنِ مِـنْـهُ الـصَّـرِيْفُ

تـرجـمـہ: قلم ہمیشہ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی نعت لِکھتا رہا ہے، تخلیقِ کائنات سے بہت پہلے قلم کے چلنے کی آواز آرہی تھی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَالَ یَــزَالُ فعل ناقِص: حرفِ نافیہ ما، لا، یالَم کے داخل ہونے سے ہمیشہ کا معنی دیتا ہے، یعنی دوام واِستمرار کیلئے خاص ہوجاتا ہے۔ کَتَبَ یَکْتُبُ کِتابا (ن) کِتَابَةً: لکھنا۔ اَلْیَرَاعُ: قلم، خامہ۔ نُعُوتٌ، واحد: نَعْتٌ: مدائح، اَوصاف، خوبیاں۔ صَدَرَ یَصْدُرُ صَدْرًا (ن،ض). مَصْدَرًا: پیدا ہونا، نِکلنا۔ صَدَرَ مِنهُ: سے ظاہر ہونا، سے نکلنا۔ اَلْکَوْنُ: کائنات، وَریٰ. أَلصَّرِیْفُ: بوقت لِکھائی قلم سے خارج ہونے والی آواز، خالص چاندی۔ صَرِیْفُ الْبَابِ أوِلْقَلَمِ: دروازہ یا خامہ کی آواز۔

ش ٦.

وَ قَالَ أَنَسٌ أَتَتْ اِلٰی ذَاکَ أُمِّیْ بِیْ
فَقُمْتُ عَلٰی خِدْمَتِهٖ وَ أَناوَصِیْفُ

ترجمہ: حضرت اَنس رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ میری والدہ ماجدہ مُجھے حُضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پاس لیکر آئیں، میں آپؐ کی خدمت کرتا رہا جبکہ اُس وقت میں خدمت کرنے کے قابل لڑکا تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أُمٌّ: ماں، ہر چیز کی اصل، ج: أُمَّهَاتٌ، أُمَّاتٌ ثانی الذکر جمع بقول بعض بہائم کیلئے مُختص ہے۔ أَتٰی یَأْتِیْ إتْیَانًا: آنا۔ قَامَ یَقُوْمُ قَوْمًا قِیامًا: عَلَی الْأَمْرِ: مُداوَمَت ومواظبت کرنا، تواتُر سے کوئی کام کرنا۔ خَدَمَهُ (ن،ض) خِدْمَةً، خَدْمَةً: خدمت کرنا۔ وَصِیْفٌ: خدمت کرنے کے قابل لڑکا، یعنی وہ جو خِدمت کرسکے، ج: وُصَفَاءُ.

ش ٧.

قَوْلَهٗ کَأَنَّ قَوْلُ اللّٰهِ وَیَدَهٗ
یَدُ اللّٰهِ لَوْ أَشَارَ فَالْبُدْرُ نَصِیْفُ

ترجمہ: آپؐ کا فرمان گویا فرمانِ الٰہی ہے، آپؐ کا ہاتھ گویا دستِ قُدرت ہے، اگر آپؐ اِشارہ کرتے ہیں تو چاند دولخت ہو جاتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: قَوْلُ اللّٰه: مرکب اِضافی: اللہ کا فرمان۔ کَأَنَّ حرفِ مُشبَّہ بالفعل، تشبیہ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ أَشَارَ إِشَارَةً: اِشارہ کرنا، بَدْرٌ چہاردہم کا چاند، ماہِ کامل، ج، بُدُوْرٌ. نَصِيْفٌ: آدھا۔

ش ۸.

فِی مَلَائِکِ الرَّحْمٰنِ اَوْفِیْ رُسُلِهٖ
کَذَا فِیْ جَمِیْعِ الْکَوْنِ هَلْ لَّهٗ رَصِیْفٌ؟

ترجمہ: اللہ رحمٰن کے فرشتوں میں یا پھر اللہ سبحانہ تعالیٰ کے رسولوں میں اِسی طرح پوری کائنات میں کوئی ہے جو آپؐ کے مشابہ ہو؟

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْمُرْسَلُوْنَ، واحد: اَلْمُرْسَلُ. رسول، پیغمبر۔ اَلْمَلَائِکُ: فرشتے، نوری مخلوق، واحد: اَلْمَلَکُ. اَلْکَوْنُ: کائنات۔ رَصِیْفٌ: نظیر، مثل، مُشابہ۔

ش ۹ .

مَنْ ذَاالَّذِیْ ظَلَّ سِوَاهُ نَزِیْلَ الْعَرْشِ؟
فَتَمَکَّنَهٗ وَالْعَرْشُ لَهٗ مَضِیْفٌ

ترجمہ: آپؐ عرشِ الٰہی کے مہمان رہے ہیں، آپؐ کے عِلاوہ کون ہے جو مسند نشینِ عرش ہوا ہو؟ جبکہ عرشِ بریں اُسکی ضیافت گاہ ہو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ضَافَهٗ ضَیْفًا ضِیَافَةً: مہمان ہونا، یا مہمانی طلب کرنا۔ مَضِیْفٌ: ظرف، مقامِ ضیافت، مہمان نوازی کی جگہ۔ ظَلَّ فِعل ناقص بمعنی: ہونا، رہنا۔ نَزِیْلٌ: مہمان، بابرکت کھانا، ج: نُزَلَاءُ. اَلْعَرْشُ: تختِ ربُّ العالمین۔ تَمَكَّنَ: اَلْمَكَانَ: پاثباتی سے ٹھہرنا۔

ش ۱۰.

تَرَقَّبَ الْمُعَاهِدَ عِدَّةَ أَيَّامٍ
فَلَمْ يَرْعَ عَهْدَهٗ إِنَّهٗ خَلِيْفُ

ترجمہ: وعدہ کر کے جلد واپس آنے والے کا آپؐ چند دِنوں تک اِنتظار کرتے رہے مگر وہ نہ آیا، اُس نے اپنے عہد و پیمان کا پاس نہ کیا، اور وہ شخص وعدہ خلافی کرنے والا تھا۔ ''یہ واقعہ آپؐ کی وَفا کوشی و خطا پوشی کی عدیم النّظیر مثال ہے''۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَرَقَّبَ: الْمَرْءَ أَوِ الشَّیْءَ: کا اِنتظار کرنا۔ عَاهَدَ يُعَاهِدُ مُعَاهَدَةً: عہد و پیمان کرنا۔ اَلْمُعَاهِدُ اِسم فاعل، عہد و پیمان کرنے والا۔ اَيَّامٌ، واحد: يَوْمٌ دن۔ رَعٰی يَرْعٰی رَعْيًا. اَلْأَمْرَ وَالْعَهْدَ: حفاظت و پاسداری کرنا۔ عَهْدٌ، ج: عُهُوْدٌ: زمانہ، وفا، اَمان، ذِمہ، پیمان، دوستی، شاہی فرمان۔ خَلِيْفٌ: وعدہ خلافی کرنے والا، ج: خُلَفٌ، خُلُفٌ.

ش ۱۱.

فِیْ بِضْعِ مَعَارِكَ رَآهُ الزَّمَانُ
سَابِغًا حَدِيْدًا إِذًا هُوَ مُسِيْفٌ

ترجمہ: کئی غزوات میں زمانے نے آپؐ کو دیکھا کہ آپؐ زِرہ پوش تھے، اُس وقت آپؐ تلوار بھی اُٹھائے ہوئے تھے (جہاد فی سبیل اللہ کیلئے ہمہ وقت تیار و سرشار تھے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بِضْعٌ: چند، کچھ، تین سے نوتک عدد یا تعداد، رات کا کچھ حصہ۔ مَعَارِکُ: غزوات، جنگیں، واحد: مَعْرَکَةٌ. مَعْرَکُ: رزم گاہ۔ رَآی یَرٰی رُؤْیَةً: ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھنا۔ أَلزَّمَانُ، ج: أَزْمِنَةٌ. سَابِغٌ حَدِیْدًا زِرہ پوش۔ سَافَهٗ یَسِیْفُهٗ سَیْفًا: تلوار سے مارنا۔ مُسِیْفٌ: تلوار سے مسلّح، تلوار اُٹھانے والا، شمشیر زَن۔

ش ۱۲.

سَــنَّ الْأَضَــاحِیَ لِلْـمُسْـلِمِیْنَ قَــائِلًا
هِــیَ سُــنَّةُ إِبْــرَاهِیْــمَ فَـذَاکَ حَـنِیْفُ

ترجمہ: آپؐ نے قربانی کو مسلمانوں کیلئے یہ فرماتے ہوئے سُنّت قرار دیا کہ یہ سنتِ ابراہیمیؑ ہے، آپ علیہ السلام مُوَحِّدْ، دینِ حنیف کے پیروکار تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَنَّ (ن) سَنًّا: عَلَی الْأُمَّةِ السُّنَّةَ: پیغمبر کا اپنی اُمّت کیلئے اپنی سُنت کو مشرُوع قرار دینا۔ أَلاَضَاحِیُ، واحد: أَلْأُضْحِیَةُ: قربانی یا قربانی کے جانور اور مویشی۔ قَائِلٌ: اِسمِ فاعِل: حالتِ نصبی میں قائلًا آئیگا۔ أَلسُّنَّةُ: طریقہ، خصلت، عادت، شریعت، طبیعت۔ حَنِیْفٌ، ج: حُنَفَاءُ: سیدھا اِسلام کے اَحکام پر چلنے والا، دِینِ ابراہیمی علیہ السلام کا پیرو۔ باطِل سے کٹ کر دینِ حق اِختیار کرنے والا مُوَحِّدْ۔

ش ۱۳.

قَــتَــادَةُ اسْـتَـشْــفٰی عَـیْنَــــهٗ بِـرِیْــقِـهٖ
بَـلٰـی وَ عَتِیْـکٌ سَــاقَـهٗ کَذَا الْـکَــفِیْفُ

ترجمہ: حضرت قتادہؓ کی آنکھ فیضان لُعاب سے فیض یاب ہوئی، جی ہاں حضرت عبدؓاللہ بن عتیک کی ٹوٹی ہوئی پنڈلی بھی حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے لُعابِ دہن سے شفایاب ہوئی، اِسی طرح بصارت وبصیرت سے محروم مختلف لوگ لُعاب دربارِ گُہر بار سے شفایاب ہوئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَشْفٰی إِسْتِشْفَاءً: بِالشَّیْءِ: شِفاء چاہنا۔مرادًا شِفا پانا۔ رِیْقٌ تھوک، آبِ دہن، لُعابِ دہان۔ سَاقٌ: پنڈلی، ج: سُوْق، سِیْقَان، أَسْوُقٌ. سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنا۔ عَیْنٌ، ج: أَعْیُن: آنکھ، چشم۔ أَلْکَفِیْفُ: سُفید آنکھوں والا، بصارت سے محروم لوگ، نابینا۔

ش ۱۴.

دَعَا دَعْوَةً لِمُسْلِمِیْنَ وَاسْتَسْقٰی
فَغَاثَ أُسْبُوْعًا تَبَاعًا نِ الْقَنِیْفُ

ترجمہ: آپؐ نے مسلمانوں کیلئے بارش طلب کرنے کیلئے بارانِ رحمت کی دُعا فرمائی، تو ہفتہ بھر کیلئے بکثرت بارش برسانے والا بادل برستا رہا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِسْتَسْقٰی اِسْتِسْقَاءً: بارش مانگنا۔ اُسْبُوْعٌ، ج: اَسَابِیْعُ: ہفتہ۔ تَبَاعٌ: متواتر، مسلسل۔ أَلْقَنِیْفُ، ج: قُنُفٌ: بکثرت برسنے والا بادل، آبِ بسیار والا بادل، لوگوں کے وفود۔

اَلْقَافُ

بَنُو الدِّيْنِ فِیْ غُشِّهٖ كَالْخَرَارِقِ — عَلَيْهَا أَخَافُ خَطْفَةَ الْبَوَاشِقِ

حَذْرًا بَنِی الْإِسْلَامِ مِنْهَا حَذْرًا اَنْ — تَجْعَلُوْا دَوِیَّ صَوْتِكُمْ كَبَاعِقِ

أَيْنَمَا تَكُوْنُوْا كُلُّكُمْ كَإِخْوَانٍ — وَ نِسَائُكُمْ بَيْنَهُنَّ كَالشَّقَائِقِ

كُوْنُوْا يَدًا وَّادْفِنُوْا كُلَّ تَمَاشِقٍ — عَسٰى أَنْ يُّوَسَّعَ لَكُمْ كُلُّ مٰازِقٍ

تُنَادِی الْحَدِيْقَةُ وَ حَطَّهَا الْمَارِقَةُ — أَيْنَ حَفَظَتِیْ هَلْ بَاتُوْا اَمَاتَ عَاذِقِیْ؟

حَدِيْقَتُنَا كَانَتْ مَرْجِعَ الْخَلَائِقِ — بَلِ الْيَوْمَ ظَلَّتْ كَمَكَانٍ خَافِقٍ

فَالْحَقُّ عِنْدَكُمْ خَيْرُ الْعَوَاتِقِ — وَالْكِتَابُ نٰاطِقٌ أَصْدَقُ نَاطِقٍ

بِاَخْلَاقِهٖ تَخَلَّقُوْا وَتَقَمَّصُوْ — هُ ثُمَّ احْسَبُوْهُ مِخْنَقًا خَيْرَ الْمَخَانِقِ

مُرُوْا بِعُرُفِهٖ وَانْهَوْا عَنْ مُّنْكَرِهٖ — وَاجْعَلُوْهُ قَائِدًا سَيِّدَا الْبَيَاذِقِ؟

غَنَّتِ الْبَنَاتُ بطلع الْبَدْر عَلَيْنَا — وَدُوْرُ الْمَدِيْنَةِ زُيِّنَتْ بِالْخَوَافِقِ

مُضِیٌّ صِرَاطُهَا بِاِثْرِ رَسُوْلِنَا — عَلَيْهِ يُرٰی الْآنَ آثٰارُ السَّلَائِقِ

سَابِقُوْا و أَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ بِنَصْرِهٖ — سَيَبْقٰی دِينُهٗ إِلٰی يَوْمٍ مَّاحِقٍ

يُلْقِی الْخُطَبَاءُ كُلَّ جُمُعَةٍ مَّوَاعِظَ — مُحْيِيْنَ لِلسُّنَّةِ لَّابِسِی الْجَلَامِقِ

يَدُوْرُ عَلَيْنَا الرَّمَضَانُ كَمَا كَانَ — تُصَلِّی التَّرَاوِيْحُ فِیْ كُلِّ نَاتِقٍ

كُلُّ مَا ذَكَرْتُ مِنْ ذِكْرٰی حَقِيْقَةٍ
فَالْحَقُّ يُعِيْنُهٗ حُمَاةُ الْحَقَائِقِ

☆☆☆

ش ا .

بَنُو الدِّيْنِ فِیْ غُشِّهٖ كَالْخَرَارِقِ
عَلَيْهَا أَخَافُ خَطْفَةَ الْبَوَاشِقِ

ترجمہ: فرزندانِ دین (دیندار لوگ اِس گئے گزرے دور میں) آشیانۂ دین میں چھوٹے چھوٹے پرندوں کی طرح ہیں، مجھے اُن پر شکاری بازوں کے جھپٹنے کا خوف لاحق ہو رہا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِبْنٌ، بِنٌ، ج: بَنُوْنَ، أَبْنَاءٌ: بیٹے۔ بَنُوْنَ کا نون دِین کی طرف اِضافت کی صُورت میں گر گیا۔ بَنو الدِّیْنِ: مرکب اِضافی، دیندار لوگ، ابنائے اِسلام۔ عُشٌّ: گھونسلا، آشیانہ، نیسلے، ج: عِشَةٌ، عِشَاشٌ، أعْشَاشٌ، عُشُوْشٌ. أَلْخَرَارِقُ: پرندہ ہائے کوچک، چھوٹے پرندے، واحد: خُرَّقٌ. خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفًا، خَيْفًا، خِيْفَةً: گھبرانا، خوف رکھنا، ڈرنا۔ خَطِفَ (س) خَطْفًا: جھپٹنا، حملہ کرنا۔ خَطِفَ عَلَى الشَّيْءِ: حملہ کرنا۔ خَطِفَ الْبَصَرَ أَلْبَرْقُ: بجلی کا آنکھ کو چکا چوند کر دینا۔ اَلْبَوَاشِقُ: باز، شکاری پرندے، واحد: اَلْبَاشِقُ.

ش ۲.

حَذْرًا بَنِي الْإِسْلَامِ مِنْهَا حَذْرًا اَنْ
تَجْعَلُوْا دَوِيَّ صَوْتِكُمْ كَبَاعِقِ

ترجمہ: اِے مُسلمانو! اِن سے خوب بچنے کی کوشش کرو اور تم مؤذّن کے آواز کی طرح اپنی آواز میں خوب گرج اور صدائے بازگشت پیدا کرو (یعنی عامۃُ النّاس میں اپنے مواعظِ حسنہ کے ذریعے آگہی و بیداری پیدا کرو)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَذِر (س) یَحْذَرُ حَذَرًا حِذْرًا. حَذِرَ یَحْذَرُ: اَلْمَرْءَ أَوْمِنْهُ: سے بچنا۔ مِنَ الشَّیْءِ اَوْ عَنْهُ: چیز سے بچنا، پرہیز کرنا۔ حَذْرًا: مصدر بمعنی اِسم فعل حَذَارِ ہے، یعنی بچتے رہو۔ بَنِی الْإِسْلَامِ: حرفِ نداءِ "یا" محذوف کی وجہ سے حالتِ جرّی میں مُنادیٰ ہے۔ بَنِیُ اَصل میں بَنِیْنَ تھا۔ (ن) جمع بصورتِ اِضافت گر گیا۔ دوسری مرتبہ حَذْرًا کا آنا تاکید کیلئے ہے۔ جَعَلَ (ف) یَجْعَلُ جَعْلًا: بنانا، کرنا، پیدا کرنا۔ دَوِیٌّ: گونج، گرج، ایکو، صدائے بازگشت۔ صَوْتٌ: آواز، ج: أَصْوَاتٌ. بَاعِقٌ: مؤذِّن، بانگ بردار، ندا دینے والا۔

ش۳.

أَیْنَمَا تَکُوْنُوْا کُلُّکُمْ کَإِخْوَانٍ
وَنِسَائُکُمْ بَیْنَهُنَّ کَالشَّقَائِقِ

ترجمہ: (اَے مسلمانو!) دُنیا میں تم جہاں کہیں بھی ہو، تم سارے آپس میں بھائی بھائی ہو، اور تمہاری عورتیں آپس میں سگّی بہنوں کی طرح ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا: ہونا، فعل ناقص۔ إِخْوَانٌ: برادران، واحد: أَخٌ، نِسَاءٌ: خواتین، عورتیں، زنان۔ واحد: إِمْرَأَةٌ، جمع بغیر لفظہٖ آتا ہے۔ أَلشَّقَائِقُ: خواہران، سگی وحقیقی بہنیں، واحد: اَلشَّقِیْقَةُ.

ش۴.

کُوْنُوْا یَدًا وَّادْفِنُوْا کُلَّ تَمَاشِقٍ
عَسٰی أَنْ یُّوَسَّعَ لَکُمْ کُلُّ مَازِقٍ

ترجمہ: تم سب آپس میں مُتحد ہو جاؤ! (آپس کے) تمام جھگڑے دفن کردو (اُمید ہے اَیسا کرنے پر) ہر تنگ جگہ تمہارے لیے کُشادہ کر دی جائیگی، یعنی ہر مُشکل خود بخود آسان ہو جائیگی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: یَدٌ: ہاتھ، قوت وطاقت، ج: اَیْدِیُ، اَیَادِیُ مگر ثانی الذکر زیادہ تر اِحسان اورعطا کیلئے مستعمل ہے۔ مَثَـلًا: لَـهُ، عَـلَـىَّ أَيادِىُ: اُس کے مجھ پر بڑے اِحسان ہیں۔ یَدًا کی صفت واحِـــدَةً کووزنِ شعر کیلئے مضمر قرار دیا۔ یَدٌ واحِـدَةٌ محاورہ ہے جو اِتحاد واتفاق سے عبارت ہے۔ دَفَـنَ يَـدْفِـنُ دَفْنًـا (ض) أَلْمَوْتٰى: دفن کرنا۔ دَفَـنَ الْحَدِيْثَ أَوِالْقَوْلَ: چُھپانا۔ تَمَاشِقُ: جھگڑا، مخاصمت۔ وَسَّـعَـهُ: کشادہ کرنا۔ مٰـازِقٌ: تنگ جگہ، میدانِ جنگ مادہ (ازق)۔

ش ۵.

تُـنَـادِی الْـحَـدِيْـقَةُ وَ حَـطُّهَـا الْـمَـارِقَةُ
أَيْـنَ حَـفَـظَتِـیُ هَـلْ بَـاتُوْا اَمَاتَ عَاذِقِیُ؟

ترجمہ: باغِ (اِسلام ایسے حالات میں) پُکار رہا ہے جبکہ چاروں طرف سے خوارِج نے اُسے گھیر کر جڑ سے اُکھاڑنے کی ٹھان لی ہے (وہ بزبانِ حال کہہ رہا ہے) میرے محافظ کہاں ہیں؟ کیا اُنہوں نے لمبی تان لی ہے؟ یا وہ راہی مُلک عدم ہوئے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: نَـادیٰ یُنَادِیْ مُنَادَاۃً، نِدَاءً: پُکارنا۔ اَلْحَدِیْقَةُ: باغ، یہاں پر باغِ اِسلام مُراد ہے۔ حَـطَّ (ن) حَـطًّا: نازِل ہونا، اُترنا، گھیرنا۔ اَلْـمَـارِقَةُ: خوارج، دین سے نکلنے والے وہ بدعقیدہ لوگ جنہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کئی جنگیں لڑیں بالآخر آپؓ نے اِنکی کمر توڑ دِی۔ تاریخ میں اِن کے کئی نام آئے ہیں، مَثَلًا: اَزارِقـہ، مارقہ، اَلنَّجدَاتُ، إبَاحِیَّہ وغیرہ۔ حَفَظَةٌ، واحِد: حَافِظٌ: وہ لوگ جن پر نیند کا غلبہ نہ ہو، محافظین۔ حَافَظَ حِفَاظًا، مُحَافَظَةً: نگہبانی کرنا، بَـاتَ یَبِیْـتُ: رات بسر کرنا۔ عَـاذِقٌ: درختِ خُرما کا محافظ، راکھا، ج: عُذَّاقٌ، عَاذِقُوْنَ.

ش ٦.

حَـدِیْـقَتُـنَـا کَـانَـتْ مَـرْجِـعَ الْـخَلَائِقِ
بَـلِ الْیَـوْمَ ظَـلَّـتْ کَـمَـکَـانٍ خَـافِقٍ

تـرجـمـہ: (ایک زمانہ وہ بھی تھا) کہ ہمارا باغ مرجعِ خلائق، لوگوں کے پلٹنے، ٹھنڈے چھاؤں میں بیٹھنے کا مقام تھا، مگر آج بے یار و مددگار مقام کی طرح ہوگیا ہے؛ (کیونکہ اہلِ اسلام پر ہر طرف سے یلغار ہے، داعیانِ اَمن کو دہشت گرد کہا جارہا ہے؛ لِبرَل اور نام نہاد لوگوں نے اِسلام کی غلط تشریح کرنا شروع کردی ہے، یوں اِسلام اور علماءِ اِسلام کو ایک پیشگی سازش کے تحت بدنام کیا جارہا ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَـدِیْقَةٌ: باغ، ج: حَدَائِقُ. مَرْجِعٌ: جائے بازگشت، لوٹنے پلٹنے کا مقام، ج: مَرَاجِعُ. اَلْخَلَائِقُ: لوگ، واحِد: اَلْخَلْقُ. ظَلَّ: سایہ کرنا، یہاں پر بطورِ فعل ناقِص مُستعمل ہے، یعنی ہونا۔ مَـکَـانٌ خَـافِقٌ: انیس و مددگار سے خالی مقام۔ مرکب توصیفی ہے۔

ش ۷.

فَـــالْـحَـقُّ عِـنْـدَكُـمْ خَيْـرُ الـعَـوَاتِـقِ
وَالْـكِتَـابُ نـٰاطِـقٌ أَصْـدَقُ نَـاطِـقٍ

ترجمہ: (اَے فرزندانِ توحید!) حق تمہارے پاس ہے تمہارے ساتھ ہے جو (تمہارا) بہترین مددگار ہے اور (مزید) تمہارے پاس بولنے والی کتاب موجود ہے (جو جب بھی بولتی ہے) تو سچ ہی بولتی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَلْـحَـقُّ: سچ، سچائی، راستی و یقین، اِنصاف۔ أَلْـعَـوَاتِـقُ: کاندھے، مونڈھے۔ مجازًا مددگار کیلئے بولا جاتا ہے، واحد: أَلْـعَـاتِـقُ، أَلْكِتَـابُ: قرآن مجید۔ نَـطَـقَ يَـنْطِقُ (ض) نَطْقًا مَنْطِقًا: واضح بیان کرنا، کلام و گفتگو کرنا۔ نَاطِقٌ اِسم فاعل، بولنے والا۔ صَدَقَ يَصْدُقُ (ن) صِدْقًا صَدْقًا: سچ بولنا۔ أَصْدَقُ: اِسم تفضیل، سچّار۔

ش ۸.

بِـــاَخْلَاقِـــهٖ تَـخَـلَّـقُـوْا وَتَـقَـمَّـصُـوْ
هُ ثُـمَّ احْسَبُـوْهُ مِـخْـنَـقًـا خَيْـرَ الْمَخَـانِقِ

ترجمہ: کتابِ الٰہی میں مذکور اخلاقِ کریمہ سے اپنے آپ کو آراستہ کرو، اِسے اپنی قمیص یعنی اپنا لباس بنا لو، پھر فقط اِسے اپنے گلے کا زیور سمجھ لو جو سب سے بہترین زیور ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَـخَلَّقَ، بِ: اَخْلَاق اِختیار کرنا، اپنانا۔ تَـقَـمَّـصَ: الشَّـيْءَ: وَبِالشَّيْءِ: پہننا، لباس یا کُرتا بنانا۔ اَلْـمَـخَـانِـقُ، واحد اَلْمِخْنَقَةُ: گلوبند، زیور، گلے کا ہار۔

ش ۹.

مُــرُوْا بِــعُــرْفِــهٖ وَانْهَــوْا عَــنْ مُّــنْـكَــرِهٖ
وَاجْــعَــلُــوْهُ قَــائِــدًا سَيِّــدَا الْبَيَــاذِقِ؟

ترجمہ: قرآن مجید میں مذکور اَوامِر کا حکم دو نیکی و بھلائی کا حکم دو اور جس سے قرآن مجید نے روکا، اُس سے دوسروں کو روکو، اسے اپنا راہنمائے زندگی بنالو جو کاروان زیست کے تمام رہبروں کا سردار ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَمَرَ أَمْرًا (ن) حکم دینا۔ مُرُوْا فعل امر حاضر صیغہ جمع مذکر۔ عُرْفٌ: بھلائی، نیکی۔ نَهَايَنْهَا: عَنْ كَذَا: سے منع کرنا۔ اِنْهَوْا فعل امر جمع مذکر حاضر۔ روکو، منع کرو۔ اَلْبَيَاذِقُ، واحد اَلْبَيْذَقُ راہنمائے سفر۔ سَيِّدُ الْبَيَاذِقِ: سفر کے راہنماؤں کا سردار۔

ش ۱۰.

غَــنَّــتِ الْبَــنَــاتُ بطلع الْبَــدْر عَــلَيْــنَــا
وَدُوْرُالْــمَــدِيْــنَــةِ زُيِّــنَــتْ بِــالْـخَــوَافِــقِ

ترجمہ: (جس دِن حضورؐ مدینہ تشریف لائے) بچیاں مشہور مدنی ترانہ سُریلی آواز میں پڑھنے لگیں، (جس کا مطلب ہے کہ) ہم پر چودھویں کا چاند یعنی رُخ زیبا مصطفیٰ طلوع ہوگیا۔ مدینہ طیبہ کے (درو دیوار) دیار و بالا خانے جھنڈوں سے سجائے گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَنَّ غَنًّا (س) غَنَّةً بِالشِّعْرِ: گنگنانا۔ اَلْبَدْرُ: ماہ تمام، طبق۔ ج: بُدُوْرٌ طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا: نعتیہ قصیدہ ہے بچیوں نے حضور کے اِستقبال کے وقت مترنّم انداز میں اِسے پڑھ کر حضورؐ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔
دُوْرٌ، واحِد دَارٌ: گھر۔ اَلْخَوَافِقُ، واحِد: اَلْخَافِقَةُ جھنڈے۔

ش ۱۱.

مُضِیٌّ صِرَاطُهَا بِاِثْرِ رَسُوْلِنَا
عَلَیْهِ یُرٰی الْآنَ آثٰارُ السَّلَائِقِ

ترجمہ: ہمارے رسولؐ پاک کے نشانِ ہائے قدم سے مدینہ طیبہ کے راستے روشن ہیں بلکہ روشنی بکھیر رہے ہیں۔ اُن راستوں پر اِس وقت بھی (اہلِ بصیرت کو) حُضورؐ کے نشانہائے قدم دکھائی دیتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صِرَاطٌ: راستہ، ج: صُرُطٌ. مُضِیٌّ: روشن، روشنی کرنے والا۔ رآی یَریٰ رُؤْیَةً: ظاہری وباطنی آنکھ سے دیکھنا۔ آثَارُ، واحِد اَثَرٌ: نشانیاں، علامات۔ اَلسَّلَائِقُ: راستہ پر قدم وغیرہ کے نشانات۔

ش ۱۲.

سَابِقُوْا و أَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ بِنَصْرِهٖ
سَیَبْقٰی دِیْنُهُ اِلٰی یَوْمٍ مَّاحِقٍ

ترجمہ: (آگے بڑھو) تیز چلو! اللہ کی مدد سے تُم ہی غالب رہو گے، کیونکہ اللہ کا دین سخت گرمی کے دن یعنی قیامت تک باقی رہیگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَابَقَ یُسَابِقُ مُسَابَقَةً: دوڑ میں آگے نِکلنا۔ اَعْلَوْن: غالِب فاتح، برتر۔ واحِد اَعْلٰی. بَقِیَ یَبْقٰی بَقَاءً: باقی رہنا۔(وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ) (سورۃ الرحمٰن، آیت: 27). دِیْنٌ، ج: اَدْیَانٌ: مذہب وملّت، عادت وسیرت۔ دَانَ (ض) دِیْنًا دِیَانَةً. تَدَیَّنَ بِالْمِلَّةِ الْإِسْلَامِیَّةِ: دین اِختیار کرنا۔ یَوْمٌ مَا حِقٌ: مرکب توصیفی: سخت گرمی کا دِن۔

ش ۱۳.

یُلْقِی الْخُطَبَاءُ کُلَّ جُمُعَةٍ مَوَاعِظَ
مُحْیِیْنَ لِلسُّنَّةِ لَابِسِی الْجَلَامِقِ

ترجمہ: واعظین اور خُطباء ہر جمعہ کو پندونصائح پرمبنی خطبہ اِرشادفرماتے رہتے ہیں۔ جُبّے پہنے ہوئے سُنّت کوزندہ کرنے کیلئے خطبات دیتے رہتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْقٰی اِلْقَاءً: اَلْخُطْبَةَ اَوِ الْمُحَاضَرَةَ: خطبہ یا لیکچر دینا۔ خُطَبَاءُ، واحِد: خطِیبٌ. اَلْمَوَاعِظُ، واحِد: اَلْمَوْعِظَةُ: پندونصائح۔ مُحْیِیْنَ حال ہے، جمع ہے، حالت نصبی، حالت فاعلی۔ مُحْیُوْنُ، واحِد مُحْیٍ: اَحْیَا اِحْیَاءً: زندہ کرنا۔ اَلْجَلَامِقُ، واحِد اَلْجَلْمَقُ: قبائیں، جُبّے، چُغّے۔

ش ۱۴.

یَدُوْرُ عَلَیْنَا الرَّمَضَانُ کَمَا کَانَ
تُصَلّٰی التَّرَاوِیْحُ فِیْ کُلِّ نَاتِقٍ

ترجمہ: ماہِ صیام رمضان المبارک حسب سابق ہم پر گردش کرتا رہتا ہے ہر رمضان میں بدستور تراویح پڑھنے کا اِہتمام کیا جاتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَارَ یَدُوْرُ دَوْرًا، دَوَرَانًا: چکرلگانا، گھومنا۔ تَرَاوِیْحُ، واحِد: تَرْوِیْحَةٌ: وہ خاص نمازِ مسنون جو رمضان شریف میں فرض اور واجب کے درمیان مَساجد میں باجماعت اور گھروں میں فرداً فرداً پڑھی جاتی ہے۔ نَاتِقٌ: ماہِ صیام، رمضان کا نام ہے۔

ش ۱۵.

کُلُّ مَا ذَکَرْتُ مِنْ ذِکْرٰی حَقِیْقَةٍ
فَالْحَقُّ یُعِیْنُهٗ حُمَاةُ الْحَقَائِقِ

ترجمہ: جو کچھ میں نے بیان کیا ہے وہ فقط حقیقت حال ہی کی یاد دہانی ہے، کیونکہ حقیقت کے مددگار محافظین ہی حق کی مدد کرتے رہتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: ذَکَرَ یَذْکُرُ (ن) ذِکْرًا: ذِکر کرنا۔ حَدِیْثًا لِفُلَانٍ: بیان کرنا، ذِکْرٰی: یاد دہانی، دِل وزبان سے یاد کرنا۔ اَعَانَہٗ اِعَانَۃً: عَلَی الشَّیْءِ: مدد کرنا۔ حُمَاۃٌ، واحِد حامِیٌ: محافظ ومددگار، بچانے والا۔ حَمٰی (ض) حَمْیًا حِمَایَۃً، حِمْیَۃً: الشَّیْءَ مِنَ النَّاس: روکنا، بچانا، حفاظت کرنا۔ حَقَائقُ، واحِد حَقِیْقَۃٌ.

اَلْکَاف

کُلُّ وَاحِدٍ عِنْدَ رَبِّہٖ هَوَّاکُ ۔۔۔ وَ یُصْغِیْ اِلٰی رَسُوْلِہٖ فَھُوَ مِلَاکُ
مَنْ لِّلذِی الْکَبَائِرِ هُنَالِکَ یُوَاسِیْہِ؟ ۔۔۔ فَلَیْس لَہٗ سِوَی رَسُوْلِہِ الْمَعَاکُ
وَ کَانَ یُحِبُّنَا شَدِیْدًا نَبِیُّنَا ۔۔۔ وَ لَوْ لَمْ یُحِبّنَا لَیُفْرَضُ السِّوَاکُ
کَمَا الْحَجُّ لَوْ یُفْرَضُ فِیْ کُلِّ حَجَّۃٍ ۔۔۔ لَیَمَلُّ کُلُّنَا وَ لَتَنْفَدُ الْاَمْلَاکُ
وَ رَحَّبَ بِہٖ فِیْ کُلِّ بُرْجٍ نَّبِیُّوْنَ ۔۔۔ کَمَا رَحَّبَتْ بِہٖ وَ سَرَّتِ الْاَفْلَاکُ
فَمَالَکَ لَمْ تُنْشِدْ مَدَائِحَ رَسُوْلِکَ ۔۔۔ فَفِیْ عَصْرِنَا اَنْتَ شَهِیْرٌ سَهَاکُ
فَالْمَوْتُ اَدْنٰی مِنْ مَّرْءٍ مِّنْ نَعْلِہٖ ۔۔۔ بَلْ اَبْعَدُ مِنْہُ مِنْ مَّمَاتِہٖ شِرَاکُ
فَاتَّقُوْا هَوَاکُمْ اَنَّہٗ شَبَکُ شَیْطَانَ ۔۔۔ کَذَا عَنْ عَزَازِیْلَ فَذَاکَ شَبَّاکُ
بَلِ الْمُخْطِیْ عِنْدَہٗ لَیْسَ اِدْرَاکُ ۔۔۔ وَلَا هُوَ هٰهُنَا لِلْخَیْرِ دَرَّاکُ
عَنِ الْخَیْرِ یَرْغَبُ فَقَطْ اِلٰی شَرِّمَّا ۔۔۔ فَمَازَانَہٗ لَہٗ بَلْ رَأْیٌ رُّکَاکُ
تَنَقَّدُ دَقَائِقَ الْعُمْرِ قَبْلَ مُرُوْرِهَا ۔۔۔ کَمَا قَدْ تَنَقَّدَ اللُّجَیْنَ الْحَکَّاکُ
دَقَائِقُ عُمْرِنَا رَهَائِنُ عِنْدَنَا ۔۔۔ فَاَنْتَ رَهِیْنُ الْمَوْتِ بَعْدَہٗ فَکَّاکُ

اَلَمْ تَبْکِ یَا اَخِیْ عَلٰی خِطْءٍ یَّوْمًا؟ | تَریٰ رُبَّ بَاکٍ اِنَّمَا اَنْتَ ضَحَّاکُ
وَصَرِّفْ هَوَاکَ مِنْکَ وَاخْزُنْ لِسَانَکَ | فَلَا بُدَّ مِنْ هَوَاکَ فِیْ فِیْکَ الْحُشَاکُ
وَمَنْ بَاعَ دُنْیَاهُ بِآخِرَتِهٖ فَهُوَ | مِنْ وَّرَآءِ تُجَّارٍ بَلْ ذَاکَ سَکَّاکُ
کَأَنْ لَمْ تُعَامِلِ الْمَلَائِکُ مِثْلَهٗ | کَذَا لَمْ تُدَانِ مَتْجَرَهٗ النُّسَّاکُ
فَقَدَّمَ لَهٗ کَأَنَّ سَائِرَ حَوَائِجِهٖ | یُسَابِقُ کَیْفَ عَنْهُ من هَوَ تَرَّاکُ؟

فَطُوْبٰی لَهٗ لِمَنْ رَّبُّهٗ أَظَلَّهٗ
تُزَوِّرُ عَنْهُ الْیَوْمَ عِنْدَهٗ الْعِکَاکُ

☆☆☆

ش ۱ .

کُلُّ وَاحِدٍ عِنْدَ رَبِّهٖ هَوَّاکُ
وَ یُصْغِیْ اِلٰی رَسُوْلِهٖ فَهُوَ مِلَاکُ

ترجمہ: (روزِ حشر) ہر کوئی اپنے رَبّ کے حُضور حیران و پریشان، سرگردان و سراسیمہ ہوگا۔ (مگر) جھک کر اپنے رسولِ مقبول ﷺ کی بات سننے لگ جائیگا (کیونکہ) وہی ایک ہی سہارا ہیں اُس دِن کا فقط۔

حلُّ اللُّغۃ: هَوَّاکٌ: حیران و پریشان، سراسیمہ۔ یُصْغِیْ اِلَی الْمَرْءِ: بات سُننے کیلئے جھکنا۔ مِلَاکُ الْأَمْرِ: سہارا۔ مِلَاکٌ لَهٗ اَوْ لِأَمْرِهٖ: واحد سہارا، ذریعہ، بقا، سرمایہ۔

ش ۲ .

مَنْ لِّلذِی الْکَبَائِرِ هُنَالِکَ یُوَاسِیْهِ؟
فَلَیْسَ لَهٗ سِوَی رَسُوْلِهٖ الْمَعَاکُ

ترجمہ: کون ہے جو وہاں پر (بروزِ حشر) بڑے گنہگار کی دِلجوئی کرے! اُس کیلئے اپنے رسولِ محتشمؐ کے عِلاوہ کوئی پناہ گاہ نہیں ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: وَاسَاہُ، یُوَاسِیْہِ: غم کا مُداوا کرنا، دادرسی کرنا، مشکل میں کام آنا۔ ذِی الْکَبَائِرِ: گناہ کبیرہ کا مرتکب، حالتِ جَرّی میں۔ "ذِیْ" آتا ہے۔ اَلْمَعَاکُ: جائے پناہ، ملجاو ماویٰ؛ مادہ (ع و ک)

ش ۳.

وَ کَانَ یُحِبُّنَا شَدِیْدًا نَبِیُّنَا
وَ لَوْ لَمْ یُحِبَّنَا لَیُفْرَضُ السِّوَاکُ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ ہمارے ساتھ حد درجہ محبت کرتے تھے اور اگر آپؐ ہم سے محبت نہ کرتے تو (ہر نماز کے دوران) ہم پر مسواک فرض ہو جاتا۔

ش ۴.

کَمَا الْحَجُّ لَوْ یُفْرَضُ فِیْ کُلِّ حَجَّۃٍ
لَیَمَلُّ کُلُّنَا وَ لَتَنْفَدُ الْاَمْلَاکُ

ترجمہ: اِسی طرح حج کو دیکھ لیجیے اگر ہر سال (ہم پر) حج فرض کیا جاتا تو ہمارا ہر ایک شخص (تکالیفِ سفر سہہ کر) تھک جاتا اور تمام مالِ مملوکہ، جمع پونجی یقیناً ختم ہو جاتی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: مَلَّ (س) یَمَلُّ مَلَلًا: تنگ دل ہونا، زِچ ہو جانا، تھک جانا۔ نَفِدَ (س) نَفْدًا نَفَادًا: اَلشَّیْءُ: ختم ہو جانا، نابود ہو جانا۔

ش ۵.

وَ رَحَّبَ بِہٖ فِیْ کُلِّ بُرْجٍ نَّبِیُّوْنَ
کَمَا رَحَّبَتْ بِہٖ وَ سَرَّتِ الْاَفْلَاکُ

ترجمہ: تمام بروجِ سماویہ میں انبیا کرام علیہ السلام نے آپ ﷺ کو "مرحبا" کہا۔ اِسی طرح آپ ﷺ کو تمام آسمانوں نے مرحبا کہا، آپؐ کی آمد پر خوشی کا اظہار کیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَحَّبَ بِالرَّجُلِ: خوش آمدید کہنا، جی آیاں نوں کہنا۔
اَلْاَفْلَاکُ، واحِد فَلَکٌ: آسمان، چرخِ نیلی فام۔

ش ٦.

فَمَالَکَ لَمْ تُنْشِدُ مَدَائِحَ رَسُوْلِکَ
فَفِیْ عَصْرِنَا اَنْتَ شَهِیْرٌ سَهَاکٌ

ترجمہ: (اے سامع/قاری) تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم حضورؐ کی ثنا خوانی نہیں کرتے جبکہ تم ہمارے عصرِ حاضر میں ہوا کی تیزی جیسی فصاحت و بلاغت کے لیے مشہور ہو۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَنْشَدَ، اِنْشَادًا، الشِّعْرَ: کہنا۔ مَدَائِحُ، واحِد مَدِیْحٌ، مَدِیْحَةٌ: نعتیں ثناخوانیاں۔ سَهَاکُ: ہوا کی سی تیز فصاحت کا مالک۔

ش ٧.

فَالْمَوْتُ اَدْنٰی مِنْ مَّرْءٍ مِّنْ نَعْلِهٖ
بَلْ أَبْعَدُ مِنْهُ مِنْ مَّمَاتِهٖ شِرَاکٌ

ترجمہ: مَوت جُوتی سے بھی زیادہ اِنسان کے قریب ہے، مگر جوتی کا تسمہ اُسکی موت کی نسبت اُس سے زیادہ دُور ہے (ہائے موت کی قُربت اور عدمِ تیاری!)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَدْنٰی؛ دَنِیٌّ سے اِسمِ تفصیل، قریب ترین۔ ج: اَدْنُوْنَ. نَعْلٌ، ج: نِعَالٌ: جوتی۔ شِرَاکُ: جوتی کا تسمہ، ج: شُرُک، اَشْرُکٌ.

ش ۸.

فَاتَّقُوْا هَوَاکُمْ اَنَّهٗ شَبَکُ شَیْطَانَ
کَذَا عَنْ عَزَازِیْلَ فَذَاکَ شَبَّاکُ

ترجمہ: خواہشِ نفس تو بس شیطان کے جالوں میں سے ایک جال ہے، اِس جال سے بچتے رہو، اِسی طرح شیطان سے بچتے رہو، کیونکہ یہ جال بنانے والا ہے (جال کے تانے بانے، کڑیاں، کُنڈیاں سب شیطان کی دسیسہ کاری ہی ہے)۔

حلُّ اللُّغَۃِ: شَبَکَۃٌ: جال، پھندا، ج: شِبَاکٌ، شَبَکٌ، شَبَکَاتٌ. عَزَازِیْلُ: شیطان۔ شَبَّاکٌ: پھندا یا جال ساز۔

ش ۹.

بَلِ الْمُخْطِیُ عِنْدَہٗ لَیْسَ اِدْرَاکُ
وَلَا هُوَ هٰهُنَا لِلْخَیْرِ دَرَّاکُ

ترجمہ: بلکہ گنہگار کو (نفس و شیطان کی چال بازی کی) سُوجھ بُوجھ نہیں ہوتی، نہ ہی وہ ایسے میں بھلائی اور مرغوب چیز کا چاہنے والا ہوتا ہے (کیونکہ اِس وقت وہ نفس کے بے لگام گھوڑے پر سوار ہوتا ہے)۔

حلُّ اللُّغَۃِ: اَلْمُخْطِیُ: خطا کار، گنہگار۔ اَخْطَأَ اِخْطَاءً: غلطی کرنا، غلطی کروانا، (لازم و مُتعدی) اِدْرَاک: مصدر، قوتِ مُدرِکہ، دَرَّاکٌ: مرغوب چیز کو پانے والا۔

ش ۱۰.

عَنِ الْخَیْرِ یَرْغَبُ فَقَطْ اِلٰی شَرِّمَا
فَمَا زَانَهٗ لَهٗ بَلْ رَأْیٌ رُکَاکُ

ترجمہ: بھلائی سے صرف نظر کر کے فقط کسی بھی برائی میں رغبت رکھتا ہے، جو صرف اُس کی کمزور عقل ورائے نے اُس کیلئے مُزیّن کر رکھی ہے۔

حلُّ اللُّغَةِ: زَیَّنَہٗ، اَزانَہٗ، زَانَہٗ: سنوارنا، زینت دینا۔ رَغِبَ اِلٰی: کسی چیز کی طرف رغبت ودلچسپی رکھنا۔ شَرًّا: کوئی شر۔ رَأْیٌ رُکَاکٌ: مرکب توصیفی، کمزور رائے یا کمزور عقل۔

ش ۱۱.

تَنَقَّدْ دَقَائِقَ الْعُمْرِ قَبْلَ مُرُوْرِهَا
کَمَا قَدْ تَنَقَّدَ اللُّجَیْنَ الْحَکَّاکُ

ترجمہ: جس طرح زرگر چاندی کے سکوں کو رگڑ کر پرکھتا ہے بالکل اِسی طرح (اے قاری!) لمحاتِ عمر میں، گزر جانے سے قبل، غور وفکر کرو (انہیں فضول سمجھ کر بے قدری میں نہ گزارو)۔

حلُّ اللُّغَةِ: تَنَقَّدَ، الدَّرَاهِمَ وَغَیْرَهَا: پرکھنا۔ دَقَائِقُ: منٹ، واحد دَقِیْقَةٌ.
اَللُّجَیْنُ: چاندی۔ اَلْحَکَّاک: چاندی یا سونا وغیرہ کو رگڑ کر پرکھنے والا۔

ش ۱۲.

دَقَائِقُ عُمْرِنَا رَهَائِنُ عِنْدَنَا
فَاَنْتَ رَهِیْنُ الْمَوْتِ بَعْدَهٗ فَکَاکُ

ترجمہ: عمر کی گھڑیاں ہمارے پاس (فقط ایک مدتِ مقررہ تک) رہن رکھی ہوئی ہیں۔ (اے انسان!) موت کے ہاتھوں تجھے رہن رکھا گیا ہے اور موت کے آتے ہی تجھ سے (لمحاتِ عمر کا) رہن چھڑایا جائے گا۔

حلُّ اللُّغَةِ: رَهَائِنُ، واحد رَهِیْنَةٌ: وہ چیزیں جو رہن رکھی گئی ہیں۔ رَهِیْنٌ، رَهِیْنَةٌ کا مذکر ہے۔ فَکَاکٌ: وہ شخص جس سے اموالِ مرہونہ واگزار کیا گیا ہو۔

ش ۱۳ .

اَلَـمْ تبْکِ یَـا اَخِیْ عَلَی خِطْءٍ یَّوْمًا؟
تَـرٰی رُبَّ بَـاکٍ اِنَّمَـا اَنْتَ ضَحَّـاکٌ

ترجمہ: کیا اے برادر! کسی دِن بھی تجھے گناہ کو یاد کر کے رونا نہیں آتا؟ تو بہت سارے لوگوں کو روتے ہوئے دیکھ رہا ہے مگر پھر بھی تو ہنسی کا گول گپّا بنا ہوا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خِطْأٌ، خَطَأٌ: گناہ۔ بَکٰی، یَبْکِیْ: رونا، سے اِسم فاعل بَاکٍ.
ضَحَّاکٌ: بکثرت ہنسنے والا، ہنسی کا گول گپّا۔

ش ۱۴ .

وَ صَرِّفْ هَوَاکَ مِنْکَ وَاخْزُنْ لِسَانَکَ
فَـلَا بُدَّ مِنْ هَوَاکَ فِیْ فِیْکَ الْحُشَاکٌ

ترجمہ: خواہشِ نفس کو اپنے آپ سے پھیر دے، نیز اپنی زبان کی حفاظت کر، ضروری ہے کہ خواہش کے اِظہار سے روکنے کیلئے تیرے مُنہ میں زبان بند لکڑی ہو، جیسے جانور کے دودھ کی حفاظت کیلئے اُس کے بچے کے مُنہ پر لکڑی باندھی جاتی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: هَوًی، هَوٰی: خواہش نفس، ج: اَهْوَاء. خَزِنَ، خَزَنَ (س،ن). السِّرَّ: چُھپانا۔ اَللِّسَانَ: قابو کرنا۔ "فُوْهُ" منہ، حالت فاعلی؛ حالتِ نصبی "فَاهُ". حالتِ جَرّی "فِیْهِ". اَلْحُشَاکُ: وہ لکڑی جو جانور کے بچے کے مُنہ میں دودھ سے روکنے کیلئے لگائی جاتی ہے، تاکہ دودھ نہ پی سکے۔

ش ۱۵ .

وَمَنْ بَاعَ دُنْیَاهُ بِآخِرَتِهٖ فَهُوَ
مِنْ وَّرَآءِ تُجَّارٍ بَلْ ذَاکَ سَگَّاکٌ

ترجمہ: جس کسی نے اپنی دُنیا دیکر اُس کے عِوض میں آخرت لے لی ہے ایسا شخص کاروبارِتجارت میں تمام تاجروں سے آگے اور غالب ہے، نہ صرف وہ غالب ہے بلکہ سکہ ساز بھی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تُجَّارٌ: واحِد تَاجِرٌ: وَرَاءُ التُّجَّارِ: تجارت ومنافع میں سب سے مقدم، سب پر بھاری۔ سَکَّاکٌ: ٹیکسال، سِکّہ ساز۔

ش ۱۶.

کَأَنْ لَّمْ تُعَامِلِ الْمَلَائِکُ مِثْلَهُ
کَذَا لَمْ تُدَانِ مَتْجَرَهُ النُّسَّاکُ

ترجمہ: گویا اِس جیسا کاروبار فرشتوں نے بھی نہیں کیا، اِسی طرح جیسی تجارت وسرمایہ کاری اُس نے کی ہے عابدوزاہد اُس کے قریب ہی نہ بھٹک سکے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَامَلَ مُعَامَلَةً: لین دین یا کوئی کاروبار کرنا یا کسی سے برتاؤ، سلوک کرنا۔ اَلْمَلَائِکُ: واحِد، اَلْمَلَکُ: فرشتے۔ دانٰی، مُدَانَاةً، بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: قریب کرنا۔ اَلْاَمْرُ: نزدیک ہونا۔ مَتْجَرٌ: سوداگری، سرمایہ کاری، سرمایہ۔ اَلنُّسَّاکُ: زُہّادوعابدین، واحِد: نَاسِکٌ.

ش ۱۷.

فَقَدَّمَ لَهُ کَأَنَّ سَائِرَ حَوَائِجِهٖ
یُسَابِقُ کَیْفَ عَنْهُ مَن هُوَ تَرَّاکٌ؟

ترجمہ: گویا کہ اُس نے اپنی ضرورت کی ہر ایک چیز اپنے لیے آگے بھیجی ہے، سب کچھ چھوڑنے والا شخص اُس سے مُقابلہ میں کیسے بڑھ سکتا ہے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: قَدَّم تَقْدِيمًا: اَلشَّيْءَ: آگے بھیجنا، پیش کرنا۔ سَابَقَ مُسَابَقَةً: عَنْ: سے مقابلہ میں غالب آنا، آگے بڑھنا، گھوڑ دوڑ میں فاتح قرار پانا۔ تَـــرَّاكٌ: مبالغہ، سب کچھ چھوڑنے والا۔ حَـوَائِـجُ، واحِـد حَـاجَةٌ، حَـائِـجَةٌ: ضروریات۔

ش۱۸.

فَـطُـوْبٰـى لَـهُ لِـمَـنْ رَبُّـهُ أَظَـلَّـهُ
تُـزَوِّرُ عَـنْـهُ الْيَـوْمَ عِـنْـدَهُ الْعِـكَـاكُ

تـرجـمـه: لائق مُبارکباد ہے وہ شخص کہ اُس کا رَبّ وہاں (محشر میں) اُسے اپنے عرش کا سایہ عطا کرے، آج کے دِن اُس کے رَبّ کے حضور سخت گرمی، اُس سے منہ موڑ لے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: طُوْبىٰ: سعادت، خیر مبارکباد۔ طُوْبىٰ لَهُ: اسے مبارک ہو۔ رَبٌّ، ج: اَرْبَابٌ: مالک، پالنہار۔ اَظَلَّ اِظْلَالًا: سایہ کرنا۔ اَلْيَوْمَ، آج، تُو ڈے۔ زَوَّرَعن: سے مُڑ جانا۔ عكة: سخت گرمی، ج: اَلْعِكَاكُ۔

﴿......أَلَّلامُ......﴾

نُهِيْنَـا إِخْـوَانِـىْ عَـنْ كَثْـرَةِ السُّوَالُ		وَ حَــذَّرَنَـا رَسُــوْلُـنَـا مِـنَ الْـخَبَالُ
لِاَنْ يَّضَـعَ الْأَغْلَالَ عَنَّـا وَ الْآصَـارَ		وَيَمْنَعَ عَنِ الْإِسْرَافِ وَ اكْتِنَا زِالْمَالُ
لِيَـصْـلَـحَ ثَرَا قُلُوْبِنَـا لِـلزِّرَاعَةِ		فَـنَـزْرَعَ فِيْهَـا مِنْ حُبُوْبِ الْخِصَـالُ
فَـمِنْهَـا فَلْتَكُنْ بُذُوْرُ الْـمُـحَابَّةِ		كَىْ تَفُوْحَ مِنَّـا الْمُمَسَّكَةُ الْخِلَالُ
وَ رَبِّـى نَبِيُّـنَــا عِـرْفَــانُ رَبِّـنَــا		فَـعَـرَّفَـهُ بِنَـا عَـلَيْـهِ وَهُـوَ الـدَّالُ
وَ رَحْـمَـةُ نَبِيِّـنَـا تُـحِيْطُ الْـعَـالَمِيْنَ		فَصُيِّـرَ مِنْ لَّدُنْـهُ لِـلْـخَـلْـقِ الثِّمَـالُ
فَهِـىَ عَـامَةٌ هُـنَـا عَـلٰى كُلِّ ذِىْ رُوْحٍ		كَـالسَّـحَـابِ يَسْقِىْ اَرْضَنَا بِالزُّلَالُ

يُسْتَشْفَى الْمَرْضٰى لِوَجْهِهٖ فَمُنْشِدُالُ	قَصِيْدَةٍ قَدْ أُبْرِءَ مِنْ دَاءٍ عُضَالُ
لَمْ أَرَمَزَارًا هٰكَذَا مِثْلَ قَبْرِهٖ	جُعِلَ لِلْأُنَاسِ خَيْرَ مَرْجِعٍ وَّمَآلُ
فَسَامِعُ صُخُوْرٍ وَّ قُبُوْرٍ رَّسُوْلُنَا	اَلَا سَمْعُهَا اَصْعَبُ مِنْ قَوْلِ النِّمَالُ
بِقُرْآنِهٖ طُوِيَتِ الْأَرْضُ وَكُلِّمَ	الْمَوْتٰى بَلٰى وَ قَدْ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ
مَنِ ائتَمَّ اِىْ كِتَابَهٗ وَأُسْوَتَهٗ	وَأُسْوَةَ صَحْبِهٖ فَهٰذَا فَضَّالُ
وَ كُلُّ حَوَارِيْهِ لِلْجُنُوْدِ جَرَّارٌ	اِذْ قِيْلَ نَزَالِ فَهُوَ أَوَّلُ نَزَّالُ
تَبَرَّكَ بِرِيْقِ الرَّسُوْلِ حَاشِيَتُهٗ	دَلَكُوْهُ جُلُوْدَهُمْ كَذَا بِالرُّعَالُ
وَ حُذِّرَ كُلُّ أُمَّةٍ مِّنَ الْكَذَّابِ	الْمَوْعُوْدِ وَاشْتَهَرَ فِيْنَا بِالدَّجَّالُ
قَدْ أَحَسَّ رِكْزًا مِّنْ صَحْبِهٖ فِي الْعَدْنِ	زَعِيْمُ الْمُؤَذِّنِيْنَ فَذَاكَ بِلَالُ
فَأَوَّلُكَ نُطْفَةٌ وَّ آخِرُكَ مَوْتَةٌ	أَاِنَّكَ فَخُوْرٌ وَّخُلِقْتَ مِنْ صَلْصَالُ؟
مٰاشِئْتَ حَيْثُ شِئْتَ فَازْرَعْ مِنَ الْخَيْرِ	وَ الشَّرَّ جَنِّبْهُ مَخَافَةَ النَّكَالُ

فَجَهِّزْ جَهَازًا لِّرِحَالِكَ جَوَازًا
وَّ زَادًا تُقَدِّمُهٗ سَاعَةَ الْوِصَالُ

☆☆☆

ش ۱ .

نُهِيْنَا إِخْوَانِيْ عَنْ كَثْرَةِ السَّوَالُ
وَ حَذَّرَنَا رَسُوْلُنَا مِنَ الْخَبَالُ

ترجمہ: اے میرے بھائیو! ہمیں بکثرت سوال کرنے سے منع کیا گیا، ہمارے پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہمیں تباہی و بربادی سے خبردار کیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَهَاهُ نَهْيًا: عَنْ: سے منع کرنا۔ حَذَّرَهُ تَحْذِيرًا: مُتنبہ کرنا، ڈرانا، خوف دلانا۔ اَلْخَبَالُ: تباہی ونقصان، ہلاکت، فساد، زہر قاتل۔

ش ۲.

لِاَنْ يَّضَعَ الْأَغْلَالَ عَنَّا وَ الْآصَارَ
وَيَمْنَعَ عَنِ الْإِسْرَافِ وَ اكْتِنَازِ الْمَالُ

ترجمہ: تاکہ ہمارے نبیؐ ہم سے گُناہوں کی بیڑیاں اور گُناہوں کا بوجھ اُتار دیں، نیز ہمیں فضول خرچی اور مال کی ذخیرہ اَندوزی سے روکیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْاَغْلَال: بیڑیاں، طوق، جولان، واحد: اَلْغُلُّ. اَلْغِلُّ: بکسرِ الغین، کینہ و بغض۔ اِکْتِنَازُ الْمَالِ: جمع کرنا، برتن میں دبا دبا کر جمع کرنا تاکہ زیادہ سے زیادہ سما سکے، اِسکی ضِد اِسراف ہے، یعنی فضول خرچی کرنا۔

ش ۳.

لِيَصْلَحَ ثَرَا قُلُوْبِنَا لِلزِّرَاعَةِ
فَنَزْرَعَ فِيْهَا مِنْ حُبُوْبِ الْخِصَالُ

ترجمہ: تاکہ ہمارے دِل کی سرزمین کاشت کے قابل ہو سکے، ہم اِسمیں عُمدہ خَصائل، اچھی خوبیوں کے بیج کاشت کرسکیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حُبُوْبٌ، واحِد: حَبٌّ، حَبَّةٌ: بیج، دانہ۔ اَلْخِصَالُ، واحِد: خَصْلَةٌ: عادت، حسنہ یا قبیحہ مگر زیادہ تر عادتِ حسنہ کیلئے مستعمل ہے۔ "حُبُوْبُ الْخِصَالِ" مرکب اِضافی، اچھی عادتوں کے بیج۔

ش ۴.

فَمِنْهَا فَلْتَكُنْ بُذُوْرُ الْمُحَابَّةِ
كَيْ تَفُوْحَ مِنَّا الْمُمَسَّكَةُ الْخِلَالُ

ترجمہ: (سرزمینِ دل میں) کچھ بجکاری باہمی محبت کے بیجوں کی بھی ہونی چاہیے، تاکہ ہم سے مُعطر وخوشبودار دوستی پھوٹتی رہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: بُذُوْرٌ، واحد: بَذْرٌ: بیج، دانہ، نسل۔ حَابَہٗ حِبَابًا مُحَابَةً: بایکدیگر محبت کرنا۔ بُذُوْرُ الْمُحَابَّةِ: مرکب اِضافی، باہمی محبّت کے بیج۔ اَلْخِلَالُ الْمُمَسَّكَةُ: مرکب توصیفی، کستوری بھری معطّر دوستی۔

ش ۵.

وَ رَبِّی نَبِیُّنَا عِرْفَانُ رَبِّنَا
فَعَرَّفَهٗ بِنَا عَلَیْهِ وَهُوَ الدَّالُ

ترجمہ: مجھے اپنے پروردگار کی قسم! ہمارے پیغمبرؐ ہمارے رَبّ کی پہچان کا ذریعہ ہیں، اُنہوں نے ہی اپنے پروردگار کا تعارف ہم سے کرایا، اور اُنہی کی طرف فقط آپؐ ہی راہنمائی کرنے والے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَرَبِّی: میں "واو" قسمیّہ ہے، مجھے اپنے رَبّ کی قسم! عِرْفَانٌ: پہچان، تعارف۔ عَرَّفَهٗ بِنَا: عَرَّفَهٗ لِفُلَانٍ: نام بتانا، پہچان کرنا۔ عَرَّفَهُ الْأَمْرَ: واقف کرانا۔ دَلَّ عَلَى الشَّیْءِ: اِلَیْهِ: راہنمائی کرنا۔

ش ٦.

وَ رَحْمَةُ نَبِیِّنَا تُحِیْطُ الْعَالَمِیْنَ
فَصُیِّرَ مِنْ لَّدُنْهُ لِلْخَلْقِ الثِّمَالُ

ترجمہ: ہمارے نبیؐ کی رحمت مبارکہ تمام جہانوں پر محیط ہے پس اُنہیں اللہ کی طرف سے مخلوق کا فریادرس بنایا گیا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَحَاطَهُ إِحَاطَةً: اَلشَّیْءَ: بِهٖ: گھیرنا، محیط ہونا۔ صَیِّرَهٗ تَصْیِیْرًا: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا، صَیَّرَ سے صُیِّرَ ماضی مجہول واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ ثِمَالُ الْخَلْقِ، اَوْثِمَالُ الْأُمَّةِ: مخلوق یا اُمّت کا فریاد رس، امدادی۔

ش۷.

فَهِیَ عَامَةٌ هُنَا عَلٰی كُلِّ ذِیْ رُوْحٍ
كَالسَّحَابِ یَسْقِیْ اَرْضَنَا بِالزُّلَالُ

ترجمہ: پس حضورؐ کی رحمت یہاں پر دُنیا میں ہر ذِی رُوح پر عام ہے بالکل اَیسے جیسا کہ بادل ہماری زمین کے ہر ایک مقام بلکہ ہر ایک جڑی بوٹی کو بلا اِمتیاز سیراب کرتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: ذِیْ رُوْحٍ: زندہ۔ سَقٰی سَقْیًا: پلانا۔ مَاءٌ زُلَالٌ: زَلُوْلٌ: زُلَازِلٌ: صاف خوشگوار پانی۔

ش۸.

یُسْتَشْفَی الْمَرْضٰی لِوَجْهِهٖ فَمُنْشِدُالُ
قَصِیْدَةِ قَدْ أُبْرِءَ مِنْ دَاءٍ عُضَالُ

ترجمہ: اُن کے وسیلہ جلیلہ سے بیماروں کو شفا ملتی ہے، جیسا کہ ''قصیدہ بُردہ'' کے قائل (اِمام بوصیریؒ) کو لاعلاج بیماری سے شِفا ملی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَنْشَدَ اِنْشَادًا، اَلشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَلْمُنْشِدُ: اِسم فاعل، قصیدہ گو، مشہوری کرنے والا۔ مُعْلِمٌ. اُبْرِأَ الْمَرِیْضُ: شفایاب ہونا۔ دَاءٌ عُضَالٌ: مرکب توصیفی: لاعلاج بیماری، لاچار کرنے والا مرض۔

ش ۹.

لَــمْ أَرَمَـــزَارًا هٰــكَـــذَا مِثْـلَ قَبْــرِهٖ
جُـعِـلَ لِلْأُنَــاسِ خَيْــرَ مَـرْجِـعٍ وَّمَـآلُ

تــرجــمــه: آپؐ کے مزارِ پُر انوار جیسی کوئی زیارت گاہ مجھے سُوجھتی ہی نہیں جو اِس طرح لوگوں کیلئے لوٹنے پلٹنے، پناہ لینے کا بہترین مقام ہو!!

حَلُّ اللُّغَةِ: مَرْجِعٌ: مقامِ بازگشت۔ رَجَعَ يَرْجِعُ رُجُوْعًا مَرْجَعًا: لوٹنا، واپس ہونا۔ آلَ (ن) اَوْلًا، مَآلًا: لوٹنا۔ آلَ اِلَيْـهِ کی طرف آنا۔ اَلْـمَآل: پلٹنے کا مقام، لوٹنے کا بہترین مقام، نتیجہ۔ مَآلُ الْكلام: مفاد۔

ش ۱۰.

فَسَــامِـعُ صُــخُوْرٍ وَّ قُبُوْرٍ رَّسُوْلُـنَـا
اَلَا سَـمْـعُهَـا اَصْعَـبُ مِنْ قَوْلِ النِّمَالُ

تــرجــمــه: آپؐ بے جان پتھروں اور قبر والوں کی گفتگو بھی سُننے والے ہیں۔ واضح رہے اُن کی بات سُن لینا چیونٹیوں کی بات سُن لینے سے زیادہ مشکل ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صُخُوْرٌ، واحِد صَخْرَةٌ: ٹھوس پتھر۔ سَمِعَ: سے اَسْمَعُ اِسمِ تفضیل خوب سُننے والا۔ سَمِعَ سے سَامِعٌ، فاعل، سُننے والا۔ اَلنِّمَالُ: واحِد اَلنَّمْلَةُ: چیونٹیاں، کیڑیاں، مورِہائے مساکین۔

ش ۱۱.

بِـقُــرْآنِــهٖ طُـوِيَــتِ الْأَرْضُ وَكُـلِّمَ
الْــمَــوْتٰى بَـلٰى وَ قَـدْ سُيِّـرَتِ الْـجِبَـالُ

ترجمہ: آپؐ کے قرآن کے پرعمل پیرا ہو کر زمین کے طول وعرض کو سمیٹا جا سکتا ہے، (جی ہاں) قرآن کا عامِل ہو کر مُردوں سے بات کی جا سکتی ہے، جی ہاں، پہاڑوں کو اپنی جگہ سے بھی چلایا جا سکتا ہے۔ اِس شرط پر بقولِ اقبالؒ:

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مؤمن
قاری نظر آتا ہے، حقیقت میں ہے قرآن

حَلُّ اللُّغَة: طَوَی الْبِلَادَ: مسافت طے کرنا۔ طَویٰ، یَطْوِیْ طَیًّا اَلثَّوْبَ: کپڑے کو لپیٹنا۔ کما فی الْقرآن "یَوْمَ نَطْوِی السَّمَاءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ......" (سورۃ انبیاء، رقم:104)۔ سَیَّرَ تَسْیِیْرًا؛ اَلرَّجُلَ اَوِ الْمَاشِیَةَ: چلانا۔ مَوْتٰی، واحِد: مَیْتٌ مُردار، مُردے۔ بَلٰی حرفِ تصدیق۔ اِیْ اور نَعَمْ کی طرح "جی ہاں"۔

ش۱۲.

مَنِ ائْتَمَّ اِیْ کِتَابَهٗ وَأُسْوَتَهٗ
وَأُسْوَةَ صَحْبِهٖ فَهٰذَا فَضَّالُ

ترجمہ: جی ہاں! جس نے بھی حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کتاب کو اِمام بنایا، نیز آپؐ کی سیرت مبارکہ اور آپؐ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرتِ حسنہ کی پیروی کی تو یہ شخص بڑے فضل والا ہے۔

ش۱۳.

وَ کُلُّ حَوَارِیِّهٖ لِلْجُنُوْدِ جَرَّارٌ
اِذْ قِیْلَ نَزَالِ فَهُوَ أَوَّلُ نَزَّالُ

ترجمہ: آپؐ کا ہر ایک حواری وصحابی سپاہ و لشکر کا سپہ سالار رہے جب اُسے میدانِ کارزار میں دعوتِ مُبارزت دِی جاتی ہے تو وہ سب سے پہلے میدان جنگ میں کودنے والا ہوتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَوَارِی: مددگار، خیرخواہ، ج: حَوَارِیُّوْنَ. جُنُوْدٌ: لشکر، واحِد جُنْدٌ اسمِ جمع ہے۔ اَلْجَرَّارُ بہت کھینچنے والا۔ قائد: سپاہ سالار۔ نَزَّالٌ: بہت زیادہ اُترنے والا۔ "نَـــزَالِ" بوقت جنگ اِس کلمہ سے دعوتِ مُبارزت دیجاتی۔ "اُترو جنگ کیلئے"۔

ش ۱۴.

تَبَـرَّکَ بِـرِیْـقِ الـرَّسُـوْلِ حَـاشِیَتُـهٗ
دَلَـکُـوْهُ جُـلُـوْدَهُـمْ کَـذَا بِـالـرُّعَـالُ

ترجمہ: حضورؐ کے صحابہؓ نے آپؐ کے لعابِ دہن سے برکت حاصل کی، اُسے اپنے چہروں پر مل لیا؛ اِس طرح انہوں نے آپؐ کے آبِ بینی سے بھی برکت حاصل کی (اُسے بھی اپنے چمڑوں اور چہروں پر مل لیا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَبَرَّکَ: بِشَیْءٍ: برکات حاصل کرنا۔ رِیْقٌ: تھوک، لُعابِ دہن۔ حَاشِیَةٌ، ج: حَوَاشِی: گردوپیش میں بیٹھنے والے، مُرادصحابہؓ۔ دَلَکَ دَلْکًا: ملنا، لگانا۔ رُعَالٌ: آبِ بینی، ناک سے نکلنے والا پانی، رینٹ۔

ش ۱۵.

وَ حُـــذِّرَ کُـلُّ اُمَّةٍ مِّـــنَ الْـکَـــذَّاب
الْـمَـوْعُـوْدِ وَاشْتَهَـرَ فِیْـنَـا بِـالـدَّجَّـالُ

ترجمہ: ہر ایک اُمت کو ایک آنے والے بڑے فریبی سے ڈرایا گیا، وہ بڑا فریبی بڑا جھوٹا مُسلمانوں میں "دجَّال" کے نام سے مشہور ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حُــذِّرَ: خوف زدہ کیا گیا، ماضی مجہول، واحِــد: مذکر غائب۔ حَــذَّرَ تَحۡذِیۡرًا: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔ اَلۡكَذَّابُ الۡمَوۡعُوۡدُ: وہ بڑا جھوٹا جس کے آنے کا وعدہ کیا گیا۔ "دَجَّــــالٌ" بڑا فریبی، دھوکا کا باز بہت جھوٹا، ج: دَجَّالُوۡنَ وَدَجَاجِلَةٌ.

ش۱۶.

قَــدۡ أَحَــسَّ رِكۡــزًا مِّــنۡ صَحۡبِهٖ فِي الۡعَدۡنِ
زَعِيۡــمُ الۡـــمُـــؤَذِّنِيۡــنَ فَــذَاكَ بِلَالٌ

تــرجــمــه: حضورؐ نے اَپنے ایک صحابیؓ کے قدموں کی آہٹ جنّت میں سُن لی، وہ صحابی حضرت بلالؓ ہیں جو مؤذنوں کے قائد ورئیس ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَــسَّ حَسًّــا (ض) اَحَــسَّ اِحۡسَاسًا: اَلشَّیۡءَ: محسوس کرنا، معلوم کرنا۔ رِكۡــزٌ: قدم کی آواز، سَرسَراہٹ، آہٹ۔ زَعِيۡــمٌ: قائد، لیڈر، ضامن، ج: زُعَمَاء

ش۱۷.

فَــأَ وَّلُكَ نُــطۡــفَةٌ وَّ آخِــرُكَ مَــوۡتَةٌ
أَاِنَّكَ فَــخُــوۡرٌ وَّخُــلِــقۡــتَ مِنۡ صَلۡصَــالٌ؟

تــرجــمــه: اَے اِنسان! تیری ابتداء ایک غلیظ نُطفہ سے ہے جبکہ تیری اِنتہا موت (مُردے کی طرح مُردار ہونا) ہے، اَیسے میں کیا تو پھر بھی فخر کرنے والا ہے کہ تیری پیدائش کنکھناتی ٹھیکری سے ہے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: فَخَرَ (ف) فَخۡرًا: فخر کرنا۔ فَخُوۡرٌ: فخر کرنے والا، اِسم صفت۔ صَلۡصَالٌ: بجنے والی ٹھیکری۔ یعنی جس پر چلنے سے آواز پیدا ہو۔ تَصَــلۡـصَــلَ الـلِّـجَـامُ اَوِالۡحِلِیُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔

ش۱۸.

مٰاشِئْتَ حَیْثُ شِئْتَ فَازْرَعْ مِنَ الْخَیْرِ
وَ الشَّرَّ جَنِّبْهُ مَخَافَةَ النَّکَالُ

ترجمہ: (اَے قاری!) جس قدر تو چاہے؛ اور جہاں چاہے بھلائی و نیکی کی کاشتکاری کر، سزا اورانجامِ بد کے خوف سے تو جس قدر بُرائی سے بچ سکتا ہے بچتا رہ۔

حَلُّ اللُّغَةِ: جَنَّب، تَجَنَّب: دور ہونا، عَنْهُ: سے بچنا۔ کَذَا. تَجَانَبَ. اِجْتَنَبَ. خَافَ (س) خَوْفًا مَخَافَةً: گھبرانا، ڈرنا، احتیاط کرنا۔ مَخَافَةٌ: مصدر، خوف، ڈر۔ نَکَلَ نَکْلَةً(ن): سزا دینا۔ نَکِلَ نَکْلًا (س): خود سزا قبول کرنا۔ زَرَعَ زَرْعًا وَازْدَرَعَ: بجائی کرنا، کھیتی باڑی کرنا، ہل چلانا۔

ش۱۹.

فَجَهِّزْ جَهَازًا لِّرِحَالِکَ جَوَازًا
وَّ زَادًا تُقَدِّمُهُ سَاعَةَ الْوِصَالُ

ترجمہ: پس سفرِ آخرت کی خُوب تیاری کرتا رہ، سفری دستاویز یعنی اعمالِ صالحہ خوب تیار کرتا رہ، اور اعمال حسنہ پر مشتمل ایک اَیسا نادِر زادِراہ تیار کر جو بوقتِ وِصال تو اپنے رَبّ کے دربارِ گُہر بار میں پیش کر سکے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: جَهَّزَ تَجْهِیْزًا: تیار کرنا، مُہیّا کرنا۔ اَلْمَیِّتَ: کفن دفن کرنا۔ جَهَازٌ: ضروری سامان، جہیز، قافلہ۔ جَوَازٌ: پاسپورٹ، اِجازت نامہ، لائسنس۔ رِحَالٌ: کجاوے، منازل، اسبابِ سفر، واحِد: رَحْلٌ. زَادٌ: توشہ، ج: اَزْوِدَةٌ، اَزْوَادٌ. قَدَّمَ تَقْدِیْمًا: آگے بھیجنا، پیش کرنا۔

اَلْمِیْمُ

اَجْمَلُ الْوَرٰی حَتّٰی مِنْ بَدْرٍ تَمَامْ — بَلْ یُوْسُفُ مِنْ شُعَاعِهٖ فِی الْقَسَامُ

لِانْکِشَافِ حُسْنِهٖ یُضْرَبُ مَثَلُهٗ — وَ قَدْ کَانَ حُسْنُ رَسُوْلِنَا فِیْ کِمَامُ

سِنَانُ نَبِیِّنَا اَصَابَ اُبَیًّا — بِلُعُوْمِهٖ فَمَاتَ مِیْتَةَ الدُّغَامُ

وَ دِیْنُ حَبِیْبِنَا اَحَبُّ الْاَدْیَانِ — بِهٖ قَدْ اَتٰی اِلٰی اَحَبِّ الْاَقْوَامُ

فَطُوْبٰی لَکُمْ قَدْ جَاءَ کُمْ خَاتَمُ الرُّسُلِ — وَ لَوْ آخِرُهُمْ آتٍ بِالدِّیْنِ الْقَوَامُ

نَعِیْمُ اِلٰهِنَا عَلَیْنَا وَ فَضْلُهٗ — فِیْ صُوْرَتِهٖ اُنْعِمْنَا خَیْرَ ا لْاِنْعَامُ

نَبِیٌّ شَقَّ عَلٰی نَفْسِهٖ لِدِیْنِهٖ — وَقَدْ شَاقَهٗ مِنَ الْاُنَاسِ اللِّآمُ

اَلَمْ یُسْلِ رَبُّهٗ؟ فَاِنْ اَسْلَمُوْا اَوْلَمْ — یُسْلِمُوْا فَمَا عَلَیْکَ یَا خَیْرَ الْاَنَامُ!

فَهَاجَرَ مِنْ مَّکَّةَ لِمَدِیْنَةَ عِنْدَئِذٍ — قَدِاسْتَقْبَلَهٗ اَهْلُهَا بِالْاَنْغَامُ

صِلْ بِهٖ فَاِنَّهٗ مُبَلِّغُکَ رَبَّکَ — لِاَنَّهٗ اِلٰی رَبِّهِ الْفَذُّ الضِّمَامُ

وَارْتُفِعَ خَبَرُ لَیْلَةِ الْقَدْرِ عِنْدَمَا — تَخَاصَمَ بَیْنَهُمْ رِجَالٌ خِصَامُ

قَالَ الْتَمِسُوْهَا فِیْ رَمَضَانَ وَتْرِهٖ — فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ الصِّیَامُ

بَاتَ اَوْلِیَاءُ نَاخُضَّعًا لِّرَبِّهِمْ — سُجَّدًا لِّمَوْلَاهُمْ والنَّاسُ نِیَامُ

قَدِ اکْتَحَلُوا السُّهْدَ وَقَدْاُشْرِبُوا الرُّکُوْعَ — وَ السُّجُوْدَ عِنْدَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ

مَهْبِطُ الْوَحْیِ قَلْبُهٗ وَ الزُّوَّارِ — قَبْرُهٗ وَمِغْنَاطِیْسُ سِرْبِ الْیَمَامُ

بِحَارُ الْعَطَاءِ وَالْهِبَاتِ نَبِیُّنَا — وَمَأْوَی الْمَسَاکِیْنِ وَمَفْخَرُ الْاَنَامُ

تُسَبِّحُ لِلّٰهِ صَبَاحًا وَّ مَسَاءً

وَّ تُصَلِّیْ عَلَیْهِ الْمَلَائِکُ الْکِرَامُ

☆☆☆

ش ۱.

اَجْـمَـلُ الْـوَرٰی حَتّٰی مِنْ بَدْرٍ تَـمَـامُ
بَلْ یُوْسُفُ مِنْ شُعَـاعِـہٖ فِـی الْقَسَـامُ

ترجمہ: آپ تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت ہیں، حتیٰ کہ ماہِ کامل چودھویں کے چاند سے بھی زیادہ خوبصورت ہیں۔ جبکہ یوسف علیہ السلام حُسن میں حضورؐ کی ایک کرن ہیں (واضح رہے عُمدہ موتی کو ہمیشہ غِلاف میں رکھا جاتا ہے تاکہ ہر ایک کی نظر نہ پڑے یہی حال ہمارے پیغمبرؐ کا تھا، قدرے حُسن ظاہر کیا گیا مگر اکثر وبیشتر پردوں میں رہا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: جَـمُـلَ جَمَـالاً (ک): خوبصورت ہونا، صفت ''جَـمِیْلٌ'' خوبصورت۔ اَجْـمَـلُ: اِسم تفضیل۔ شُعَـاعٌ: آفتاب کی کِرن، ج: اَشِـعَّةٌ، شُـعَـعٌ، شِعَاعٌ. قَسَامٌ: خوبصورتی، حُسن۔

ش ۲.

لِانْـکِشَـافِ حُسْـنِـہٖ یُضْـرَبُ مَثَـلُـہٗ
وَ قَـدْ کَـانَ حُسْـنُ رَسُـوْلِـنَـا فِیْ کِمَـامُ

ترجمہ: یوسف علیہ السلام کا حُسن خلق پر عیاں تھا، اِسی لیے اُن کے حُسن کی مثال دِی جاتی ہے، جبکہ ہمارے پیارے آقا ومولا کا حُسن (ہزاروں) پردوں میں مَلفُوف تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اِنْـکَشَفَ اِنْـکِشَافًا: ظاہر ہونا۔ ضَرْبٌ: مارنا۔ ضَـرَبَ مَثَـلًا: مثال دینا۔ قرآن مجید میں ہے: (اِنَّ اللّٰـهَ لَا یَسْتَـحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَـلًا مَّا بَـعُوْضَةً......) (سورۃ بقرۃ، رقم: 26)۔ کِـمَـامٌ، واحِـد: کِمٌّ: غِلاف، شگوفے۔

ش ۳.

سِنَانُ نَبِیِّنَا أَصَابَ أُبَیًّا

بُلْعُومَهُ فَمَاتَ مِیْتَةَ الدُّغَامُ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ کا نیزہ ''ابی بن خلف'' کے گلے میں لگا، تو اُس کے لگتے ہی اُس کے حُلقوم میں شدید درد پیدا ہوا (وہ بیلوں کی طرح درد سے آواز نکالتا تھا) بالآخر اُسی گلے کے درد کی موت مَرا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سِنَان: نیزہ، نیزے کا پھل، نوک، ج: اَسِنَّةٌ. أَصَابَ إِصَابَةً: اَلرَّجُلَ: بِہٖ: کو لگنا، تکلیف یا ضرر پہنچانا۔ اَلدُّغَامُ: حلق کا درد۔ بُلْعُوْمٌ: گلہ، حُلقوم۔

ش ۴.

وَ دِیْنُ حَبِیْبِنَا اَحَبُّ الْأَدْیَانِ

بِهٖ قَدْ أَتٰى إِلٰى اَحَبِّ الْأَقْوَامُ

ترجمہ: ہمارے حبیبؐ کریم کا دین تمام اَدیان سے محبوب ترین دین ہے، آپؐ اِس کو ایسی اُمّت کے پاس لائے ہیں جو تمام اُمّتوں سے پیاری اُمّت ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَتٰى اِتْیَانًا: آنکلنا، اَتٰى بِهٖ: کے ساتھ آنا، لے آنا۔ اَحَبُّ الْاَدْیَانِ: محبوب ترین مذہب۔ اَحَبُّ الْأَقْوَامِ: پسندیدہ اور محبوب قوم، مُراد اُمّت محمدؐیہ ہے۔

ش ۵.

فَطُوْبٰى لَكُمْ قَدْ جَاءَكُمْ خَاتَمُ الرُّسُلِ

وَ لَوْ آخِرُهُمْ آتٍ بِالدِّیْنِ الْقَوَامُ

ترجمہ: (اے اُمتِ محمدیہؐ !) تمہیں مبارک ہو کہ تمہارے پاس خاتم المرسلین تشریف لائے ہیں۔ آپؐ دینِ اعتدال کے ساتھ اگر چہ تمام انبیاء علیھم السلام کے آخر میں آنے والے ہیں (مگر پیدائش کے لحاظ سے آپؐ کا نور سب سے مقدّم ہے اور آپؐ تخلیقِ آدمؑ سے قبل بھی نبی تھے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَاتَمٌ: بِکسر التَّاءِ و فَتْحِهَا: انگوٹھی، مُہر، ج: خَوَاتِمُ، خُتَّمٌ. اَلدِّيْنُ الْقَوَامُ: مرکبِ توصیفی، مُعتدل دین، سیدھا دین۔

ش ٦.

نَعِيْمُ اِلٰهِنَا عَلَيْنَا وَ فَضْلُهٗ
فِيْ صُوْرَتِهٖ أُنْعِمْنَا خَيْرَ الْإِنْعَامُ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرؐ ہمارے رَبّ کی طرف سے ہمارے لیے نعمتِ کُبریٰ اور فضلِ الٰہی ہیں، حضورؐ کی صورت میں ہمیں سب سے بہترین انعام سے نوازا گیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نِعْمَةٌ: بغیر منّت جتلائے کسی پر احسان یا بھلائی کرنا۔ (اَلنِّعْمَةُ اَلصَّنِيْعُ الْمَعْرُوْفُ اَوِ الْإِحْسَانُ اَوِ الْإِنْعَامُ مِن غَيْرٍ إِلٰى غَيْرٍ بِغَيْرِ بَدْلٍ وَ مِنَّةٍ) نعمت کی یہ تعریف راقم کی طرف سے ہے۔

ش ٧.

نَبِيٌّ شَقَّ عَلٰى نَفْسِهٖ لِدِيْنِهٖ
وَقَدْ شَاقَهٗ مِنَ الْأُنَاسِ اللِّآمُ

ترجمہ: آپؐ ایسے پیغمبر ہیں جنہوں نے اپنے لائے ہوئے دین کی خاطر اپنے آپ کو مشقت میں ڈالا، عوام الناس میں صرف بدْ اَصل اور کمینے لوگوں نے آپؐ سے دشمنی کو روا رکھتے ہوئے آپؐ کو تکلیف میں ڈالا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: شَقَّہٗ شَقًّا (ن) عَلٰی فُلَانٍ؛ عَلٰی نَفْسِہٖ: تکلیف میں ڈالنا۔ شَآقَۃٌ شِقَاقًا: دشمنی کرنا،قرآن مجید میں ہے: (ذَالِکَ بِاَنَّھُمْ شَآقُّوا اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ......) (سورۃ اَلانفال،رقم:13)۔ اَنَامُ؛مخلوق۔

ش۸.

اَلَمْ یُسْلِ رَبُّہٗ؟ فَاِنْ اَسْلَمُوْا اَوْلَمْ
یُسْلِمُوْا فَمَا عَلَیْکَ یٰا خَیْرَ الْأَنَامُ!

ترجمہ: کیا آپؐ کو آپؐ کے رَب تعالےٰ نے تسلی نہیں دِی کہ ’’اَے خیر البشر‘‘ لوگ ایمان لے آئیں یا نہ لے آئیں، اِس میں آپؐ کا کوئی زِیاں نہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَسْلَاہُ اِسْلَاءً: تسلی دینا، ڈھارس بندھانا۔ خَیْرُ الْاَنَامِ: مخلوق میں افضل۔

ش۹.

فَھَاجَرَ مِنْ مَّکَّۃَ لِمَدِیْنَۃَ عِنْدَئِذٍ
قَدِ اسْتَقْبَلَہٗ اَھْلُھَا بِالْاَنْغَامُ

ترجمہ: آپؐ نے مدینے کی خاطر مکہ سے ہجرت فرمائی، اِس وقت اَہالیانِ مدینہ نے نغموں کی گونج میں آپؐ کا والہانہ اِستقبال کیا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِسْتَقْبَلَ اِسْتِقْبَالًا: سامنے سے آنا، اِستقبال کرنا۔ اَنْغَامٌ، واحِد: نَغْمٌ، نَغَمٌ: گانے میں سُر تار، زمزمہ خوانی، مترنّم انداز۔

ش۱۰.

صِلْ بِہٖ فَاِنَّہٗ مُبَلِّغُکَ رَبَّکَ
لِأَنَّہٗ اِلٰی رَبِّہٖ الْفَذُّ الضِّمَامُ

ترجمہ: (اَے پڑھنے سننے والے!) حضورؐ کے ساتھ اپنا گہرا تعلق اُستوار کرو، بلاشبہ حضورؐ تمہیں تمہارے رَبّ کے ساتھ مِلا دیں گے، کیونکہ حضورؐ ہی اپنے رَبّ کے ساتھ مِلانے کا واحِد ذریعہ ہیں (یعنی حضورؐ کی غلامی کے بغیر رَبّ تک پہنچنا محال ہے)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: وَصَلَ یَصِلُ وَصْلًا: اَلشَّیْءَ: بِالشَّیْءِ: جوڑنا، جمع کرنا۔ صِلْ فعلِ امر واحِد مذکر حاضِر۔ فَذٌّ، ج: اَفْذَاذٌ، فُذُوْذٌ: مُنفر دو یکتا۔ اَلضِّمَامُ: ملانے کا ذریعہ۔ ضَمَّ ضَمًّا (ن) اَلشَّیْءَ: جمع کرنا، مِلانا۔ ضَمَّ اِلٰی صَدْرِہٖ: مقانقہ کرنا، جپھی پانا، سینے سے لگانا۔ اَلضِّمَامُ الْفَذُّ: مرکب توصیفی، ملانے کا یکتا ذریعہ۔

ش ۱۱.

وَارْتُفِعَ خَبَرُ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ عِنْدَمَا
تَخَاصَمَ بَیْنَہُمْ رِجَالٌ خِصَامُ

ترجمہ: (ایک دِن حضورؐ صحابہؓ کرام کو شبِ قدر کی تاریخ بتانے کیلئے آئے تھے) اُس وقت تقاضا کرنے والے دو فریق آپس میں لڑ پڑے، اُن کی باہمی جھگڑے کی بناپر ''لیلۃ القدر'' بتانے کا حکم اٹھالیا گیا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِرْتَفَعَ اِرْتِفَاعًا: اُٹھنا، بلند ہونا لازم ہے۔ لَیْلَۃٌ، ج: لَیَالٍ: راتیں۔ تَخَاصَمَ: اَلْقَوْمُ: باہم جھگڑنا، لڑنا۔ خِصَامٌ، واحِد: خَصْمٌ: جھگڑا یا مقدمہ کے فریقین، جھگڑنے یا لڑنے والے۔

ش ۱۲.

قَالَ الْتَمِسُوْہَا فِیْ رَمَضَانَ وَتْرِہٖ
فِی الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ شَہْرِ الصِّیَامُ

ترجمہ: آپؐ نے صحابہؓ سے فرمایا: شب قدر (جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے) کو ماہِ صیام رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِلْتَمَسَ: اَلشَّیْءَ: تلاش کرنا،طلب کرنا۔ وَتْرٌ یاوِتْرٌ یہ جُفت کی ضِد ہے، جُفت اورطَاق کوقرآن مجید نے ایک ہی آیت میں بیان فرمایاہے: "وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ" (سورۃ الفجر،آیت:3)۔ اَلصَّوْمُ، ج: اَلصِّیامُ: روزے۔شَھْرٌ، ج: شُھُوْرٌ، اَشْھُرٌ: قرآن مجید میں آتاہے۔ (إِنَّ عِـــدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَاللّٰهِ اثْنَاعَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ......) (سورۃ توبہ: آیت36)۔

ش ۱۳.

بَـاتَ اَوْلِیَـاءُ نَـا خُـضَّـعًـا لِّـرَبِّهِـمْ
سُـجَّـدًا لِّـمَـوْلَاهُـمْ والـنَّـاسُ نِیَـامُ

ترجمہ: ہمارے اولیاء کرام اپنے پروردگار کے حضور عاجزی کرتے ہوئے راتیں گزارتے ہیں، وہ لوگوں کومحوِ خواب چھوڑکراپنے خالق و مالک کے دربارِ پُروقار میں سجدۂ نیاز بجالاتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: بَاتَ یَبِیْتُ: فعل ناقص،رات گُزارنا۔ خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا خَضْعًا خُضْعَانًا: عاجزی کرنا،فروتنی کرنا۔صفت، خَاضِعٌ، ج: خُضَّعٌ، خاضِعُوْنَ. خَضَعَ لَهٗ: فرمانبرداری کرنا۔سُجَّدٌ، واحد: سَاجِدٌ. جبین نیاز اللہ کے حضور جھکانے والے۔ نِیَامٌ، واحد: نَائِمٌ:سونے والے۔ نَامَ یَنَامُ نَوْمًا: نِیَامًا: سونا،اُونگھنا۔

ش ۱۴.

قَـدِ اكْتَحَلُوا السُّهْدَ وَقَدْ اُشْرِبُوا الرُّكُوْعَ
وَ السُّـجُـوْدَ عِـنْدَ ذِی الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامُ

ترجمہ: انہوں نے بے خوابی یعنی شب بیداری کا سُرمہ لگا رکھا ہے، اپنے پروردگار ذوالجلالِ والاکرام کی طرف سے، رکوع اور سجدہ ریزی کی محبت اُن کے دِلوں میں ڈال دِی گئی ہے۔

حلُّ اللُغَةِ: اِکْتَحَلَ اِکْتِحَالًا: اَلسُّهُدَ اَوِالسُّهَادَ: بےخوابی کا سُرمہ لگانا۔ اِکْتَحَلُوْا السُّهُدَ: بےخوابی کا سُرمہ لگایا؛ مُراد، شب بھر جاگتے رہے۔ سَهِدَ سَهُدًا (س) وَتَسَهَّدَ: بیدار رہنا۔ اُشْرِبُوْا الرُّكُوْعَ والسُّجُوْدَ. رکوع وسجود کی محبت اُنہیں پلائی گئی۔ قرآن مجید میں ہے: (...... وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ......) (سورۃ البقرہ، آیت:93)۔

ش ۱۵.

مَهْبِطُ الْوَحْيِ قَلْبُهٗ وَالزُّوَّارِ
قَبْرُهٗ وَمِغْنَاطِيْسُ سِرْبِ الْيَمَامُ

ترجمہ: آپؐ کا قلبِ انور نزولِ وحی کا مقام ہے، آپؐ کا مزارِ پُر انوار زائرین کیلئے اُترنے ٹھہرنے کا مقام ہے، نیز جنگلی کبوتروں کے ڈاروں کی خاطر آپؐ کی خوابگاہ مقناطیسی کشش رکھتی ہے۔

حلُّ اللُغَةِ: مَهْبِطُ: الْوَحْيِ: نزولِ وحی کی منزل ومقام۔ وَحٰى يَحِيُ وَحْيًا: اَوْحٰى اِيْحَاءً اللّٰهُ: اِلَى النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کو بتانا، یعنی فطرتاً اُن کو سِکھا دیا، اِلٰى اُمِّ مُوْسٰى، اِصطلاحًا: اللہ تعالیٰ کا اُمّت کی اِصلاح کیلئے پیغمبر کو اَحکام دینا۔ اقسامِ وحی، مثلاً: ۱۔ اللہ تعالیٰ کا خود کلام کرنا، جیسے معراج کی رات دو بدو گفتگو۔ ۲۔ جبرائیل کے ذریعے پیغام رسانی۔ ۳۔ اللہ تعالیٰ کا پسِ پردہ کلام کرنا، جیسے کوہِ طور پر کلیم اللہ سے ہمکلامی۔ ۴۔ سچے خوابوں کا آنا۔

۵۔فرشتے کا اِنسانی شکل میں اَحکام بتلانے کیلئے سوال و جواب کرنا، جیسے حدیث(......مَـالْـإِحْسَـان......؟). ٦۔گھنٹی کی آواز کا بجنا۔ ۷۔فرشتے کا دِل میں بات ڈالدینا وغیرہ۔ یَمَام: جنگلی کبوتر۔

ش١٦.

بِـحَــارُ الْـعَـطَـاءِ وَالْهِبَـاتِ نَبِيُّـنَـا
وَمَــأْوَى الْـمَسَـاكِيْـنِ وَمَـفْـخَـرُ الْأَنَـامُ

ترجمہ: ہمارے پیغمبر ﷺ تحائف، ہدیے اور عطیات کا موجزن سمندر ہیں، (جس میں ہر وقت تحریک ہے جُمود نہیں ہے) آپ ؐ کی دہلیز مساکین کیلئے جائے قرار ہے، آپؐ وہ ذات بابرکات ہیں جن پر ساری مخلوق کو ناز ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْـعَطَاءُ: دِی گئی چیز، ج: اَعْـطِيَةٌ، اَعْـطِيَاتٌ. اَلْهِبَات، واحِد: اَلْهِبَةُ: تحائف، عطیے، بخشش۔

ش١٧.

تُسَبِّـحُ لِـلّٰــهِ صَبَـاحًـا وَّ مَسَـاءً
وَّ تُـصَـلِّـيْ عَلَيْـهِ الْـمَلَائِكُ الْكِرَامُ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے معزز فرشتے صبح و شام اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا، تسبیح و تقدیس میں مصروف ہیں، نیز آپؐ کی ذات والہ صفات پر درود وسلام کے نذرانے بھیجنے کا وظیفہ کرتے ہیں۔

اَلنُّوْنُ

تَـرَطَّـبَ بِـذِكْـرِهٖ مَلَائِكُ الرَّحْمَانُ ‌ ‌ ‌ وَ حُـوْرُ الْجِنَانِ اِىٔ وَسَـائِـرُ الْغِلْمَانُ
فَلَـمْ اَرْجُ مِـنْ ثَـنَـائِـهٖ بَلْ رِضـیً رَبّیْ ‌ ‌ ‌ لِاَنَّ بِـــذِكْــرِهٖ تَبَـرَّدَ الْاَصْــغَــرَانُ
اَلا كُـلُّ لَـفْـظٍ مُّهْـمَلٌ بِـغَيْـرِ ذِكْـرِهٖ ‌ ‌ ‌ وَ حَـمْـدِ اِلٰهِــهٖ فَيُـوْجِبُ الْحِـرْمَـانُ
يٰـا وَيْـلَتٰـى انْقَضٰـى عُمْرِىْ فِىْ سَفَاهَةٍ ‌ ‌ ‌ فَظِلْتُ مِنْ صَرْعٰى الْمَشِيْبَةِ وَ النِّسْيَانُ
طُـوْبٰـى لِـمَـنْ قَضٰـى عَيْشَهٗ فِىْ ذِكْرِهٖ ‌ ‌ ‌ فَـقَــاتَـلَ هَـوَاهُ مُـنْـذُ عَهْـدِهِ الْفِتْيَـانُ
فَـمِـنْ خِـزْىِ دُنْيَـاهُ لَـقَـدْ صَارَ مَاْمُوْنًا ‌ ‌ ‌ نِـعْـمَ الْـفَتٰـى هٰـذَا يَخَـافُـهُ الشَّيْطَـانُ
فَيَـدْ نُـوْجَـنَـى الْـجِـنَانِ مِنْـهُ حَتّٰى لَوْ ‌ ‌ ‌ اَرَادَ تَـخِـرُّ فِـىْ حِـضْـنِــهٖ الْـقِـنْـوَانُ
عِـنْــدَ رَبِّـنَـا لِـكُـلِّ شَـىْءٍ نِ الْاَوَانُ ‌ ‌ ‌ خَيْـرُ الْـعُهُـوْدِ جِـئْـتَ فِيْـهِ وَ الزَّمَـانُ
قَـدْ نَـجَـوْتُ مِنْ شِبَاكِ نَفْسِىْ دَقَائِقَ ‌ ‌ ‌ فَــأَرَدْتُ اَنْ اَطْبَــعَ عِـقْـدَ الْـجُـمَـانُ
فَـقَبْـلَ مَـمَــاتِــىْ اَمْهَـلَتْنِـىْ حَيَـاتِـىْ ‌ ‌ ‌ نَـسَـجْــتُ نُـعُـوْتَــهٗ فَـصَــارَ الدِّيْوَانُ
لِيَشْهَــدَ عَــلَــىَّ الْيَــرَاعُ وَالْـمِـدَادُ ‌ ‌ ‌ هٰـكَـذَا الْـقَـرَاطِيْسُ وَالْحِيْنُ وَ الْبَنَانُ
تَـكُـوْنُ الْـمَـنَــابِــرُ عَـلَـىَّ شَهِيْــدَةً ‌ ‌ ‌ اَوْ عَـلٰــى كِـتَــابِــىْ مَنْ يُّـزِيْنُ الْبَيَـانُ
لِيَــكُــوْنَ ثَـنَـاءُهٗ وَسِيْـلَةَ الـنَّـجَـاتِ ‌ ‌ ‌ وَ وَجْــهَ الْـغُـفْـرَانِ وَ مِـفْتَاحَ الْجِنَانُ
فَـــاِنَّ اِلٰهَـــهٗ يُـحِبُّـــهٗ وَ ذِكْـــرَهٗ ‌ ‌ ‌ فَـغُـذِّيْـتُ مِـنْ ذِكْـرَاهُ خَيْـرَ اللِّبَـانُ
غِــذَاءٌ لِّــكُــلِّ شَــىْءٍ ذِكْـرُ حَبِيْبِـهٖ ‌ ‌ ‌ تَــغَــذَّتْ بِـذِكْـرِهِ الـطَّيْـرُ وَالْاَنْـوَانُ
تُشَــدُّ نُــفُــوْسُـنَـا بِـذِكْـرِ رَسُـوْلِـنَـا ‌ ‌ ‌ فَــحُبِّــبَ ذِكْـرُهٗ كَـرَوْحٍ وَّ رَيْـحَـانُ
اَكْثِـرُوْا ذِكْــرَ الـلّٰـهِ وِذكْـرَ رَسُوْلِـهٖ ‌ ‌ ‌ فَــلَا بُـدَّ ذِكْــرُهُـمَـا بِغَيْـرِ حُسْبَـانُ
بِـذِكْـرِهِـمَــا ذَابَ الـزُّهَّـادُ بِعَيْشِهِمْ ‌ ‌ ‌ فَـحُبِّبَ اِلَيْهِمْ ذِكْـرُهُـمَـا مِنَ الْعِقْيَانُ
يَـفِــرُّ مِـنَ الْاَذَانِ مَـرْءٌ وَّظِـلِّ عُـمَـرَ ‌ ‌ ‌ كَـذَالِكَ مِنَ التَّثْوِيْبِ مِنْ جِنْسِ الْجَآنُ
اَرْجُـوْ مِـنَ الْـحَـنَّـانِ اَنْ يَّـصْفَحَ عَنِّىْ ‌ ‌ ‌ وَلَـوْ بَـلَـغَــتْ ذُنُوْبِـىْ اِلَــى الْـعَنَـانُ

سَلَامٌ عَـلَیْـــهِ مَــنْ غَـادَرَ الْـمَـکَـانَ وَ سَمَا إِلَـی الْـعَدْنِ فَلَاقَی الرِّضْوَانُ
فَــمِــنْ ثَــمَّ قَـدْ عَلَا إِلٰـی لَا مَـکَــانُ فَـرَحَّـبَ بِـهٖ مَـلِیْکُ الْـعَرْشِ الْمَنَّانُ
فَـــرُبَّ آیَةٍ کُبْـــرٰیٔ أَرَاهُ رَبُّـــهٗ وَشَـــدَّ عَـضُـدَهٗ بِـکُـمْ اَجَـلِّ بُـرْهَـانُ
لِـمَ لَــمْ یَــکُــنْ ضَـرِیْـعُـهٗ مَـأْمَـنًـا لَّـنَـا؟
لَیَـــأْرِزُ مِــنَ الْـکَـوْنِ اِلَیْـــهِ الْـاِیْـمَــانُ

☆☆☆

ش ۱.

تَــرَطَّــبَ بِــذِکْـرِهٖ مَلَا ئِکُ الـرَّحْـمَـانُ
وَ حُـوْرُ الْـجِـنَـانِ اِیْ وَسَـــائِـرُ الْـغِلْمَـانُ

ترجمہ: حضورؐ کے ذِکر جان فزاو دِل رُبا سے رَحمان کے نوری فرشتے، حوران جنّت کی زبانیں تروتازہ ہیں، جی ہاں، جنّتی لڑکے، غلمان بھی آپؐ کے ذکر خیر سے لَب کُشائی کرتے اور تازہ دم رہتے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَـرَطَّـبَ الـلِّسَـان: بِذِکْرِہٖ: کسی کی توصیف میں لَب کشائی کرنا۔ حُوْرُ الْـجِـنَـان: جنّت کی موٹی آنکھوں والی عورتیں۔ غِـلْـمَـانُ، واحِد: غُلَامٌ: نوجوان، لڑکے۔(وَ یَـطُـوْفُ عَـلَیْـهِـمْ غِـلْـمَـانٌ لَّـهُـمْ کَـأَنَّـهُـمْ لُؤْلُؤٌ مَّکْنُوْنٌ. طور:24)

ش ۲.

فَــلَــمْ اَرْجُ مِـنْ ثَـنَـائِـهٖ بَـلْ رِضَـیً رَبِّـیْ
لِأَنَّ بِـــذِکْـــرِہٖ تَبَـــرَّدَ الْأَصْــغَـــرَانُ

ترجمہ: میں حضورؐ کی ثناخوانی کرنے سے بس اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رِضا کا طلبگار وا ُمید وار ہوں، کیونکہ حضورؐ کے ذِکرِ دلپذیر سے دِل وزبان دو چھوٹی چیزیں ٹھنڈک حاصل کرتی ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَجَا، یَرْجُوْ، رَجْوًا، رَجَاءً: پُرامید ہونا۔ اَلشَّیْءَ: اُمید کرنا۔ رِضَاءٌ: رِضًی: خوشنودی۔ تَبَرَّدَ: ٹھنڈک چاہنا، پانا۔ اَلْأَصْغَرَان: دل و زبان، دو چھوٹی چیزیں۔

ش ۳.

اَلَا کُلُّ لَفْظٍ مُهْمَلٌ بِغَیْرِ ذِکْرِهٖ
وَ حَمْدِ اِلٰهٖ فَیُوْجِبُ الْحِرْمَانُ

ترجمہ: آگاہ رہو!! حضورؐ کے ذکرِ خیر اور حمد باری تعالیٰ کے بغیر ہر چیز بے معنی و بے وُقعت ہے نہ صرف بے معنی ہے بلکہ مُوجبِ محرومیّت بھی ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مُهْمَلٌ: اِسم مفعول۔ مِنَ الْکَلَامِ: غیر مستعمل، بے معنی۔ اَهْمَلَهٗ: خطأً یا قصداً چھوڑ دینا۔ اَوْجَبَ اِیْجَابًا: اَلشَّیْءَ: واجب سمجھنا، یا واجب کرنا۔ اَوْجَبَ الْبَیْعَ: لازم کرنا۔ اَلْحِرمَان: محرومی۔

ش ۴.

یٰا وَیْلَتٰی انْقَضٰی عُمْرِیْ فِیْ سَفَاهَةٍ
فَظِلْتُ مِنْ صَرْعٰی الْمَشِیْبَةِ وَ النِّسْیَانُ

ترجمہ: ہائے میری تباہی و ہلاکت! کہ میری عُمر جہالت و بے وقوفی میں گزر گئی، مجھے نِسیان اور بڑھاپے نے مِل کر پچھاڑ دیا، یعنی اِس وقت میں بوڑھا ہو کر بڑھاپے اور بھولنے کی عادت دونوں کا پچھاڑا ہوا ہوں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَیلٌ: تباہی، جہنم کی وادی کا نام۔ یَا وَیْلَتٰی: محاورتًا، ہائے میری تباہی و بربادی کیلئے بولا جاتا ہے۔ اِنْقَضٰی اِنْقِضَاءً: گزر جانا، لازم۔ سَفُہَ (ک) سَفَاھَۃً سَفَاھًا: جاہل، بےوقوف ہونا۔ سَفَاھَۃٌ: مصدر، بےوقوفی، جہالت۔ صَرْعٰی، واحد: صَرِیعٌ: پچھاڑے ہوئے۔ اَلْمَشِیْبَۃُ: بڑھاپا۔

ش ۵.

طُوْبٰی لِمَنْ قَضٰی عَیْشَہٗ فِیْ ذِکْرِہٖ
فَقَاتَلَ ھَوَاہُ مُنْذُ عَھْدِہِ الْفِتْیَانُ

ترجمہ: مبارک ہو اُس شخص کو جس نے اپنی زندگی ذکرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ میں گزار دِی۔ اُس نے عہدِ شباب ہی سے اپنی خواہشات کو قتل کر دیا۔

ش ۶.

فَمَنْ خِزْیِ دُنْیَاہُ لَقَدْ صَارَ مَأْمُوْنًا
نِعْمَ الْفَتٰی ھٰذَا یَخَافُہُ الشَّیْطَانُ

ترجمہ: تو وہ دُنیا کی رُسوائی سے مامون و محفوظ رہا، کیسا اَچھا جوان ہے کہ اُس سے شیطان بھی خوف کھاتا ہے!

حَلُّ اللُّغَةِ: أمِنَ اَمْنًا اَمَنًا: مِنْ: سے امن وسکون میں رہنا، محفوظ ہونا۔ اَلْخِزْیُ: رسوائی۔ نِعْمَ: فعل مدح ہے. مَأمُوْنُ مفعول، جسے اَمن عطا کیا گیا ہو۔ مُعتمد علیہ۔

ش ۷.

فَیَدْ نُوْجَنَی الْجِنَانِ مِنْہُ حَتّٰی لَوْ
اَرَادَ تَخِرُّ فِیْ حِضْنِہٖ الْقِنْوَانُ

ترجمہ: ایسا نوجوان جب جنت میں جائیگا تو جنّتی انگور کے گچھے اُس کے قریب جھک جائیں، اگر وہ چاہے تو وہ گچھے کٹ کر اُسکی جُھولی میں گرنے لگ جائیں گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَنَا یَدْنُوْ دُنُوًّا:الشَّیْءَ مِنْهُ:اِلَیْهِ: قریب ہونا، صفت "دَانٍ" خَرَّیَخِرُّ: خَرًّا (ن،ض) اُوپر سے نیچے گرنا۔ جَنَی جَنِیٌّ: تازہ پھل، ج: اَجْنَاءٌ اَجْنٍ. قِنْوَانٌ: انگور کے گچھے، واحد: قِنْوٌ، قُنُوٌّ قَنَا. اَلْحِضْنُ: گود، جُھولی ج: اَحْضَان.

ش ۸.

عِنْدَ رَبِّنَا لِكُلِّ شَیْءٍ نِ الْأَوَانُ
خَیْرُ الْعُهُوْدِ جِئْتَ فِیْهِ وَ الزَّمَانُ

ترجمہ: ہمارے پروردگار نے اَپنی طرف سے ہر ایک چیز کا ایک وقت مقرر کر رکھا ہے سب سے بہترین وقت اور زمانہ وہی ہے جسمیں آپ ﷺ دنیا میں تشریف لائے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَوَان: جَج، ج: آنِیَةٌ، واحد اِنَاءٌ: ظروف، اوقات۔ عُهُوْدٌ، واحد عَهْدٌ: زمانے، عہدو پیمان۔ خَیْرُ الْعُهُوْدِ: بہترین زمانہ۔ اَلزَّمَانُ، ج: اَزْمِنَةٌ.

ش ۹.

قَدْ نَجَوْتُ مِنْ شِبَاكِ نَفْسِیْ دَقَائِقَ
فَأَرَدْتُ اَنْ اَطْبَعَ عِقْدَ الْجُمَانُ

ترجمہ: تھوڑی دیر کیلئے نفس کے پھندوں سے مُجھے نجات مِلی ہے، میں نے اِرادہ کیا کہ موتیوں پر مشتمل ایک ہار ڈھال لوں، یعنی نعتِ رسول ﷺ مقبول لکھ لوں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: شِبَاکٌ، واحِد: شَبَکَةٌ جال، پھندے۔ دَقَائِقُ، واحِد: دَقِیقَةٌ منٹ، اوقات، لمحات۔ اَلْعِقْدُ: ہار، مرغولہ۔ طَبَعَ الشِعْرَ: کہنا۔ طَبَعَ الدِّرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔ طَبَعَ الْعِقْدَ: ہار ڈھالنا۔ طَبَعَ عَلٰی قُلُوْبٍ: مہر لگانا، بند کردینا۔ اَلْجُمَانُ: واحِد اَلْجُمَانَةُ: موتی، ہیرے، جواہر۔

ش ۱۰.

فَقَبْلَ مَمَاتِیْ اَمْهَلَتْنِیْ حَیَاتِیْ
نَسَجْتُ نُعُوْتَهٗ فَصَارَ الدِّیْوَانُ

ترجمہ: موت کی آمد سے قبل میری زندگی نے مجھے مُہلت دی، بالآخر میں نے حضورؐ کی نعتیں لکھنا شروع کردیں، آخرکار نعتیہ مجموعہ ''دیوان'' تیار ہوگیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَمْهَلَ، مَهَّلَ: مہلت وفرصت دینا۔ نَسَجَ (ن،ض) اَلثَّوْبَ: بُنائی کرنا۔ نَسَجَ الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: کلام منظوم کرنا۔ نُعُوْتٌ ج، واحِد نَعْتٌ: مدائح۔ دِیْوَانٌ، ج: دَوَاوِیْن، دَیَاوِیْن: مجموعہ کلام، ملازمین، طلبہ کے وظائف کا ریکارڈ، عدالت کا، کچہری کا ریکارڈ۔

ش ۱۱.

لِیَشْهَدَ عَلَیَّ الْیَرَاعُ وَالْمِدَادُ
هٰکَذَا الْقَرَاطِیْسُ وَالْحِیْنُ وَ الْبَنَانُ

ترجمہ: تاکہ قلم، روشنائی اسی طرح بیاض و اوراق، عہد کتابت، اور لکھنے میں مُعاون میری اُنگلیاں نعتِ رسولِ مقبول لکھنے پر میرے حق میں گواہ بن جائیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْیَرَاعُ: قلم، خامہ۔ بَنَانُ، واحِد: بَنَانَةٌ: سرہائے انگشت ہا، پُورے۔ اَلْقَرَاطِیْسُ، واحِد: اَلْقِرْطَاسُ: کاغذ، اوراق، بیاضِ کتابت۔ اَلْحِیْنُ: زندگی، وقت، ج: اَحْیَان.

ش ۱۲۱.

تَكُوْنُ الْمَنَا بِرُ عَلَىَّ شَهِيْدَةً
اَوْ عَلٰى كِتَابِىْ مَنْ يُّزِيْنُ الْبَيَانُ

ترجمہ: تاکہ خطباء جو میری لکھی ہوئی نعتوں سے اپنے بیان کو مُزین کریں، وہ میری کتاب پر گواہ بن جائیں اور مساجد کے منبر بھی میری نعتوں پر میرے حق میں گواہ بن جائیں، جب اُن پر بیٹھ کر واعظین میری لکھی ہوئی نعتیں پڑھتے رہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَانَهٗ، اَزَانَهٗ:اَلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: زینت دینا۔ اَلْمَنَابِرُ: واحِد اَلْمِنْبَرُ: خِطابت کاسہ درجاتی زِینہ جومساجد میں رکھا جاتا ہے۔ اَلْبَیَانُ: مصدر ہے، خطابت،کلام، گفتگو وغیرہ۔

ش ۱۳۱.

لِيَكُوْنَ ثَنَاءُهٗ وَسِيْلَةَ النَّجَاتِ
وَ وَجْهَ الْغُفْرَانِ وَ مِفْتَاحَ الْجِنَانُ

ترجمہ: تاکہ آپؐ کی ثناخوانی ذریعہ نجات بنے، جنّت کی چابی بن کر، میرے لیے بخشش کا وسیلہ بن جائے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَسِيْلَةٌ، ج: وَسَائِل: ذریعہ،موجب،سبب۔ مِفْتَاحٌ، ج: مَفَاتِيْحُ: چابی۔اَلْجِنَانُ، واحِد: اَلْجَنَّةُ باغات،مُرادجنّت ہے۔ اَلْغُفْرَانُ: بخشش،مغفرت،مصدر ہے۔ غَفَرَ، غَفْرًا، غَفِيْراً، غَفِيْرَةً، غُفْرَانًا؛ غَفُوْرًا لَهُ الذَّنْبَ: معاف کرنا، چھپانا۔ الْأَمْرَ: دُرست کرنا۔

ش ۱۴.

فَـاِنَّ اِلٰهَـهٗ یُـحِبُّـهٗ وَ ذِکْـرَهٗ
فَـغُـذِّیْـتُ مِـنْ ذِکْـرَاهُ خَیْـرَ الـلِّبَـانُ

ترجمہ: کیونکہ آپ کا پروردگار آپ سے اور آپ کے ذِکر سے محبت کرتا ہے، (اِسی بنا پر) آپ کا ذِکر بہترین دُودھ کی صورت میں مجھے گھٹی میں پلایا گیا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَبٌّ، ج: اَرْبَابٌ: پالنہار، مالک۔ ذِکْرٌ، ج: اَذْکَارٌ: شہرت، تعریف و ثنا۔ غَـذّٰی تَـغْـذِیَةً: غذا دینا۔ غُـذِّیْـتُ: ماضی مجہول واحد متکلم۔ لِبَـانُ بِـکَسْرِ اللَّامِ: دودھ۔ بِـفَتْحِ اللَّامِ: لَبَان، گھوڑے کا سینہ، دونوں میموں کا درمیانی فاصلہ۔ اوّلُ الذّکر کیلئے زیادہ مُستعمل ہے۔

ش ۱۵.

غِـذَاءٌ لِّـکُـلِّ شَـیْءٍ ذِکْـرُ حَبِیْبِـهٖ
تَـغَـذَّتْ بِـذِکْـرِهٖ الـطَّیْـرُ وَالْأَنْـوَانُ

ترجمہ: کیونکہ اللہ تعالیٰ کے محبوب مُنَوِّرُ القلوب کا ذکر ہر چیز کی غذا ہے۔ تمام طُیور و مُرغ، نیز ماہیانِ آبی نے آپ کے ذِکرِ خیر کو اپنی غذا بنا رکھا ہے (یعنی اُن کے وظیفے میں حضور کا ذکر داخل ہے)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَغَذّٰی تَغَذِّیًا: خوراک کھانا۔ اَلطَّیْرُ وَالطُّیُوْرُ: پرندے، واحِد: طَائِرٌ. اَلْأَنُوَانُ: مچھلیاں، ماہیانِ آبی، واحِد: اَلـنُّـوْنُ. (ذُوالنُّوْنِ: مچھلی والا) یونس علیہ السلام کو کہا جاتا ہے آپ کو اِس سے خاص تعلق ہے آپ کا ذِکر قرآن میں ہے۔

ش۱٦.

تُشَدُّ نُفُوْسُنَا بِذِكْرِ رَسُوْلِنَا
فَحُبِّبَ ذِكْرُهٗ كَرَوْحٍ وَّ رَيْحَانُ

ترجمہ: کیونکہ ہمارے پیغمبرؐ کے ذِکرمبارک سے ہمارے دِل مضبوط ہوتے ہیں آپؐ کا ذکر ہمارے لیے روح وریحان کی طرح محبوب کردیا گیا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلرَّوْحُ: آرام وسکون۔ الرَّيْحَانُ: خوشبودار پودہ، پھول۔ (اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَيْحَانَانِ مِنَ الْجَنَّةِ) قرآن مجید میں ہے:(فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ) (سورۃ الواقعہ،رقم:89)۔

ش۱۷.

اَكْثِرُوْا ذِكْرَ اللّٰهِ وِذِكْرَ رَسُوْلِهٖ
فَلَا بُدَّ ذِكْرُهُمَا بِغَيْرِ حُسْبَانُ

ترجمہ: اللہ سُبحانہ وتعالیٰ اورمحبوب رَبِّ تعالیٰ، دونوں کا ذِکر بکثرت کیا کرو۔اُن کا ذکر ضرور کیا جائے، اور اِن دونوں کا ذِکرضرور بالضرور بے حِساب، اَنْ گنت کیا جائے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَكْثَرَ اِكْثَارًا: اَلشَّيْءَ: بہت کرنا، بہت شمار کرنا۔ لَابُدَّ: ضروری ہے۔ حَسَبَهٗ: حَسْبًا، حِسَابًا، حُسْبَانًا: شمار کرنا۔ حُسْبَانٌ: حِساب، گنتی۔ بِغَيْرِ حُسْبَانٍ: بےشمار، اَنْ گنت۔

ش۱۸.

بِذِكْرِهِمَا ذَابَ الزُّهَّادُ بِعَيْشِهِمْ
فَحُبِّبَ اِلَيْهِمْ ذِكْرُهُمَا مِنَ الْعِقْيَانُ

ترجمہ: زاہد اپنی عمروں سمیت اللہ اور اُس کے رسول کے ذِکر میں گھل گئے۔ اُن دونوں کا ذکر کرنا اُنہیں خالص سونا سے زیادہ محبوب ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زُهَّادٌ: واحد زَاهِدٌ: تارکُ الدنیا لوگ، اولیاء اللہ، اللہ والے لوگ۔ ذَابَ (ن) ذَوْبًا: پگھلنا۔ اَلْعِقْيَانُ: خالص سونا۔

ش ۱۹.

يَفِرُّ مِنَ الْأَذَانِ مَرْءٌ وَّظِلِّ عُمَرَ
كَذَالِكَ مِنَ التَّثْوِيْبِ مِنْ جِنْسِ الْجَآنْ

ترجمہ: ایک شخص ہے جو آذان کی آواز سُنتے ہی کوسوں میل دُور بھاگ جاتا ہے، اِسی طرح وہ حضرت عمرؓ کے سایہ سے بھی بھاگ جاتا ہے، اِسی طرح جب نماز کھڑی کرنے کیلئے اِقامت کہی جاتی ہے تو وہ شخص تب بھی بھاگ جاتا ہے۔ یہ فرد جنّات کی نسل سے ہے (اِس کے نام پر غور کرو؟ جی ہاں، ابلیس لعین ہے یہ)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: فَرَّ: فِرَارًا: بھاگ جانا۔ ظِلٌّ: سایہ، ج: ظِلَالٌ. ثَوَّبَ تَثْوِيْبًا لِلصَّلَاةِ: نماز کے لیے اقامت یا تکبیر کہنا۔ اَلْجَآنُ، اَلْجِنُّ، اَلْجِنَّةُ: نوعِ جن۔ واحد جِنِّيٌّ، مؤنث جِنِّيَّةٌ (ج،ن) جیم، نون کے مادہ میں پوشیدگی پائی جاتی ہے۔ جِنٌّ، جَنَّةٌ، جَنِيْنٌ: پیٹ کا بچہ۔ جُنُوْنٌ: دیوانگی، تمام پوشیدہ ہیں۔

ش ۲۰.

اَرْجُوْ مِنَ الْحَنَّانِ اَنْ يَّصْفَحَ عَنِّيْ
وَلَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبِيْ اِلَى الْعَنَانْ

ترجمہ: میں خدائے رحمان ورحیم سے اُمید کرتا ہوں (کہ ثنا خوانی محبوبِ کریم کی بنا پر) میرے گناہوں سے درگزر کردیگا، اگر چہ میرے گناہ دبازت و وسعت میں آسمان کی رِفعتوں کو چھونے لگے ہیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْحَنَّانُ: مہربان، رحیم، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔ عَنَانُ السَّمَاءِ: آسمان کی بلندی، عَنَانُ الدَّارِ: گھر کے چار اطراف۔ عِنَانُ بکسر الْعَیْنِ: زِمام، مَہار، لگام۔ صَفَحَ صَفْحًا (ف) عنه: گناہ معاف کرنا، روگردانی کرنا۔

ش ۲۱.

سَلَامٌ عَلَیْهِ مَنْ غَادَرَ الْمَکَانَ
وَ سَمَا إِلَی الْعَدْنِ فَلَاقَی الرِّضْوَانَ

ترجمہ: اُس ذاتِ بابرکات پر سلام ہو، جس نے سفرِ معراج میں مکان کو زیرِ پا چھوڑ کر جنّت کی بلندیوں کا رُخ کیا، وہاں پر دراوغہ جنّت ''رضوان'' سے مُلاقات کی۔

حَلُّ اللُّغَةِ: غَادَرَ، مُغَادَرَةً: چھوڑ دینا۔ غَادَرَ الْمَکَانَ: مکان سے رخصت ہونا۔ سَمَا یَسْمُوْ سُمُوًّا: بلند ہونا۔ لَاقٰی، لِقَاءً، مُلَاقَاةً: الرَّجُلَ: پانا، ملاقات کرنا، ملنا، رِضْوَان: جنّت کا داروغہ۔

ش ۲۲.

فَمِنْ ثَمَّ قَدْ عَلَا إِلٰی لَا مَکَانْ
فَرَحَّبَ بِهٖ مَلِیْکُ الْعَرْشِ الْمَنَّانُ

ترجمہ: پھر وہاں سے آپؐ لامکان کی طرف بلند پرواز ہوئے، مالک عرش بڑے اِنعام واکرام کرنے والے، بادشاہ نے آپؐ کو مرحبا کہا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: عَلَایَعْلُوْ: إلٰی بلند ہونا۔ رَحَبَّہٗ: مرحبا کہنا، خوش آمدید کہنا۔ مَلِیْکٌ: بادشاہ، ج: مُلَکَاءُ: اَلْعَرْشُ :تختِ رَبُّ العالمین۔ مَنَّ مَنًّا (ن) وَ مِنَّۃً عَلَیْہِ بِصَنِیْعِہٖ: احسان کرنا، اِحسان جتانا۔ اَلْمَنَّانُ: بہت بڑا احسان کرنے والا۔ اَسْمَاءِ اِلٰھِیَّہ میں شامل ہے۔

ش ۲۳.

فَـــرُبَّ آيَةٍ كُبْـــرىٰ أَرَاهُ رَبُّــــهٗ
وَ شَـدَّ عَـضُـدَهٗ بِـكُـمْ اَجَـلِّ بُـرْهَـانُ

تـرجـمـہ: پس اللہ تعالیٰ نے آپ ؐ کو بہت ساری بڑی نشانیاں دکھلائیں، کتنے ہی عظیم اور بڑے دلائل قاطعہ وساطعہ سے آپ ؐ کے ہاتھ مضبوط کیے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرَاہُ اِرَاءَ ةً: دِکھانا، سمجھانا۔ آیَۃٌ: نشانی، علامت.

شَدَّ یَشُدُّ: شَدًّا (ض،ن) باندھنا، کسنا۔ شَدَّ عَضُدَہٗ: قوی کرنا، قوت دینا۔ عَضُدٌ ، عَضُدٌ: بازو، مددگار۔ ج: اَعْضَادٌ، اَعْضُدُ.

قرآن مجید میں ہے: قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَکَ بِاَخِیْکَ...... (سورۃ قصص، آیت:35)

ش ۲۴.

لِـمَ لَـمْ يَـكُـنْ ضَـرِيْـعُـهٗ مَـأْمَـنًـا لَّـنَـا؟
لَيَـــأْرِزُ مِـنَ الْـكَـوْنِ اِلَيْـــهِ الْـاِيْـمَـان

ترجمہ: آپ کا مزارِ پُر انوار ہمارے لیے جائے امن وقرار کیوں نہ ہو، کیونکہ ایمان ساری دُنیا سے بچھڑ کر آپ ؐ کے پاس پناہ لیتا ہے (حدیث شریف میں آتا ہے کہ جس طرح سانپ اپنے بل میں پناہ لیتا ہے بالکل اِسی طرح ایمان مدینہ طیبہ میں آکر پناہ لیتا ہے)۔

(إِنَّ الْإِيْمَانَ لَيَأْرِزُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلٰى جُحْرِهَا.)
(صحیح بخاری، صحیح مسلم، ھٰذا الجزء من الحدیث)

حَلُّ اللُّغَةِ: ضَرِيْعٌ: گنبد، مزار، مقبرہ۔ مَـأْمَنٌ: ظرف، جائے اَمن، جائے قرار۔ اَرَزَ (ن، ض، ف) اَرْزًا، اُرُوْزًا: سمٹنا، سکڑنا۔ أَرَزَ، يَأْرِزُ: اِلٰى: اِلَيْهِ: کی پناہ لینا، تھک ہار کے، کی طرف آنا۔

اَلْوَاوُ

صِحَابُ الرَّسُوْلِ قَدْ اَرْضَوْهُ وَ رَبَّهٗ — فَهُمْ بُشِّرُوْا بِرِضْوَانِهٖ وَقَدْ عَلَوْا
لَمْ يَزَلْ يُعَلِّمُهُمْ كَذَا يُزَكِّيْهِمْ — بِتَعْلِيْمِ تَزْكِيَتِهٖ اَنَّهُمْ صَفَوْا
اَلْقٰى رَسُوْلُنَا خُطْبَةً مِّثَالَهَا — لَمْ يَسْمَعُوْا قَطُّ فَغَطَّوْا وَقَدْ بَكَوْا
سَقَاهُمْ نَبِيُّنَا وِعَائَيْنِ فَرَوُوْا — وَ بَثُّوْا وِرَاثَةَ الرَّسُوْلِ مَا اَلْفَوْا
بِعَيْنَيْهِ اِنَّ صَحْبَهٗ لَمْ يَرْوَوْا فَقَطْ — وَلَاكِنَّ هٰؤُلَاءِ غَيْرَهُمْ قَدْ سَقَوْا
وَ مَا سَمِعُوْا مِنْهُ فَنَمَّقُوْهُ اَوْ وَعَوْا — فَاِنَّ الْمُحَدِّثِيْنَ عَنْ رُّوَاتِهِم رَوَوْا
فَقَدْ دَافَعُوْا عَنْ دِيْنِهِمْ بِسُيُوْفِهِمْ — وَكَانُوْا يُنِيْمُوْنَ ضِدَّهُمْ اِذْ مَارَمَوْا
اِذْ مَشٰى رَسُوْلُنَا اِلٰى اَيِّ صَحْبِهٖ — فَعِنْدَئِذٍ صِحَابُهٗ نَحْوَهٗ مَشَوْا

فَلَمْ يَرْقُبُوْا إِلَّا إِلَيْهِمْ خُرُوْجَهُ عِنْدَمَا رَؤَوْهُ آتٍ فَنَحْوَهُ انْتَهَوْا

إِخْوَتِيْ اَتَحْسَبُوْنَ اَنْ تَدْخُلُوْا الْعَدْنَ وَلَمْ يَأْتِكُمْ مِثَالُهُمْ قَبْلُ قَدْخَلَوْا

فَخَالَفَ بَعْضُ جَاهِلِيْهِمْ رَسُوْلَنَا وَالْآخَرُوْنَ آمَنُوْا عِنْدَمَا رَؤَوْا

وَكَمْ مِنْ أَخٍ لَكَ وَفِيٍّ كَمَا تَرضٰى بَلْ غَيْرُهُمْ لِمَاذَا عَنْكَ قَدْ وَلَّوْا؟

أَهُمْ قَدْ يَعِيْشُوْنَ فُرَادىٰ عَيْشَهُمْ؟ أَوِانْصَرَفُوْا عَنْكَ اَوْسَبِيْلَهُمْ مَضَوْا؟

وَ اِنْ مِنَّا إِلَّا الْمَوْتُ سِرْبَالُهُ اَتَدْرِى الَّذِيْنَ اِذْ دَعَاهُمْ فَمَا لَبَّوْا؟

فَاَخْيَارُهُمْ قَضَوْا بِخَيْرٍ حَيَاتَهُمْ وَزَادُوْا مِنَ الْخَيْرِ وَمِنْهُ قَدْتَحَلَّوْا

بِالْعُرْفِ تَعَامَلُوْا وَقَدْ اَمَرُوْا بِهٖ وَانْتَهَوْا عَنِ الشَّرِ كَذَا عَنْهُ نَهَوْا

لِكُلٍّ مَّا نَوَوْا وَلَكَ مَا نَوَيْتَهُ
وَ لِيَ مَا نَوَيْتُهُ وَ لِلنَّاسِ مَا نَوَوْا

☆☆☆

ش ا۔

صِحَابُ الرَّسُوْلِ قَدْ اَرْضَوْهُ وَ رَبَّهُ
فَهُمْ بُشِّرُوْا بِرِضْوَانِهٖ وَقَدْ عَلَوْا

ترجمہ: رسول اللہ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپؐ کو اور آپؐ کے ربّ تعالیٰ کو راضی کیا، تو اُنہیں بھی رضاء الٰہی کی خوش خبری سُنا دی گئی کہ اللہ تعالیٰ تم پر راضی ہے (اِس طرح ربّ کے یہاں) وہ بلند ترین درجہ پر فائز ہو گئے۔

حَلُّ اللُّغَة: اَرْضَاهُ: کو راضی کرنا۔ اَبْشَرَ، بَشَّرَ: خوش خبری یا مژدۂ جاں فزا سُنانا۔ عَلَا یَعْلُوْ عُلُوًّا: بلند ہونا۔

ش ۲.

لَمْ یَزَلْ یُعَلِّمُهُمْ کَذَا یُزَکِّیْهِمْ
بِتَعْلِیْمِ تَزْکِیَتِهٖ انَّهُمْ صَفَوْا

ترجمہ: آپؐ ہمیشہ اپنے صحابہؓ کرام کو تزکیۂ نفس کی تعلیم دیتے رہے، آپؐ کی تعلیم تزکیہ باطن کا ہی ثمر تھا کہ وہ پاکباز بن گئے، صاف ستھرے ہو گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: زَکَّاهُمْ تزْکِیَةً: پاک کرنا، صفاءِ باطن کا درس دینا۔ قرآن مجید میں آتا ہے: (......وَیُزَکِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَةَ......) (آل عمران، آیت: 164)۔ تَزْکِیَةٌ: مصدر ہے، صفاءِ باطن، اندر کی پاکیزگی۔ صَفٰی یَصْفُوْ صَفْوًا: صاف ہونا۔

ش ۳.

اَلْقٰی رَسُوْلُنَا خُطْبَةً مِّثَالَهَا
لَمْ یَسْمَعُوْا قَطُّ فَغَطُّوْا وَقَدْ بَکَوْا

ترجمہ: (ایک روز) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (تذکیر بالآخرۃ پر مشتمل ایک ایسا) خطبہ ارشاد فرمایا کہ صحابہ نے آپؐ سے ایسا خطبہ قبل ازیں کبھی نہیں سُنا تھا۔ انہوں نے اپنے اوپر چادریں ڈال کر خوب رونا شروع کر دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَلْقٰی اِلْقَاءً: ڈال دینا، چھوڑنا۔ اَلْقٰی خُطْبَةً. اَوْمُحَاضَرَةً: خطبہ یہ لیکچر دینا۔ غَطَّاهُ تَغْطِیَّةً: ڈھانکنا، چُھپانا۔ بَکٰی یَبْکِیْ بُکَاءً: رونا، بآواز گریہ کرنا۔

ش ۴.

سَقَاهُمْ نَبِیُّنَا وِعَائِیْنِ فَرَوُوْا
وَ بَثُّوْا وِرَاثَةَ الرَّسُوْلِ مَا اَلْفَوْا

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں دو برتنوں سے پلایا، یعنی ظاہری و باطنی علوم سکھائے، اِسی طرح وہ دونوں علوم کے گھاٹ سے سیراب ہو گئے، تو انہوں نے رسول اللہؐ سے پایا ہوا میراثِ علم پھیلا کر عام کر دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَقَاهُمْ سَقْيًا: پلانا۔ وِعَاءٌ: برتن۔ وِعَائَانِ: دو برتن، حالت فاعلی۔ وِعائیں: دو برتن، حالت نصبی وجرّی۔ رَوِیَ یَرْوٰی: سیراب ہونا، جی بھر کر پینا۔ بَثَّ (ن، ض) بَثًّا: اَلْخَبَرَ: پھیلانا، نشر کرنا۔ کَذَا اَبَثَّ: اَلْفَاهُ اِلْفَاءً: پانا۔

ش ۵.

بِعَيْنَيْهِ اِنَّ صَحْبَهٗ لَمْ يَرْوَوْا فَقَطْ
وَلٰكِنَّ هٰؤُلَاءِ غَيْرَهُمْ قَدْ سَقَوْا

ترجمہ: وہ حدیثِ رسولؐ کے دو چشموں سے نہ صرف خود سیراب ہوئے، بلکہ اُنہوں نے خود سیرابی کے بعد دوسرے لوگوں کو بھی حدیث مبارکہ کے چشموں اور سوتوں سے سیراب کر دیا، یعنی کسبِ علمِ حدیث کے بعد دوسروں کو بھی ''مُحَدِّث'' بنا دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سَقٰی سَقْيًا: اَلرَّجُلَ: پلانا۔ رَوِیَ (س) رِيًّا، رَيًّا: سیراب ہونا۔ عَيْنَانِ حالت نصبی وجرّی میں عَيْنَيْنِ (ن) تثنیہ اِضافت کی وجہ سے گر گیا۔ تو عَيْنَيْهِ رہ گیا۔

ش ٦.

وَ مَا سَمِعُوْا مِنْهُ فَنَمَّقُوْهُ اَوْ وَعَوْا
فَاِنَّ الْمُحَدِّثِيْنَ عَنْ رُوَّاتِهِم رَوَوْا

ترجمہ: اُنہوں نے حضورؐ کی سُنی ہوئی ہر بات یا تو ضبطِ تحریر میں لائی یا نہاں خانہءِ دِل میں محفوظ کر لی، بلاشبہ محدثین ِکرام نے حدیث کے اَصل راویوں سے حدیثیں روایت کیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: نَمَّقَ تَنْمِيقًا: لکھنا۔ وَعٰی يَعِيُ وَعْيًا: ذہن میں محفوظ کرنا، جمع کرنا، غور کرنا۔ رَوٰی يَرْوِيُ رِوَايَةً: حدیث روایت کرنا، یا کوئی قِصہ بیان کرنا۔ رُوَاةٌ: حدیث روایت کرنے والے، واحِد: راوٍ، راوِیُ.

ش ۷.

فَقَدْ دَافَعُوْا عَنْ دِيْنِهِمْ بِسُيُوْفِهِمْ
وَكَانُوْا يُنِيْمُوْنَ ضِدَّهُمْ إِذْ مَارَمَوْا

ترجمہ: اُنہوں نے اپنی تلواروں سے بذریعہ جہاد وقتال اپنے دینِ متین کی حفاظت کی، جب وہ تیر اَندازی کرتے تو اپنے دین کے دشمنوں کو موت کی نیند سُلایا کرتے تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَافَعَ يُدَافِعُ: عَنْ: روکنا، دفاع وحفاظت کرنا۔ سُيُوْفٌ، واحِد: سَيْفٌ: تلواریں۔ اَنَام اِنَامَةً: سُلا دینا۔ اَنَامَهٗ فِى الْحَرْبِ: موت کے گھاٹ اُتارنا۔ ضِدٌّ: مخالف، دشمن، ج: اَضْدَادٌ. رَمٰى يَرْمِيُ رَمْيًا: پھینکنا، تیر اندازی کرنا۔

ش ۸.

إِذْ مَشٰى رَسُوْلُنَا إِلٰى أَيِّ صَحْبِهٖ
فَعِنْدَئِذٍ صِحَابُهٗ نَحْوَهٗ مَشَوْا

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی صحابیؓ کی طرف روانہ ہوتے تو صحابہ کرامؓ بھی اُدھر کو روانہ ہوتے، سرکار نے جدھر کا رُخ کیا ہوتا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَشٰــی یَـمۡشِـیُ مَشۡیًـا: پیدل چلنا۔ نَـحۡـوٌ: طرف،سمت،(مثال،مثل وغیرہ)

ش ۹.

فَـلَـمۡ یَـرۡقُبُـوۡا إِلَّا إِلَیۡهِـمۡ خُـرُوۡجَـهٗ
عِـنۡـدَمَـا رَؤَوۡهُ آتٍ فَـنَـحۡـوَهٗ انۡتَهَـوۡا

تـرجـمـه: وہ ہر وقت اپنی طرف،حضورؐ کے گھر سے باہر تشریف لے آنے کی اِنتظار میں رہا کرتے تھے جب وہ حضورؐ کو گھر سے باہر آتے ہوئے دیکھتے تو (فوراً) حضورؐ کی طرف لپک جاتے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: رَقَبَـهٗ یَرۡقُبُـهٗ: کے تاک میں بیٹھنا،کا اِنتظار کرنا۔ آتٍ: آنے والا،اسم فاعل ہے۔ اَتٰی اِتۡیَانًا: آنا۔اِنۡتَهٰی، اِلَیۡهِ: نَحۡوَهٗ: کی طرف روانہ ہوا۔

ش ۱۰.

إِخۡـوَتِــیۡ اَتَـحۡسَبُـوۡنَ اَنۡ تَـدۡخُـلُوۡا الۡعَدۡنَ
وَلَـمۡ یَــأۡتِـكُـمۡ مِثَــالُهُـمۡ قَبۡلُ قَـدۡخَـلَـوۡا

تـرجـمـه: اَے میرے بھائیو! تمہارا کیا خیال ہے کہ تُم یونہی بغیر آزمائے جنّت میں داخل ہوجاؤگے،حالانکہ جولوگ تم سے قبل گزر چکے،اُن جیسی آزمائشیں اَب تک تُم پر نہیں آئیں۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَسِـبَ یَحۡسِبُ (س،ح) حِسَابًا، حُسۡبَانًا: حساب لگانا،گمان کرنا،شمار کرنا۔ مِثَـالٌ، مَثَـلٌ، ج: اَمۡثِـلَةٌ. خَلَا (ن) خُلُوًّا، خَلَاءً الۡإِنَاءُ: خالی ہونا۔ اَلۡمَكَانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ اَلشَّیۡءُ: گزر جانا۔

ش ۱۱.

فَخَالَفَ بَعْضُ جَاهِلِيُهِمْ رَسُوْلَنَا
وَالْآخَرُوْنَ آمَنُوْا عِنْدَمَا رَؤَوْا

ترجمہ: پس اُن میں سے کچھ جاہل لوگوں نے ہمارے رسولِ مقبولؐ کی مخالفت کی، مگر کچھ دوسرے لوگوں نے آپؐ کا شربت دیدار پیتے ہی اِسلام قبول کرلیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خَالَفَهُ خِلافًا مُخَالَفَةً: مخالفت کرنا، موافقت نہ کرنا۔ جُهَّالٌ، جَاهِلُوْنَ، واحِد جَاهِلٌ. جَاهِلِيْنَ کا (ن) اضافت کی وجہ سے گر گیا۔

ش ۱۲.

وَكَمْ مِنْ أَخٍ لَكَ وَفِيٍّ كَمَا تَرضٰى
بَلْ غَيْرُهُمْ لِمَاذَا عَنْكَ قَدْ وَلَّوْا؟

ترجمہ: اَے قاری! تیرے کتنے وفادار بھائی ہیں، اِتنے وفادار جس قدر تیری خوشنودی ورضا ہے بلکہ ان کے ماسوا دیگر تجھ سے کیوں نالاں ہو کر منہ موڑ گئے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: كَمْ خبریہ ہے، اِس کے بعد اکثر مِنْ جارہ آتا ہے۔ معدود کی کثرت پر دلالت کرتا ہے۔ اِس کا معدود ہو یا کَمْ اِستفہامیہ کا ہو، ہمیشہ واحِد آتا ہے۔ مگر اِستفہامیہ کی تمیز واحِد منصوب آتی ہے۔ وَفىٰ يَفِيْ وَفَاءً: وعدہ پورا کرنا۔ وَفِيٌّ: صفت، وفادار۔ رَضِيَ، يَرْضٰى، رِضًى، رِضْوَانًا، عَنْهُ، وعليه خوش ہونا، راضی ہونا۔

ش ۱۳.

أَهُمْ قَدْ يَعِيْشُوْنَ فُرَادىٰ عَيْشَهُمْ؟
أَوِانْصَرَفُوْا عَنْكَ اَوْسَبِيْلَهُمْ مَضَوْا؟

ترجمہ: کیا (تجھ سے بچھڑنے والے برادران) اَب تنہائی کی زندگی گزار رہے ہیں، یا پھر وہ محض تجھ سے ناطہ توڑ گئے، یا پھر سفرِ آخرت سِدھار گئے؟

حَلُّ اللُّغَةِ: عَاشَ عَيْشًا، عِيْشَةً، مَعَاشًا: زندگی گُزارنا۔ فُرَادیٰ: اکیلے جانے والے، واحِد: فُرْدَةٌ. اِنْصَرَفَ اِنْصِرَافًا: عَنْهُ سے منہ موڑنا، لازم ہے۔ مَضٰی سَبِیْلَهٗ: اپنی راہ لی، یعنی راہی ملکِ عدم ہوا۔

ش ۱۴.

وَ اِنْ مِنَّا اِلَّا الْمَوْتُ سِرْبَالُهٗ
اَتَدْرِی الَّذِیْنَ اِذْ دَعَاهُمْ فَمَا لَبَّوْا ؟

ترجمہ: موت ہم میں سے ہر ایک کیلئے لِباس ہے، یعنی جُزوِ لاینفک ہے، کیا تمہیں اَیسے لوگ معلوم ہیں جنہیں موت نے پُکارا ہو مگر اُنہوں نے لبیک کہنے سے اِنکار کر دیا ہو؟ (ہرگز نہیں)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: سِرْبَالٌ: لباس، قمیص، ج: سَرَابِیْلُ. دَعَاهُ(ن) دُعَاءً: بلانا، پکارنا۔ لَبّٰی تَلْبِیَةً: جواب دینا، لبیک کہنا۔

ش ۱۵.

فَخِیَارُهُمْ قَضَوْا بِخَیْرٍ حَیَاتَهُمْ
وَزَادُوْا مِنَ الْخَیْرِ وَمِنْهُ قَدْتَحَلَّوْا

ترجمہ: پس اُن میں جو بھلے لوگ تھے اُنہوں نے بھلائی کے ساتھ اپنی زندگیاں گزار دیں، نیکی اور بھلائی کا زادِ راہ لیا، اور نیکی و بھلائی ہی کے زیور سے آراستہ ہو گے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: خِیارٌ، اَخیَارٌ، واحِد خَیرٌ: نیکی وبھلائی، نیکوکارلوگ۔ قَضٰی یَقضِیُ قَضَاءً: گزارنا، فیصلہ کرنا۔ زَادَ یَزُوْدُ زَوْدًا: توشہ لینا، زادِراہ لینا۔ زَادَ مِن الْخَیرِ: نیکی کا توشہ لینا۔ تَحَلّٰی: آراستہ ہونا، زیور پہننا۔ تَحَلّٰی: مِنْ: سے مزّین وآراستہ ہونا۔

ش ۱۶.

بِالْعُرفِ تَعَامَلُوْا وَقَدْ اَمَرُوْا بِہٖ
وَانْتَهَوْا عَنِ الشَّرِ کَذَا عَنْہُ نَهَوْا

ترجمہ: وہ آپس میں نیکی وبھلائی کا برتاؤ کرتے رہے، اور نیکی کا حکم بھی دیتے رہے، اور بُرائی سے خود بھی رُک گئے، اِسی طرح دوسروں کو بھی برائی سے روکتے رہے، یعنی اَمر بالْمَعْرُوفِ اور نَھْی عَنِ الْمُنْکَر کی عملی تصویر بن گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَعَامَلَ تَعَامُلًا: باہم معاملہ کرنا، آپس میں کاروبار، یالین دین کرنا۔ تَعَامَلُوْا بِالْعُرفِ: نیکی کا باہم تبادلہ کرتے رہے۔ اِنْتَهٰی عَنْ: سے رُک جانا۔ اِنْتَهٰی اِلیہ: تک پہنچنا، کی طرف جانا۔ نَهٰی نَهْیًا: عَنْ: سے منع کرنا، روکنا۔

ش ۱۷.

لِكُلٍّ مَّا نَوَوْا وَلَكَ مَا نَوَيْتَهٗ
وَلِیَ مَا نَوَيْتُهٗ وَلِلنَّاسِ مَا نَوَوْا

ترجمہ: ہر شخص کیلئے اعمال کی جزا سزا اسکی نیت کے مطابق ہوگی، اے مخاطب! آپ کیلئے وہی ہے جسکی آپ نے نیت کی ہے، میرے لیے مرے نیت کے مُطابق بدلہ ہوگا۔ لوگوں سے اُنکی نِیّات کے مطابق معاملہ کیا جائیگا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِمْرَءٌ: مَرْءٌ آدمی، مذکر واحد: اسکی جمع بغیر لفظہٖ رِجَالٌ آتی ہے، اِسی طرح اِمْرَءَۃٌ: مَرْأَۃٌ: عورت، کی جمع بھی بغیر لفظہٖ نِسَاءٌ، نِسْوَۃٌ آتی ہے،
نَوٰی یَنْوِیْ نَوَاۃً، نِیَّۃً: اَلرَّجُلُ، اَلشَّیْءَ: قصد و ارادہ کرنا۔

……اَلْهَاءُ……

رُبَّ جَبْهَـةٍ سَاجِـدَةٍ مِّنَ الْـجِبَاهُ ۔۔۔ وَ جَبْهَتُکَ الَّتِـیْ بِهَـا فَخَـرَ الْإِلٰـهُ

بِـالْاَمِیْـنِ وَ الـصَّـادِقِ لَقَّبَـهُ عِدَاهُ ۔۔۔ أَلُقِّـبَ بِـمِثْلِـهٖ مِـنَ الْـوَرٰی سِوَاهُ؟

أَرَادَ کَـلِیْـمُـهُ لِیَـزْدَارَ رَبَّـهُ ۔۔۔ وَلَاکِـنْ حَبِیْبَـهُ اسْتَـزَارَ فَـأَرَاهُ

اَرَاهُ اِلٰهُـهُ رُبَّ آیَةٍ کُبْـرٰی ۔۔۔ عَـلَـی الْـعَـرْشِ أَجْـلَسَـهُ ثُمَّ أَدْنَـاهُ

لَـوْلَاهُ لَـمْ یُـظْهِـرْ رَبُـوْبِیَّتَـهُ ۔۔۔ فَـالْـحَـقُّ أَنَّ مَـوْدُوْدَهُ ذُوالْـجَـاهُ

فَـصَـلِّ عَـلَیْـهِ وَ آلِـهٖ مَـادَامَ ۔۔۔ تُنَفِّسُ وَفِیْ جِسْمِکَ تَجْرِی الْحَیَاهُ

اَرْضَیْـتَ رَبَّـهُ فَـلَـوْ اَرْضَیْتَـهُ ۔۔۔ وَ مَـرْضَـاةُ رَبِّنَا فَاعْـلَمْ فِیْ رِضَـاهُ

صَـارَعَ نَبِیَّـنَـا رَکَـانَةُ فَصَـرَّعَـهُ ۔۔۔ الـنَّبِـیُّ فِـیْ لَـمْـحَةٍ وَّ خَـرَّ عَـلٰی قَفَاهُ

وَ کَـمْ مِـنْ حَـلُـوْبَةٍ سَـخَـتْ بِلِبَانِهَا ۔۔۔ بَـلْ مَا احْتَلَبْتَ اَصْبَحَتْ عَیْنَ الشِّیَاهُ

إِذَاشْتَـاقَ لَاقِیْـهِ وَلَـمْ یَـدْرِأَیْنَ هُوْ؟ ۔۔۔ إِذْنْ قَـادَهُ إِلَیْـهِ عِـطْـرُ مَـمْشَـاهُ

سُبْـحَـانَ رَبِّـیْ لَیْـسَ مِثْلُـهُ شَـیْءٌ ۔۔۔ قَدْ خَـلَـقَ حَبِیْبَـهُ رَفِیْـعًـا عَنْ شِبَـاهُ

نَـحْنُ أَهْـلُ السُّـنَّةِ نُـطِیْعُ صِحَـابَـهُ ۔۔۔ مَـادَامَ نَـعِیْـشُ اتَّبَـعْـنَـا خُـطَـاهُ

فَـلَـمْ تَـدْرِنَـفْـسٌ مَّـاذَا یُـقْـضٰـی فِیْهَـا؟
فَیَـوْمَـئِـذٍ یَّـکُـوْنُ کُـلٌّ فِـیْ سُبَـاهُ

☆☆☆

ش ۱.

رُبَّ جَبْهَةٍ سَاجِدَةٍ مِّنَ الْجِبَاهُ
وَ جَبْهَتُکَ الَّتِیْ بِهَا فَخَرَ الْإِلٰهُ

ترجمہ: پیشانیوں میں کتنی پشانیاں ہیں جو اپنے رَبّ کے حضور سجدہِ نیاز بجا لانے والیاں ہیں، مگر حال یہ ہے جب حُضورؐ کی جبینِ ناز نیاز سے جھک جاتی ہے تو ایسے سجدہ پر خود اللہ تعالیٰ بھی فخر فرماتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: جَبْهَةٌ: پیشانی، ماتھا، ج: جِبَاهٌ. رُبَّ، حرفِ جر ہے، نکرہ پر داخل ہو کر قلیل و کثیر کا معنی دیتا ہے، اگر اِس کے ساتھ ''ما'' لاحق ہو جائے تو اِس کا عمل باطل ہو جاتا ہے۔ ''رُبَّمَا'' تو اِس صورت میں معرفہ پر بھی داخِل ہو سکتا ہے۔

ش ۲.

بِالْاَمِیْنِ وَ الصَّادِقِ لَقَّبَهٗ عِدَاهُ
أَلُقِّبَ بِمِثْلِهٖ مِنَ الْوَرٰی سِوَاهُ؟

ترجمہ: آپؐ کے دشمنوں نے بھی آپؐ کو صادق اور امین کا لقب عطا کیا، آپؐ کے سوا کون ہے جس کو ایسے لقب سے نوازا گیا ہو؟

حَلُّ اللُّغَۃِ: لَقَّبَ بِ: لقب عطا کرنا۔ عِدٰی، واحد عَدُوٌّ: دشمن، مخالف۔

ش ۳.

أَرَادَ کَلِیْمُهٗ لِیَزُدَارَ رَبَّهٗ
وَلٰکِنْ حَبِیْبَهٗ اسْتَزَارَ فَأَرَاهُ

ترجمہ: کلیم اللہ، سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے اِرادہ فرمایا کہ اپنے رَبّ کا دیدار پائے، (نفی میں جواب ملا) مگر حضورؐ کو اپنے دیدار سے مُشرّف کرانے کیلئے اُنہیں دعوتِ دیدار دیکر اپنا آپ اُن پر آشکارا کر دیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرَادَ إِرَادَةً: چاہنا، خواہش کرنا، راغب ہونا۔ اِزْدَارَ، زَارَ یَزُوْرُ زِیَارَةً: ملاقات کیلئے جانا، زیارت کرنا۔ اِسْتَزَارَهٗ: ملاقات کیلئے کہنا، دعوتِ ملاقات دینا۔ اَرَاهُ یُرِیْهِ إِرَاأَةً: اَلشَّیْءَ: دِکھانا۔ حَبِیْبٌ، ج: اَحِبَّاءُ.

ش ۴.

اَرَاهُ اِلٰهُــــــهٗ رُبَّ آیَةٍ کُبْـــــرٰی
عَـلَـی الْـعَـرْشِ أَجْـلَسَـهٗ ثُمَّ أَدْنَـاهُ

تــرجــمــه: آپؐ کے پروردگار نے آپؐ کو بہت ساری بڑی بڑی نشانیاں دِکھائیں، اور آپؐ کو اپنے عرش پر بٹھا کر مزید اپنے قُرب سے نوازا۔ **اُدْنُ مِـنِّـی** محبوب! میرے قریب ہو جاؤ! کا مقامِ رفیع عطا کیا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: آیَةٌ: علامت، نشانی۔ کُبْرٰی: بڑی، اِسم تفضیل واحد مؤنث۔ اَجْلَسَ اِجْلَاسًا: بٹھانا، بیٹھنے کیلئے کہنا۔ أَدْنٰی اِدْنَاءً: قریب کرنا۔

ش ۵.

لَـوْلَاهُ لَـمْ یُـظْهِـرْ رَبُـوْبِیَّتَــهٗ
فَـالْـحَـقُّ أَنَّ مَـوْدُوْدَهٗ ذُوالْـجَـاهُ

تــرجــمــه: اگر آپؐ نہ ہوتے تو اللہ تعالیٰ اپنی ربوبیّت کا اِظہار بھی نہ کرتا، حق یہ ہے کہ اللہ کے محبوب بڑی شان والے بڑے مقام والے ہیں (کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا اِظہار ظہورِ مصطفیٰؐ سے مقرون کردیا)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَظْهَرَ اِظْهَارًا: اَلشَّیْءَ: ظاہر کرنا، پوشیدہ کو ظاہر کرنا۔ وَدَّهٗ یَوَدُّهٗ وَدًّا: خواہش کرنا، محبت کرنا۔ وَدُوْدٌ مُحِبّ: بہت محبت کرنے والا۔ مَوْدُوْدٌ: بہت پیارا محبوب۔

ش ٦.

فَصَلِّ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ مَادَامَ
تُنَفِّسُ وَفِيْ جِسْمِكَ تَجْرِي الْحَيَاةُ

ترجمہ: اے قاری! جب تک تو سانس لے رہا ہے، اور تیرے رَگ و پے میں زندگی کی گردِش جاری ہے، تو حضورؐ پر اور آپؐ کی آلِ اطہار پر دُرود پڑھتا رَہ!

حَلُّ اللُّغَةِ: مَادَامَ: فعل ناقِص، اپنے اِسم کی خبر کو بطورِ ظرف زمان ایک مُدَّت کیلئے ثابت کرتا ہے۔ مَادَامَ سے قبل جملہ فعلیہ، اِسمیہ آنا لازم ہے۔ نَفَّسَ و تَنَفَّسَ: سانس لینا۔ جَرىٰ يَجْرِيْ: جاری ورواں ہونا۔ اَلْحَيَاةُ: زندگی۔

ش ٧.

اَرْضَيْتَ رَبَّهٗ فَلَوْ اَرْضَيْتَهٗ
وَ مَرْضَاةُ رَبِّنَا فَاعْلَمْ فِيْ رِضَاهُ

ترجمہ: اگر تو نے حضورؐ کو راضی کرلیا گویا کہ تو نے اپنے رَبّ کو راضی کرلیا، خوب جان لو! ہمارے رَبّ کی رِضا، حضورؐ کی رِضا میں پوشیدہ ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَرْضٰى إِرْضَاءً: راضی کرنا، خوش کرنا۔ مَرْضَاةٌ: مصدر ہے، رِضا خوشنودی رَضِيَ، رِضًى، رِضَاءً مَرْضَاةً: خوش ہونا، راضی ہونا، لازم۔

ش ٨.

صَارَعَ نَبِيَّنَا رَكَانَةُ فَصَرَّعَهٗ
النَّبِيُّ فِيْ لَمْحَةٍ وَّ خَرَّ عَلٰى قَفَاهُ

ترجمہ: رکانہ نام کے پہلوان نے حضورؐ سے کُشتی لڑنے کی ٹھان لی، تو آپؐ نے اُسے اُسی لمحے زمین پر پٹخ دیا اور وہ پیٹھ کے بل زمین پر گرا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: صَارَعَهُ صِرَاعًا مُصَارَعَةً: کُشتی لڑنا۔ صَرَّعَهُ تَصْرِيْعًا: سختی سے پچھاڑ دینا، زمین پر گرادینا۔ خَرَّ (ن،ص) خَرًّا خُرُوْرًا: اُوپر سے نیچے گرنا۔ قَفَا، قَفَاءُ: گدی، سر کا پچھلا حِصّہ۔ عَلٰی قفاه: پُشت کے بل، یعنی پیٹھ کے بل۔

ش ۹.

وَ کَمْ مِنْ حَلُوْبَةٍ سَخَتْ بِلِبَانِهَا

بَلْ مَا احْتَلَبْتَ اَصْبَحَتْ عَيْنَ الشِّيَاهْ

ترجمہ: دُودھ دینے والے کس قدر جانور اور مویشی ہیں جو (لوگوں پر) دُودھ کی سخاوت کرتے ہیں، مگر جس بکری کو آپؐ نے اپنے مبارک ہاتھوں سے دوہا تو وہ دُودھ کا چشمہ بن گئی (کئی سال اُسکی زندگی تک قحط وخوش سالی میں وہ برابر دُودھ دیتی رہی)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَلُوْبَةٌ: دُودھ دینے والی بکری یا ناقہ، ج: حُلُبٌ، حَلَائِبُ. لِبَانٌ: دودھ۔ سَخَا يَسْخُوْ سَخَاوَةً بِشَيْءٍ: سخاوت کرنا، بکثرت دینا۔ اِحْتَلَبَ. النَّاقَةَ اَوِالشَّاةَ: دوہنا۔ عَيْنٌ: چشمہ، ج: عُيُوْنٌ. اَلشِّيَاهُ: بکریاں، بھیڑیں، واحد: اَلشَّاةُ.

ش ۱۰.

إِذَاشْتَاقَ لَاقِيَهِ وَلَمْ يَدْرِأَيْنَ هُوَ؟

إِذَنْ قَادَهُ إِلَيْهِ عِطْرُ مَمْشَاهُ

ترجمہ: جب آپؐ کا مُلاقاتی دِیدارِفرحت آثار کیلئے بے قرار ہوتا اور اُسے یہ بھی معلوم نہ ہوتا کہ حضورؐ نے کِدھر کا قصد کیا ہے، اَیسے میں حضورؐ کے رَہ گُزر کا عِطر سونگھتے سُونگھتے وہ حضورؐ تک جا پہنچتا (اور اپنی مُراد پالیتا)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِشْتَاقَہٗ، اِلَیْہِ: کی خاطر بے چین ہونا، فرطِ ملاقات رکھنا۔ لَاقٰی یُلَاقِیْ، لِقَاءً: اَلرَّجُلَ: پانا، ملاقات کرنا۔ لَاقِیْ، لَاقٍ: اِسم فاعِل مُلا قاتی، مِلنے والا۔ قَادَہٗ، قِیَادَۃً: چلانا، قیادت کرنا، سالاری کرنا۔ مَشٰی (ض) مَشْیًا: چلنا، مَمْشٰی: رہ گزر، چلنے کی جگہ۔

ش ۱۱.

سُبْحَانَ رَبِّیْ لَیْسَ مِثْلُہٗ شَیْءٌ
قَدْ خَلَقَ حَبِیْبَہٗ رَفِیْعًا عَنْ شِبَاہٗ

ترجمہ: پاک ہے میرا پروردگار، اُسکی مثل کوئی شی نہیں، جس نے اپنے محبوب پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو شبیہ ونظیر سے بالاتر پیدا فرمایا۔ (جس طرح ذات خداوندی بے مثل ہے، اللہ نے مخلوق میں اپنا محبوب بھی بے مثل بنایا)۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: مِثْل، مِثَال، ج: اَمْثِلہ: نظیر، مانند، جیسا۔ حَبِیْبٌ: دوست، پیارا، ج: اَحِبَّاءُ. اَلشِّبَاہُ: نظیر، مانند، مثل۔ رَفِیْعٌ: بلند، اونچا، بالاتر۔

ش ۱۲.

نَحْنُ أَھْلُ السُّنَّۃِ نُطِیْعُ صِحَابَہٗ
مَادَامَ نَعِیْشُ اتَّبَعْنَا خُطَاہٗ

ترجمہ: ہم اہل سُنت حضورؐ کے صحابہؓ کی پیروی کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جب تک زندہ رہیں گے، حضورؐ کے نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اَھْلُ السُّنَّۃِ: حضورؐ اور صحابہؓ کے نُقوشِ قدم پر چلنے والے۔ عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشًا، عَیْشَۃً مَعَاشًا: زندہ رہنا۔ اِتَّبَعَ الرَّجُلَ: کے نقشِ قدم پر چلنا، کی پیروی کرنا۔ خُطًی خُطُوَاتٌ: دو قدموں کا درمیانی فاصلہ، نشانہائے قدم، واحِد: خُطْوَۃٌ.

ش ۱۳.

فَلَمْ تَدْرِ نَفْسٌ مَاذَا يُقْضٰى فِيْهَا؟
فَيَوْمَئِذٍ يَّكُوْنُ كُلٌّ فِيْ سُبَاهُ

ترجمہ: کوئی جی یہ نہیں جانتی کہ قیامت کے روز اُس کے بارے میں کیا فیصلہ صادِر کیا جائیگا، اُس دِن ہرایک حیرانی وسراسیمگی میں ہوگا، ششدر و پریشان ہوگا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: دَرٰی (ض) يَدْرِیْ دَرْيًا دِرَايَةً: اَلشَّیْءَ: بِالشَّیْءِ: کسی طرح معلوم کرنا۔ قَضٰی يَقْضِیْ (ض) قَضَاءً فِیْ اَمْرٍ: فیصلہ کرنا۔ سُبَاهٌ: سکتہ، زوالِ عقل، سراسیمگی۔ مادہ (سَبْهٌ).

اَلْيَاءُ

طُوْبٰى لِمَنْ رَّآهُ بِعَيْنِ رَأْسِهٖ — قَوْلُهٗ فَقَدْرَأَ الْحَقَّ مَنْ رَّآنِیْ
نُثْنِیْ عَلَيْهِ مَنْ وَّهَبَنَا حَبِيْبَهٗ — لَهُ الْحَمْدُ مَنْ بِخَاتَمِ الرُّسُلِ هَدَانِیْ

اَسْتَغِيْثُهٗ خِلَافَ نَفْسٍ أَمَّارَتِیْ — أَلَّتِیْ تَرُوْضُنِیْ كَرَوْضِ الْحِصَانِ
وَاهًا لِمَنْ يَّأْمَنُ مِنْ شَرِّ نَفْسِهٖ — أَخَافُ عَلَیَّ مِنْ مَكِيْنِ الْبَوَانِیْ
فَكَمْ مِنْ فَتًى عَرَاهُ حُبُّ الْحَبَائِبِ — وَلَا كِنَّنِیْ حُبُّ حَبِيْبِهٖ عَرَانِیْ
وَ حَلَّاهُ رَبُّهٗ سِرَّهٗ وَجَهْرَهٗ — فَأَصْبَحَ نَمُوْذَجَ الْكَمَالِ وَالْمَبَانِیْ
اِذْاَتَاهُ جِبْرِيْلُ بِرِسَالَةِ رَبِّهٖ — فَمَا كَانَ اِلَّا فِیْ بَيْتِ اُمِّ هَانِیْ
تَخَلَّفَ ذَارِيْشٍ فِیْ طَيْرَانِهٖ — وَلَوْ لَمْ يَكُنْ طَيْرَانُهٗ فِیْ دَيْدَانٍ
مَنِ ارْتَدٰی بِدِيْنِهٖ فَقَرَّتْ عَيْنُهٗ — دِيْنُنَا كَرَوْضَةٍ وَّ نَحْنُ كَبُسْتَانِیْ
وَ اِنْ لَّمْ أَصِفْهُ وَامْدَحْ غَيْرَهٗ — فَيَلْزَمُنِیْ طَائِرِیْ كَذَالِكَ حِرْمَانِیْ

وَ مَدُحُکَ سِوَاهُمَا یَجُرُّکَ إِلَی النَّارِ　　طَرِیُحٌ عَلٰی وَجُهِکَ لِأَنَّکَ جَانِیُ

اِلٰهِیُ بِنَصُرٍ مِّنُ لَّدُنُهُ أَیَّدَنِیُ　　لِذِکُرِ رَسُوُلِهٖ دَقَائِقَ أَعُطَانِیُ

اَمَدَّنِی الُیَرَاعُ وَالزَّمَانُ وَالُبَیَانُ　　کَمَا الُوَرَقُ وَالُمِدَادُ وَذِهُنِیُ وَبَنَانِیُ

وَ لَنُ تَصُرَحَ الُأَلُفَاظُ رِفُعَةَ شَانِهٖ　　فَکَیُفَ عُلُوَّهٗ تُؤَدِّی الُمَعَانِیُ؟

فَتَفُنٰی الُقَصَائِدُ بِقَائِلِهَا لَاکِنُ　　ثَنَا رَبِّنَا وَحَبِیُبِهٖ غَیُرُفَانِیُ

فَمَنُ سَبَّ صَحُبَهٗ هٰهُنَا فَقُلُ لَهٗ　　هُنَالِکَ سِوَاهُ اَیُنَمَالَکَ الُمَغَانِیُ؟

قَدُ ذَاکَرَنَا وَقُتَ لِقَاءِ إِلٰهِهٖ　　أَفِی الُحَشُرِیَنُسَاکُمُ أَمُ هُوَ یَنُسَانِیُ؟

مَا أَحَبَّ اِسُمًا اَنَّهٗ سَمَّانَا بِهٖ!　　مَنُ آمَنَ بِالُغَیُبِ فَذَاکَ مِنُ إِخُوَانِیُ

رَ آرَبَّهٗ فَلَمَّا یَزِغُ بَصَرُهٗ

أبِرُؤْیَتِنَا یَزِیُغُ اَمُ لَا یَرَانِیُ؟

☆☆☆

ش ا .

طُوُبٰی لِمَنُ رَّآهُ بِعَیُنِ رَأْسِهٖ

قَوُلُهٗ فَقَدُرَأَ الُحَقَّ مَنُ رَّآنِیُ

ترجمہ: لائق تبریک ہے وہ شخص جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا، آپؐ کا فرمان ہے کہ جس نے مجھے دیکھا اُس نے حقیقتًا مجھے دیکھا۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: عَیُنُ الرَّأْسِ: سر کے آنکھ سے دیکھنا یعنی ذاتی طور پر دیکھنا۔ رَآی، یَرٰی، رُؤْیَۃً: ظاہری و باطنی آنکھ سے دیکھنا۔ طُوُبٰی: اسم تفضیل مؤنث۔ اِس کا مذکر اَطُیَبُ ہے۔ رشک، سعادت، خیر، مبارک وتبریک۔

ش ۲.

نُثْنِیْ عَلَیْهِ مَنْ وَّهَبَنَا حَبِیْبَهٗ
لَهُ الْحَمْدُ مَنْ بِخَاتَمِ الرُّسُلِ هَدَانِیْ

ترجمہ: ہم اُس ذات کی ثناخوانی کرتے ہیں جس نے ہمیں اپنا محبوب عطا فرمایا تمام تعریفیں اُس ذات کیلئے ہیں جس نے اپنے آخری رسولِ مقبول کے ذریعے مجھے سیدھا رستہ دکھایا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَثْنٰی إِثْنَاءً: عَلَیْهِ: کی تعریف کرنا۔ وَهَبَ یَهِبُ وَهْبًا، وَهَبًا: ہبہ کرنا، عطا کرنا۔ هَدَاهُ یَهْدِیْهِ، هُدًی، هَدْیًا، هِدَایَةً: راہنمائی کرنا، سیدھا راستہ دِکھانا۔

ش ۳.

اَسْتَغِیْثُهٗ خِلَافَ نَفْسِ أَمَّارَتِیْ
أَلَّتِیْ تَرُوْضُنِیْ کَرَوْضِ الْحِصَانِ

ترجمہ: میں اُسی سے مدد مانگتا ہوں سرکش نفس کے خِلاف جو مجھے اس طرح سدھانے کی کوشش کرتا ہے جس طرح گھوڑا سدھایا جاتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: إِسْتَغَاثَهٗ إِسْتِغَاثَةً: سے مدد مانگنا، کسی سے مدد طلب کرنا۔ نَفسِ اَمَّارَة: بُرائی پر ابھارنے والی خواہش، سرکش نفس۔ رَاضَ یَرُوْضُ رَوْضًا، رِیَاضًا، رِیَاضَةً: اَلْمُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا۔

ش ۴.

وَاهًا لِمَنْ یَّأْمَنُ مِنْ شَرِّنَفْسِهٖ
أَخَافُ عَلَیَّ مِنْ مَکِیْنِ الْبَوَانِیْ

ترجمہ: حیرت ہے اُس شخص پر جو نفس کی شر انگیزیوں سے محفوظ و مأ مون ہے (مگر) مجھے پسلیوں میں بسیرا کرنے والے (نفس) سے خوف لاحق ہوتا ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: وَاهًـا لَّـهٗ: کلمہ تعجب وحیرت ہے۔ وَاهًـا عَلَيْـهِ: کلمہ افسوس ہے۔ خَـافَ يَـخَافُ خَوْفًا خَيْفًا مَخَافَةً: ڈرنا، خوف کھانا، گھبرانا۔ مَكِيْنٌ: مکان میں بسنے والا۔ اَلْبَوَانِیْ: سینہ کی پسلیاں۔

ش ۵.

فَـكَمْ مِنْ فَتًـى عَـرَاهُ حُـبُّ الْحَبَـائِـبِ
وَلا كِـنَّـنِـيْ حُـبُّ حَبِيْبِـهٖ عَـرَانِـیْ

ترجمہ: کتنے جوان ہیں جو محبوباؤں کی محبت میں گرفتار ہیں، مگر مجھے تیرے محبوب کی محبت سے نوازا گیا ہے (زہے نصیب!)۔

حَلُّ اللُّغَةِ: فَتًى: جوان، ج: فِتْيَة، فِتْيَـان. عَـرَىٰ يَعْـرُوْ عَرْوًا: فُلَانًا اَمْرٌ: معاملہ لاحق ہونا، پیش آنا۔ اَلْحَبَائِبُ: محبوبائیں، واحد: اَلْحَبِيْبَةُ

ش ٦.

وَ حَلَّاهُ رَبُّـــهٗ سِـــرَّهٗ وَجَهْـــرَهٗ
فَـأَصْبَـحَ نَـمُوْذَجَ الْـكَمَـالِ وَالْمَبَـانِـیْ

ترجمہ: آپؐ کے پروردگار نے آپؐ کے ظاہر و باطن (دونوں) کو مزین فرمایا ہے، پس آپؐ علوِّ مرتبت اور شرافتِ نسبی کا بہترین نمونہ بن گئے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: حَلّٰى تَحْلِيَةً: اَلشَّیْءَ: آراستہ کرنا۔ اَلْمَرْءَ ةَ: زیور پہنانا۔ سِرٌّ وَجَهْرٌ: ظاہر و باطن۔ نَـمُوْذَجٌ اَعْلٰى: نمونہ، ج: نَـمَـاذِجُ. اَلْمَبَانِیْ: شرافتیں۔ حُـرُوْفُ الْـمَبَـانِیْ: حروف تہجی۔ اَلْـكَمَال: مصدر ہے، پورا، تمام، مکمل، کامل۔

ش۷.

اِذْاَتَاهُ جِبْرِيْلُ بِرِسَالَةِ رَبِّهٖ
فَمَا كَانَ اِلَّا فِيْ بَيْتِ اُمِّ هَانِيْ

ترجمہ: جب جبریلؑ آپؐ کے پاس آپؐ کے ربّ کی طرف سے پیغامِ شرفِ ملاقات کے ساتھ آپؐ کو لینے آئے، تو اُس وقت آپؐ حضرت اُمِّ ہانیؓ کے گھر تشریف فرما تھے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: اَتٰی يَاْتِیْ اِتْيَانًا: بِ کسی چیز کے ہمراہ آنا، کسی چیز کو لانا۔ رِسَالَةٌ، ج: رَسَائِلُ، رِسَالَاتٌ: پیغام، سندیسہ، مکتوب، خط۔

ش۸.

تَخَلَّفَ ذَارِيْشٍ فِيْ طَيَرَانِهٖ
وَلَوْ لَمْ يَكُنْ طَيَرَانُهٗ فِيْ دَيْدَانٍ

ترجمہ: آپؐ نے سفرِ معراج میں بال و پر والے جبریل امینؑ کو بھی اُڑان میں پیچھے چھوڑ دیا، اگرچہ اُڑان بھرنا آپؐ کی فطرت میں نہیں تھا۔

حَلُّ اللُّغَةِ: تَخَلَّفَ تَخَلُّفًا: الرَّجُلَ اَوِ الْقَوْمَ: کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھنا۔ طَارَ يَطِيْرُ طَيْرًا طَيَرَانًا. پنچھی کا اُڑان بھرنا، فضا میں پیرنا۔ دَيْدَان: عادت، فطرت۔

ش۹.

مَنِ ارْتَدٰی بِدِيْنِهٖ فَقَرَّتْ عَيْنُهٗ
دِيْنُنَا كَرَوْضَةٍ وَّ نَحْنُ كَبُسْتَانِيْ

ترجمہ: جس نے بھی دین کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا تو اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں، (جس نے بھی حضورؐ کے دین کو اختیار کرلیا تو حضورؐ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں) ہمارا دین مثلِ باغ ہے اور ہم باغباں کی مانند ہیں۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: اِرْتَدیٰ: بِشَیْءٍ: قمیص اوڑھنا، اِختیار کرنا۔ قَرَّتْ عَیْنُہٗ: بر بناءِ مسرت آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔ صِفَت، قَرِیْرٌ: مؤنث قَرِیْرَۃٌ. رَوْضٌ، رِیَاضٌ: باغیچے، واحِد رَوْضَۃٌ. بُسْتَانِیٌ: باغبان، مالی، باغ کا راکھا۔ یہ لفظ فارسی سے عربی میں دخیل ہے۔

ش ۱۰.

وَ إِنْ لَّمْ أَصِفْهُ وَاَمْدَحْ غَیْرَہٗ
فَیَلْزَمُنِیْ طَائِرِیْ کَذَالِکَ حِرْمَانِیْ

ترجمہ: اگر میں آپؐ کے عِلاوہ دوسروں کی مدح سرائی کروں، تو نحوست کے ہمراہ محرومیت مجھ سے وابستہ رہیگی۔

حَلُّ اللُّغَۃِ: وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا: صِفَۃً: اَلشَّیْءَ: تعریف کرنا، بیان کرنا۔ لَزِمَ (س) لُزُوْمًا، لِزَامًا: اَلشَّیْءُ: لازم ہونا، سے وابستہ ہونا، جُدا نہ ہونا۔ طَائِرٌ: پرندہ، بدشگونی، نحوست۔ طَائِر، طَیْر، طِیَرَۃٌ: بدشگونی کیلئے مُستعمل ہیں۔

ش ۱۱.

وَ مَدْحُکَ سِوَاھُمَا یَجُرُّکَ إِلَی النَّارِ
طَرِیْحٌ عَلٰی وَجْھِکَ لِأَنَّکَ جَانِیْ

ترجمہ: (شاعر خود کو مخاطب ہو کر کہتا ہے) اُن دونوں کو چھوڑ کر دوسروں کی ثناخوانی کرنا تجھے دوزخ کی طرف کھینچ کر لے جائیگا، پس تو منہ کے بل جہنم میں جا گریگا کیونکہ تو اِس صورت میں گناہ گار اور مُجرم ہے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: مَدْحٌ، مصدر ہے: تعریف، ثناخوانی۔ جَرَّهُ يَجُرُّهُ (ن): ہانکنا، چلانا، کھینچنا، کلمہ کو زیر (ـِ) لگانا۔ طَرِيْحٌ: صفت مفعولی، پھینکا گیا، پھینکی گئی چیز۔ جَنیٰ (ض) جِنَايَةً: گناہ کرنا۔ صفت جانٍ، جَانِی گنہ گار۔

ش ۱۲.

اِلٰهِیْ بِنَصْرٍ مِّنْ لَّدُنْهُ أَيَّدَنِیْ
لِذِكْرِ رَسُوْلِهٖ دَقَائِقَ أَعْطَانِیْ

ترجمہ: میرے معبود نے اپنی ذات کی تائید سے میری نصرت فرمائی، کہ اُس نے اِس بندہِ عاجز کو اپنے حبیبِ لبیب کی ثناخوانی کیلئے چند لمحات عطا فرمائے۔

حَلُّ اللُّغَةِ: أَيَّدَهُ تَائِيْدًا: قُوّت دینا، ثابت کرنا۔ نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا: اِمداد کرنا۔ نَصْرٌ: مصدر ہے۔ نُصْرت، مدد۔ ذِكْرٌ مصدر ہے، تعریف و ثنا، چرچا، مدحہ، تذکرہ، ج: اَذْكَارٌ. اَعْطَاهُ اِعْطَاءً: اَلشَّیْءَ: دینا۔

ش ۱۳.

